PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

25th September, 1967

20th Jamadi-us-Sani, 1387 A. H.

Vol. VI—No. 1

OFFICIAL REPORT



CONTENTS

Monday, the 25th September, 1967

	Pages
Recitation from the Holy Qur'an	1
Suspension of the Question Hour	2
Reference to Late Madar-i-Millat Mohtarama Miss Fatima Jinnah	2

Price : Rs.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SIXTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 25th September, 1967

دو شنبہ ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

(پ ۱۴۔ س ۱۶۔ رکوع ۱۴۔ آیات ۹۳ تا ۹۷)

اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے ہدایت سے محروم کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جو کام تم کرتے ہو اُن کے بارے میں تم سے ضرور باز پرس کی جائے گی۔

اور اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ نہ بناؤ کہ لوگوں کے قدم جم چکنے کے بعد لڑکھڑا جائیں اور اس وجہ سے بھی کہ تم نے لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا تو تم کو عقوبت کا مزہ چکھنا پڑے اور بڑا سخت عذاب ملے۔ اور اللہ سے کئے ہوئے عہد کو تھوڑی سی قیمت کی خاطر مت بیچو۔ کیونکہ (ایفائے عہد) کا جو صلہ اللہ کے ہاں مقرر ہے وہ اگر سمجھو تو تمہارے لئے بہتر ہے۔

جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔ جو لوگ صبر کریں گے ہم اُن کو اُن کے اعمال کا بہت اچھا بدلا دیں گے۔

جو شخص اچھے کام کریگا خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان والا بھی ہو تو ہم اُس کو دنیا میں بھی پاک اور عیش کی زندگی بسر کرائیں گے اور آخرت میں اُنکے کاموں کا نہایت عمدہ صلہ دیں گے۔ وما علینا الا البلاغ

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

Mr. Speaker, Sir — **وزیر زراعت و خوراک** (ملک خدا بخش) میں آپ کی اجازت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں ایک عرض پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے محترمہ مادر ملت فاطمہ جناح صاحبہ کا انتقال پر ملال ہوچکا ہے میں یہ تحریک پیش کرنے والا ہوں کہ ایوان میں آج کوئی کارروائی نہ کی جائے ۔ اس لئے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ ایوان کی رائے معلوم فرمائیں اور اس کے بعد وقفہ سوالات ملتوی کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : May I know the sense of the House?

Khawaja Muhammad Safdar : No objection, Sir.

Mr. Speaker : I think the sense of the House is that the question hour should be suspended. So the question hour is suspended.

REFERENCE TO LATE MADAR-I-MILLAT MOHTARAMA MISS FATIMA JINNAH

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) — صدر محترم ۔ گذشتہ اجلاس کے بعد مادر ملت کا انتقال پر ملال واقع ہوا ۔ ان کی وفات حسرت آیات سے ہماری قوم کو ایک عظیم نقصان ہوا ہے اور ہماری قومی زندگی میں ایک خلا پیدا ہوگیا ہے محترمہ مرحومہ قائداعظم کی جدو جہد میں برابر کی شریک رہی ہیں ۔ اور دراصل وہ اب ہمارے لئے قائد اعظم کی یادوں کی سرچشمہ تھیں ۔ انہوں نے اپنے ایثار و قربانی ۔ اپنے کردار اور اپنی خدمات کی وجہ سے قوم کے در مکتب فکر میں ایک اونچا بلند اور منفرد مقام حاصل کرلیا تھا ۔ پاکستانی قوم ان کی دل سے قدر و منزلت کرتی ہے ۔ ان کا احترام ہر بچہ جوان اور بوڑھا کیا کرتا تھا ۔ ان کی عظیم شخصیت بلکہ تاریخی شخصیت اور تاریخ ساز شخصیت ہمارے لئے ایک مشعل ہدایت اور ایک شمع روشن کی صورت اختیار کر چکی تھی ۔ انہوں نے قوم کے لئے ہمیشہ اپنی صوابدید کے مطابق بے لوث خدمات سرانجام دیں ۔ دراصل قائد آعظم یعنی بانی پاکستان بابائے ملت نے قیام پاکستان کا جو کٹھن کام یعنی مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے کے لئے جو کام شروع کیا تھا اور اس کو بفضل تعالےٰ کامیابی سے اور بہ طریق احسن سرانجام دیا

تھا میں سمجھتا ہوں کہ اگر محترمہ مرحومہ و مغفورہ ان کے ساتھ اس کام میں شریک نہ ہوتیں تو قائداعظم کے لئے یہ مشکل کام زیادہ کٹھن ہو جاتا انہوں نے اپنے عظیم بھائی کے ساتھ وابستہ رہ کر قوم کے لئے قابل قدر اور ناقابل فراموش خدمات سرانجام دیں۔ محترمہ کا ہماری تاریخ میں ایک خاص مقام رہے گا۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی وفات حسرت آیات سے قوم کو ناقابل تلافی نقصان پہونچا ہے۔ اور انکی وفات پر قوم کے ہر مکتب فکر نے اور مسلم لیگ کی جماعت نے بیحد رنج و غم کا اظہار کیا اور ہونا بھی یہی چاہیئے تھا اور ہمارے پاس سوائےاس کے کوئی چارہ کار بھی نہ تھا کہ اس عظیم خاتون اور اس تاریخی شخصیت کی وفات پر خراج عقیدت اور محبت ان کی خدمت میں نچھاور کر دیا جائے صدر محترم۔ دنیا ناپائدار ہے انسان کو بقا نہیں ہے۔ صرف اللہ تعالی کی ذات بابرکات کو بقا حاصل ہے اس دنیا میں جو آتا ہے اس کو چلا جانا ہے اور اللہ تعالی کی رضا پر ہر مسلمان کو سر جھکانا لازم ہے۔ لہذا ہمارے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں کہ ہم صبر سے کام لیں اور ان کی یاد میں ہم اس قسم کے کردار کا مظاہرہ کریں جس سے ان کی روح کو اطمینان و سکون حاصل ہو۔ میں اس سلسلے میں یہ تحریک پیش کروں گا کہ آج کا اجلاس محترمہ مرحومہ و مغفورہ کے احترام میں بغیر کسی کارروائی کے ملتوی فرمایا جائے۔ اور ساتھ ہی میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالی ان کو اپنے جوار رحمت میں ممتاز و منفرد اور بلند مقام عطا فرمائے اور ان کی روح کو سکون عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان ——دراصل ان کے پسماندگان میں جناب والا تمام پاکستانی عوام ہیں۔ ہم تمام پاکستانی عوام ان کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالی انہیں بھی اور ہمیں بھی صبر جمیل عطا فرمائے۔ میں ان چند الفاظ کیساتھ آپ کی خدمت میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ مرحومہ کی یاد میں مرحومہ کے احترام میں۔ اور مرحومہ کی عزت میں اس معزز ایوان کا آج کا اجلاس بغیر کسی کارروائی کے ملتوی فرمایا جائے۔ یہی ایک چھوٹا سا عقیدت کا پھول ہے جو اس وقت ہم ان کی خدمت میں پیش کر سکتے ہیں۔ شکریہ۔

خواجہ محمود صفدر (سیالکوٹ۔ ۱) — جناب صدر۔ میں اس خیال میں محترم قائد ایوان کا ہمنوا ہوں کہ محترمہ مادرملت کی وفات حسرت

آیات نے ہماری تاریخ کے ایک زرین باب کو ختم کر دیا ہے۔ جو شخص بھی اس دنیا میں آتا ہے اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے وقت مقررہ پر اس دنیا سے رحلت کر جائے۔ لیکن بعض شخصیتیں اس قسم کی ہوتی ہیں کہ ان کی وجہ سے قوموں کو حیات ملتی ہے۔ قوموں کو زندگی میسر آتی ہے اور جب وہ شخصیتیں اس دنیا سے رحلت فرماتی ہیں تو قوم کا ہر فرد یہ تصور کرتا ہے یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی اپنی زندگی کی متاع عزیز لٹ گئی۔ ۱۹۴۸ء میں جب بابائے ملت حضرت قائد اعظم رحمت‌اللہ علیہ نے رحلت فرمائی تو یہ احساس ہر پاکستانی کے دل میں تھا اور اس سال جولائی کے مہینے میں جب مادرملت نے اس دار فانی سے اچانک اور ناگہانی کوچ کیا تو ہر ایک کے دل میں ہر چھوٹے بڑے کے دل میں بلکہ پاکستان بھر میں ہر فرد بشر کو یوں محسوس ہوا کہ جیسے وہ یتیم ہو گیا ہے۔ ساری قوم نے ان کی رحلت پر جس رنج و غم کا اظہار کیا اور جس والہانہ شیفتگی کا اظہار کیا وہ اس بات کی دلیل تھا (اگرچہ کسی دلیل کی ضرورت نہ تھی) کہ مرحومہ کو اس ملت کے دل میں کیا مقام حاصل تھا۔

جناب سپیکر۔ مرحومہ کا نام قائد اعظم کی زندگی میں تحریک پاکستان کے دنوں میں اور قیام پاکستان کے بعد بھی قائداعظم کی رحلت تک قائد اعظم کے ساتھ آیا کرتا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے اپنی تمام تر زندگی قوم اور ملت کے لئے وقف کر دی تھی۔ وہ پاکستان کے حصول کی جد و جہد میں قائد اعظم کے ساتھ ساتھ ہر صغیر پاک و ہند میں شہر بہ شہر اور قریہ قریہ گھومیں قیام پاکستان کے بعد انہوں نے پاکستان کے انتہائی مشکل حالات میں قائد اعظم کا ساتھ دیا اور ان کی رفیقہ کار رہیں اور قائد اعظم کی رحلت کے بعد اگرچہ انہوں نے عملی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی لیکن قومی دنوں کے موقعوں پر وہ ہمیشہ اپنے قیمتی خیالات اور جذبات سے قوم کی رہنمائی فرماتی رہیں۔ انہوں نے ہر حکمران کو اس کی غلط روش پر ٹوکا اور للکارا۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کی یہ آواز قوم کی آواز ہوا کرتی تھی اور مشکل سے مشکل حالات میں انتہائی بے صبری سے ان پیغامات کا انتظار کیا کرتی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ مرحومہ بابائے ملت معمار قوم حضرت قائد اعظم رحمت‌اللہ علیہ کی آخری نشانی کی حیثیت سے اس ملک میں نہایت ارفع اور بلند مقام رکھتی تھیں۔ لیکن ان کا مقام یہیں تک

نہیں تھا وہ اپنی ذاتی شخصیت کے لحاظ سے بھی اور اپنے عزم اپنی ہمت اپنے حوصلے اور اپنی فہم و بصیرت کی بنا پر اس دور کی عظیم ترین شخصیت تھیں ۔ انہوں نے انتہائی پیرانہ سالی اور صحت کی خرابی کے باوجود محض ان اصولوں کی احیا اور بقا کے لئے جن کی وجہ سے یا جن کی بنا پر قائداعظم رحمتہاللہ علیہ نے اس ملک کو حاصل کیا تھا اور اس ملک کو قائم کیا تھا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قائم کیا تھا انہی اصولوں کی بنا پر انہی اصولوں کی احیا و بقا کے لئے اپنی پیرانہ سالی کے باوجود گذشتہ انتخاب میں حصہ لے کر اپنے نام اپنی عزت اور اپنے مقام کو خطرہ میں ڈال دیا ۔ اس فقرہ سے میرا مطلب غلط نہ سمجھا جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے قوم کی اس دور میں خدمت کی جب کہ وہ بنیادی اصول جن کی بنا پر یہ ملک معرض وجود میں آیا تھا خطرے میں پڑ چکے تھے ۔ اس وقت انہوں نے سابقہ صدارتی انتخاب میں حصہ لے کر قوم کو ایک نیا دماغ اور شعور بخشا ۔ قوم کو زبان بخشی اور وہ تمام اصول جن کی بنا پر پاکستان معرض وجود میں آیا تھا انہیں ایک بار پھر قوم کے سامنے اجاگر کیا ۔ ان کی یہ خدمت اس قسم کی ہے جسے تاریخ کبھی فراموش نہیں کر سکتی ۔ آنے والی نسلیں ہمیشہ ان کی اس خدمت کو بہ نظر استحسان ہی نہیں بلکہ شکر گزاری اور تشکر کے جذبات کے ساتھ دیکھیں گی ۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ پاکستان کے لئے زندہ رہیں اور انہوں نے پاکستان کے لئے اپنی جان جان آفرین کے سپرد کی ۔

میں قائد ایوان کا ممنون ہوں کہ مرحومہ کو اس اسمبلی کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے اس اجلاس کی کارروائی کو ملتوی فرمایا جائے ۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اس ایوان میں مرحومہ کی روح کو ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں بلند مقام عطا فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمتوں اور بخششوں سے نوازیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی ہستی کو خراج عقیدت پیش کرنے کا طریقہ ایک اور بھی ہے ـــ ہمارے مذہب نے ہمیں سکھایا ہے کہ ہم ان کے لئے دعائے مغفرت کریں مگر ہمارا مذہب یہ تعلیم بھی دیتا ہے کہ اپنے مشاہیر کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں ۔ آئیے ہم آج یہ دعا بھی کریں کہ مرحومہ جن اصولوں کے لئے زندہ رہیں اور جن کے لئے انہوں نے اپنی جان دی اور جن اصولوں کو انہوں نے زندگی بھر اپنی متاع عزیز تصور

کئے رکھا اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان اصولوں پر چلنے کی توفیق دیں ۔ شکریہ ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور-۶) — جناب سپیکر — مسلمانوں کے محسن عظیم اور بانی پاکستان کی عظیم بہن کو خراج عقیدت پیش کرنے کا میرے نزدیک ابھی موزوں موقع نہیں ہے ۔ ہم لوگ ابھی اس دور کا بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں ۔ تاہم چند معروضات حسب حال پیش کرتا ہوں ۔

مادر ملت نے تحریک پاکستان کو کامیاب بنانے میں بانی پاکستان کی معیت میں جس ایثار، ثابت قدمی اور انہماک کا ثبوت دیا اس کے لئے ساری قوم ان کی ممنون احسان ہے اور ہمیشہ رہے گی ۔ کہتے ہیں کہ اپنوں کی غلامی غیروں کی غلامی کے مقابلہ میں زیادہ کٹھن اور صبر آزما ہوتی ہے ۔ مادر ملت نے اس تاریک دور میں جب کہ بڑے بڑے جوانمردوں کی قوت اور حوصلے جواب دے چکے تھے ۔ جس طرح ناسازگاری حالات سے بے نیاز ہو کر قوم کی کشتی کو سہارا دینے کی کوشش کی وہ انہی کا حصہ تھی ۔ ہر قومی تہوار اور اہم موقع پر ملکی حالات پر ان کا بے لاگ تبصرہ خامیوں کی نشان دہی اور اصلاح احوال کے لئے قیمتی مشوروں سے پاکستانی قوم ہمیشہ کے لئے محروم ہو گئی ہے ۔ پاکستان کی یہ عظیم شخصیت ذاتی مفاد، لالچ ، ہوس اقتدار اور دولت کی پوجا جیسی تباہ کن بیماریوں سے مبرا اور بے نیاز تھی ۔ آج بھی یہاں مشورہ دینے والوں اور نصیحت کرنے والوں کی کمی نہیں ۔ لیکن بے داغ کردار کی مالک ہونے کی حیثیت سے محترمہ کو مشورہ دینے اور نصیحت کرنے کا حق حاصل تھا ۔ افسوس آج وہ ہم میں نہیں اور قوم ان کی عظیم خدمات سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو گئی ہے آج ان کے چلے جانے کے بعد پاکستانی قوم بہت ہی زیادہ غریب اور صحیح معنوں میں یتیم ہو گئی ہے ۔ آئیے انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ہم یہ مصمم ارادہ کریں کہ جن اصولوں کے لئے وہ زندہ رہیں اور جن کے لئے انہوں نے عظیم قربانیاں دیں ہم بھی انہی اصولوں کی پیروی کریں گے ۔ اور جس چراغ کو وہ روشن کر گئی ہے ہم اسے جلتا رکھیں گے ۔

آخر میں میں یہ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں فردوس بریں میں جگہ دیں ۔

ملک محمد اختر (لاهور — ۲) — جناب سپیکر - جولائی ۱۹۶۲ء کے دوسرے ہفتہ میں محترم بابائے ملت معمار قوم کی همشیره جو جدوجہد پاکستان میں ایک طویل عرصے تک بابائے ملت کی رفیق کار رہیں ہم سے جدا ہو گئیں - جناب سپیکر - ۱۹۲۹ء کے بعد نہرو رپورٹ سے جب یہ واضح ہو گیا کہ مسلمان ، ہندو اور دیگر قومیں علیحدہ علیحدہ قومیں ہیں تو اس وقت پاکستان کا تصور سامنے آیا اور قائد اعظم نے اپنے لئے ایک نئی راہ متعین کی اور انہوں نے ایک جدو جہد شروع کر دی جسے اس وقت ایک خواب سمجھا جاتا تھا - اس وقت سے قائد اعظم کی تنہا زندگی میں محترمہ ایک روشن شمع کی طرح ان کے همراہ رہیں اور قائد اعظم کو سیاسی حالات کی جن تاریک راہوں سے گذرنا پڑا مرحومہ اپنی رفاقت اور اپنے مشوروں سے ان تاریک راہوں کو اجالا بخشتی رہیں - اور قیام پاکستان کے بعد بھی وہ اسی طور اور اسی طریقہ پر قائداعظم کے دوش بدوش سر گرم عمل رہیں اور ان کی وفات کے بعد بھی وہ انہی اصولوں پر جو انہوں نے قائد اعظم کی رفاقت میں سیکھے تھے عمل پیرا رہیں - جناب سپیکر - گذشتہ صدارتی انتخاب میں محترمہ نے جس جرات اور ہمت کا ثبوت دیا وہ کسی سے پوشیدہ نہیں - وہ ایک ایسے امیدوار کے سامنے مقابلہ کے لئے آئیں جو اس وقت بھی صدر مملکت تھے -

جناب سپیکر - آپ پاکستان کو تعمیر کرنے والے اس خاندان کی عظمت کا اندازہ اس بات سے کیجئے کہ لاکھوں افراد نے کراچی اور لاهور میں ان کا استقبال کیا اور انہوں نے بغیر ان تمام سہولتوں کے جو ان کے مد مقابل امیدوار کو حاصل تھیں بنیادی جمہوریت کے اراکین سے جس تعداد میں ووٹ حاصل کئے میں سمجھتا ہوں کہ وہ تعداد اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگوں نے اس خاندان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جس نے پاکستان بنانے میں حصہ لیا تھا -

جناب سپیکر - قائد حزب اختلاف اور میرے محترم بھائی حمزہ صاحب نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ اگر آج بھی ہم قائد اعظم کے ان اصولوں پر چلنے کی کوشش کریں جن پر مرحومہ اپنی ضعیفی کے باوجود عمل پیرا رہیں تو ہم پاکستان میں نہ صرف صحیح جمہوریت کی طرح

ڈال سکیں گے بلکہ ہم ایسی برائیوں کا سد باب بھی کر سکیں گے جو قائد اعظم کی وفات کے بعد متواتر اور بتدریج بڑھتی گئیں ۔ میں قائد ایوان کی اس تجویز کو خوش آمدید کہتا ہوں کہ آج ہم مرحومہ کے احترام کے طور پر کام نہ کریں اور آج کے اجلاس کو ملتوی کر دیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب سپیکر ۔ آج سے بہت سال پہلے جب قائد اعظم مرحوم نے ہمارا ساتھ چھوڑا تھا اور اپنے رب حقیقی سے جا ملے تھے اس وقت لوگوں نے شاعر ملت علامہ اقبال کا یہ شعر دھرایا تھا ۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے

بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اور آج پھر ہم اس شعر کو دھراتے ہیں

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے

بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

جناب والا ۔ تاریخ کے صفحات پر قوموں کی زندگی میں بے شمار شخصیتیں آپ کو ایسی نظر آئیں گی جنہوں نے اپنی زندگی کے مقاصد کے حصول کے لئے اپنی تمام تر مساعی وقف کر دی تھیں لیکن آپ کو بہت کم شخصیتیں ایسی نظر آئیں گی جنہوں نے استقلال اور استواری سے اپنی سیاسی زندگی کو اول دن سے آخری دن تک ایک ہی مقصد کے حصول کے لئے وقف کر دیا ہو اور ان کے عزائم میں کوئی فرق نہ آیا ہو ۔ ان کے کردار میں کوئی داغ نہ آیا ہو ایسی شخصیتیں آپ کو بہت کم ملیں گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ محترمہ فاطمہ جناح ان شخصیتوں میں سے ایک ہیں ۔ اگر کوئی شخص ان کی زندگی کا مطالعہ کرے تو پتہ چلتا ہے کہ قائد اعظم مرحوم کی تحریک پاکستان کی جدوجہد میں انہوں نے ان کا دست راست بن کر حصہ لیا ۔ اس وقت سے لے کر ان کی وفات تک ان کا کردار ایک ہی رہا ہے ۔ ان میں استقلال تھا ۔ ان کے عزائم میں استقلال تھا ۔ یہ دنیا کا عام اصول ہے اور اسلام کے نزدیک بھی یہی اصول ہے ۔ کہ جب مقابلہ ہو تو اس وقت اگر حالات ناساز گار ہوں تو

حالات سے مقابلہ کیا جائے اور ''چلو ادھر کو ہوا ہو جدھر کی،، پر عمل پیرا نہ ہوا جائے ۔ ہمارا اسلام اس بات کو قبول نہیں کرتا ہے ۔ ہمارا معاشرہ بھی اس بات کو قبول نہیں کرتا ہے بلکہ ہمارا معاشرہ اور ہمارا مذہب تو ہمیں ۔

''زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ ستیز،،

کا سبق دیتا ہے ۔ اگر زمانہ تمہارا ساتھ نہیں دیتا تو تم زمانے کو اپنے ساتھ چلنے پر مجبور کرو ۔ تم اس کے ساتھ لڑتے رہو ۔ مادر ملت کی زندگی کے آخری حصہ میں بھی اس کا ثبوت ملتا ہے جس طرح ہم انگریز سے لڑے ۔ ہندوؤں سے مقابلہ کیا اسی طرح انہوں نے بھی اس ملک کے رہنے والوں کی آواز کو بلند کرنے کے لئے اور عوام کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لئے اپنی آخری عمر میں اور اپنی پیرانہ سالی کے باوجود قوم کی راہنمائی کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لی ۔ ایک نحیف و نزار خاتون جس کے جسم پر گوشت سے زیادہ ہڈیاں ہوں۔ جس کے جسم میں خون کی کمی ہو تو اس نے گرمیوں کی لو میں پورے ملک کا دورہ کیا ۔ اس دورے کا مقصد صرف لوگوں کے حقوق کی بحالی اور لوگوں کے حقوق کی حفاظت کرنا تھا ۔

جناب والا ۔ محترمہ فاطمہ جناح کو اولاد کے لئے کچھ نہیں کرنا تھا ۔ ان کو کوئی ذاتی ہوس نہیں تھی ۔ ان کو اپنے ذاتی اقتدار کی خواہش نہ تھی ۔ صدر نہ بننے کے باوجود ملک اور دنیا میں ان کا مقام اونچا تھا۔ لوگ ان کو مادرملت کے نام سے پکارتے تھے۔ ان کو روپیہ کی ضرورت نہ تھی ان کو کارخانوں کی ضرورت نہ تھی ۔ ان کو اولاد کی بہبود کے لئے کوئی حاجت نہ تھی ۔ ان کو صرف اس اولاد کے لئے کچھ کرنا تھا جو اس سارے وسیع ملک میں پھیلی ہوئی تھی۔ اسی لئے انہوں نے اپنی پیرانہ سالی کے باوجود قوم کی راہنمائی کی ۔ آج ان جیسی شخصیت پاکستان کے طول و عرض میں نظر نہیں آتی یہ شخصیت ایک پہلی شخصیت (قائداعظم) کا نعم البدل تھی جس نے ان کے نقش قدم پر چل کر ہماری راہنمائی کی ۔

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ قائد ایوان کی تجویز کی تائید کرتا ہوں اور قائد حزب اختلاف کا ہمنوا ہوں کہ ایوان کی کارروائی محترمہ کے احترام کے طور پر ملتوی کی جائے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کی جائے اور یہ عہد کیا جائے کہ ہم جمہوریت کے لئے جو بات زبان سے ادا کرتے ہیں خداوندتعالیٰ ہمیں اس پر عملاً چلنے کی توفیق بھی عطا فرمائے ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۲) — جناب سپیکر قائداعظم کی رفیق کار اور عظیم خاتون محترمہ فاطمہ جناح کا ہم سے جدا ہو جانا ملک کے لئے ایک عظیم سانحہ سے کم نہیں ہے - انہوں نے قوم کی رہنمائی کی - ان کے غم اور سوگ میں میں بھی ان جذبات اور خیالات کا اعادہ کرتا ہوں جن خیالات اور جذبات کا اظہار مجھ سے پیشتر معزز ممبران اور جناب قائد ایوان اور محترم قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے کہ ہمیں ان اصولوں کی پیروی کرنی چاہیئے جن اصولوں کو اپنا کر وہ اپنی زندگی میں جد و جہد کرتی رہی ہیں اور وہ اصول یہ تھے کہ اس ملک کو مضبوط اور مستحکم بنایا جائے اور اس قوم کو ایک خوشحال اور با وقار قوم بنایا جائے - ہمیں اس مرحلے پر یہ عہد کرنا چاہیئے کہ ہم بھی اس ملک کو خوشحال مضبوط اور مستحکم بنانے کے لئے ہمیشہ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور ان اصولوں کی پیروی کریں گے جن اصولوں کے لئے قائداعظم نے پاکستان بنایا تھا - اور محترمہ فاطمہ جناح نے پاکستان کو مضبوط بنانے کے لئے جدوجہد کی تھی -

ان الفاظ کے ساتھ میں قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کی تائید کرتا ہوں -

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدابخش) — جناب والا - میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ میری تجویز کا مقصد تو اس معزز ایوان کی کارروائی کو مرحومہ کے احترام میں ملتوی کرنا تھا - لیکن جیسا کہ ظاہر ہو رہا ہے - اس اندوہناک واقعہ کی وجہ سے ہر معزز رکن کا دل جذبات سے معمور ہے اور جملہ اصحاب اس سلسلے میں اپنے جذبات و خیالات کا اظہار کرنے کے لئے بے چین ہیں - لیکن اگر آپ نے تمام معزز اراکین کو تقاریر کرنے کا موقع مرحمت فرمایا تو اس طرح میری تجویز کا مقصد پورا نہیں ہو گا - میرا یہ خیال تھا اور میں نے یہی اندازہ لگایا تھا کہ میرے محترم دوست جناب قائد حزب اختلاف کی تقریر کے بعد جناب والا اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں گے جو کہ یقیناً اس معزز ایوان کے جملہ اراکین کے جذبات کا اظہار ہوگا اور جسکے بعد بات ختم ہو جائے گی - ورنہ ویسے تو اس جانب بیٹھنے والے اصحاب کل تمام بھی اس بات کے لئے مضطرب تھے کہ انہیں اس سلسلے

میں اپنے جذبات و خیالات کے اظہار کا موقع دیا جائے - لیکن جیسا کہ آپ کو معلوم ہے یہ ایوان ایک سو پچپن معزز اراکین پر مشتمل ہے اور اس طرح اگر ان سب حضرات کو فرداً فرداً تقریر کرنے کا موقع دیا جائے تو ایوان کی کارروائی یقینی طور پر ڈیڑھ بجے تک جاری رہے گی - میرا یہ خیال تھا اور جناب قائد حزب اختلاف نے بھی مجھے یہ تاثر دیا تھا کہ وہ اپنے رفقائے کار سے یہ ارشاد فرمائیں گے کہ ہم اس موقع پر اس قسم کے کردار کا اظہار کریں کہ جس سے مرحومہ کی یاد اور عزت و احترام میں اضافہ ہو تو چونکہ مجھے تمام معزز اراکین کے جذبات و خیالات کا علم ہے لہذا میں ان سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ از راہ نوازش صبر و تحمل سے کام لیں تاکہ آپ کی تقریر کے بعد ایوان کی آج کی کارروائی ملتوی ہو سکے -

مسٹر سپیکر - محترمہ فاطمہ جناح پاکستان کی ایک عظیم خاتون تھیں - انہوں نے تحریک پاکستان میں جس خلوص اور محنت سے حصہ لیا وہ اہل پاکستان کے دلوں میں ہمیشہ محفوظ رہے گا - مرحومہ قائداعظم کے دوش بدوش جدوجہد آزادی میں برابر شریک رہیں - انہوں نے بحیثیت ایک بہن کے نہ صرف قائداعظم کی ہی خدمات سر انجام دیں بلکہ تمام ملک و قوم کی خدمت بھی سر انجام دی - قوم ان کی گرانقدر خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی اور تاریخ پاکستان اس نامور خاتون کو ہمیشہ یاد رکھے گی - ان کی وفات سے ملک کو ایک بہت بڑا صدمہ پہنچا ہے اور قوم ایک راہنما خاتون سے محروم ہوگئی ہے - آئیے ہم سب ملکر ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں کہ خداوند تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے -

(اس مرحلے پر جملہ حاضرین نے دعائے مغفرت پڑھی)

اب محترمہ فاطمہ جناح کے احترام میں ایوان کی کارروائی کل صبح ساڑھے آٹھ بجے تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے -

The Assembly then adjourned (at 9·15 a.m.) till 8·30 a.m. on Tuesday, the 26th September, 1967.

197 PBA—555—14.10.67—SGPWP, Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SIXTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 26th September, 1967.
سہ شنبہ - ۲۱ جمادی الثانی ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝

(آیات ۵۴ تا ۵۶)
پ ۶ - س ۵ - ع ۱۲ -

اے ایمان والو! اگر کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ ایسے لوگ پیدا کر دیگا جن کو وہ دوست رکھے اور جسے وہ لوگ دوست رکھیں اور مومنوں کے حق میں نرمی کرینگے اور کافروں سے سختی سے پیش آئینگے اللہ کی راہ میں جہاد کرینگے اور کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑی کشائش و وسعتوں والا علیم ہے۔

تمہارے دوست تو اللہ اور اس کا رسول اور مومن لوگ ہی ہیں۔ جو نماز قائم کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور اللہ کے روبرو جھکتے ہیں۔

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں سے دوستی کرے گا تو وہ اللہ کی جماعت میں داخل ہو جائے گا پس بلاشبہ اللہ کی جماعت ہی غلبہ پانے والی ہے۔

وما علینا الا البلاغ

POINT OF ORDER

RE: THE COUNCIL OF MINISTERS APPOINTED BY GOVERNOR MUHAMMAD MUSA, HAVING CEASED TO EXIST ON THE APPOINTMENT OF MR. S.I. HAQ AS THE ACTING GOVERNOR OF WEST PAKISTAN

Malik Muhammad Akhtar : Sir I rise on a point of order,

Mr. Speaker : Yes please.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس ہاؤس میں اس وقت چند اشخاص strangers ہیں ۔ اپنے پوائنٹ کی وضاحت کے لئے میں گیزٹ نوٹیفیکیشن مورخہ ۲-۹-۶۷ پڑھے دیتا ہوں جس کے تحت صدر مملکت نے مسٹر ایس آئی حق کو Acting Governor مقرر کیا تھا ۔

"In exercise of the powers conferred by Article 69 of the Constitution, the President is pleased to appoint Mr. S. Ikramul Haq, S. Pk., CSP., Chief Secretary, Government of West Pakistan, to act as Governor of the Province of West Pakistan, and to perform the functions of that Office during the absence abroad of Mr. Muhammad Musa, H. Pak., N. Pk. Governor of the Province of West Pakistan from 5th September, 1967."

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس نوٹیفیکیشن اور آئین کی pro-vision میں تضاد ہے ۔ آپ کی اجازت سے مجھے متعلقہ provision پڑھنی ہو گی جس کے تحت مسٹر اکرام الحق کو Acting Governor کے طور پر متعین کیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ اس provision کا نمبر ۶۹ ہے جس میں لکھا ہے :

"At any time when a Governor is absent from Pakistan or is unable to perform the functions of his Office due to illness or some other cause, such other person as the President may direct shall act as Governor and perform the functions of that Office."

جناب والا ۔ آرٹیکل ۶۹ ۔ کے تحت جناب حق صاحب کو acting گورنر کا عہدہ سونپا گیا اس عہدہ کے سونپنے کے بعد ان کا legal status کیا بن گا ۔ اس کے متعلق constitution کے provision میں کافی تضاد ہے ۔ میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۸۰ کی طرف لے جاتا ہوں ۔ (میں اسے کتاب سے نہیں پڑھنا چاہتا ہوں کیوں کہ اس کے لئے میرے پاس اپنے نوٹ ہیں) ۔ آرٹیکل ۸۰ـــمیں یہ ہے

"The executive authority of a Province is vested in the Governor of the Province and shall be exercised by him, either directly or through officers subordinate to him, in accordance with this Constitution, and the directions of the President."

اسی طرح آرٹیکل ۶۹ـــکے تحت جناب acting گورنر صاحب نے تمام اختیارات سنبھال لئے جو گورنر صاحب کو حاصل تھے ۔ اس کے بعد جو تضاد پیدا ہوا ہے وہ یہ ہے کہ جب وہ acting گورنر مقرر ہوـ اورمقرر ہونے کے بعد جب انہوں نے تمام اختیارات سنبھال لئے جو گورنر کے تھے تو اس میں جو پروسیجر violate کیا گیا ہے وہ یہ ہے ۔ میرے پاس ۶ـــستمبر ۱۹۶۷ء کا اخبار ''پاکستان ٹائمز'' ہے ۔ اس میں ایک بڑی سی تصویر بھی آئی ہے ۔

"Mr, S. Ikramul Haque, Chief Secretary, West Pakistan, being sworn in as acting Governor of West Pakistan by Mr. Justice Wahiduddin Ahmhd, Chief Justice, West Pakistan High Court, at the Governor's House, Lahore, on Tuesday."

جناب والا ۔ دوسرا تضاد constitution کے provision سے پیدا ہوتا ہے جس کے لئے constitution کا آرٹیکل ـــ۶۸ پڑھنا میرے لئے نہایت ضروری

compare ہو گا ۔ اور مجھے اسے پریذیڈنٹ اور acting پریذیڈنٹ کے ساتھ کرنا ہو گا ۔ ۶۸ میں یہ provided ہے ۔ ۔ ۔ ۔

"Before he enters upon his office, the Governor of a Province shall make before the Chief Justice of the High Court of the Province an oath in such form set out in the First Schedule as is applicable to his office."

اب جناب والا ۔ انہوں نے جو oath لی وہ یہ ہے :

Mr. Speaker : I know the form of the oath. The Member need not read it.

Malik Muhammad Akhtar : But the House should know it.

Mr. Speaker : The House is not to decide this point of order. I have to decide it. I know the form of the oath because it was administered in my presence.

Malik Muhammad Akhtar : I will read only one line.

".....That, as Governor of the Province, I will discharge my duties, and perform my functions, honestly, to the best of my ability, faithfully in accordance with the Constitution and the law, and always in the interest of the solidarity, integrity, well-being and prosperity of Pakistan."

executive functions اس کے بعد پوزیشن یہ ہوئی کہ ان کے پاس تمام بحیثیت گورنر کے آ گئیں ۔

Mr. Speaker : Please answer one question of mine. Had Mr. Mohammad Musa ceased to be the Governor of the Province of West Pakistan ?

Malik Muhammad Akhtar : Yes, he ceased to be the Governor of the Province.

Mr. Speaker : Under what provision of the Constitution ?

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to that. Why are you anticipating, Sir ?

Mr. Speaker : Please come to that provision directly ?

Malik Muhammad Akhtar : I am trying to narrate the position.....

اگر ہمیں کہنے بھی نہ دیا جائے گا تو پھر آبوزیشن اور ان افراد کیا ضرورت ہے آپ مجھے کہہ لینے دیجئے ۔

Mr. Speaker : But the Member should be relevant and subject to decisions of the Chair.

ملک محمد اختر ۔ Certainly Sir. میری مودبانہ گذارش ہے کہ جو کچھ متعلقہ بات ہے میں اس کے beyond نہیں جاؤں گا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ

"The executive authority of a Province is vested in the Governor of the Province....."

——پھر اس کے بعد میں ایک بات نہایت مودبانہ عرض یہ کرنا چاہتا ہوں اور آپ سے apologise کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں (کیوں کہ یہ شاید کچھ ناراضگی کا باعث ہو) کہ آرٹیکل—۸۲ کے تحت گورنر کی کونسل آف منسٹرز کا ذکر ہے اور ۸۴ کے تحت پارلیمنٹری سیکریٹریز وغیرہ کا ذکر ہے ۔

First I will read Article 82 which says—

"To assist him in the performance of his functions, the Governor of a Province may (with the concurrence of the President), from amongst per-

sons qualified to be elected as members of the Assembly of the Province, appoint persons to be members of a Council of Ministers, to be known as the Governor's Council of Ministers for the Province."

Now, I will read Article 84—

"The Governor of a Province may, from amongst the members of the Assembly of the Province, appoint persons (not exceeding in number of departments of the Government of the Province established by the Governor) to be Parliamentary Secretaries, and persons so appointed shall perform such functions in relation to those departments as the Governor may direct."

جناب والا - آرٹیکل ۸۲—اور ۸۴ کے تحت جنرل محمد موسیٰ کو منسٹر اور پارلیمنٹری سیکرٹری مقرر کرنے کا اختیار دیا گیا تھا لیکن جب مسٹر اکرام الحق کو oath adminsiter کی گئی تو ان دونوں تقریروں میں جو ۸۲—اور ۸۴ کے تحت کی گئیں میں تضاد آ گیا ہے اور confusion پیدا ہو گیا -

Mr. Speaker : The Member means to say that by taking the oath of office the Acting Governor had become the Governor inspite of the fact that he was not appointed as the Governor by the President of Pakistan by any letter of appointment ?

Malik Muhammad Akhtar : Unfortunately, this Constitution has got inconsistent provisions. One provision is inconsistent with the other and, therefore, lot of confusion has been caused.

آپ مجھے دو سیکشن کہہ لینے دیجئے -

خواجہ محمد صفدر - سارے پراویژن ہی confused ہیں -

ملک محمد اختر - جناب والا - آرٹیکل ۱۱۹—یہ کہتا ہے -

"A Minister or Parliamentary Secretary appointed by the Governor of a Province, and the Advocate-General for a Province shall hold office during the pleasure of the Governor of the Province, and subject to clause (2) of this Article, may be removed from office at any time by the Governor without any reason being assigned for his removal."

Now I will read Article 119(2)—

"A Governor shall not remove a Minister from office without the concurrence of the President.

(3) A Minister or Parliamentary Secretary appointed by the Governor of a Province, or the Advocate-General for a Province, may resign his office by writing under his hand addressed to the Governor of the Province."

Now, this is the provision which I wanted to emphasize.

"4. A Minister or Parliamentary Secretary appointed by a Governor shall cease to hold office upon the successor to that Governor entering upon his office.

Mr. Speaker : Even if they are not Parliamentary Secretaries, they are Members of the House.

ملک محمد اختر ۔ جب ایک نیا گورنر یا اس کا successor آتا ہے تو پارلیمنٹری سیکرٹری اور منسٹر اپنے offices کو vacate کر جاتے ہیں ۔ اب مجھے compare کرنا ہے کہ انہوں نے یہ safeguard ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Does the Member consider that Mr. Haq was the successor of Governor Mr. Muhammad Musa ?

Malik Muhammad Akhtar : That is my view point if you will kindly let me explain it.

میں تو جناب والا وقت بچانے کے لئے ٹائپ کرا لیتا ہوں جو چیز گھنٹے میں کہنی ہوتی ہے وہ ۱۰ منٹ میں کہہ لیتا ہوں ۔

Art. 16. (1) At any time when—

(a) the office of President is vacant ; or

(b) the President is absent from Pakistan or is unable to perform the functions of his office due to illness or some other cause ;

The Speaker of the National Assembly shall act as President and, except as provided in clause (2) of this Article, shall perform the functions of President."

اب جناب والا گورنر کے لئے کوئی پروویژن نہیں ہے ۔

"16. (2) A person acting as President—

(a) shall not dissolve the National Assembly or exercise the powers conferred on the President in Article 121 ; and

(b) unless the office of President is vacant, shall not remove a Governor, Minister or Parliamentary Secretary from office."

اسی طرح جناب والا سیکشن ۱۱ میں کچھ اور restriction ہے ۔ جناب والا ۔ میری مراد یہ ہے کہ گورنر تو full-fledged ہو جاتا ہے لیکن acting پریذیڈنٹ acting پریذیڈنٹ ہی رہتا ہے اور وہ نیشنل اسمبلی کو dissolve بھی نہیں کر سکتا ۔ میرا اصل نکتہ جو ہے وہ جناب والا ٹھیک ہے اور اس کو support کرنے کے لئے میں آرٹیکل ۱۱ پڑھتا ہوں :

"(1) Before he enters upon his office, a President shall make before the Chief Justice of the Supreme Court an oath in such form set out in the First Schedule as is applicale to his office.

(2) This Article does not apply to a person acting as President."

اب جناب والا جو "a person to act as President" اس نے oath نہیں لی مگر acting گورنر جو ہے اس نے oath لینی ہے ۔ جناب والا یہ schedule ایک کو ذرا زحمت گوارا کرکے ملاحظہ فرمائیے ۔

Mr. Speaker : I have followed your point of order ; please resume your seat now.

ملک محمد اختر - جناب والا - ۲۴۷ میں دیا ہوا ہے کہ کوئی بھی شخص جو کسی کو succeed کرے وہ میں ۲۴۷ کو پڑھ دیتا ہوں I am helping you Sir.

> "For the purposes of this Constitution, a person who acts in an office shall not be regarded as the successor to the person who held that office before him or as the predecessor to the person who holds that office after him."

Mr. Speaker : Will it not dispose of your point of order ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly not, Sir.

اسی لئے میں نے کہا ہے - میں جناب والا - ۲۴۷ کی provision سے واقف ہوں - یہ چیزیں اکاؤنٹنٹ جنرل اور اٹارنی جنرل کے عہدوں میں ہو سکتی ہیں لیکن oath لینے کے بعد acting گورنر کی صورت میں acting گورنر گورنر ہو جاتا ہے اور اسی لئے انہوں نے یہ proviso لگا دی ہے کہ کوئی acting پریذیڈنٹ oath نہ لے - میں ایک سوال کرتا ہوں کہ یہ restriction acting پریذیڈنٹ کی صورت میں کیوں لگائی گئی ہے - میں سمجھتا ہوں اس لئے لگائی گئی ہے کہ acting پریذیڈنٹ پریذیڈنٹ نہ بن جائے لیکن آئین کے بنانے والوں نے یہ omission کر دی ہے - اب ۲۴۷ میں جو oath لینے کی pro- vision ہے وہ واضح ہے جو اس طرح ہے کہ

Specific provision shall prevail upon the general provision.

اور اس کے بعد ایک اور نکتہ ہے یعنی جب وہ آفس میں آ جائے -

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرا نکتہ مضبوط ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک محمد اختر صاحب نے یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے کہ گورنر محمد موسیٰ جب ملک سے غیر حاضر تھے تو ان کی عدم حاضری میں مسٹر ایس آئی حق نے جنہیں قائم مقام گورنر مقرر کیا گیا تھا ۔ حلف وفاداری اٹھایا اور وہ قائم مقام گورنر تعینات کئے گئے اور ان کی تعیناتی پر جو گورنر محمد موسیٰ صاحب کی کونسل آف منسٹرز تھی وہ کونسل آف منسٹرز نہ رہی ۔ اسی طرح وزراء صاحبان اس ہاؤس میں اجنبی اشخاص ہیں ۔ میں نے ملک محمد اختر صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کو سنا ہے اور آئین کی دفعات کا ملاحظہ بھی کیا ہے ۔ دفعہ ٦٦ کے تحت ہر صوبے کے لئے ایک گورنر صدر مملکت کی طرف سے مقرر کیا جاتا ہے اور دفعہ ٦٩ کے تحت جب کوئی گورنر قائم مقام پہلے گورنر کی غیر حاضری کی وجہ سے صدر مملکت کی طرف سے تعینات کیا جائے تو اس صورت میں وہ تمام فرائض گورنر کے سر انجام دیتا ہے ۔ اس کے علاوہ آرٹیکل ١١٩ سب سیکشن ٣ کے تحت کوئی وزیر یا پارلیمنٹری سیکرٹری جو کہ گورنر کی طرف سے تعینات کئے گئے ہوں وہ اپنے عہدے پر شمار نہیں کئے جائیں گے ۔ جونہی کہ گورنر کا جانشین اس کے عہدے پر تعینات ہو گا ۔ تو اس سب سیکشن کے تحت پارلیمنٹری سیکرٹری گورنر مقرر کرتا ہے اور گورنر جب تک چاہے وہ اس عہدے پر قائم رہتے ہیں ۔ ملک محمد اختر صاحب کے کہنے کے مطابق مسٹر ایس آئی حق گورنر محمد موسیٰ صاحب کی عدم حاضری میں گورنر کے فرائض سرانجام دے رہے تھے اور جو ان کی کونسل آف منسٹرز تھی وہ

اب کونسل آف منسٹرز نہیں رہی ۔ میں ان سے اتفاق نہیں کرتا ہوں اور اس کی وجوہات یہ ہیں کہ اس سے پہلے زیر دفعہ ۹۶ مسٹر ایس آئی حق بحیثیت گورنر صوبہ نہیں تھے اس کے علاوہ آرٹیکل ۱۱۹ کے تحت اور سب سیکشن ۳ کے تحت وزراء کا تقرر گورنر کرتا ہے ۔ کوئی قائم مقام گورنر یہ کام نہیں کرتا ۔ اس کے علاوہ میں ان سے اس بات پر بھی اتفاق نہیں کرتا کہ مسٹر محمد موسیٰ اپنی عدم حاضری کے دوران گورنر نہیں تھے ۔ مسٹر ایس آئی حق acting گورنر تھے اور ان کے قائم مقام گورنر مقرر ہونے سے گورنر موسیٰ کی قائم کردہ کونسل آف منسٹرز بدستور کونسل آف منسٹرز رہے گی اور اس کے علاوہ آرٹیکل ۲۴۷ اس چیز کو واضح طور پر بیان کرتا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کی عدم حاضری میں اس کے فرائض سرانجام دے تو وہ اس کا جانشین نہیں کہلائے گا ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ مسٹر ایس آئی حق مسٹر محمد موسیٰ کے جانشین نہیں تھے اور کونسل آف منسٹرز جو مسٹر محمد موسیٰ گورنر نے مقرر کی وہ بدستور ہے اور اس ہاؤس میں کوئی اجنبی نہیں ہے ۔ لہذا ملک محمد اختر صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر مسترد کیا جاتا ہے ۔

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Nawaz.

ASSESSMENT OF URRAN IMMOVABLE PROPERTY TAX IN SAHIWAL CITY

***8223. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state that the year in which the last assessment of Urban Immovable Property Tax was made in Sahiwal City alongwith the basis on which the said Tax was assessed ?

Minister of Excise and Taxation (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : The last assessment operations in Sahiwal City were carried out during the year 1961-62 and the valuation list enforced, with effect from 1st July, 1962. The assessment was made in accordance with the provisions of the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Law and instructions issued by the Government from time to time.

چودھری محمد نواز ۔ کیا منسٹر صاحب فرمائیں گے کہ یہ property کتنے عرصے کے بعد assess کی جاتی ہے ؟

Minister of Excise and Taxation : It is enirely a new question Sir, It is, however, done after 5 years.

Mr. Speaker : Next question.

*۸۲۲۴ - چودھری محمد نواز - کیا وزیر آب کاری و محصولات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) ساھیوال شہر میں اس وقت متعین ٹیکسیشن کے سب انسپکٹروں اور انسپکٹروں کے نام کیا ھیں - نیز

(اول) ان کے آبائی اضلاع کے نام کیا ھیں -

(دوم) ساھیوال میں وہ کون سی تاریخ کو متعین کئے گئے -

(سوم) متذکرہ محکمہ میں ان کی کل سروس کتنی ھے -

(ب) موجود عہدے میں انہوں نے دوسرے کون سے مقامات پر ملازمت کی اور ھر ایک مقام پر کتنا عرصہ متعین رھے ؟

وزیر آبکاری و محصولات (مسٹر احمد سعید کرمانی) : (الف) و (ب) کیفیت نامہ پیش ایوان ھے -

ضمیمہ

نمبر شمار	نام	آبائی ضلع	ساہیوال میں تعیناتی کی تاریخ	ایکسائز محکمہ ٹیکسیشن میں کل سروس
۱	آغا عبدالوسعی	جھنگ	۹-۷-۱۹۶۴	۳۱-۶-۲ کل ۲۶ سال
۲	چودھری اعجاز احمد ٹیکسیشن انسپکٹر	گجرات	۶-۷-۱۹۶۶	۴۸-۶-۱۲ ۱۹ سال

کیفیت

دوسری جگہوں کے نام جہاں تعیناتی ہوئی

بمعہ عرصہ

تک	از	تا	از
گجرات ۳۱-۳-۶۰	۲۴-۴-۵۹	ملتان ۱۵-۷-۴۴	۲-۶-۴۴
لاہور ۳۱-۸-۶۰	۳-۴-۶۰	لائلپور ۳۰-۴-۴۷	۲۲-۷-۴۴
لاہور ۲۲-۳-۶۳	۱-۹-۶۰	منٹگمری ۲۷-۶-۴۱	۱-۵-۴۷
کراچی ۳۱-۷-۶۳	۱۵-۴-۶۳	ملتان ۱-۱۱-۵۱	۲۹-۶-۴۹
بہاولپور ۳۱-۷-۶۴	۱۰-۸-۶۳	لاہور ۳۱-۳-۵۶	۲-۱۱-۵۱
ساہیوال ۹-۷-۶۴		سرگودھا ۲۰-۷-۵۷	۸-۴-۵۶
		گجرات ۱۳-۴-۵۹	۲۲-۷-۵۷
ملتان ۱۵-۸-۶۲	۷-۷-۶۲	شیخوپورہ ۲۹-۹-۴۸	۱۲-۶-۴۸
بہاولپور ۳۱-۸-۶۲	۲۱-۸-۶۲	منٹگمری ۳۱-۳-۵۳	۷-۱۰-۴۸
منٹگمری ۱۰-۵-۶۳	۲-۵-۶۳	کیمبل پور ۲۹-۸-۵۸	۸-۴-۵۸
منٹگمری ۳۰-۶-۶۵	۲-۵-۶۳	راولپنڈی ۳۱-۳-۵۸	۸-۴-۵۳
لاہور ۳۰-۶-۶۶	۸-۷-۶۵	لاہور ۵-۱۰-۶۰	۳۱-۸-۵۸
ساہیوال ۶-۷-۶۶		گوجرہ ۴-۲-۶۰	۶-۱۰-۶۰
		منٹگمری ۳۰-۶-۶۲	۱۳-۲-۶۱

۳	شیخ عبدالعزیز ٹیکسیشن سب انسپکٹر	جھنگ	۹-۱-۱۹۶۷	از ۹-۸-۴۹ کل ۱۸ سال	
۴	مسٹر محمد امجد لودھی ٹیکسیشن سب انسپکٹر	ساھیوال	۶-۷-۱۹۶۵	از ۸-۳-۶۳ کل ۴ سال چھ ماہ	
۵	مسٹر محمد رمضان ٹیکسیشن سب انسپکٹر	لائلپور	۲۲-۸-۱۹۶۷	از ۱-۳-۶۷ کل چھ ماہ	

رحیم یار ۳۰-۱-۶۴ خان — ۱-۵-۶۲

صادق آباد ۲-۱-۶۷ — ۱-۱۰-۶۳

ساہیوال ۱۶-۱-۶۷

بہاولپور ۶-۸-۵۸ — ۱۴-۱۲-۵۷

ملتان ۶-۱۲-۵۸ — ۷-۸-۵۸

بہاولپور ۳۱-۳-۶۲ — ۷-۱۲-۵۸

ملتان ۳۰-۴-۶۲ — ۱-۴-۶۲

لائلپور ۱۲-۷-۶۳ — ۱۸-۳-۶۳

ملتان ۲۳-۱۰-۶۳ — ۳۰-۷-۶۳

لاہور ۳۰-۶-۶۶ — ۳۱-۱۰-۶۳

ساہیوال ۶-۷-۶۶

لاہور ۳۰-۶-۶۷ — ۱-۳-۶۷

احمد پور شرقی ۲۳-۸-۶۷ — ۷-۷-۶۷

ساہیوال ۲۲-۸-۶۷

CENTRE ATTENDENTS WORKING AS PEONS IN B.N.R. HEAD OFFICE

*8228. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Information be pleased to state :—

(*a*) the number of Centre Attendants working as peons in the B.N.R. Head Office as on 31st May 1965, alongwith with the number of B.N.R. Centres outside Lahore and the number of Centre Attendents in the said Centres ;

(*b*) the number of employees rendered jobless as a result of the closure of certain B.N.R. Centres alongwith (*i*) their names, (*ii*) tenure of service and (*iii*) educational qualifications ;

(*c*) whether it is a fact that recently 2 new Centre Attendents namely, Abdul Raheem and Barkat Ali have been employed, if so, reasons for not making these appointments from out of the discharged personnel mentioned in (*b*) above ?

Minister for Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : (*a*) Five Centre Attendents were working as peons in the Head Office on 31st May 1965. The B.N.R. Centres outside Lahore on that date was 74. The number of Centre Attendants provided in the Centres outside Lahore was 66.

(*b*) The total number of Centre Attendants whose services were dispensed with following the closure of B. N. R. Centres is 66. The answer to (*i*), (*ii*) and (*iii*) are contained in the List of Names, etc., placed on the table. *

(*c*) It is a fact that Abdul Rahim has been employed as a Centre Attendent on 13th April 1967 and Baqir Ali (not Barkat Ali as stated in the question), has been employed on 18th May 1967.

*Please see Appendix I at the end.

The Centre Attandents who had been discharged earlier were in most cases nominees of Nazims (Supervisors) who were running the Centres. The majority of them had had no training as to make them efficient hands; it was also not possible to trace each individual. Thus the necessity of re-appointing any of the discharged personnel has not been felt.

چودھری محمد ادریس ۔ سوال یہ تھا ۔ کہ عبدالرحیم اور باقر علی کو centre attendent کرنے کے بعد ان لوگوں کی جو پہلے discharge کئے گئے تھے ۔ کیوں تقرری نہیں کی گئی ؟ جواب میں اس کی وجہ یہ دی گئی ہے کہ جو لوگ discharge کئے گئے تھے وہ عارضی تھے ۔ میں ان کی توجہ سیریل نمبر ۳ پر مبذول کراتا ہوں ۔ یہ شخص ہے جس کی سروس ساڑھے چھ سال تھی ۔ اس کی تعلیم میٹرک ہے ۔ کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ آیا اس شخص کی efficiency زیادہ ہے یا اس کی جو ن پڑھ ہو اور سروس میں نیا آیا ہو ؟

Minister for Info-mation: As a matter of fact it is a new question. Anyhow, there are three or four reasons which stood in the way of our re-employing the already discharged persons.

Firstly, during their continuance in service they proved useless. The Department did not think them suitable enough to re-appoint them if there was a vacancy.

Secondly, most of the persons who were discharged from service could not be traced. Some of them had been employed elsewhere and it was not possible to force any one of them to leave employment from there and then to seek employment in this Department. Essentially it depends upon the desire of a particular person to serve in any department he likes. It

is the desire of a person that matters. If anybody is not keen to be re-employed there is no law to force him to resign from another Department and seek employment in this Department.

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ یہ لوگ جو بطور attendent کام کر رہے تھے یہ سنٹرز بند ہو جانے کی وجہ سے ملازمتوں سے ہٹا دیئے گئے تھے نہ انھوں نے استعفیٰ دیا۔ نہ اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ سروس چھوڑتے ہیں ۔

Minister of Information : This is again a different question altogether. This is not in dispute that they were discharged because the Centres were closed nor is it the case that Centres remained open and yet they were discharged.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر اطلاعات از راہ کرم مجھے بتائیں گے کہ وہ یہ کہنے میں کس حد تک حق بجانب ہیں کہ ان کے محکمہ کے پاس ان تمام ملازموں کے پتے بھی موجود نہیں ہیں ؟

Minister of Information : I have not followed the question.

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے یہ فرمایا ہے ۔

We could not trace them because we did not know about their addresses.

جب وہ آپ کے پاس اتنا عرصہ ملازم رہے تو آپ کا محکمہ یہ جواب دینے میں کہ ہم ان کا پتہ معلوم نہیں کر سکے کس حد تک حق بہ جانب ہے ؟

Minister of Information : I have used the words "some of them" and not all. The peons ordinarily.....

حاجي سردار عطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر - یہ سوال جو ہے اس کا جواب وزیر صاحب اردو میں دیں تاکہ ہم بھی سپلیمنٹری کر سکیں -

مسٹر سپیکر - آپ سپلیمنٹری پوچھیں وہ آپ کے سوال کا جواب اردو میں دیں گے -

Chaudhri Muhammad Idrees : I want to know whether any attempt was made to trace them ?

Minister of Information : It is again a vague question. If you had put the question, whether any attempt was made with regard to so and so, then this question would have been specific. Then I would have been in a position to answer it and that too after due notice.

چودھری محمد نواز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - اس بات کا فیصلہ کرنا کہ کوئی سوال vague ہے یا نہیں Chair کا کام ہے یا منسٹر کا کام ہے -

وزیر اطلاعات - میں نے یہ نہیں کہا یہ میرا کام ہے - میں نے Chair کی خدمت میں گذارش کی ہے کہ

this is a vague question. This may be kept in view while asking questions. I have not usurped the rights of the Speaker.

چودھری محمد ادریس - میرا سوال یہ ہے کہ کیا ان ملازموں

کو جن کی لسٹ یہاں دی گئی ہے trace کرنے کی کوئی کوشش کی گئی ہے ؟

مسٹر سپیکر - چودھری صاحب - آپ کا یہ سوال کون سے جواب سے پیدا ہوتا ہے ؟

Chaudhri Muhammad Idrees : Last line Sir. "...it was also not possible to trace each individual." I want to know whether any attempt was made to trace any one of them.

Minister for Information : It is not possible to answer the question of hand and, therefore, I would like to have fresh notice.

حاجی سردار عطا محمد - جناب میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ عبدالرحیم اور باقر علی انہیں خود سے کیسے مل گئے اور وہ باقی کیوں نہیں ملے ؟

وزیر اطلاعات - یہ اس ملک کے شہری ہیں qualified تھے - مناسب آدمی تھے - انہوں نے درخواست دی - انہیں نوکری مل گئی -

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ ان کی تقرری کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا گیا تھا ؟ انہوں نے کیسے معلوم کر لیا کہ ان کے پاس یہ دو اسامیاں ہیں ؟

Minister for Information : Again it is a new question.

GRANTS TO YOUNG FOLKS LEAGUE AND WOMEN'S WELFARE SOCIETY

*8229. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister for Information be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the grants of Young Folks, League and Women's Welfare Society are operated by Mr. Mustafa Khalid, Deputy Director, B.N.R. if so, reasons therefor ;

(*b*) whether it is a fact that the paraphernalia of Young Folks League is lying in the B.N.R. Head Office ; if so, reasons therefor ?

Minister for Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : (*a*) It is not a fact that the grants of the Young Folks' League and the so-called Women's Welfare Society are operated by Mr. Mustafa Khalid, Deputy Director.

(*b*) One almirah which contained old record, and various odds and ends, pertaining to the Young Folks, League was kept in the verandah of the B.N.R. Centre on the Mall. This, along with many other almirahs containing old records of the Centre, were removed from the Centre to the B.N.R. Head Office because the ever-increasing record had created a major problem ; lack of space for storing it. Also, the collection of an unduly large number of almirahs made it impossible to keep the Centre clean and tidy. The so-called "paraphernalia" of the Young Folks' League in this almirah is not required to be kept in the Centre, and in view of the circumstances explained, this almirah was removed for safe custody to the B.N.R. Head Office.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب ولا ۔ سوال کے جواب میں دو جگہ "so called" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے ۔ میں وزیر موصوف سے پوچھتا

ہوں کہ اگر وہ اس لفظ کو استعمال نہ کرتے تو کیا ان کا جواب مکمل نہ ہوتا ؟

Mr. Speaker : This is not a question asking for any information.

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ آپ نے جواب کے حصہ "الف" میں فرمایا ہے کہ مسٹر مصطفیٰ خالد اس account کو operate نہیں کرتا ہے تو پھر اس account کو کون operate کرتا ہے اس کا نام کیا ہے ؟

Minister of Information : Which account the Member is referring to ? He has not referred to any account in his question and this supplementary does not arise out of the question.

Chaudhri Muhammad Nawaz : In part (a) it is written :

> "It is not a fact that the grants of the Young Folks' League and the so-called Women's Welfare Society are operated by Mr. Mustafa Khalid, Deputy Director."

آپ فرماتے ہیں کہ ہم اس account کو operate نہیں کر رہے ہیں پھر اس account کو کون operate کر رہا ہے ؟

Minister of Information : Sir, the factual position is that both of these organizations are not Government organizations ; they are private organizations, and the Government Officer has no authority whatsoever to operate the accounts of these organizations. All that we do is that we give them some grants, but we do not operate their accounts, much less Mr. Mustafa Khalid, Deputy Director. It is a voluntary organization. What has the Government to do with the operating of their accounts. It is their sweet will to operate the account or not to operate the account.

چودھری محمد ادریس - کیا وزیر متعلقہ یہ فرمائیں گے کہ Young Folks, League سازو سامان اور ریکارڈ کی الماری کو بی - ایچ - آر سنٹر مال روڈ کے دفتر میں محفوظ رکھنے کی خاطر کیوں رکھا ہے ؟

Minister of Information : Again it was due to sheer courtesy that they were allowed to place their things in the Almirah. We have removed it to the Head Office. But it is entirely the property of the Young Folks' League, and they are at liberty to take it at any time they like. We have no control over that record or the Almirah. Anyhow, if the questioner wants that we should throw it on the roadside, we will do that.

چودھری محمد ادریس - کیا یہ حقیقت تو نہیں ہے کہ Young Folks, League کا دفتر مسٹر مصطفیٰ خالد جس کا ذکر سوال میں ہے کا قائم کردہ ایک bogus ادارہ ہے ؟

Minister of Information : This is not correct.

TECHNICAL STAFF OF INFORMATION DEPARTMENT

*8230. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister for Information be pleased to state :—

(*a*) the total number of (*i*) Operators, (*ii*) Technical Assistants, (*iii*) Technical Officers, and (*iv*) Assistant Directors, Technical, working at present in the Information Department along with their names, pay scales and length of service of each of the said officials along with their respective duties ;

(*b*) the initial qualifications prescribed for recruitment to the posts mentioned in (*a*) above ;

(*c*) whether it is a fact that all the officials mentioned in (*a*) above have been debarred from promotion to next higher posts on seniority-*cum*-efficiency basis ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reasons for depriving the said officials from promotion and whether Government intend to re-consider their cases ?

Minister for Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : (*a*) The requisite information is given below :—

Designation of officials	Total No of officials		Name of officials	Pay scale	Length of service upto 30th June 1967 Y. M. D.
Operators	Twelve	1.	Mr. Abdul Hamid	Rs. 175—10—215—15—350	24 6 27
		2.	Mr. Muhammad Afzal Chaughtai	Ditto	21 4 14
		3.	Mr. Muhammad Ajmal	Ditto	20 9 23
		4.	Mr. Bashir Ahmed	Ditto	20 2 00
		5.	Mr. Manzur Ali	Ditto	17 6 29
		6.	Mr. Fazal Ahmed	Ditto	17 7 00
		7.	Mr. Muhammad Shafi	Ditto	13 3 21
		8.	Mr. Ghulam Hussain	Ditto	11 8 16
		9.	Mr. Muhammad Sarwar Nusrat	Ditto	9 2 23

		10. Mr. Mushtaq Ahmed	Ditto	2	2	25
		11. Mr. Aurang Zeb Babri	Ditto	1	5	29
		12. Post vacant				
Technical Assistants.	Two	1. Sh. Nasrullah	Rs. 215—15—350	21	5	29
		2. Malik Anwar Ali	Ditto	16	7	14
Technical Officer	One	Mirza Muhammad Ikram	Rs. 350—35—525/40—925	10	1	29
Assistant Director (Technical)	One	Ch. Nusrat Ali	Rs. 450—50—1,000	5	2	6

Their duties are :—

(1) Assistant Director (Technical).	He is overall Incharge of Technical Cell.
(2) Technical Officer	He assists the Assistant Director (Technical) in Administrative and technical matters and procures technical stores from abroad and local markets through Industries Department and issuing authority of stores. He is also appointing authority four ministerial and technical staff of the Technical Cell.
Malik Muhammad Akhtar : According to Article 79, the Governor can certainly legislate some laws, which cannot be avoided and which can only be in emergency, but Sir when the entire procedure has been gone through and necessary steps have been taken and everything is complete, the Minister or the Government is not justified at all to postpone enforcement of those laws and declare that these laws will become emergent after the Assembly Session and would be legislated through an Ordinance.

Sir, the statement of the learned Minister is inconsistent with the provisions of Article 79. It is a clear breach of privilege of the Members of the Assembly to legislate. May I know Sir what is the function over here of all of us, all the Members, the Opposition, three Speakers and all this staff if legislation is to be done by Ordinances ? We have been seeing in the past 2½ years that ordinances have been approved without even the slightest amendment. They can keep the Law Secretary and dissolve everything. There is no necessity of any Council of Ministers, Parliamentary Secretaries and MPAs, if the legislation is to be taken away from us and ordinances are to be promulgated.

Sir, this is a very very serious question. It is against the statements of the President of Pakistan, who has been saying that more and more powers are going to be granted to the legislatures.

Minister of Labour (Malik Allah Yar Khan) : Sir, I do not agree with the Member that by making the statement any breach of the privilege of this House has been committed. The mover of this motion has very correctly referred to my statement which reads that the Labour Department was currently engaged in discussing the utility or otherwise of the proposed amendments with the people concerned, and the entire work was nearing completion. He has Sir again referred to my statement of 25th in which I said that amendments in the said laws are almost complete and finalized, but that does not mean that the work of drafting and vetting is also complete. In fact, Sir, when the amendments of the labour laws are complete or finalised, they are yet to be drafted and vetted by the Law Department, and then they are to be submitted before the Council of Ministers and approved by it. Then the orders of the Governor are also obtained and then the laws are allowed to be brought before this House. If the Governor or the Council of Ministers feels that this should be promulgated through an Ordinance, then it is promulgated through an Ordinance.

Mr. Speaker, Sir, merely by stating that the amendments to labour laws are nearing completion and stating that it may not be possible that these laws will be complete within a month's time when the Assembly is in Session, and also stating that these laws might be promulgated through an Ordinance after the Assembly Session is over, I don't think any breach of privilege has been committed.

Secondly, Sir, Ordinance is a form of legislation, which has been allowed by the Constitution. When an ordinance is promulgated by the Governor, it is again to come before this august House. It is for the Members of this House to reject or to pass any Ordinance which is promulgated by the Governor. But any Ordinance which is so promulgated will certainly and is bound to come before this House.

Again Sir, this august House is also competent and entitled to make any amendments in the Ordinance promulgated by the Governor, and they can remove any flaws in the Ordinance, or they can throw out the Ordinance if they so like. They can also circulate it Sir for eliciting public opinion ; they can oppose it and they can make any amendment ; they can do anything with the Ordinance. I don't know Sir how the ordinance being a form of legislation, in any way, commits the breach of privilege of this House.

Therefore, Sir, I feel that by making these statements I have not committed any breach.

Mr. Speaker : Government is well within its right to legislate in the form of ordinances or the bills.... ..

Khawaja Muhammad Safdar : Only in special cases Sir.

Mr. Speaker : Yes.

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order Sir. Can the Ordinance be sent by this House for eliciting public opinion on it ?

Mr. Speaker : I am sorry ; when I am giving my ruling, there should be no interruptions.

The Government is well within its right to legislate either in the form of bills or by the issuing of ordinances. No breach of privilege has taken place. The motion is, therefore, ruled out of order.

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of information, Sir. The Minister has just now said that an Ordinance could be sent by this House for eliciting public opinion. I would like to know whether it is a fact that we can send an ordinance for eliciting public opinion thereon.

Mr. Speaker : It is only in respect of this.

Minister of Labour : Mr. Speaker, Sir, I would like to be enlightened on this point ; when an amendment to an Ordinance has been allowed, isn't it possible Sir that by way of amending an ordinance, a motion could also be moved to the effect that that ordinance be circulated for eliciting public opinion thereon ?

Mr. Speaker : So far as the rules of Procedure are concerned, that is only in the case of bills that an amendment can be moved to circulate that bill for eliciting public opinion, but there is no provision so far as the ordinances are concerned.

Minister of Labour : Don't you think Sir, that there is need to change the rule in the light of the amendment that has been made to the effect that amendments can also be moved to the Ordinance ?

Mr. Speaker : It is up to the House to change the rules.

RE: DEVIATION FROM THE DECISION OF THE ASSEMBLY BY THE COMMITTEE CONSTITUTED UNDER THE PAKISTAN MEMORIAL CESS (WEST PAKISTAN) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1966.

Mr. Speaker : Next motion is also by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I ask for leave of the House to raise a question of privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred by the action taken by the Committee constituted under the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1966 (Ordinance No. V of 1966) in deviating from the decision of the Assembly and to spend the funds collected for the Pakistan Day Memorial to be constructed at Iqbal Park Lahore on Pakistan House which the Committee proposes to construct on the Mall Lahore (Shahre-e-Quaid-i-Azam). The Minister for Basic Democracies and Local Government during the discussion on the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second Amendment) Ordinance, 1966 on 22nd November, 1966 while explaining the objects and reasons of the continuance of the Cess stated ut o the funds so collected Rs. sixty lacs, approximately, would be

spent on Pakistan Day Memorial Tower and the park surrounding the Tower and the balance would be spent on the improvement of Buddha Ravi, construction of a wrestling stadium and an auditorium with a library and a cafeteria attached with the Memorial. The Assembly approved the amending Ordinance on the basis of the explanation given by the Minister. The Committee has encroached on the jurisdiction of the Provincial Assembly by taking a decision which only the Assembly was competent to take. The decision of the Committee is inconsistent with the decision of the Assembly and the action thereupon has breached the privilege of the Members of the Assembly.

جناب سپیکر - میں ۱۲ نومبر ۱۹۶۶ کی debate کے حوالہ جات کی چار پانچ سطریں پڑھنا چاہتا ہوں - جس وقت Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Second (Amendment) Ordinance پر بحث ہورہی تھی تو وزیر بنیادی جمہوریت جنھوں نے ریزولیوشن move کیا تھا انھوں نے موشن move کرتے ہوئے dabate کے صفحہ ۳۱۰ پر کہا تھا -

''اس وقت ۹۰ لاکھ کے قریب رقم اکٹھی ہوئی ہے - جس میں سے ۶۰ لاکھ سے کچھ اوپر میموریل پر خرچ ہونے کا تخمینہ ہے - اس کے ساتھ بڈھا راوی دریا بہتا ہے جس میں گندہ پانی کھڑا ہو کر بو اور تعفن پیدا کرتا ہے اس کو بھی درست کرنا ضروری ہے - ایک طرف بڈھا راوی دریا کو درست کیا جائے گا۔ اور دوسری طرف Wrestling Stadium بنایا جائے گا'' وغیرہ وغیرہ -

اس کے بعد جناب والا وہ کہتے ہیں -

''ابھی تک تو ہمارے ذہن میں یہی دو چیزیں ہیں کہ ایک تو

بڈھا راوی دریا کو درست کرنا ہے ۔ جس کی وجہ سے وہاں پانی کھڑا ہو جاتا ہے اور دوسرے اس Wrestling سٹیڈیم کی گراؤنڈ جو اچھی خاصی ہے اس کو کشتیوں اور کبڈی کے قابل بنانا ہے" ۔

اس کے بعد صفحہ ۳۱۲—پر para ۳ لائن ۴ میں یہ کہتے ہیں ۔

"کیفیٹیریا اور لائبریری کا جہاں تک تعلق ہے ۔ ان کے متعلق اس وقت تو میرے علم میں یہی چیز ہے کہ لائبریری شاید میموریل میں شامل ہے اور یہ پہلے ہی میموریل میں شامل تھی ۔ بڈھا راوی دریا اور ریسلنگ سٹیڈیم کو اب سکیم میں شامل کیا گیا ہے" ۔

جناب والا ۔ اب اس کے بعد میں ذرا سا نوٹ یا اس کی interpretation جو دی گئی ہے اس کو پڑھے دیتا ہوں اور اس کا پڑھنا مناسب ہوگا ۔

Working note regarding the meeting to be held in the office chamber of the Commissioner, Lahore Division.

"It was unanimously agreed that channel which often closes with stagnant water due to accumulation of filth in the channel is an eye-sore and needs to be improved to make it more hygenic. It was suggested that this work should also be taken up by the Memorial Committee alongwith the construction of the Memorial Tower."

I will read out another para of the same note which says—

"The Secretary....."

Here, 'Secretary' means the Basic Democracies Secretary.

"The Secretary informed the House that it had been agreed to by the Minister for Basic Democracies on the Floor of the House in the Assembly while answering questions in a debate on the Pakistan Day Memorial Cess Ordinance that Government would allow construction of an auditorium as part of the Pakistan Day Memorial and he would be prepared to sanction the necessary expenditure in this behalf."

جناب والا ۔ ریزولیوشن پر اس تقریر کے بعد ٹاؤن پلاننگ کمیٹی کی ۲۸ نومبر ۱۹۶۶ء کو سیٹنگ ہوئی تو ہم اس کی کارروائی پڑھ کر حیران رہ گئے اسے میں ۴ دسمبر کے پاکستان ٹائمز سے پڑھے دیتا ہوں ۔

RUPEES 19 LAKHS FOR PAKISTAN HOUSE AT LAHORE—

Lahore will have a 19 lakh rupee's Pakistan House consisting of a big museum and a three thousand seats air-conditioned Jinnah Hall which will be the largest auditorium in the country. Pakistan House may be constructed on the Mall opposite WAPDA House or behind the West Pakistan Assembly Chambers."

یہ ان کے decisions ہیں میں اس کی تفصیلات میں نہیں جاؤں گا ۔

What I want to ask is, was the Commissioner acting as the Legislature ? Why did he exercise the powers conferred on this House ? Why did he breach the privilege of this House ? I understand that the Minister is still of the opinion that the auditorium and the stadium, (as well the improvement of the Buddha Ravi), should be at the Pakistan Day Memorial site. Moreover, it was necessary to improve the channel known as Buddha Ravi because water stagnates over there and creates bad smell. Sir, they might be constructing over a thousand halls on the Mall. We don't mind it because it is a good suggestion but how can they deviate from the object and the purpose of the Pakistan Day Memorial Cess Ordinance which was placed before this House at least three times and at two times we had the honour to pass that Ordinance. Deviation from the

decision of this Assembly is a very clear breach of privilege and I consider that the Commissioner, who was presiding over that Committee, was not well within his rights to distort history.

Mr. Speaker: Minister for Basic Democracies now.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ یہ جو رپورٹ فاضل ممبر صاحب نے پڑھی ہے اصل میں اس کے بارے میں پوزیشن یہ ہے کہ کمیٹی نے ابھی تک ایسا کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے بلکہ صرف کمشنر نے اس سلسلے میں ایک رپورٹ پیش کی ہے ۔ یہ پریس رپورٹ میرے خیال میں اس کمیٹی کا فیصلہ سمجھ کر یہاں بیان کی گئی ہے اور اسی خیال سے فاضل ممبر نے اسے یہاں پیش کرنے کی ضرورت سمجھی میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ مسئلہ واقعاتی طور پر نادرست ہے اس لئے اس کی بنا پر پریولیج موشن اسمبلی میں پیش کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ دوسری بات میں یہ عرض کروں گا کہ جس چیز کو یہ فیصلہ قرار دیتے ہیں اس کے بارے میں پوزیشن یہ ہے کہ جب کوئی چیز اس اسمبلی میں پیش کی جاتی ہے یا جب کوئی قانون اس اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے تو یہاں اس کی مخالفت بھی ہوتی ہے اور اس سے اتفاق بھی کیا جاتا ہے اور جب یہ اسمبلی کوئی فیصلہ کر دیتی ہے یا جب یہ اسمبلی کسی آرڈننس کو پاس کر دیتی ہے تو اس کے مطابق جو قانونی اختیارات کسی کو حاصل ہوتے ہیں ان کو exercise کرانے کے لئے اس اسمبلی کو اپنے اختیارات exercise کرنا ہوتے ہیں ۔ اس سلسلے میں جو کمیٹی اس کے خرچ وغیرہ کے لئے بنائی گئی ہے اور اس کو جو اختیارات

دئے گئے ہیں وہ اس ایوان نے اختیارات دئے ہیں اور اس ایوان کا اس کمیٹی پر under the general control of the Govt. اختیار ہوگا اور وہ اپنے اختیارات رکھے گا - یہ میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ قانونی طور پر یہ بات نادرست ہے کہ وہ کمیٹی کوئی کام اس ایوان کے منشاء کے خلاف کرے گی - تیسری چیز میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے فاضل دوست اس بات سے اتفاق کریں گے کہ کسی مسئلے کے لئے اگر ہمارے سامنے ایسی چیزیں آ جائیں یا بہت سی رقومات کے اخراجات کا معاملہ ہو یا کوئی قومی مفاد کا معاملہ ہو تو پھر اس کے بہترین استعمال کے لئے یا کسی مسئلہ پر proper thinking کے بعد اگر کچھ ایسی چیزیں جو اس سے بنیادی طور پر مختلف نہ ہوں یا اس سے بنیادی طور پر اختلاف نہ رکھتی ہوں اور مفاد عامہ میں ہوں تو پھر ان چیزوں کے پیش نظر قانون میں ترمیم کی جا سکتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - جب آپ نے statement دی تھی کیا اس وقت آپ نے scrutiny نہیں کی تھی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - ہم نے کہا تھا کہ ہم اس چیز کو بنوا دیں گے - ابھی تمام چیزوں کو دیکھا جانا ہے - ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا - ابھی جملہ چیزیں کمیٹی کے سامنے پیش ہیں اور ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا - ایک رپورٹ کے طور پر یہ ساری چیز کمشنر کی طرف سے آئی ہے - کمیٹی غور کر رہی ہے اس پر غور کرنے کے بعد اگر کمیٹی اس نتیجہ پر پہنچی کہ وہ یہاں مال روڈ پر آڈیٹوریم بنائے تو

پھر بھی وہ چیز گورنمنٹ کے پاس آئے گی ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک عوام کے مفاد کا تعلق ہے وہ پورے طور پر ملحوظ خاطر رکھا جائے گا اور قانون کے مطابق تمام کارروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

Mr. Speaker : Malik Sahib, do you press this motion ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir, rather I am shocked to hear the statement of the learned Minister. He has again innocently admitted that they might change . . .

Mr. Speaker : Please answer my question ; do you press this ?

Malik Muhammad Akhtar : It is pressed, Sir.

Mr. Speaker : Then take your seat ; I give my ruling.

No final decision has so far been taken in this respect and the privilege motion is, therefore, ruled out of order.

RE : PROMULGATION OF THE KARACHI MUNICIPAL CORPORATION TERMINAL TAX (VALIDATION) ORDINANCE, 1967.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave of the House to raise a question of the privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred by promulgation of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967. Originally a Bill namely the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Bill, 1967 was published by the Secretary, Provincial Assembly of West Pakistan dated 6th June, 1967, and was included in Government business in the agenda of the Assembly to be taken up on 30th June, 1967. The Government failed to introduce the Bill and has now promulgated the same through an Ordinance. The procedure for the approval of a

Bill is difference from that of the approval of an Ordinance. In the former procedure the Members get more opportunities of discussion as the Bill has to be discussed in three stages as laid down in the Rules of Procedure of National Assembly of Pakistan adopted for conducting the business of the Provincial Assembly. This action of the Government has caused a breach of the privilege of the Members of the Provincial Assembly of West Pakistan.

جناب سپیکر ۔ گورنمنٹ Benches کا جو view ہے مجھے اس سے ذرا سا اختلاف ہے لیبر منسٹر نے واشگاف الفاظ میں ظاہر کیا ہے کہ آرڈیننس اور بل دونوں لیجسلیٹو measures ہیں اور دونوں کو اسمبلی میں زیر بحث لانے کے لئے برابر کا موقع مہیا کیا جاتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس اصول سے اتفاق نہیں کرتا ہوں ۔ آرڈیننس صرف emergency کی صورت میں لائے جاتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آرٹیکل ۷۰ کا بار بار پڑھنا واجب نہیں ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ آرڈیننس صرف emergency کی صورت میں آتے ہیں اور بل جو ہوتے ہیں وہ ہمیشہ ordinary legislation کے لئے لائے جاتے ہیں ۔

جناب والا۔ میں اپنے دلائل کو دوہرانا نہیں چاہتا ہوں لیکن میرا خیال ہے کہ کروڑوں روپیہ کا اصراف جو اسمبلی پر ہوتا ہے اس کی ضرورت نہیں ۔ جناب والا۔ اس بل کے ساتھ یہ المیہ ہوا ۔ یہ حادثہ ہوا کہ اس کو circulate کیا گیا اس کو ایجنڈا میں شامل کیا گیا لیکن ہوا کیا کہ اسمبلی کو prorogue کر دیا گیا ۔ یہ ایک چھوٹا سا بل تھا جس کو ایک دو گھنٹوں میں پاس کرا لیا جاتا ۔ اب جناب سپیکر ایک اور نکتہ جو میں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب انہوں نے یہ آرڈیننس جاری کیا تو کہا گیا کہ یہ ضروری قانون ہے اور اسے آرڈیننس کے ذریعے نافذ کر

رہے ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا یہ اس وقت ضروری قانون نہیں تھا جس وقت اس کو بل کی صورت میں ایجنڈا میں شامل کیا گیا تھا ۔ اگر یہ ضروری نہ تھا تو اس کو پاس کرانے کی غرض سے اسمبلی کے ایجنڈا میں کیوں شامل کیا گیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان کے علم میں ہے کہ ملک محمد اختر صاحب کے جو اعتراضات ہوتے ہیں ان کا مدلل اور منہہ توڑ جواب وہ خود آپ دیا کرتے ہیں اور اس کے علاوہ ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ جو کچھ وہ اپنی تقریر میں فرماتے ہیں اس میں وہ ان اعتراضات کا خود ہی دندان شکن جواب دے دیا کرتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جب کھڑا ہوتا ہوں مجھے ان کے دل کا شیشہ نظر آ جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ لیکن آپ کے دل کا شیشہ پھر بھی سیاہ رہتا ہے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ اس پرولیج موشن کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں تو میرے فاضل دوست نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اس ایوان کی یا اس ایوان کے پرولیج کی اس طریقہ پر breach ہوئی ہے کہ آئینی حق استعمال کرکے اس اسمبلی کے پروسیجر کو نظر انداز کیا گیا ہے تو جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ میرے فاضل دوست

اپنی قانون سے نا واقفیت کو چھپا رہے ہیں ورنہ میں جانتا ہوں کہ وہ اس حقیقت سے اچھی طرح واقف ہیں کہ رولز آف پروسیجر آئین کے خلاف قانونی حیثیت نہیں رکھ سکتے اور تمام رولز آف پروسیجر آئین کے ماتحت ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں آرٹیکل ۱۱۰ آپ کی خدمت میں عرض کروں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ نہ پیش کیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ پر لاگو ہی یہ ہوتا ہے میں کیا کروں ۔ تو جناب والا آرٹیکل ۱۱۰ یہ کہتا ہے ۔

"(1) Subject to this Constitution—(i) the procedure of an Assembly shall be regulated by Rules of Procedure made by the Assembly ;"

یا ۲۳۱ کے تحت جب تک اسمبلی رولز نہ بنائے ۔ اب جناب والا subject to constitution وہ رولز لاگو ہوتے ہیں ۔ اب آئین کیا کہتا ہے آرٹیکل ۹۷ کے مطابق یہاں یہ بات واضح طور پر درج ہے کہ جب اسمبلی سیشن میں نہ ہو اور گورنر صاحب اس بات سے مطمئن ہوں کہ آرڈیننس کا جاری کیا جانا ضروری ہے تو وہ حالات کے مطابق آرڈیننس جاری کر سکتے ہیں ۔ اب اسمبلی کے رولز آف پروسیجر کے ساتھ اگر فاضل ممبر کو کسی طریقہ پر اس کا ٹکراؤ نظر آتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں میرے فاضل دوست کے دیکھنے میں قصور ہے ورنہ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ عقلی طور پر جانتے ہیں کہ اصل پوزیشن کیا ہے ۔ لہذا جو اختیار گورنر صاحب نے استعمال کیا اس آرڈیننس کو جاری کرکے وہ آئینی اختیار

ہے ۔ دوسری بات یہ ہے ۔ جناب والا ۔ کہ میرے فاضل دوست کو یہ چاہئے تھا کہ وہ اس آرڈیننس کو بطور آرڈیننس کے جاری کرنے کے جواز کو سراہتے ۔ پچھلے سیشن میں اس کو لایا گیا کوشش کی گئی کہ اس کو پاس کیا جائے ۔ بجٹ سیشن تھا جس میں کئی قسم کی چیزیں زیر بحث آنی تھیں اس کی وجہ سے وقت نہ مل سکا جتنے کہ سیشن prorogue ہو گیا اور وقت نہ مل سکا جس کے نتیجہ کے طور پر یہ بل پاس نہ ہو سکا ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ یہ مسئلہ ایسا ہے جس میں رقوم کارپوریشن حاصل کر چکی ہے ۔ اگر یہ آرڈیننس جاری نہ کیا جاتا تو خدشہ تھا کہ کہیں لوگ مقدمہ بازی میں نہ پڑ جائیں اور اگر یہ آرڈیننس کسی پچھلی تاریخ سے پاس کیا جائے تو مفاد عامہ کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے میرے فاضل دوست پرولیج موشن اس لئے پیش کرتے ہیں تاکہ مزید جواب دیا جائے لیکن دراصل مزید جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے لہذا میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کو out of order قرار دیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ جو قانون سازی ہاؤس کے ذریعہ سے یا ہنگامی قوانین کے ذریعہ سے ہوتی ہے اس بارہ میں ایک نکتہ پر آپ رولنگ دے دیں تو یہ وزرا کے لئے راہنمائی کا باعث ہوگی ۔

ملک اللہ یار خان نے جب تقریر کی تھی تو انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ جب کوئی قانون بنانے کی ضرورت پیش آتی ہے تو یہ معاملہ کونسل آف منسٹرز کے سامنے آتا ہے اور وہ طے کرتے ہیں کہ اسے بل کے ذریعہ

پورا کیا جائے یا ہنگامی قانون کے ذریعہ سے - میں یہ پوچھتا ہوں کہ آئین کے تحت صرف گورنر صاحب کو یہ بنیادی حق اور اختیار ہے کہ جب وہ دیکھیں کہ کسی قانون کو ہنگامی طور پر بنانے کی ضرورت ہے اور اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا ہے تو وہ اسے بنا دیں - اگر کونسل آف منسٹرز یہ طے کرے کہ یہ قانون جو بنانا ہے اسے بل کی شکل میں لانا ہے یا آرڈیننس کی صورت میں تو یہ breach of privilege ہے -

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب - جب کوئی آرڈیننس جاری کیا جاتا ہے تو اس کے لئے گورنر صاحب تسلی کر لیتے ہیں کہ حالات ایسے ہیں کہ یہ آرڈیننس فی الفور نافذ کر دیا جائے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - مگر غلط مشیرکار جو ہوتے ہیں وہ غلط مشورہ دیتے ہیں -

ملک محمد اختر - ہوئے تم دوست جس کے . . . .

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) - نہ ان سے دوستی اچھی نہ ان سے دشمنی اچھی -

ملک محمد اختر - حسینان فرنگ اچھے -

مسٹر سپیکر - میں فاروقی صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر پر رولنگ دے رہا تھا جب دونوں جانب سے interruption ہوئی - مجھے اس سیشن کے پہلے روز ہی فاضل ممبران کو دوبارہ یہ پوائنٹ آؤٹ کرنا پڑا ہے کہ

جب Chair کی طرف سے ruling دیا جا رہا ہو تو کسی قسم کی کوئی interruption نہیں ہونی چاہئیے ۔ مجھے امید ہے کہ آئندہ اس بات کا خیال رکھا جائے گا ۔

فاروقی صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ آرڈیننس کے لئے فاضل وزراء کی تسلی کی نہیں بلکہ گورنر صاحب کی تسلی کی ضرورت ہے میں ان کو آرٹیکل ۷۰ کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں ۔ جب کوئی آرڈیننس جاری کرنا ہو تو اس کے سلسلہ میں گورنر صاحب کی تسلی ضروری ہے کہ حالات اور واقعات ایسے ہیں کہ اسے فی الفور جاری کر دیا جائے ۔ جب وہ یہ محسوس کریں کہ اس آرڈیننس کا نفاذ ضروری ہے یا وہ دیکھیں کہ ان کی تسلی ہو گئی ہے تو پھر ان کو وہ آرڈیننس جاری کرنے کا ضرور حق حاصل ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ .....

Mr. Speaker : Is the Member on a point of order ?

Chaudhri Anwar Aziz : Yes Sir.

جناب والا ۔ میں اس لئے ادب سے بیٹھا رہا ہوں کہ آپ رولنگ دینے والے تھے ۔ اب اس وقت کچھ عرض کرتا ہوں ۔

My submission is that when a constitution is to be applied then at that time it is the spirit of the Constitution which should be kept in view. It has been said that the most democratic constitution is the Russian Constitution. But as far as its effects are concerned we know them very well. In this particular Article of the Constitution that you have before

you, the spirit of the Constitution is this that if the Assembly is not in session and the Governor feels compelled to promulgate an Ordinance then he can do so. But what is really happening is that the Ministers have used these powers in such a way that they sit and decide beforehand whether a particular law is to be brought in the shape of a Bill or Ordinance. Thereby they are impairing the very spirit of the Constitution. When the Ministers are preparing to make a particular law which they want to enforce they should bring it in the form of a Bill and not an Ordinance. But what is happening is that they are deciding beforehand to bring about an Ordinance after the Members have gone home. They are taking away the privilege of the House and they are impairing the authority of this Assembly. I would once again say that it is the the spirit which is more important in such a decision and not the words because words can be twisted this way or that way.

Mr. Speaker : This is not a point of order.

Minister of Law (Mr. Ghulam Ali Allah Bachayo Akhund) : Sir, it is incorrect to say that the Ministers sit for the purpose of deciding that an Ordinance should be promulgated where a law is necessary to be brought in the shape of a Bill. It is only under compelling circumstances when the House is not in session and when circumstances require that a law must necessarily be brought or a piece of legislation should be brought about that the Governor is to be satisfied, and when he is satisfied he makes and promulgates an Ordinance. It is not the Ministers' job nor do the Ministers render that kind of assistance to the Governor. Any such duty is not performed by the Ministers.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ دونوں وزراء کی باتوں میں تضاد ہے ۔ ملک اللہ یار خان صاحب نے واضح الفاظ میں کہا تھا کہ جب کونسل آف منسٹرز یہ محسوس کرتی ہے کہ کوئی قانون بل کی شکل میں نہیں آنا چاہئیے ۔ بلکہ آرڈیننس کی شکل میں آنا چاہئیے ۔ تو پھر اسے بطور آرڈیننس نافذ کر دیا جاتا ہے ۔ میں یہ بلا خوف تردید کہتا ہوں ۔

اب وزیر قانون صاحب کہتے ہیں کہ ایسا پروسیجر نہیں ہے - اس کی وضاحت ہونی چاہئیے کہ ان کا پروسیجر کیا ہے -

Mr. Speaker I will now give my Ruling so far as the privilege motion is concerned.

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) - جناب والا - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ جب کوئی قانون بنانا مقصود ہوتا ہے تو وہ کونسل آف منسٹرز کے سامنے آتا ہے اور جب وہ یہ فیصلہ کرتی ہے کہ وہ قانون نافذ ہونا چاہئیے تب اسے بل یا آرڈی ننس کی صورت میں لایا جاتا ہے - جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اسے بل کی صورت میں لایا جائے یا آرڈی ننس کی صورت میں لایا جائے - اس کا فیصلہ گورنر صاحب کرتے ہیں -

* X X X X X X X مسٹر حمزہ -

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly.

The Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Bill, 1967 was never introduced in the Assembly as a Bill and the Governor was competent to issue it in the shape of an Ordinance. There is no breach of privilege and the motion is ruled out of order.

**Expunged as ordered by the Speaker.*

RE: EXCLUSION OF THE WEST PAKISTAN PAT FEEDER CANAL (CONTROL AND PREVENTION OF ALIENATION OF LAND) ORDINANCE, 1967 FROM THE AGENDA FOR THE 26TH SEPTEMBER, 1967.

Mr. Speaker : Next motion, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Aktar ; Sir, I ask for leave of the House to raise a question of privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred by excluding the West Pakistan Pat Feeder Canal(Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967 from the Orders of the Day for the meeting of the Assembly to be held on Tuesday, the 26th September 1967 at 8.30 a.m. on the direction of the Minister for Law and Parliamentary Affairs.

Mr. Speaker : That is all. The motion should conclude here.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے گذارش یہ کرنا ہے کہ آپ نے جو Orders of the Day. کل کے لئے جاری کیا تھا ۔ اس میں یہ تین آئٹم تھے ۔

A Minister to lay on the Table the following Ordinances :—

(1) The Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967.

(2) The West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967.

(3) The West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967.

مجھے پہلے یہ کہنا ہو گا کہ اس میں جو breach of privilege ہے وہ کافی سنگین ہے ۔ یہ جو ایجنڈا ۲۵ ستمبر کے لئے تھا ۔ اس میں یہ تین آئٹم تھے ۔

(1) "A Minister to move that the Assembly do approve of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

(2) Malik Muhammad Akhtar to move that this Assembly disapprove the Kara-chi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan.

III. (1) A Minister to move that the Assembly do approve of the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

(2) Malik Muhammad Akhtar to move that this Assembly disapprove the West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan."

Sir item No. III of the Revised Agenda has heen eliminated, *i.e.* a Minister to move the resolution and Malik Muhammad Akhtar to move for the disapproval of the resolution.

جناب والا ۔ اب یہاں پوزیشن کچھ نئی ہو چکی ہے اور وہ یہ ہے کہ عام طور پر Orders of the Day کو تبدیل کر سکتے ہیں ۔ آرٹیکل ۷۹(۲) کے تحت یہ چیز ضروری ہے ۔ اگر اجازت ہو تو میں اسے پڑھ دوں ۔

"An Ordinance made and promulgated under this Article shall, as soon as is practicable, be laid before the Assembly of the Province."

Sir, I lay stress on the words that an Ordinance is to be placed before the Assembly as soon as is practicable.

اب جو ترمیم شدہ رولز آف پروسیجر ہے آپ ان کو دیکھیں ۔

Rule 89-A says—

(1) "A Member may move a resolution for disapproval of an Ordinance under clause (2) of Article 79 of the Constitution after giving five clear days' notice of his intention to do so.

(2) A Member may move a resolution for the approval of an Ordinance under clause (3) of Article 79 of the Constitution after giving five clear days' notice of his intention to do so.

(3) Where a notice is given under sub-rule (1) of a resolution for the disapproval of an Ordinance and a notice is also received in respect of the same Ordinance under sub-rule (2) of a resolution for approval of the same Ordinance, the latter resolution shall have precedence over the resolution for the disapproval of the Ordinance "

جناب والا ۔ یہ Orders of the Day کو تبدیل کر سکتے ہیں لیکن جہاں تک ہنگامی قانون کا تعلق ہے وہ آرٹیکل ۹۷(۲) کے تحت as soon as is practicable ہے۔ اس لئے یہ اس کی violation کر رہے ہیں ۔ انہوں نے ہنگامی قانون کو پہلے قانون کے مطابق پیش کر دیا اس کے بعد اس کو یہ withdraw کر رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کے سامنے یہ بات اس لئے گوش گزار کرنی چاہتا ہوں کہ یہ ریزولیوشن نہایت ہی اہم اور ضروری ہے ۔ اس میں ایک constitutional point ہے جو involve ہو جاتا ہے ۔

Anybody who has moved a resolution for the approval of the Ordinance, he may withdraw it. What about the resolution of disapproval, which I made ? How are they justified to withdraw my resolution of disapproval when I am competent to make a resolution for disapproval of any Ordinance, and it is on the Agenda. I was to be taken up this morning.

جناب والا ۔ یہ ہمارا جو حق ہے انہوں نے اس کو breach کیا ہے

اور ایوان کے حق کو in general breach کیا ہے اور میرے right کو in particular breach کیا ہے ۔ میں اس کے متعلق آپ کی رولنگ چاہوں گا بلکہ میں مطالبہ کروں گا کہ آپ مجھے حکم دیں اور مجھے اجازت دیں to move a resolution for disapproval of the Ordinance جب اس کی باری آئے گی میں اس کو پیش کر سکتا ہوں ۔ disapproval کے ریزولیوشن کو withdraw کرنا وزیر قانون صاحب اور Minister of Parliamentary Affairs کا کام نہیں ہے ۔

Mr Speaker : He has not given notice of any resolution of withdrawal.

Malik Muhammad Akhtar : What else has happened, may I know the state of affairs.

Mr. Speaker : Actually it has happened like this that he has revised the Orders of the Day, which he can revised so far as the Government business is concerned. Your resolution was to succeed his resolution, and since his resolution was not on the Orders of the Day, your resolution under rule 89(*a*) (4) was postponed.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I would like to be enlightened on this point. How is he empowered to take away my resolution of disapproval from the agenda ? If there is any provision Sir, I will be satisfied and I will not press my motion. Let him explain Sir.

Mr. Speaker : If he wants that the resolution of his, which is for approval of the Ordinance, should not be taken up today, how can we place your resolution on the Orders of the Day ? On what authority ?

Malik Muhammad Akhtar : I will be re-stressing my point just a while. This is a new point. I may be in the wrong but let us thrash it out thoroughly.

Sir, I will refer to Rule 89-A of the Rules of procedure. It says—

(1)" A Member may move a resolution for disapproval of an Ordinance under clause (2) of Article 79 of the Constitution after giving five clear days notice of his intention to do so."

It was done Sir.

(2) "A Member may move a resolution ...

Mr. Speaker : Don't read it please; read sub-rule (4).

Malik Mnhammad Akhtar : In that sub-rule they move a resolution for approval...

Mr. Speaker : Sub-rule (3) I mean to say.

Malik Muhammad Akhtar : When both the resolutions are received, the resolulion for the approval shall have precedence over the resolution for disapproval. Sir, the question is that both the resolutions go hand in glove.

Mr. Ahmedmian Soomro : Point of order Sir. He has said that they have moved a resolution. They have not yet moved the resolution of approval; they have given notice of moving the resolution. If they had moved the resolution, then it would have been a different thing. Therefore, he should be corrected that they have not moved the resolution.

Malik Muhammad Akhtar : Notice has been included in the agenda. I can concede your powers to defer certain items but I cannot concede the powers of the Government to defer a motion or a resolution of an amendment by any Independent or Opposition Member, which stands on the agenda. So, Sir, my humble submission is that you are there to conduct the day to day proceedings. You can order that, but as your honour has remarked, he has changed the Orders of the Day, that has substantiated my point and my objection has more weight now.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I will invite the attention of the House to Article 79, and the amendments therein. Parts (2) and (3) are relevant. Part (2) contemplates laying before

the House of an Ordinance. Then para (3) contemplates a resolution for approval of an Ordinance, and the stages are different. The laying of an Ordinance has to be"as soon as is practicable", And that can be done on the first day or, if no business is transacted, on any subsequent day when the business is transacted So far as the resolution for approval of an Ordinance is concerned, it has to be within the prescribed period and under Article 79(6) the 'prescribed period' has been defined as—

> "the period ending forty-two days after the first meeting of the Assembly of the Province following the promulgation of the Ordinance"

Therefore, the resolution for approval can be moved at any time within the prescribed period of forty-two days. Now what has happend is this.....

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order.

Mr. Speaker : Please take your seat.

Minister for Law : All that I have done is that I have acted under rule 22 of the Rules of Procedure.

> "Arrangement of Government business—
>
> On days allotted for transaction of Government business the Secretary shall arrange Government business in such order as the Minister-in-Charge of Parliamentary Affairs or the Parliamentary Secretary may intimate."

All that I have intimated is that the arrangement shall be in the 'following order' and the resolution for approval will not be placed on the agenda of the House according to the revised agenda, according to the intimation and according to rule 22 of the Rules of Procedure. Therefore, I am well within my rights not to bring that resolution today or to bring it at any time within forty-two days. So far as rule 89 (A) is concerned, my friend seems to be labouring under some mis-conception. His resolution for the disapproval of an Ordinance follows the resalution of approval. If the resolution of approval is not placed on the agenda, and which is within my powers to intimate that it may not be placed on the agenda tomorrow or after five days or on the forty-first

day of the promulgation of the Ordinance and of the commencement of the Assembly, then the resolution of disapproval has to come when the resolution of approval is put on the agenda. It cannot take precedence over the resolution of approval. Therefore, necessarily, that could also not be of placed on the agenda and, under these circumstances, there is nobr each privilege of the House. On the contrary, it is the privilege of the Minister-in-Charge of Parliamentary Affairs to arrange the business of Government in the manner he may intimate under rule 22. I fail to understand as to how any breach of privilege has occurred. I, therefore, request that the motion may be ruled out of order.

Mr. Speaker : Under rule 22 of the Rules of Procedure, the Orders of the Day is prepared by the Secretary under the directions of the Minister-in-Charge of Parliamentary Affairs and in this case the Orders of the Day was actually prepared under the directions of the Minister-in-Charge of Parliamentary Affairs. The Minister was well within his rights to change the Orders of the Day. So far as the contention of Malik Muhammad Akhtar is concerned, rule 89(A), sub-rule (3) is very much clear. He had given notice of a resolution for disapproval but a resolution for disapproval could only succeed the resolution of approval and not precede it. Since the resolution of approval had been postponed there was no alternative but to postpone the resolution of disapproval also. In my opinion no breach of privilege has taken place and, therefore, the motion is ruled out of order.

ADJOURNMENT MOTIONS

FAILURE OF THE KARACHI ADMINISTRATION TO REPAIR THE CRACKED DAM OF LIARI RIVER

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motions and the first is by Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I beg to ask for leave to move a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite

matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the resentment and unrest prevailing among the people of Karachi, due to the Karachi Administration's failure to repair the cracked dam of Lairi River which resulted in the over-flow of the river during the recent rains of Karachi, causing considerable loss of valuable lives and property.

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ opposed جناب والا ۔ میں اس تحریک التوا کی مخالفت قانونی طور پر بھی اور واقعاتی طور پر بھی کرتا ہوں ۔ قانونی طور پر مخالفت اس بنا پر کرتا ہوں کہ کسی مسئلے کو تحریک التوا کے ذریعے زیر بحث لانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ مسئلہ فوری اہمیت عامہ کا حامل ہو ۔ اس تحریک التوا کے ذریعے میرے فاضل دوست ایک ایسے مسئلے کے سلسلہ میں حکومت کی ایک کوتاہی کو زیر بحث لانا چاہتے ہیں جس مسئلے کا وقت عملاً گزر چکا ہے کیوں کہ اس مذکورہ بند کی اگر مرمت نہیں کی گئی تو اب اس کی ''فوری اہمیت'' اس حد تک نہیں رہ جاتی کہ اس مسئلے کو اس وقت اس معزز ایوان میں زیر بحث لانے کی غرض سے ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی جائے ۔ واقعاتی طور پر میں اس کی مخالفت اس بنا پر کرنا چاہتا ہوں کہ میری اطلاع کے مطابق یہ بند دریائے لیاری پر نہیں ہے ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ فاضل محرک اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں لیکن میری جو اطلاع ہے وہ میں نے عرض کر دی ہے کہ یہ بند لیاری پر موجود نہیں ہے بلکہ دو فٹ اونچی دیوار اس کے کنارے کے ساتھ بنائی گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اور بند کس کو کہتے ہیں ۔

وزیر بلدیات - بند وہ ہوتا ہے جس سے کسی چیز کو بند کیا جائے (قطع کلامیاں)

جناب والا - دوسری بات یہ ہے کہ میری اطلاع کے مطابق اس دیوار میں ایک جگہ پر ایک شگاف بارش سے پہلے پیدا ہو گیا تھا لیکن جب متعلقہ افسران کو اس کے بارے میں اطلاع ملی تو اس شگاف کو بوریوں سے بھر دیا گیا تھا - اس کے علاوہ اس مرتبہ بارش بھی بہت زیادہ ہوئی تھی - آپ اندازہ لگائیے کہ جہاں بارش کی سالانہ اوسط پانچ انچ ہے وہاں پر دس دن میں تیس انچ بارش ہوئی جس کی وجہ سے پانی اتنا زیادہ بہا کہ وہ دو فٹ اونچی دیوار کے اوپر سے گزر گیا - یعنی پانی اس دیوار کے کسی شگاف میں سے ہو کر نہیں گزرا بلکہ دیوار کے اوپر سے ہو کر بہا ہے - اور تیسری بات یہ ہے کہ تحریک التوا میں صورت حال یہ بتائی گئی ہے کہ پانی دیوار کے شگافوں میں سے گزرا اور اس طرح جانی اور مالی نقصان ہوا - لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ مالی نقصان تو پانی کے overflow ہونے کی وجہ سے ہوا اور جو جانی نقصان بیان کیا گیا ہے وہ دو صورتوں میں ہوا ہے - ایک صورت تو یہ تھی کہ کچھ لوگ پانی میں اتر کر دریا کو عبور کرنا چاہتے تھے ان کے اس فعل کی وجہ سے جانی نقصان ہوا اور دوسرے یہ کہ بجلی کے جھٹکے لگنے کی وجہ سے بھی جانی نقصان ہوا - لیکن دیوار کے اوپر سے جو پانی بہا ہے اس کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا - تو واقعاتی طور پر بھی اس میں حکومت کی کوئی کوتاہی نہیں ہے اور قانونی طور پر بھی حکومت کو اس کے لیے مورد الزام نہیں ٹھہرایا

جا سکتا ۔ یہ درست ہے کہ کسی مسئلے پر دو رائیں ہو سکتی ہیں اور اس مسئلے کے متعلق یہ مطالبہ کیا جا سکتا ہے کہ جس نے بھی اس میں کوتاہی کی ہو اس کو سزا دینی چاہیے ۔ لیکن یہ بات کہ اس مسئلے کی اتنی اہمیت ہے کہ اس پر بحث کرنے کے لیے ایوان کی کارروائی کو ملتوی کیا جائے مجھے اس سے اختلاف ہے ۔ میرے خیال میں میرے اس بیان کے بعد یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ویسے بھی اب یہ مسئلہ اپنی اہمیت کھو چکا ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے فاضل محرک ۔ جو الزام لگایا ہے وہ بھی نا درست ہے ۔ تو اس لیے میں جناب والا سے یہ استدعا کروں گا کہ قانونی بنا پر اور واقعاتی بنا پر بھی اس تحریک التوا کو خلاف ضابطہ قرار دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ یہ overflow بارش کی زیادتی کی وجہ سے ہی ہوا تھا ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر بلدیات کی دونوں باتوں کا جواب عرض کئے دیتا ہوں ۔ جہاں تک اس کے قانونی پہلو کا تعلق ہے ۔ اس بارے میں میں یہ گزارش کروں گا کہ میں نے جس بات کے لئے یہ تحریک التوا پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ حکومت کی نا اہلی کی وجہ سے لوگوں کو جو نقصان پہنچا ہے اور ان میں اس وجہ سے جو بے چینی موجود ہے اس کی بنا پر اس کی urgency اب بھی قائم ہے اور اس پر اس معزز ایوان میں بحث کی ضرورت ہے ۔ اس سلسلے میں جناب

وزیر متعلقہ نے جو بیان دیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں ان کی اطلاع ناقص ہے ۔ دراصل صورت حال یہ ہے کہ اخبارات میں دو دن پہلے ہی لیاری کے گرد و نواح میں رہنے والوں کی طرف سے خطوط چھپتے رہے ہیں جن کی cuttings میرے پاس بھی موجود ہیں ۔ ان میں یہ واضح طور پر بتایا گیا تھا کہ لیاری ڈیم میں شگاف موجود ہیں ۔ اور اگر ان کی مرمت بروقت نہ کی گئی تو وہاں کے لوگوں کو نقصان پہنچے گا لیکن اخبارات کے ذریعے حکومت کی توجہ دلانے کے باوجود بھی حکومت نے اس طرف توجہ نہیں دی اور در حقیقت ڈیم کی مرمت بارش کے بعد کی گئی ۔

وزیر بلدیات ۔ یہ نا درست ہے ۔ جو شگاف پڑ گئے تھے ان کو بارش سے پہلے بند کر دیا گیا تھا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ آپ کی اطلاع نا درست ہے ۔ آپ ان تاریخوں کے اخبارات اٹھا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ شگاف بارش کے بعد بند ہوئے تھے ۔ اور پھر جناب والا ۔ بارش کا پانی بھی تو بعد میں اس بند کے اوپر سے گزرا تھا اور شگاف میں سے پہلے گزرا تھا ۔ بند کے اوپر سے تو پانی اس وقت گزرا جب پانی بہت زیادہ ہوگیا ۔ شگاف میں پانی زیادہ گزرنے کے بعد جب پانی کا دباؤ اور زیادہ ہوا تو بند کے اوپر سے بھی بہنے لگا ۔ لیکن یہ کہنا کہ شگاف کی مرمت بارش سے پہلے ہوئی تھی ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ overflow تو پھر بھی ضرور ہوا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جی ہاں -

مسٹر سپیکر - یعنی اگر یہ شگاف بند بھی تھا - تب بھی overflow ہوا -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - لیکن شگاف کے بند ہونے سے جو پانی اس طرف گزرا اس سے تو نقصان ہوا تھا -

وزیر بلدیات - اب وہ act of nature میں بھی دخل دیتے ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ شگاف کو پہلے کیوں بند نہیں کیا گیا -

وزیر بلدیات - اس میں تو بوریاں بھر دی گئی تھیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - بوریاں تو بعد میں ڈالی گئی تھیں - بارش سے پہلے نہیں ڈالی گئی تھیں - یہ بوریاں تیس تاریخ سے پہلے نہیں ڈالی گئی تھیں -

وزیر بلدیات - جناب والا - مالی نقصان overflow کی وجہ سے ہوا ہے اور وہ ہوتا ہی رہتا ہے اور جانی نقصان جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں بجلی کے جھٹکے کی وجہ سے ہوا ہے اور اس وجہ سے ہوا ہے

کہ لوگ چڑھتے دریا میں سے گزر رہے تھے ۔ یہ اگر دیوار ہوتی تو بھی نقصان ہوتا اور دیوار نہ ہوتی تو بھی یہ نقصان ہوتا ۔

Mr. Speaker : As the facts have been denied by the Minister of Basic Democracies . . . .

Khawaja Muhammad Safdar : What about urgency ? Will you kindly give any ruling on that point ?

Mr. Speaker : As the Minister for Basic Democracies has denied the facts and moreover the damage was done due to over-flow of the river and on account of heavy rains, therefore, that was on account of natural action. Hence no negligence on the part of the Government has been made out; the motion is ruled out of order.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں گزارش کروں گا کہ business of the day پہلے لے لیں ۔ باقی adjournment motions بعد میں لے لیے جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میرے دو motions ہیں وہ آپ پہلے لے لیں کیوں کہ مجھے باہر جانا ہے ۔

Mr. Speaker : We will take up these two adjournment motions.

FAILURE OF THE KARACHI ADMINISTRATION TO REMOVE THE RESIDENTS OF JHUGGIES AND LOW LYING AREAS TO SAFER PLACES

Mr. Speaker : Yes. No. 2, Mr. Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I ask for leave of the House to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the unrest prevailing among the people of Karachi, due to the administration's failure to remove the residents of juggies and low-lying areas of Karachi to safer places before the rains started pouring in the last week of July 1964, which resulted in considerable loss of life and property.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ opposed جناب والا ۔ اس سلسلے میں واقعات کی پوزیشن یہ ہے کہ بارش کے موقع پر بھی کچھ لوگ ایسے تھے جن کو اطلاعات یہ دی گئیں تھیں کہ آپ ان مقامات سے اٹھ جائیں ۔ ان کی منتیں سماجتیں کی گئیں ۔ اور حکومت کی طرف سے ان کی خدمت میں یہ درخواست کی گئی کہ وہ اپنی اپنی جگہوں کو چھوڑ کر باہر آ جائیں ۔ اور جہاں تک میری اطلاعات کا تعلق ہے کراچی کے لوگوں نے بارش کے زمانے میں بھی باہر آنے سے انکار کیا باوجودیکہ ان کی منتیں اور خوشامدیں کی گئیں ۔ چنانچہ K.D.A. نے Liyari river پر demarcation کر دی تھی کہ اس مقام سے آگے خطرہ ہے اور اس کے آگے لوگ نہ جائیں ۔ مگر جیسا کہ آپ کو معلوم ہے لوگوں کو اٹھانے میں بہت سی مشکلات پیدا ہوتی ہیں ۔ K.D.A. اور اسی طریقے سے دوسرے متعلقہ محکموں نے اس بات کی کوشش کی کہ پانی سے گھرے ہوئے مقامات سے لوگ نکل آئیں ۔ مگر لوگ باہر آنے کے لیے تیار نہ ہوئے ۔

یہ ایسا act of nature ہے جس کے متعلق حکومت کو پہلے سے علم نہیں ہوتا ہے کہ ان دنوں میں بارش ہوگی ۔ اور اتنی بارش ہوگی اور فلاں فلاں مقامات پر بارش سے اتنا اتنا نقصان ہوگا ۔ حکومت نے انتہائی کوشش کی کہ لوگوں کو بارش سے نقصان نہ ہو ۔ مگر لوگوں نے حکومت سے تعاون نہ کیا ۔ یہ سب لوگ un-authorised occupants تھے ۔ اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت یا حکومت کے افسران کی طرف سے اپنی کار کردگی کے سلسلے میں یہ کوئی failure نہیں ہے بلکہ یہ مقامی افراد جو بارش سے متاثر ہوئے ہیں یہ ان کے عدم تعاون کا نتیجہ ہے ۔ اب جہاں تک کہ قانونی کارروائی کا تعلق ہے ان کو بارش کے متعلق پہلے سے حکومت کی جانب سے مطلع کیا جا چکا تھا لیکن وہاں سے لوگ ہٹنے کے لیے تیار نہ تھے ۔ اس کے باوجود گورنمنٹ نے اپنے محدود وسائل اور ذرائع سے جو کچھ بھی ممکن ہو سکتا تھا وہ سب کچھ کیا ۔ چنانچہ میرے دوست کے علاوہ کراچی کا ہر ایک شہری اس بات کا گواہ ہے کہ حکومت نے اس سلسلے میں بہت کافی کام کیا ہے ۔ حکومت نے کراچی کے مصیبت زدہ افراد کی خدمت کرنے کے سلسلہ میں اپنے فرائض میں کوئی کوتاہی نہیں برتی ۔ یہاں تک کہ حکومت وقت کے بدترین مخالف بھی حکومت وقت کی تعریف کر رہے تھے کہ کسی حکومت نے کراچی والوں کے ساتھ اس قسم کا اچھا سلوک کبھی نہیں کیا تھا ۔ اور یہ کہنا کہ یوں کیوں نہیں ہوا اور ایسا کیوں نہیں ہوا اس قسم کے اعتراض کرنا کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ انسانوں میں کمزوریاں بھی ہوتی ہیں جن کے لیے انسانوں کو concession دیا جاتا ہے ۔ متاثرہ علاقے سے لوگ عین وقت پر نکلنے کے

لیے تیار نہیں تھے ۔ باوجود اس کے کہ ان کو notice دیا گیا ۔ ان کی منتیں سماجتیں کی گئیں لیکن اس کے باوجود بھی وہ وہاں سے ہٹنے کے لیے تیار نہ ہوئے ۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ نہ تو یہ معاملہ urgent ہے ۔ نہ important ہے اور نہ recent occurrence ہے ۔ اس لیے میں اس پر بحث کئے جانے کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ مجھے افسوس ہے کہ وٹو صاحب نے کہا ہے کہ اس مسئلے کی ایسی اہمیت نہیں ہے کہ اسے اس وقت یہاں زیر بحث لایا جائے ۔ چنانچہ انہوں نے اس کے اسباب پیش کئے ہیں جو میرے لئے قابل قبول نہیں ہیں ۔ انہوں نے یہ اعتراض کیا کہ یہ پہلے کیوں نہ سوچا گیا ۔ اس وقت کیوں یہ کام نہیں کیا گیا ہے ۔ وقت آنے سے پہلے ہر قسم کی تدابیر کو سوچا جاتا ہے تا کہ جو نقصان متوقع ہے وہ نقصان نہ ہونے پائے ۔

(اس مرحلہ پر وزیر بنیادی جمہوریت کچھ کہنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ ذرا بیٹھئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ہاؤس میں interruptions ہوتے ہی رہتے ہیں مگر جس طریقے سے انہوں نے کہا ہے کہ ''آپ بیٹھئے'' یہ کچھ مناسب نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : There shall be no cross talk.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - کراچی کی بارش کی صورت یہ تھی کہ ۱۷ جولائی کے اخبار میں یہ پیشن گوئی کی گئی تھی کہ بارش سخت ہوگی - چنانچہ کراچی کے کمشنر کا یہ اعلان ہے کہ آئندہ ماہ شدت کے ساتھ بارش ہوگی - اور کراچی ایڈمنسٹریشن کو یقین تھا کہ بہت شدت کے ساتھ بارش ہوگی - بارش کے قبل کراچی کو zone wise تقسیم کیا گیا اور مقامی لوگوں کو اس بات کی ہدایت کی گئی تھی کہ اگر ضرورت پڑے تو آپ Magistrates کو contact کریں - مگر جو لوگ دریا کے bed میں رہ رہے تھے ان کو وہاں سے ہٹانے کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا - ۲۳ جولائی سے بارش ہوئی مگر ان کو ہٹانے کا ۳۱ جولائی تک کوئی انتظام نہیں کیا گیا - آپ کو چاہئے تو یہ تھا کہ بارش شروع ہونے سے پہلے وہاں کے لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہونچا دیتے - مگر ایسا نہیں کیا گیا - اس بارش کی وجہ سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ کا نقصان ہوا اور ۲۰ قیمتی جانیں ضائع ہوئیں - اور وہاں سے لوگوں کو بر وقت انتظامیہ نے محفوظ مقامات پر پہونچانے کا کوئی انتظام نہیں کیا - حالانکہ low-lying area کے لوگوں نے قبل از وقت حکام متعلقہ کے پاس پہونچ کر ان کی خدمت میں یہ عرضداشت پیش کی کہ ہمیں محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا جائے - مگر ان عرضداشتوں کا لحاظ بالکل نہیں کیا گیا - کراچی میں بارش کی تباہ کاریوں کا حال یہ تھا کہ میں نے خود جا کر دیکھا ہے بعض بعض علاقوں میں

گلے گلے تک پانی موجود تھا ۔ اور یہ سارا جو نقصان ہوا ہے اس کی پوری ذمہداری انتظامیہ پر عائید ہوتی ہے

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ آپ خاص طور پر یہ روشنی ڈالیں کہ جب سے آپ کی حکومت یہاں آئی ہے یہ آفتیں کیوں اتنی تیزی سے یہاں آ رہی ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس وقت جو آفتیں اتنی تیزی سے آ رہی ہیں اس کا سبب یہ ہے کہ آپ یہاں موجود ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست نے فرمایا تھا کہ اس بارش کے سلسلے میں اتنے انتظامات کر لیے گئے کہ ان کی وجہ سے عوام کے مصائب میں بہت حد تک کمی واقع ہوئی جیسے Sector officers وغیرہ کا تقرر ۔ چنانچہ ان انتظامات کی تعریف ہمارے دوست فاروق صاحب نے اپنی زبان سے ایک میٹنگ میں خود کی تھی ۔ اور ایڈمنسٹریشن کی داد دی تھی ۔ ایک طرف آپ میٹنگ کے اندر حکومت کی کارکردگی پر داد دیتے ہیں اور دوسری طرف آپ یہاں بیٹھ کر حکومت کو بد نام کرتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے آپ کی حکومت کی کارکردگی پر کبھی داد نہیں دی تھی کہاں کی بات کر رہے ہیں آپ ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ایک بات مجھے بھی یاد ہے کہ آپ

کہا تھا کہ حکومت نے اچھا خاصا کام کیا ہے آپ نے محتاط طور پر کہا تھا اگرچہ آپ نے کارپوریشن میں جو میٹنگ ہوئی تھی اس کے اندر بتلایا تھا کہ حکومت نے بہت اچھا کام کیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروق ۔ میں نے تو گورنر صاحب کو لکھ کر بھیجا ہے اس میں اُن کی توجہ کی بہت تعریف کی ہے لیکن مجھے لوکل انتظامیہ پر اعتراض ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت نے پوری توجہ دی ہے اور اپنا فرض ادا کیا ہے اب یہ نہ مانیں تو پھر کیا ہو سکتا ہے ۔

Mr. Speaker : As has been stated by the Minister for Basic Democracies every step was taken before the rains started for giving all facilities to the people of Karachi. The motion is not based on established facts and it is, therefore, ruled out of order.

FAILURE OF THE GOVERNMENT TO REHABILITATE THE RESIDENTS OF JHUGGIES AND LOW-LYING AREAS AFFECTED BY RAINS IN KARACHI

Mr. Speaker : Next motion. No. 3. Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely, the unrest prevailing among the people of Karachi, due to Government's failure to take immediate and adequate steps to rehabilitate the residents of jhuggies and low-lying areas who had lost their dwelling places and properties during the rains of the last week of July, 1967.

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ I oppose it Sir. جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ اس واقعہ کو دو مہینے کا عرصہ ہو گیا ہے یہ واقعہ جولائی کے آخری ہفتہ کا ہے ۔ یہ recent occurrence نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ حکومت کی طرف سے جو کچھ humanly possible اس نے کیا ہے اس میں نیوی اور ائیر فورس نے بھی امداد کی ہے ۔ اس کام کے لئے ۱۰۶ ریلیف سنٹر قائم کئے گئے تھے۔ وہاں مفت کھانا دیا جاتا تھا ۔ آپ کی اطلاع کے لئے میں عرض کروں گا کہ ان کو ۱۵ ہزار من غلہ مفت دیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ کمشنر صاحب کی کوشش سے امیر لوگوں سے عطیہ جات کی درخواست کی گئی اور یہ اطلاع ملی ہے کہ ۱۲ لاکھ کی مالیت کی چیزیں وہاں پہنچائی گئیں ۔ اور ان میں تقسیم کی گئیں ۔ خود حکومت نے ۱۲ لاکھ ۲۰ ہزار روپیہ contribute کیا ہے جو تقسیم ہو رہا ہے اور کافی حد تک تقسیم ہو چکا ہے ۔ وہاں پر جھگیوں کا جو نقصان ہوا ہے اس کے سلسلہ میں لوگوں کو آباد کیا گیا ہے اور ہمیں اس وقت تک کسی ذریعہ سے بھی کوئی شکایت نہیں ملی ۔ اس کے علاوہ میرے رفیق کار جناب وٹو صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ حکومت کی اس لحاظ سے تعریف کی گئی ہے ۔ تو مجھے تعجب ہے کہ فاروق صاحب کیسے satisfy نہیں ہوئے وہ کون سا طریقہ ہے جس سے حکومت انہیں مطمئن کر سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حکومت نے ان لوگوں کو آباد کرنے کے لئے کیا کیا ہے ؟

وزیر مال ۔ حکومت نے تمام لوگوں کو جو نشیبی علاقوں میں تھے

وھاں نہیں چھوڑا ۔ ھر ایک کو پلاٹ وغیرہ دئے گئے ھیں ۔ اور دئے جا رھے ھیں ۔ ان کو دوبارہ نشیبی علاقوں میں بسنے کی اجازت نہیں دی گئی ۔ چونکہ ان کی تعداد بہت زیادہ ھے اس لئے اس میں کچھ وقت ضرور لگے گا ۔ حکومت اپنی طرف سے سب کچھ کر رھی ھے انشاءاللہ سب کچھ ٹھیک ھو جائے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا۔ جناب وزیرصاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ھے اس سے تو میری تحریک التوا کی urgency اور بڑھ جاتی ھے ۔ اسے دو ماہ ھو چکے ھیں اور میں بھی جانتا ھوں کہ ان لوگوں کو بے گھر ھوئے دو ماہ ھو گئے ھیں ۔ اس عرصہ میں حکومت انہیں ابھی تک آباد نہیں کر سکی ۔ اس طرح یہ مسئلہ اور یہ تحریک التوا زیادہ توجہ کی مستحق ھو جاتی ھے ۔ آپ کو معلوم ھے کہ ۱۴۶۴۹ افراد بے گھر ھوئے ھیں ۔ اب تک کورنگی نالہ کے قریب انہیں چند پلاٹ دئے گئے ھیں ۔ لیکن ان لوگوں کو ابھی تک وھاں shift نہیں کیا گیا ۔ ان لوگوں کے جو نقصانات ھوئے ھیں اور ان کے پورے گھر لٹ گئے ھیں ان کے ازالہ کے طور پر ان کو—۲۷ روپیہ فی خاندان کے حساب سے مدد دی گئی ھے ۔ تاکہ وہ اپنے لئے کوئی جھگی وغیرہ بنا لیں ۔ آپ نے جو فرمایا ھے کہ ۲ء۱ لاکھ روپیہ کی مالیت کی چیزیں جمع کی گئی ھیں وہ کہاں ھیں ؟ ان بیچاروں کو تو صرف ۲۷ روپیہ فی خاندان دیا گیا ھے ۔ اس معمولی سی رقم سے وہ کیسے گھر بنائیں گے ۔ ان کا جو مال و متاع برباد ھوا ھے وہ ۲۷ روپیہ میں کس طرح پورا کریں گے ۔ اور وہ کیسے rehabilitate ھو سکیں گے ۔ اتنی

رقم میں دو چھپریں بھی نہیں بن سکتیں - پھر آپ نے کون سا rehabilitation کا حق ادا کیا ہے ؟ کوئی خدا کا خوف نہیں - ۱۵ ہزار خاندان تباہ ہوئے - گھر برباد ہوئے - ان کا سامان پانی میں بہہ گیا اور آپ نے صرف ۷۲ روپے فی خاندان دے کر چھٹی کر لی - آپ ہی بتائیں کہ یہ تحریک التوا کس طرح بے موقع ہے -

میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ یہ بتائیں کہ آپ نے کتنے خاندانوں کو امداد دی ہے - کتنے لوگوں نے جھگیاں بنا لی ہیں - جو دریا کے bed میں تھے یا جن کو وہاں سے نکالا گیا ہے ان میں سے کتنے خاندانوں کو پلاٹ دئے گئے ہیں اور اس کے بعد ان کو کیا کیا سہولتیں دی گئی ہیں -

مسٹر سپیکر - یہ تو ایک تحریک التوا ہے - زیادہ تفصیلات حاصل کرنے کے لئے آپ کو چاہئیے تھا کہ ایک ریزولیوشن لے آتے تاکہ یہاں تمام تجاویز اور اقدامات زیر بحث لائے جا سکتے - اس تحریک التوا کے متعلق اگر حکومت کوئی action لے رہی ہے تو پھر وہ ضابطہ کے مطابق ہے اور تحریک التوا کی ضرورت نہیں رہتی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - چونکہ ہمیں بالعموم یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ جو steps لئے گئے ہیں وہ adequate ہیں یا immediate ہیں - اس لئے یہ تحریک التوا پیش کی گئی ہے -

Mr. Speaker : Government has already taken action and is taking steps to rehabilitate the people who have lost their dwelling places in Karachi during the rains. The motion is ruled out of order.

We will take up the rest of the adjournment motions tomorrow.

ANNOUNCEMENTS

RE: MEETINGS AND HOURS OF SITTINGS OF THE ASSEMBLY

Mr. Spekker : Now, there are two announcements.

Secretary : In pursuance of Rule 17 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, Mr. Speaker has been pleased to direct that with effect on and from 25th September, 1967 the Assembly shall meet on all week days except Saturdays, Sundays, and Public Holidays.

In pursuance of Rule 18 of the said Rules, Mr. Speaker has been pleased to direct that the sittings of the Assembly shall ordinarily commence at 8.30 a.m. each day and conclude at 12.00 p.m. on Fridays and 1.30 p.m. on other days.

PANEL OF CHAIRMEN

Secretary : As required by Rule 5 of the National Assembly of Pakistan Rules of Procedure as adopted for regulating the procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan, the Speaker of the Provincial Assembly has been pleased to nominate the following Members of the Assembly to form the Panel of Chairmen in the order of priority for the September-October Session of the Assembly :—

1. Malik Qadir Bakhsh.
2. Nawabzada Rahimdil Khan.
3. Kazi Muhammad Azam Abbasi.
4. Major Muhammad Aslam Jan.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEE REPORTS

Mr. Speaker : There is one motion regarding the extension of time by Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, I beg to move :

> That the period for the submission of the report of the Special Committee appointed for consideration of the Privilege Motion of Mr. Hamza, MPA, in respect of the statement made by Mr. Ghulam Yazdani Malik be extended upto the 30th April, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That the period for the submission of the report of the Special Committee appointed for consideration of the Privilege Motion of Mr. Hamza, MPA, in respect of the statement made by Mr. Ghulam Yazdani Malik be extended upto the 30th April, 1967.

The motion was carried.

ORDINANCES

(LAID ON THE TABLE)

Mr. Speaker : We will now take up the Orders of the Day. First item. Minister of Law.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir I beg to lay on the Table the following Ordinances :

(1) The Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967.

(2) The West Pakistan Pat Feeder Canal (Control and Prevention of Alienation of Land) Ordinance, 1967.

(3) The West Pakistan Essential (Control) (Amendment) Ordinance 1967.

ORDINANCES

(DISCUSSED)

THE KARACHI MUNICIPAL CORPORATION TERMINAL TAX (VALIDATION) ORDINANCE, 1967.

Mr. Speaker : Next item please.

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move—

> That the Assembly do approve of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

Mr. Speaker : The motion moved is—

> That the Assembly do approve of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔

اس آرڈی ننس کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ ۱۹۶۰ء میں Municipal Administration Ordinance لاگو کیا گیا اور اس سے پہلے کراچی میں سٹی آف کراچی میونسپل ایکٹ ۱۹۳۳ء لاگو تھا اس ایکٹ کے تحت کارپوریشن کو ٹرمینل ٹیکس لگانے کی اجازت تھی - ۱۹۶۰ء میں جس وقت Municipal Administration Ordinance لاگو کیا گیا تو ٹرمینل ٹیکس کے نفاذ کے بارے میں میونسپل کمیٹیز سے اختیارات واپس لے لئے گئے لیکن رولز جاری رہے تو اس سلسلے میں ایک فریق نے ھائی کورٹ میں اس ٹرمینل ٹیکس کے خلاف چارہ جوئی کی جس میں ھائی کورٹ نے یہ فیصلہ صادر فرمایا کہ یہ ٹیکس درست طور پر جاری ھوا ھے اس کے خلاف فریق مذکور نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی اور اس میں یہ فیصلہ ھوا کہ یہ ٹرمینل ٹیکس ناجائز ھے - چنانچہ اس سال ۷—مارچ کو جب سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ آیا تو ۳۰—اپریل کے گزٹ کے ذریعہ وھاں octroi لاگو کر دی گئی - اب یہ عرصہ جو ۱۶—اپریل ۱۹۶۰ء سے ۳۰—اپریل ۱۹۶۷ء تک کا آتا ھے اس میں عملی طور پر ٹرمینل ٹیکس وصول ھوتا رھا - ٹرمینل ٹیکس کے وصول ھونے کے ساتھ ساتھ وہ خرچ بھی ھوتا رھا اگر یہ معزز ایوان اس validating آرڈی ننس کو approve نہ کرے تو اس سے بے پناہ عملی دقتیں پیش آنے کا احتمال ھے - اس ٹیکس کے متعلق سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ دیا ھے کہ یہ ٹیکس خلاف قانون تھا - اس سلسلے میں میں ایک بات اور بھی عرض کر دوں کہ ھائی کورٹ کا یہ فیصلہ تھا کہ یہ ٹیکس درست تھا مگر سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ دیا کہ یہ ٹیکس درست نہیں ھے اور سپریم کورٹ نے اس

سلسلے میں جو قانونی نکتہ بتایا اس کے بارے میں اور اس کے interpretation میں اختلاف ہو سکتا ہے ۔ وہ کسی معاملہ کے بارے میں فیصلہ ہو اور وہ خواہ کسی نے بھی فیصلہ دیا ہو وکلاء حضرات یہ جانتے ہیں کہ اس کی interpretation میں اختلاف ہو سکتا ہے ۔ اس فیصلہ سے یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔ کہ اس میں کسی فریق کی کوتاہی نہیں ہے بلکہ قانون کی اپنی جگہ پر پیچیدگی ہے جو اس چیز سے ظاہر ہوتی ہے کہ اگر آپ اس قانون کو پاس نہ کریں گے تو نتیجہ یہ ہو سکتا ہے کہ لوگ کارپوریشن سے یہ ساری رقم واپس لینے کا تقاضا کریں اور یہ رقم ۱۹۶۰ء سے لے کر ۳۰—اپریل ۱۹۶۷ء تک ۹—کروڑ ۹۲—لاکھ ۷۵—ہزار تین سو ۱۰—روپے ہے جو کارپوریشن کو اس عرصے میں وصول ہوئی اور یہ مفاد عامہ پر خرچ ہوئی ۔ اتنی بڑی رقم کا واپس دیا جانا یا دے سکنا کارپوریشن کے لئے ناممکن ہے کیوں کہ وہ خرچ کی جا چکی ہے اور اب اس رقم کی وصولی اس آرڈی ننس کے ذریعہ validate کی گئی ہے ۔ مقصد یہ ہے کہ اس رقم کو validate کر دیا جائے اور دوسرے جو رقم ابھی بقایا ہے اسے وصول کرنے کا بھی اختیار کارپوریشن کو حاصل رہے جو رقم ابھی تک وصول ہونے والی ہے وہ تقریباً ۲۸—لاکھ ۴۰—ہزار ہے اگر میں یہ کہوں کہ اس کی وصولی کو نظر انداز کر دیا جائے تو پھر یہ صورت پیدا ہو جائے گی کہ جن لوگوں نے صحیح وقت پر ادائیگی کر دی ہے ان لوگوں کو نقصان پہنچے گا اور جن لوگوں نے صحیح وقت پر ادائیگی نہیں کی ہے وہ ان ٹیکنیکل وجوہات کی بنا پر ناجائز طور پر یہ فائدہ اٹھا جائیں گے ۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس آرڈی ننس کو

اس عرصہ کے لئے جو گزر چکا ہے اور اس ٹیکس کو مزید وصول کرنے کے لئے validate کر دیا جائے تاکہ آئندہ کے لئے octroi کا انتظام کر دیا جائے ان معروضات کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا معصوم سا آرڈی ننس ہے - ہم نے بل لانے کی کوشش کی مگر اسمبلی کے prorogue ہونے کے باعث بل نہ آ سکا اور ہم نے اس آرڈی ننس کو نافذ کیا کیوں کہ اگر یہ آرڈی ننس نہ ہوتا تو writs ہو جاتیں اور لوگ واپسی زر کا مطالبہ کر دیتے اس سے بے پناہ دقتیں پیدا ہوتیں اور لوگوں کو litigation کے مواقع مل جاتے اور پھر اس کے بعد اگر عدالتوں میں مقدمات جاتے تو لوگ یہ کہتے کہ چونکہ عدالتوں میں مقدمات جا رہے ہیں - اس لئے گورنمنٹ آرڈی ننس لا رہی ہے اس لئے میں عرض کروں گا کہ یہ معزز ایوان اس آرڈی ننس کو منظور فرما دے -

Mr. Speaker : We will now take up the amendments. First amendment is from Malik Muhammad Akhtar. That amendment is ruled out of order as this is beyond the scope of the Ordinance.

Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I am not moving, Sir.

Mr. Speaker : Next is from Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Not moving, Sir.

Mr. Speaker : Next is from Major Muhammad Aslam Jan.

Major Muhammad Aslam Jan : Not moving, Sir.

Mr. Speaker : Next is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move—

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for figures, comma and word "16th April, 1960" occurring in line 7, the figures, comma and word "11th April, 1960" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for figures, comma and word "16th April, 1960" occurring in line 7, the figures, comma and word "11th April, 1960" be substituted.

Minister of Basic Democracies : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب سپیکر ۔ دراصل ان کو اصرار ہے کہ یہ اگر غلط بات بھی کریں تو اعتراض نہ کیا جائے میں جناب منسٹر صاحب کی خدمت اقدس میں یہ عرض کروں کہ گذشتہ کم و بیش ۵ سال سے وہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے ساتھ deal کرتے رہے ہیں ۔ جناب ایک بالکل بے ضرر سی امنڈمنٹ میں یہ عرض کیا گیا ہے کہ جب سپریم کورٹ نے اس آرڈیننس کے خلاف فیصلہ دیا تو انہوں نے یہ آرڈیننس validation کے لیے جیسا کہ انہوں نے بھی فرمایا ہے اس ایوان میں پیش کیا اور یہ چاہتے ہیں کہ اس کی validation کی جائے ۔ جناب والا ۔ میرے پاس اس وقت میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے دو نسخے ہیں ایک تو جناب والا printed ہے یعنی

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے پاس میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے دو نسخے ہیں اس میں پہلا یہ ہے یعنی میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس ۱۹۶۰ جس میں لکھا ہے ۔

"An Ordinance to consolidate and amend the law relating to municipal administration in Pakistan."

Gazette of Pakistan Extraordinary, 11th April, 1960.

جناب والا ۔ ذرا اسی چیز کا اگلا حصہ ملاحظہ فرمائیں جس کو میں چاہتا ہوں کہ کہہ دوں ۔

"Whereas it is expedient to consolidate and amend the law relating to municipal administration in Pakistan ;

Now, therefore, in pursuance of the Proclamation of the seventh day of October, 1958, and in exercise of all powers enabling him in that behalf, the President is pleased to make and promulgate the following Ordinance :—"

مسٹر سپیکر ۔ کیا کوئی تاریخ لکھی ہوئی ہے ۔ کیا گزٹ آف پاکستان میں ۱۱ اپریل کے الفاظ لکھے ہوئے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ گزٹ میں تاریخ ہے جناب والا ۔ اس سے آگے چل کر enforcement کی کلاز بھی ہے جو مجھے پڑھنی ہوگی ۔

"This Ordinance may be called the Municipal Administration Ordinance, 1960. It extends to the whole of Pakistan."

یعنی جیسے کہ کراچی کا میونسپل ایکٹ ۱۹۳۳ کا ہے اور Bombay Act بھی ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب اس کو نوٹ فرما لیں کیونکہ یہ ان کے کام آئے گا ۔ جناب سپیکر۔ اس سے آگے چل کر سیکشن ۳ ہے جو اس طرح پر ہے ۔

"This Section and Section 3 shall come into force at once, and the remaining provisions of the Ordinance shall come into force in such areas and on such dates as the Government may, by notification in the official Gazette, appoint in this behalf."

جناب والا ۔ میری contention یہ ہے کہ یہ نافذالعمل فوراً ہوگا کیوں کہ اس کی extension تمام پاکستان کے لیے تھی ۔ میرے پاس ایک کتاب بھی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ضروری ہے کہ دو شہادتیں ہوں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ شاید پھر میں ان کو باور کرا سکوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ کا خیال ہے کہ یہ ۱۱ اپریل ۱۹۶۰ کو enforce ہو گیا تھا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میرا یہی خیال ہے ۔

This is my contention unless it is contradicted by a document on the other side.

تو جناب والا اس کے بعد میرے پاس ایک کتاب ہے جو آپ کی لائبریری میں مع commentary کے موجود ہے ۔ اس میں لکھا ہے ۔

Published in the Gazette of Pakistan Extraordinary, 11th April, 1960.

اب جناب والا ۔ validation جو کرنی مقصود ہے وہ یہ ہے کہ سپریم کورٹ کی جو رولنگ تھی یعنی میری مراد پی ایل ڈی ۱۹۶۷ سپریم کورٹ ۲۴۱ سے ہے جس کے ذریعہ یہ declare کیا گیا تھا کہ یہ ultra vires ہے ۔ اس کی اور بہت سی تفاصیل ہیں لیکن میں تمام کی تمام تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا کیوں کہ وقت کم ہے بلکہ مجھے یہ کہنا ہوگا کہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعہ ۴ کے تحت انہوں ۔ ان تمام ٹیکسوں کو continue کیا اس میں اس طرح کہا گیا ہے ۔

"On the coming into force of this Ordinance in any area, the enactments mentioned in the First Schedule shall, if and in so far as applicable to that area, stand repealed.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کون سا سیکشن آپ پڑھ رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں جناب سیکشن ۴ پڑھ رہا ہوں ۔

(2) Where an enactment stands repealed under sub-section (1), any appointment, rule, regulation, or bye-law made, notification, order or notice issued, tax imposed or assessed, contract entered into, suit instituted or action taken under such enactment shall, so far as it is not inconsistent with the provisions of this Ordinance and the Rules, be deemed to have been respectively made, issued or assessed, entered into, instituted or taken under this Ordinance "

یعنی جناب والا ۔ یہ ۱۱ اپریل ۱۹۶۰ء کو میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کا نفاذ ہوگیا ۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق اس ٹیکس کو خلاف قانون قرار دیا گیا اور دفعہ ۴ کے تحت اس کی collection شروع کر دی کیوں کہ ان کی assumption ہے کہ ٹرمینل ٹیکس دفعہ ۴ کے تحت آتا ہے ۔ بہر حال یہ چیز میں آرڈیننس کو oppose کرتے ہوئے عرض کردوں گا ۔ تو قصہ مختصر یہ کہ اس وقت یہ بات بے ضابطگی پر مبنی ہے اور زیر بحث آرڈیننس کے نفاذ سے یہ بے ضابطگی کرنا چاہتے ہیں اور یہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس جو ۱۱ اپریل ۱۹۶۰ کو نافذ ہوا یہ اب اس کی enforcement چاہتے ہیں جناب والا ۔

"Notwithstanding the repeal of the City of Karachi Municipal Act, 1933, or anything contained in the Municipal Administration Ordinance, 1960, or in the decision of any Court, the Terminal Tax (not being Terminal Tax on goods or passengers carried by sea or air) levied, charged, collected or realized by the Karachi Municipal Corporation for the period from 16th April, 1960, till 13th April, 1967. . . . ."

جناب والا ۔ میں اس period کو attack کر رہا ہوں کہ ۱۶ اپریل کی بجائے ۱۱ اپریل ہونا چاہیے تھا کیوں کہ اگر یہ plea لے لیں (پھر میاں محمد یاسین خاں وٹو کہیں گے کہ میں اپنے دلائل کو آپ ہی contradict کررہا ہوں) ۔ اگر وہ یہ plea لےلیں کہ کراچی ایریا میں انہوں نے اسے ۱۶ اپریل کی بجائے ۱۱ اپریل کو لاگو کیا تو پھر بھی انہیں ایک نیا آرڈیننس لانا پڑے گا ان پانچ دن کے لیے کیوں کہ یہ جو ۱۱ اور ۱۶ اپریل کا وقفہ ہے یہ کچھ چیز اچھی نہیں اگر ان کے پاس notification ہے کہ

کراچی میں ۱۶ اپریل کو نافذ کیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ موجودہ آرڈیننس سرے سے غلط ہے ۔ ۱۱ اور ۱۶ اپریل کے درمیان نا معلوم کتنی رقم تھی جو انہوں نے وصول کی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کا خیال ہے کہ ۱۱ اور ۱۶ اپریل کے درمیان وہ ٹرمینل ٹیکس impose ہو گیا ہوگا ۔

ملک محمد اختر ۔ ان کی collection ٹرمینل ٹیکس کی ہوئی ہے ۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر یہ اس وقت اس ترمیم کو قبول نہ کریں تو پھر انہیں نیا قانون بنانا پڑے گا ۔ اگرچہ انہوں نے اسے ۱۱ اپریل کو enforce کیا ہے مگر انہوں نے collection ۱۶ اپریل سے کی ہے اور وہ ناجائز ہے ۔

Mr. Speaker : Yes, the Minister for Local Government.

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ اختر صاحب کو بلا لیا جائے تو زیادہ بہتر ہے ۔ اس سے ایوان کا وقت بچ جائے گا ۔

Mr. Speaker : He may come or may not come ; Yes, Wattoo Sahib.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not in his seat.

Mr. Hamza : (*after moving to his seat*). There is no quorum., Sir

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum ; let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum.

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے اپنی ترمیم کے ذریعے یہ چاہا ہے کہ موجودہ آرڈیننس کی جو تاریخ ہے اسے ۱۶ اپریل کی بجائے ۱۱ اپریل کر دیا جائے ۔ انہوں نے خود متعلقہ قانون بھی پڑھا ہے مگر اتفاق کی بات ہے کہ انہوں نے ان الفاظ کو جو بالکل واضح ہیں اور جن کے بارہ میں قوانین میں اور عدالتوں کے فیصلوں میں خاص طور پر جواز موجود ہے نظر انداز کر دیا ہے ۔ اور extension اور enforcement میں جو فرق ہے وہ اسے نہیں سمجھتے ۔ انہوں نے صرف اس وجہ سے کہ اس میں یہ الفاظ ہیں ۔

"It extends to the whole of Pakistan."

اس سے یہ مراد لے لیا ہے کہ

It comes into force also at once.

حالانکہ جناب والا ۔ ذیلی دفعہ ۳ میں یہ بالکل واضح ہے ۔ میں اب آپ کے سامنے اس کے الفاظ پڑھوں گا ۔

"(3) This section and section 3 shall come into force at once, and the remaining provisions of the Ordinance shall come into force in such areas and on such dates as the Government may, by Notification in the official gazette, appoint in this behalf."

جہاں تک اس کی دفعہ ۱ اور ۳ کا تعلق ہے وہ ۱۱ تاریخ کو لاگو

ہوا ۔ مگر جہاں تک باقی آرڈیننس کا تعلق ہے اس کے بارہ میں حکومت کو یہ اختیار ہے کہ وہ آفیشل گزٹ میں notification جاری کرکے مختلف علاقوں میں اسے مختلف تاریخوں پر نافذ کر دے ۔

As far as former Federal Capital Karachi is concerned, the provisions of the ordinance other than Sections 1 & 3 came into force on the 16th April, 1960, by a notification of the Government.

تو اس سلسلہ میں یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ جب ۱۱ تاریخ سے اس آرڈی ننس کو لاگو ہی نہیں کیا گیا ۔ اور اس کا نفاذ ۱۶ تاریخ سے عمل میں آیا تو میرے فاضل دوست کا یہ کہنا کہ ۱۱ تاریخ سے ۱۶ تاریخ تک جو وصولی ہوئی اسے قانون کے مطابق بنایا جائے ۔ کس حد تک درست ہے ۔ جو ٹیکس قانون کے مطابق پہلے ہی valid ہے وہ اسے دوبارہ valid کرانا چاہتے ہیں یہ dual action ہو جائے گی جس کی ضرورت نہیں ہے ۔ اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ میرے فاضل دوست نے جو ترمیم دی ہے وہ قانونی طور پر غلط ہے عملی طور پر غلط ہے انہوں نے قانون کے اس بنیادی فرق کو ملحوظ نہیں رکھا جو extension اور enforcement میں ہے میرے فاضل دوست کو چاہئیے کہ وہ اسے appreciate کریں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for figures, comma and word "16th

April, 1960" occurring in line 7, the figures, comma and word "11th April, 1960" be substituted

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for the figures, comma and words "13th April, 1967" occurring in line 8, the figures, comma and words "28th February, 1962" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for the figures, comma and words "13th April, 1967" occurring in line 8, the figures, comma and words "28th February, 1962" be substituted.

Minister for Basic Democracies : Opposed.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ ترمیم دینے کی اس لیے ضرورت سمجھی ہے کہ ہمارے نئے آئین کا نفاذ ہونے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبائی subject نہیں ہے ۔ نئے آئین کے نفاذ کو میں یہاں پڑھے دیتا ہوں کہ یہ کس تاریخ کو ہوا ۔

"I, Field Marshal Muhammad Ayub Khan, (H. P; H J.) President of Pakistan in exercise of the mandate given to me on the 14th day of February . . . ."

مسٹر سپیکر ۔ ملک اختر صاحب آپ یہ فرمائیں کہ اس کا نفاذ کس تاریخ کو ہوا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کا نفاذ ۱۹۶۲—۳—۱ کو ہوا

ہے ۔ اس کے بعد آرٹیکل ۱۳۱ کے تحت ہم نے جو legislation کی ہے اس کے متعلق مجھے عرض کرنا ہوگا۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ شیڈول کی آئٹم کو refer کیجئے اس کے متعلق سب حضرات جانتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ آرٹیکل ۱۳۱ کے third schedule کی جو item ہے وہ اسے exclusive بنا دیتی ہے ۔ third schedule میں terminal tax کی جو item ہے اس کی definition ہوئی ہے ۔ third schedule میں item دی گئی ہے ۔ item No. 43 duty and taxes کے متعلق ہے ۔

"(g) terminal taxes on goods or passengers carried by sea or air and taxes on their fares and freights."

اس لیے میں نے یہ ترمیم دی ہے اور یہ مرکزی subject بن چکا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : That is carried by sea or air.

ملک محمد اختر ۔ انہوں نے terminal tax کی definition کہاں دی ہے ۔ باوجود اس کے کہ آپ نے ان کو warning دی ہے ۔ long title of the ordinance کو دیکھیں ۔

"The Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967."

"Whereas it is expedient to validate the Terminal Tax levied, charged, collected or realized by the Karachi Municipal Corporation under clause (b) of sub-section (2) of section 96 of the City of Karachi Municipal Act, 1933, ..."

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب سب کلاز ۲ کو ملاحظہ فرمائیں آپ Preamble کو نہ پڑھیں ۔

"(not being Terminal Tax on goods or passengers carried by sea or air)".

Malik Muhammad Akhtar : This is the only way-by moving amendments to tell them.

Chaudhri Anwar Aziz : To teach them.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ کیا ان کو افغانستان سے کوئی پڑھانے اور سکھانے آئے گا کہ یہ ایسی contradictory زبان نہ لکھیں ۔ (قطع کلامیاں) میں بھی سمجھتا ہوں کہ انہوں نے یہ لفظ لکھ دیا ہے لیکن ان کو لازم تھا کہ Preamble میں یہ بات کرتے Long Title میں یہ بات کرتے اور اس میں ٹرمینل ٹیکس کی definition دیتے ۔ لیجسلیشن میں تو یہ کام نہیں ہوتا کہ لاٹھی پکڑ لی اور ہانک دیا کہ فلاں تاریخ سے فلاں تاریخ تک validation ہے ۔ موجودہ form میں جو Long Title اور Preamble ہے یہ صحیح نہیں ہے ۔ اگر یہ موجودہ ہنگامی قانون کو صرف Date of promulgation of the Constitution تک ہی رہنے دیتے تو اچھا تھا ۔ یہ ان کی self-contradictory دفعات ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ Preamble inconsistent ہے اس کے متعلق ترمیم دیں ۔

ملک محمد اختر ۔ Let me have my say یہاں دونوں طرح سے بات ہو سکتی ہے ۔ یہ کہاں لکھا ہے کہ میں ترمیم اسی پر دوں ۔ یہ کہیں mandatory نہیں کہ میں صرف Preamble یا Long Title کے متعلق ترمیم دوں ۔ Subsequent section جو ہے اس پر ترمیم دی ہے تا کہ وہ in accordance with the law ہو جائے ۔ اگر آپ ایسا ہی کہتے ہیں تو ٹھیک ہے اگرچہ oppose کرتے وقت میں یہ بات کہنے والا تھا ۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان تمام کے تمام ہنگامی قوانین آئین سے inconsistent ہیں ۔ یہ پڑھ لکھ کر کام کیوں نہیں کرتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ مجھے اپنے دوست کی لکھائی پر خوشی ہے ۔ مجھے ان کی پڑھائی پر بھی خوشی ہے ۔ مجھے ان کی محنت پر بڑی خوشی ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ اس کا نتیجہ اتفاق سے جہالت نکلتا ہے۔ اس سلسلہ میں میرے فاضل دوست نے جتنے اعتراضات فرمائے ہیں اگر وہ خود ہنگامی قانون کے الفاظ کو ملاحظہ فرما لیتے تو ان کو اپنے اعتراضات کا جواب ان میں مل جاتا ۔ میں ان کا ممنون ہوں کہ انہوں نے جو اعتراضات فرمائے ہیں ان کا انہوں نے خود ہی اتنا مدلل جواب دے دیا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ مجھے ان کا مزید جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ آئین کے مطابق پہلے ہی ہم نے اس کو exempt کر کے علیحدہ لکھا ہے اور جو terminal tax وصول ہوتا رہا ہے اس کے بارے میں validation کے متعلق عرض کیا ہے ۔ الفاظ خاص طور پر یہ ہیں ۔

"(Not being Terminal Tax on goods or passengers carried by sea or air)".

لہذا آئین کے ساتھ اس ہنگامی قانون کا قطعاً کوئی ٹکراؤ نہیں ۔ terminal tax نے ۱۳ اپریل ۱۹۶۶ اس لئے رکھا ہے کہ اس تاریخ کو ہم octroi کو میں تبدیل کر دیا ہے ۔ اس لئے میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ اسے رد کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, for the figures, comma and words "13th April 1967" occurring in line 8, the figures, comma and words "28th February, 1962" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in para (a) of section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, the comma and words, "and shall not be liable to be refunded" occurring in line 3 be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in para (a) of section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, the comma and words, "and shall not be liable to be refunded" occurring in line 3 be deleted.

Minister of B.D. & Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Opposed.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے گزارش کرنا ہے کہ

اگر ایک دن کا رونا ہو تو رو کر صبر آئے
ہر روز کے رونے کا کہاں سے جگر آئے

ایک ایک لائن ۔ ایک ایک پیرا ۔ ایک ایک کلاز کے متعلق آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ چاہتے ہیں کہ چونکہ کراچی کے لوگ کافی مال دار ہیں اس لئے وہ اپیل میں جائیں ۔ یہ چاہتے ہیں کہ اس ہنگامی قانون کو دوبارہ جانچ کیا جائے ۔ میری مراد اور گزارش یہ ہے کہ ان کی جو وصولی ہے صوبائی حکومت اس کے متعلق اس ہنگامی قانون کو لگانے کی مجاز نہ تھی ۔ اور انہوں نے یہ جو کلاز رکھی ہے یہ Limitation Act سے متصادم ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ Limitation Act ایک مرکزی قانون ہے میری مراد Limitation Act of 1908 سے ہے ۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یامین خان وٹو) ۔ اس کے متعلق تو آپ کی ترمیم آگے آ رہی ہے ۔ یہ تو آپ refund کے بارے میں کہہ رہے ہیں کہ "It shall not be refunded"

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ چونکہ جو آپ کا قانون ہے اور جس کے تحت آپ already collection کر چکے ہیں ۔ یہ دوسری جگہ آئے گا ۔ آپ اٹھائیس لاکھ روپے کو realise نہیں کرائیں گے ۔ میری مراد یہ ہے کہ آپ نے جو اعداد و شمار کم و بیش کروڑوں روپے کے دئیے تھے ، آپ اس invalid آرڈیننس سے وہ loans جائز طور پر refund کراسکیں ۔ میں آپ کے موجودہ آرڈیننس کو جو

کہ غلطیوں کا پلندہ ہے جس میں غلطیوں کی بھر مار ہے ، جس کا Preamble، Long Title آئین سے متصادم ہے ۔ جس کے تحت آپ نے کروڑوں روپے کے اعداد و شمار ابھی یہاں پیش کئے تھے ۔ یہ غیر ذمہ داری متعلقہ محکمے کی تھی ۔ نو کروڑ پچھتر لاکھ تین سو دس روپے کو آپ refund ہونے سے بچانا چاہتے ہیں اور یہ جو آرڈیننس ہے ، یہ صوبائی ہے اور یہ حکومت یہ رقوم حاصل کرنے کی بالکل حقدار ہی نہیں تھی ، اس Limitation Act کے تحت ۔ اس لئے میری یہ گزارش ہے کہ اس ترمیم کو اس طرح سے کر دیا جائے تا کہ یہ جو خلاف قانون action لیا گیا ہے ، اس action کو اور اس آرڈیننس کو جو کہ promulgate کیا گیا ہے ، اس کو nullify کیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ ایک ترمیم آپ کی بھی تھی جس کا نوٹس آپ نے تیئس تاریخ کو دیا تھا جس کے ذریعے آپ ''آٹھویں سطر'' میں ''سات مارچ'' substitute کرانا چاہتے تھے ۔ کیا آپ اسے اب پیش کرنا چاہتے ہیں یا اسے اس کے نمبر پر ہی پیش کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اسے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ چونکہ ایک کلاز میں ہی ساری ترامیم ہیں اس لئے میں اسے اپنی باری پر ہی پیش کرلوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یعنی آپ اسے سب سے آخر میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ systematically چلنے کے لئے یہ زیادہ مناسب ہوتا اگر آپ اسے اب پیش کر دیتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کو تو بہر حال یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ ترامیم کو جس طرح چاہیں ترتیب دے لیں ویسے اگر جس stage پر میری ترمیم رکھی گئی ہے اگر اسی موقع پر مجھے اجازت دیں تو بہتر ہوگا ورنہ مجھے آپ اگر حکم دیں تو اپنی ترمیم ابھی پیش کرنے میں بھی مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

مسٹر سپیکر ۔ چلئے ۔ اسے اس کے بعد ہی take up کر لیں گے ۔

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست نے اپنی ترمیم میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اس آرڈیننس کے باوجوہ Terminal Tax validate نہیں ہو رہا ہے جس کی وجہ سے وہ یہ چاہتے ہیں کہ refund کرنے کا جو اختیار ہے اس کو محدود کر دیا جائے اور اس کو اڑا دیا جائے ۔ اگر ان کی یہ دلیل مان لی جائے کہ یہ آرڈیننس بذات خود ultra vires ہے تو پھر ان کے ان الفاظ کو ترمیم کرنے کا بھی کوئی اثر نہیں ہوگا ۔ ان کے دلائل خود ہی ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں ۔ وہ وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ

آرڈیننس ultra vires ہے ۔ تو اگر ایک چیز ultra vires ہے تو اس حساب سے ساری چیز ہی ultra vires ہوئی ۔ اس لئے پھر تو اس میں ترمیم کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے اور اگر اس میں کوئی اور چیز شامل بھی کر دی جائے تو بھی اس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا ۔ چونکہ ہمارا منشاء دقتوں کو دور کرنا ہے ۔ مشکلات اور مقدمہ بازی کو دور کرنا ہے ، اس لئے ہم نے زیادہ وضاحت کے ساتھ ایسے الفاظ کو درج کر دیا ہے ۔ ہمارا منشاء یہی ہے کہ اس کو refund نہ کیا جائے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in para (2) of section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, the comma and words, "and, shall not be liable to be refunded" occurring in line 3 be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment please.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That in para (b) of section 2 of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, the full-stop appearing at the end be replaced by a colon and the following proviso be added thereafter, namely :—

"Provided where any such tax has not been paid or realised before the coming into force of this Act, the same shall only be recoverable in accordance with the provisions of Pakistan Limitation Act."

Mr. Speaker : Malik Sahib, you have written : "in accordance with the provisions of Pakistan Limitation Act.". Is there any statute by that name ?

Malik Mahammad Akhtar : It is Limitation Act.

جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ Limitation Act مثلاً Penal Code کا نام اب Pakistan Penal Code ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ تو Indian کی بجائے اب اس کا نام Pakistan Penal Code ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ اس کی وضاحت کرنے کے لئے

according to the provisions of the Limitation Act enforced in Pakistan.

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ کی یہ ترمیم منظور ہو گی تو اس کے بعد Pakistan Limitation Act رہے گا ۔ کیوں کہ الفاظ تو یہی رہیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ تو اس میں کیا حرج ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں تو یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ

Is there any statute by the name of Pakistan Limitation Act ?

Malik Muhammad Akhtar : I would like to see my papers before I answer your question.

جناب والا ۔ پاکستان کا لفظ تو نہیں ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس کو پاکستان . . .

Mr. Speaker : Then the amendment is out of order.

Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar. He is not present ; the amendment is not moved. I will now put the resolution to the vote of the House : The question is—

Malik Muhammad Akhtar : Opposed Sir ; I want to speak.

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ اس آرڈیننس کی ساری سکیم ہی مضحکہ خیز ہے کیونکہ یہ آئین کی بعض دفعات سے بھی متصادم ہے اور میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعات سے بھی متصادم ہے اور اس کی کوئی legal force اور legal value نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں سپریم کورٹ کا جو فیصلہ ہے وہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ دیا ہے جو کہ اس آرڈیننس کے خلاف جا رہا ہے میں PLD, 1967 سپریم کورٹ (۲) نمبر ۱۳ کا حوالہ دے رہا ہوں ۔ میں آپ کے سامنے اس کے پیرا گراف سی ۔ ڈی اور ای پڑھ کر سناتا ہوں ۔ ان میں سپریم کورٹ کے ججوں نے

طریق کار بتایا ہے کہ ٹیکس کس طرح impose ہو سکتا ہے اور validate کیا جا سکتا ہے ۔ صفحہ ۲۴۸ پر انہوں نے یہ کہا ہے ۔

"We are of the view that there is a great deal of force in these contentions. The conscious detention of the provisions contained in section 96 of the Act of 1933, relating to the imposition of terminal tax, and its deliberate exclusion from the Third Schedule, appended to the Ordinance, clearly manifest an intention on the part of the law-giver to exclude the terminal tax from the category of taxes which can be levied by a municipal authority functioning under the Ordinance. A Legislature is deemed to be aware of the previous state of the law and if knowing this it makes a change when repealing it and re-enacting some of its provisions the intention is clearly to effect a change. It follows, therefore, that the previous provisions relating to the imposition of a terminal tax were deliberately removed to denude the Municipal Authorities of this power. The possibility of deeming the previous provisions as having been made under the subsequently enacted law can hardly be visualised. We are unable, therefore, to agree with the High Court that the terminal tax, levied by the Municipal Corporation for the years 1962 and 1963 under the purported exercise of powers given by rule 5-B of the Terminal Tax Rules, introduced in 1957, was continued in operation, by reason of the provisions of sub-section (2) of section 4 of the Ordinance. Nor are we in a position to accept that this tax was referable to any of the items mentioned in the Third Schedule to the Ordinance. The tax for the relevant years was, therefore, in our opinion, imposed illegally and without any lawful authority."

یہ فیصلہ دینے کے بعد وہ یہ کہتے ہیں ۔ یہ concluding پیرا ہے ۔

"It remains now to mention that during the pendency of the proceedings in the High Court the municipal limits of the Karachi Municipal Corporation were extended, by Notification No. SO-IV(LG)KMC-93-61, dated the 20th of June 1964, so as to incorporate within it even the Sind Industrial Trading Estate where the factories of the appellant

are situated. This notification, we are given to understand, has taken effect from 3-7-1964. As from this date the position has, therefore, radically changed, for, the Sind Industrial Trading Estate having become an area within the municipal limits the Municipal Corporation became fully empowered to impose a tax on the import of goods for consumption, use or sale within the Municipality as also to levy a tax on the export of goods from the Municipality under items 4 and 5 of the Third Schedule to the Ordinance The tax, even though described as a terminal tax, may be upheld as taxes under the said items 4 and 5 ; either as an octroi on goods brought into the municipal limits of the Corporation or as a cess on goods exported outside these limits. The Municipal Corporation will, however, , . . ."

جناب والا ۔ یہ وہ لائین ہے جو کہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور جس کے لئے میں نے اتنی لمبی چوڑی quotation دی ہے ۔

"The Municipal Corporation will, however, have to frame rules in that behalf under section 41 of the Ordinance, to provide for the levy of such taxes and to notify the same as required under section 34 of the Ordinance. It can also do so if the Provincial Government under section 36 directs it to levy such a tax. But this cannot be done under the existing Terminal Tax Rules, framed the Municipal Act of 1933. Fresh action will have to be taken if provision has not already been made in that behalf under the powers given by the Ordinance of 1960."

جناب والا ۔ میں مودبانہ معافی مانگتے ہوئے اتنی لمبی quotation دینے کے بعد یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سپریم کورٹ کے ججوں نے خود ہی قرار دیا ہے کہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کر موجودہ صورت میں محض rules frame کرنے سے اور اس Terminal Tax کو یہ declare کرنے سے کہ یہ octroi ہے ، یہ سارا دھندا rules frame کرنے سے دور ہو سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ میں زیادہ پڑھتا ہوں ۔ لیکن یہ ان کی زیادتی اور زبردستی ہے کہ یہ Supreme Court کے واضح observation کے باوجود ایک ایسا قانون ایوان کے اندر

لے آئے ہیں جس کے ذریعے سے انہوں نے ایک سنسنی پیدا کر دی ہے کہ یہ پچھلا سات سال کا ٹیکس جو ہے اس کے لئے ایک Validation Ordinance لگائیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ Municipal Administration Ordinance میں مزید دفعات کے تحت یہ Taxes محض Rules کو frame کرنے سے ہی لگائے جا سکتے تھے ۔ مجھے Technical اعتراض اس ordinance پر ہے اور وہ یہ ہے ۔ جناب والا ۔ کہ ان کو جو powers حاصل ہیں ان کے ماتحت وہ ایسا نہیں کر سکتے ہیں ان کو یہ powers تو ضرور ہیں کہ وہ ایسے قوانین کو بنا کر ان کو validate کر سکتے تھے ۔ اب ان کو ایک اور مشکل ہے اور وہ جناب والا یہ ہے کہ یہ imposition of taxes کے سلسلہ میں Article 90 of the Constitution کے تحت اس اسمبلی کو حق حاصل ہے ۔ اس لئے جناب والا ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ Municipal Administration Ordinance کے تحت یہ یقیناً amendment اس کے اندر کر سکتے تھے لیکن Terminal Tax کے validation کے لئے یہ جو ordinance لے کر آئے ہیں وہ درست نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ Article 90 of the Constitution یہ ظاہر کرے گا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کے اندر سے تھوڑا بہت پڑھنا چاہتا ہوں ۔

"No tax shall be levied for the purposes of a Provincial Government except by or under the authority of an Act of Provincial Legislature."

اس چیز سے آپ اندازہ فرمائیں کہ اس کا Preamble inconsistent ہے اس کی long title جو ہے وہ inconsistent ہے یہ Limitation Act Central Act جو ۱۹۰۸ء سے چل رہا ہے اس کے provision کے ساتھ inconsistent ہے ۔ پھر یہ ہے کہ Article 90 کے تحت imposition of taxes کے اختیارات ہرگز

گورنر صاحب کو حاصل نہیں ہیں۔ بلکہ یہ اختیارات Provincial Legislature کو حاصل ہیں اور Provincial Legislature ہی اس مسئلے میں enactment کر سکتا تھا ۔ مگر یہ Taxation کے powers کو assume نہیں کر سکتے ہیں اس لئے مجھے یہ گذارش کرنا ہے اور Article 79(3) کی طرف refer کرنا ہے جس کے تحت آپ Resolution لا سکتے ہیں Article 79(3) کے تحت وہ legislation ضرور کر سکتے ہیں مگر جب وہ legislation ہاؤس میں آ کر approve ہو تب ہی وہ Act of Legislature بن سکتا ہے گورنر صاحب کا تنہا یہ function نہیں ہے کہ وہ ایکٹ کا legislation کریں ۔ اس طرح سے جناب والا ۔ انہوں نے یہ بھی violation کیا ہے ۔ میں Provincial Legislature کا definition دہرانا نہیں چاہتا ہوں ۔ Provincial Legislature وہ چیز ہے کہ پہلے گورنر صاحب ایک کام کو کریں ۔ پہلے اسمبلی ایک tax کو impose کرے اور اس کے بعد گورنر صاحب اس کی sanction دیں اور پھر وہ Act of Provincial Legislature بن سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ موجودہ حالت میں یہ stage پورا کیا گیا کہ گورنر صاحب نے ٹیکس لگا دیا ہے اور اب وہ ratify ہو جائے گا ۔ اس دوران میں جس طریقے سے انہوں نے اس ٹیکس کو impose کیا ہے پہلے میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس کو ratify کرتے تب بھی وہ Act of Legislation نہیں بنتا تھا ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ گذارش کروں اور Municipal Administration Ordinance کے سیکشن ۳۳ کو refer کروں گا جس میں یہ دیا گیا ہے ۔

"33. Municipal Taxation.—A Municipal Committee, with the previous sanction of the Government, may levy, in the prescribed manner, all or any of the taxes, rates, tolls and fees mentioned in the Third Schedule."

یہ تھرڈ شیڈول کے مطابق impose کر سکتے ہیں ۔ سیکشن ۳۶ کے تحت گورنمنٹ ہدایات دے سکتی تھی ۔

"36. Directions with regard to levy of tax etc.—

(1) The Government may direct any Municipal Committee—

(a) to levy any tax, rate, toll or fee which the Municipal Committee is competent to levy under section 33 ; or

(b) to increase or reduce any such tax, rate, toll, or fee, or the assessment thereof, to such extent as may be specified ; or

(c) to suspend, abolish or exempt any person or class of persons or property or class of property from the levy of any such tax, rate, toll or fee.

(2) If a direction issued under sub-section (1) is not complied with within the specified time, if any, the Government may make an order giving effect to the direction."

جناب والا ۔ انہوں نے تو یہ کر بھی دیا ہے کہ آئندہ ٹیکس وصول کرنا ہے اور وہ ہدایات جو سپریم کورٹ کی تھیں کہ اسے octroi declare کرکے آئندہ وصولی شروع کر دیں اگر ایسا کریں تو ان کا وہ ایکشن legal ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو پھر میں عرض کر دوں کہ اس بل کے objects and reasons میں لکھا ہے کہ اسے بطور octroi وصول کریں ۔ existing provisions کے مطابق اگر آپ ہلکی سی ترمیم کر دیتے تو صحیح تھا ۔ اس میں سپریم کورٹ کے فیصلہ کا حوالہ دیا گیا ہے ۔ لیکن اب آپ رولز frame کرکے اس کو impose کر رہے ہیں اور یہ imposition جائز ہے اگر آپ item 4 & 5 of third schedule read with Municipal Administration کے مطابق Ordinance کے لئے Import & Export of goods octroi declare

کرتے ہیں ۔ میں یہ بات واضح کر دوں کہ اس آرڈیننس کو Provincial Taxation کے طور پر بنا کر لگانا آپ کے دائرہ میں نہیں ہے نہ تھا اور نہ ہوگا ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ یہاں پھر آپ ایک غلط کام کو دھرا رہے ہیں اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ آرڈیننس invalid ہے اس کا نفاذ آئین کے آرٹیکل ۱۳۱ read with third schedule inconsistent رہ جاتا ہے ۔

جو طریق کار آئین کے آرٹیکل ۱۳۱ میں دیا گیا ہے اس کے علاوہ آرٹیکل ۹۰ کے ساتھ بھی اس کا تضاد ہے ۔ یہ محض رولز بنا کر ٹیکس لگا سکتے تھے یا Municipal Administration Ordinance میں بذریعہ ترمیم ایسا کرسکتے تھے لیکن اب جو ایک fresh tax کے طور پر لا رہے ہیں یہ ultra vires ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت ہی چھوٹا سا تین دفعات پر مشتمل ہنگامی قانون اصول عدل و انصاف کے منہ پر ایک طمانچہ ہے ۔ اگر یہ ایوان اس کی منظوری دے دیتا ہے تو اس صوبہ کے ۵ کروڑ عوام کے لئے یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ ہمارے حقوق اگر ملک کے سپریم کورٹ کے پاس بھی محفوظ نہیں تو پھر ہم اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے کہاں جائیں ۔ جو لوگ اس ایوان کے اندر یا ایوان کے باہر ہیں ان کے لئے عدل و انصاف اور حقوق کا تحفظ اگر سب سے بڑی عدلیہ کے اختیار میں نہیں تو ملک کے rulers جو بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں اور رطب اللسان ہیں ان کا سر جھک جانا چاہئے ۔

جہاں تک اس ہنگامی قانون کا تعلق ہے اس کو پیش کرتے ہوئے وزیر بلدیات نے فرمایا ہے کہ انتظامیہ کے کام کی غلطی کی وجہ سے یا کسی افسر حکومت کی حماقت کی وجہ سے یا قوانین میں غلط معنی آفرینی کی وجہ سے ٹیکس کراچی کی حدود میں نافذ کیا گیا ہے۔ جس کا کراچی کارپوریشن کو اختیار نہیں تھا۔ لیکن وہ دو سال تک ٹیکس وصول کرتے رہے ہیں۔ اس سے جو لوگ متاثر ہوئے انہوں نے عدلیہ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور ملک کی سب سے بڑی عدالت نے جو فیصلہ کیا اس کا آخری پیراگراف پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں جو چند فقروں پر مشتمل ہے۔ اس میں ہے :

> "For these reasons, we allow this appeal and declare that the Terminal Tax levied for the years 1962 and 1963 and for the period from 1st January, 1964, to 3rd July, 1964, if any levied, was without lawful authority and illegal and direct the Municipal Corporation to refrain from imposing or recovering such tax for the said period as also to refund any portion of such tax, if already recovered, to the appellant."

جناب والا۔ یہ فیصلہ اپنی جگہ پر بالکل واضح ہے اس میں کوئی ابہام نہیں۔ سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد دیا ہے کہ کارپوریشن کو اس ٹیکس کے نافذ کرنے کا اختیار نہیں تھا اور جو ٹیکس وصول کیا گیا ہے وہ غلط تھا غیرقانونی اور اصول عدل و انصاف کے خلاف تھا۔ کارپوریشن نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا ہے۔ عدالت عالیہ کا حکم تھا کہ جن لوگوں سے یہ غیر قانونی ٹیکس وصول کیا گیا ہے۔ ان کو واپس کیا جائے۔ میں جناب وزیر بلدیات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس ٹیکس کے نفاذ کو validate کریں اور اس کے اثرات کو کالعدم

کرنے کے لئے وہ جو ایک قانون نافذ کر رہے ہیں اس سے اصول عدل و انصاف کے تقاضے کیسے پورے ہوتے ہیں ۔ جب کہ عدالت عالیہ نے ایک فیصلہ کر دیا ہے اس کو چھوڑ کر آپ ایک نیا قانون کس طرح لا سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں حکومت کی بات نہیں کرتا ۔ میں ایک عام انسان کی بات کرتا ہوں ۔ ایک ایسے فرد کی بات کرتا ہوں جس کا تعلق کاروبار سے ہے ۔ اگر اس کی دکان میں اس کا سیلز مین کسی چیز کی قیمت کم بتا دیتا ہے تو مالک اپنے ملازم کی بات کو honour کرتے ہوئے وہ نقصان برداشت کر لیتا ہے اور کم قیمت پر سودا دے دیتا ہے یا ایک شخص کسی چیز کی قیمت لگا دیتا ہے اور بعد میں بدل جاتا ہے تو اس دکاندار کی ساکھ بازار میں گر جاتی ہے اور کاروباری وقار مٹ جاتا ہے ۔

جناب وزیر متعلقہ نے ۹ کروڑ یا سات کروڑ روپیہ کی رقم بتا کر اس معزز ایوان کے اراکین کو مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے اور فرمایا ہے کہ اتنی بڑی رقم کے پیش نظر یہ قانون پاس ہونا چاہئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ رقم کا مسئلہ نہیں یہ وقار کا مسئلہ ہے ۔ ملک کے وقار کے مقابلہ میں ایک کروڑ یا دس کروڑ یا بیس کروڑ رقم کی کوئی حقیقت نہیں ۔ یہ عدلیہ کے وقار کو ٹھیس لگنے کا مسئلہ ہے حکومت کی کارکردگی کی ساکھ قائم رہنی چاہئے ۔ روپیہ کا نقصان بڑی چیز نہیں یہ آنی جانی چیز ہے لیکن وقار وہ چیز ہے جو ہمیشہ قائم رہتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کے توسل سے وزیر متعلقہ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ اس معاملہ میں عدلیہ کے

وقار کو رکھنا چاہتے ہیں اور اگر وہ اس ملک میں حکومت کی ساکھ کو قائم رکھنا چاہتے ہیں تو اس قسم کے قوانین اس ایوان میں لانے سے گریز کریں - روپیہ کوئی چیز نہیں ہے یہ پھر حاصل کیا جا سکتا ہے لیکن کھویا ہوا وقار اور عزت نہیں حاصل ہو سکتے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - یہ ہنگامی قانون میرے نقطہ نظر سے عام قوانین میں سے نہیں ہے - بلکہ اس میں ایک خاص بات جس کے متعلق محترم فاروقی صاحب نے ارشاد فرمایا ہے - وہ یہ ہے کہ اس ہنگامی قانون کے ذریعہ اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کے فیصلہ کو کالعدم قرار دیا گیا ہے - یہی نہیں بلکہ اس ہنگامی قانون کے اور بھی پہلو ہیں اور میں ان پہلوؤں کے متعلق تفصیل سے اپنے خیالات کا اظہار کروں گا - میرے نزدیک یہ ہنگامی قانون عام ہنگامی قوانین کی صف میں شامل نہیں کیا جا سکتا کیوں کہ اس قانون کا اطلاق زمانہ ماسبق سے ہے یعنی گذشتہ زمانے سے اس کا اطلاق کیا جا رہا ہے - - جس روز کہ یہ قانون بنایا گیا تھا دراصل اس کا نفاذ اس روز سے نہیں بلکہ اس سے ۷-سال قبل سے ہوا - جناب والا - آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ اس قسم کے قوانین کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا جن کا اطلاق زمانہ ماسبق سے ہو بلکہ تعزیری قوانین کے متعلق خود ہمارے آئین میں ایک شق موجود ہے کہ کسی قسم کا تعزیری قانون زمانہ ماسبق سے عاید نہیں کیا جائے گا - جناب والا - میں جناب وزیر بلدیات کی خدمت میں نہایت مودبانہ گزارش کروں گا انہوں نے چند سال وکالت بھی کی ہے اور وہ قانون دان ہیں انہیں معلوم ہونا چاہئے

کہ نہ صرف تعزیری قوانین jurisprudence کی رو سے زمانہ ماسبق سے ناقابل نفاذ ہیں۔ بلکہ وہ قانون جن کو substantive law کہا جاتا ہے اس کے متعلق بھی jurist کی رائے یہ ہے کہ ان کا اطلاق بھی زمانہ ماسبق سے نہیں ہونا چاہئے ۔ اگرچہ ہمارے آئین میں اس کی ممانعت نہیں ہے ۔ procedural law کے متعلق jurist اجازت دیتے ہیں کہ خاص خاص حالات میں procedural law کو اس طرح ڈالا جائے کہ زمانہ ماسبق سے ان کا اطلاق ہو ۔ لیکن substantive law اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ ایک ایسا قانون جس سے ٹیکس عائد کرنا مقصود ہو اور جس سے عوام سے روپیہ اکٹھا کرنا مقصود ہو کو زمانہ ماسبق سے نافذ و عاید نہ ہونا چاہئے ۔

آج جناب والا ۔ اس موضوع پر دو وزراء صاحبان نے اور محترم دوست ملک محمد اختر صاحب نے اظہار خیال فرمایا ہے کہ آیا اس قسم کے قوانین کو ہنگامی قانون کی شکل میں نافذ کرنا چاہئیے یا نہیں ۔ یہ ایک طویل بحث ہے لیکن میں اختصار کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ میں جناب ملک اختر صاحب سے اس بارے میں متفق نہیں ہوں کہ ٹرمینل ٹیکس کے متعلق گورنر صاحب آرڈی ننس جاری نہیں کر سکتے ۔ کیوں کہ اگر آرٹیکل ۴۶ — کو دیکھا جائے تو اس میں میونسپل ٹیکسز کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جرمانہ عائد کرنے کے اختیار کو بھی مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے ۔ باقی تمام قسم کے ٹیکسز صرف یہ اسمبلی ہی عائد کر سکتی ہے ۔ اس لئے میں یہ مانتا ہوں کہ اس آرڈی ننس کے ذریعہ گورنر صاحب کو اس ٹیکس کو validate یا قانون کے مطابق بنانے کا حق تھا مگر ٹیکس عاید

کرنے کا حق حاصل نہیں ہے لیکن بحث آج اس قسم کی چل نکلی ہے کہ اسے کن صورتوں میں پیش ہونا چاہئیے تھا میں اس وقت اس کو صرف دو فقروں میں عرض کروں گا ۔ اس پر تفصیل سے کسی اور موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کروں گا مجھے وزراء صاحبان سے قطعی اتفاق نہیں ہے کہ گورنر صاحب جب چاہیں اس صوبے میں آرڈی ننس نافذ کر سکتے ہیں ۔ اگر وہ ایسا کریں تو اس آئین جس کی رکھوالی اور جس کے مطابق چلنے اور جس کی تابعداری کا انھوں نے حلف اٹھایا ہے اس کی خلاف ورزی ہو گی کیوں کہ عام حالات میں قانون سازی کی ذمہ داری صرف اس ایوان کو حاصل ہے ۔ ہنگامی حالات ہیں بلکہ اس قانون کا نام ہی جو گورنر صاحب اپنے خاص اختیار سے نافذ کرتے ہیں ہنگامی قانون ہے غرضیکہ بعض ہنگامی حالات میں اس طریق سے قانون سازی ہو سکتی ہے ۔ اس وقت میں اس موضوع پر اس سے زیادہ نہیں کہنا چاہتا ہوں لیکن یہ دعویٰ کہ گورنر صاحب ہر وقت آرڈی ننس جاری کر سکتے ہیں درست نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ یہ قانون ایک اور اس لحاظ سے بھی دوسرے قوانین سے نرالہ ہے کہ اس قانون کے ذریعے ایک ایسے بلدیاتی ادارے کو تقریباً دس کروڑ روپیہ ہضم کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے بلکہ دس کروڑ سے بھی زیادہ روپیہ ہضم کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے جو اپنے فرائض منصبی سے حد درجہ کوتاہی برت رہا ہے ۔ اور ایک ایسے ادارے کو جو اپنے فرائض سے کوتاہی برت رہا ہو جو اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برا نہیں ہو سکتا اس کے حق میں رعایت کے طور پر اس کو ان تمام ذمہ داریوں

سے جو سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت اس پر عاید ہوتی ہیں بری الزمہ قرار دے دینا بہت بڑی زیادتی ہے ۔

جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں بلکہ اس صو۔ کا ہر فرد بشر جانتا ہے کہ کراچی کا یہ ادارہ وہاں کے عوام کے لئے پینے کا پانی تک میسر کرنے سے قاصر ہے ۔ وہ ایک modern اور ایک خوبصورت شہر ہے ۔ اس کی صفائی کا انتظام اگر یہ بلدیاتی ادارہ نہیں کرسکتا تو اس کو رعایت کے طور پر اور انعام کے طور پر دس کروڑ روپیہ دے دینا جائز نہیں ہے جو نہ صرف اپنے فرائض منصبی کو انجام دینے سے قاصر ہے بلکہ یہ ادارہ وہ تمام ذمہ داریاں جو کہ عوام کی جانب سے اس پر عائد ہوتی ہیں ۔ وہ بھی پورا نہیں کر سکتا ۔ مثال کے طور پر عوام کی جانب سے ٹیکسوں کے اکٹھا کئے ہوئے روپے کو محفوظ رکھے اور اس کو بیجا صرف میں نہ لائے ۔ یہ اس ادارہ کی اہم ترین ذمہ داری ہے ۔ لیکن ۱۵—لاکھ کی آرٹ گیلری تو یہ ادارہ بنا سکتا ہے اس کے ساتھ ہی ساتھ کروڑوں روپیہ اس ادارے نے ایسے بینکوں میں رکھے ہوئے ہیں ۔ یہ اس پچھلے دنوں اخبارات میں بھی شائع ہوا تھا ۔ ان بینکوں نے ان رقوم کی ادائیگی سے انکار کر دیا ہے ۔ شائد کچھ بینکوں سے رقم مل جائے ۔ لیکن اس ادارے کا اکثر و بیشتر سرمایہ جو بعض بینکوں میں پڑا ہے وہ اس کو نہیں ملے گا ۔ آخر کیا اس ادارے کی یہ ذمہ داری نہ تھی کہ وہ ایسے بینکوں کی تحویل میں پبلک کے اس سرمائے کو رکھے جن سے جب اس ادارے کو ضرورت پڑے تو وہ وہاں سے سرمایہ حاصل کر سکے جناب والا ۔ کراچی کارپوریشن کے متعلق یہ بہت بڑا scandal ہے ۔ کہ

اس کا سرمایہ ایسے بینکوں میں پڑا ہے کہ جنہوں نے اس کے چیکوں کو honour کرنے سے انکار کر دیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ادارہ جس کے لئے اتنی بڑی رعایت مانگی جا رہی ہے کہ دس یا ساڑھے دس کروڑ روپیہ کی رقم اس کو طشتری میں پیش کی جا رہی ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس کا کردار کیا ہے ؟ ایک مثال عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا۔ کراچی کارپوریشن نے ۱۹۶۶ء میں کراچی میں ایک مذبح جس کو انگریزی میں abattior کہتے ہیں کے بنانے کی سکیم بنائی ۔ اس سکیم پر ۳ کروڑ روپیہ کی لاگت کا تخمینہ تھا ۔ اس سال کے اوائل میں اس کے متعلق یہ فیصلہ کیا گیا کہ یہ مذبح کراچی کارپوریشن خود نہ بنائے بلکہ اس کے لئے ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی بنا دی جائے اور چیئرمین کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ Nerr & Company (Pak.) Limited. سے گفت و شنید کریں ۔ گفت و شنید کا نتیجہ چیئرمین صاحب نے کارپوریشن کے سامنے پیش کیا کہ ۳۰ فی صد حصے کارپوریشن خریدے گی ۔ ۱۴ فی صد حصے یہ لمیٹڈ کمپنی جو کہ حصےدار ہو گی خریدے گی نہیں تو جناب غلطی نہ ہو یہ کمپنی صرف بنک گارنٹی دے گی ۔ جناب والا ۔ ملاحظہ فرمائیں کہ کارپوریشن کس طرح سے اس سرمایہ کو صرف کر رہی ہے اور ۱۴ فی صدی حصے یہ لمیٹڈ کمپنی جو کہ حصہ دار ہوگی خریدے گی نہیں بلکہ اسکےمتعلق صرف بنک گارنٹی دیگا ۔ اور باقی ۳۵ فی صد پبلک کے لئے کھلے چھوڑ دئے جائیں گے ۔ پبلک ان کو خریدے گی اور یہ لمیٹڈ کمپنی جو کارپوریشن کی مدد سے معرض وجود میں آئے گی وہ اس مذبح کو بنائے گی ۔ تین کروڑ میں سے

۴۸ لاکھ پہلے صرف ہو چکے ہیں - اب ۷۷—لاکھ روپیہ کی مشینری یوگوسلاویہ سے ادھار پٹے پر منگائی ہے سوا کروڑ روپیہ کارپوریشن کا اس مد پر خرچ ہوچکا ہے۔ جناب والا۔ اس کارپوریشن کے پاس کم و بیش تین تین ہزار روپیہ تنخواہ پانے والے انجینئرز ہیں - انجینئرنگ کا بہت بڑا محکمہ ہے - انہوں نے خود یہ سکیم بنائی تھی - اور وہ اس مذبح کو تعمیر بھی کر سکتے تھے۔ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈی ننس کے تحت یہ میونسپل کمیٹی کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ اس قسم کا ایک مذبح اپنے شہر میں قائم کرے جہاں سے لوگ اپنی بھیڑ بکریاں ذبح کرائیں اور ڈاکٹروں کے معائنہ کے بعد گوشت فروخت کیا جائے - اب کارپوریشن اپنے فرائض منصبی کو اور اپنی ذمہ داری کو دوسری کمپنیوں کے حوالے کر رہی ہے جب کہ تقریباً تمام تر سرمایہ اس کا اپنا ہے - مگر منافع اس کمپنی کا ہو گا - ۳۱ فی صد منافع کارپوریشن کو ملے گا باقی منافع کمپنی کا ہو گا جناب والا۔ اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ ایک مینجنگ ایجنسی قائم کی جائے گی - اب غور فرمائیے کہ میونسپل کارپوریشن کا ڈیڑھ کروڑ روپیہ صرف ہوچکا ہے مگر اس نے خود اس ادارے کو کنٹرول نہیں کرنا بلکہ یہ کنٹرول کمپنی کو دیا جائے گا - ۲۵—۳۰ لاکھ کی آبادی کے لئے مذبح قائم کیا جانا درکار ہے - اور ایک کمپنی کو یہ اہم کام دیا جا رہا ہے - اور کمپنی اپنے منافع کے لئے اس مذبح کو چلائے گی - جب چیئرمین نے گفت و شنید کے بعد جو اس نے اس کمپنی سے کی یہ سکیم میونسپل کمیٹی کو پیش کی تو مالیاتی کمیٹی نے متفقہ طور پر اس کے خلاف رائے دی اور یہ سکیم مسترد کر دی - پھر یہ سکیم ایک عام اجلاس

میں پیش ہوئی ۔ میں جناب والا ۔ وزیر بلدیات سے پوچھتا ہوں وہ گورنمنٹ کے نمائندے ہیں کہ کیا ان کے بلدیاتی اداروں کی یہی کارگذاری ہے جس کی بنا پر ساڑھے دس کروڑ روپیہ کی بھیک مانگنے کے لئے اس ایوان میں آج تشریف لائے ہیں کمشنر صاحب نے اس سکیم کی منظوری دی ہے اور میں یقین سے کہتا ہوں کہ گورنمنٹ کے ایما پر اس سکیم کی منظوری کمشنر صاحب نے دی ہے۔ یہ گورنمنٹ اس دھاندلی میں خود شامل ہے ۔ میں یہ الزام لگاتا ہوں ۔ یہ ایسا مسئلہ نہیں تھا جو کراچی جیسے شہر میں چھپا رہتا ۔ چنانچہ اس کے متعلق پریس میں واویلا ہوا ۔ اگر وزیر بلدیات کو کراچی میونسپل کارپوریشن کے اس ریزولیوشن کی ضرورت ہو تو وہ میرے پاس موجود ہے ۔ جناب والا ۔ میرے ہاتھ میں اخبار ''لیڈر'' ہے ۔ اس کی ۱۹—۴—۱۹۶۷ء کی اشاعت میں یہ درج ہے ۔

"If a Private Company can do better than the KMC.....

The Karachi Municipal Corporation had decided to operate its under construction abattoir in partnership with a private company.

This is the first time that a civic body will share its statutory functions with a private business firm.

This may be the beginning of sharing of its other functions also with business firms. Abattoir is not the only project wherein the KMC can have profitable partnership with private business parties.

For instance the sanitation and health services cost a lot of money and headache to the KMC. If the KMC commercialises these services and enters into partnership with private firms, its perennial problems of recovery of dues will be solved and instead of suffering losses it may gain some money every year."

Then the paper goes on to say—

"It is said that a former provincial Minister is associated with the private company whom the KMC has taken as partner in the abattoir project.

There are a number of former Central/Provincial Ministers who have become big businessmen and industrialists during the last ten years.

There is a former Minister who is in the construction business. The KMC can have him as a partner for the construction and the maintenance of city roads."

Then, Sir, there is another issue of the same paper, dated 15-4-1967. It says—

"If the KMC is competent enough to manage the distribution of water in this city of 25 million people, cannot it manage an abattoir ? The KMC has already spent Rs. 93 lakh out of Rs. 3 crore on the building for the abattoir. The machinery is being obtained on credit from Yugoslavia. The public too are to be called to subscribe 35 per cent of the capital. Why should, after all this, the abattoir be handed over to a private management, who will provide only a bank guarantee for future payments ?

جناب والا یہ حالت ہے کراچی میونسپل کارپوریشن کی ۔ کہ ایک فرد جو کہ ہماری موجودہ گورنمنٹ کا چہتا ہے ۔ اسے مالی منفعت پہنچانے کے لئے اس گورنمنٹ نےیہ تمام سازش اس کارپوریشن کے ساتھ مل کر کی ہے اور اس کارپوریشن کو حلوائی کی دکان سمجھ لیا گیا ہے کہ اس پر نانا جی کی فاتحہ ہو جائے تو نہایت بہتر ہوگا ۔ ایک سابقہ منسٹر کو جو ایک فرم کا مالک ہے اور جسے یہ گورنمنٹ جانتی ہے اس کے لئے بد دیانتی سے پبلک فنڈ کو حددرجہ مسرفانہ طور پر خرچ کرکے ضائع کر رہی ہے ۔ جس کارپوریشن کی یہ حالت ہو اس کے متعلق جناب وزیر بلدیات معصومانہ انداز سے یہ فرماتے ہیں کہ دیکھئیے صاحب ۔ ہمیں یہ سوا دس کروڑ یا پونے دس کروڑ لوٹانا پڑے گا ۔ اور پون کروڑ روپیہ جو ہم نے وصول کرنا ہے وہ چھوڑنا پڑےگا ۔ اس طرح ہمیں ساڑھے دس کروڑ روپے کا نقصان

ہوگا ۔ کوئی ان سے پوچھے آپ کو کس حکیم نے بتایا تھا کہ آپ قانون کو اس طرح اپنے حق میں توڑ مروڑ کر عوام سے زبردستی یہ رقوم وصول کریں ۔ میں یہ کہوں گا کہ یہ استحصال بالجبر ہے ۔

آپ نے عوام سے گیارہ کروڑ روپیہ جبری طور پر وصول کیا تھا ۔ اگر ان میں ذرا اخلاقی جرات ہے ۔ اگر ان کے دل میں اخلاقی قدروں کا کچھ پاس ہے تو ان کو چاہئیے کہ اس روپیہ کو واپس لوٹا دیں ۔ اس سے اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کا وقار بحال ہوگا ۔ لوگ سمجھیں گے کہ اس کے فیصلے کاغذی نہیں ہوتے بلکہ ان پر عمل ضروری ہے اور گورنمنٹ ان کی پابند ہے ۔ ان کے دل میں یہ خیال نہیں آئے گا کہ پانچ چھ سال کی مقدمہ بازی اور ہزاروں روپے خرچ کرنے کے بعد جو فیصلہ انہوں نے حاصل کیا تھا وہ کاغذی ثابت ہوا ۔اور اس قسم کی مسرفانہ سکیمیں جو آپ کے ایما اور اشارہ سے یہ کارپوریشن بنا رہی ہے اور جس طرح وہ اپنا روپیہ صرف کر رہی ہے ۔ اس کے پیش نظر انہیں یہ رقم نہیں ملنی چاہئیے ۔ کیونکہ جو روپیہ آسانی سے آتا ہے وہ آسانی سے صرف کیا جاتا ہے ۔ اگر آپ آج ان کے ہاتھ روک دیں گے اور ان سے ساڑھے دس کروڑ روپیہ وصول کرکے لوگوں کو دلائیں گے تو وہ آئندہ احتیاط سے خرچ کریں گے اور آئندہ کسی قسم کا مسرفانہ کام نہیں کریں گے ۔ میں بڑا نرم الفاظ استعمال کر رہا ہوں تاکہ کسی ذہن پر گراں نہ گزرے ۔

جناب والا ۔ اس کا ایک اور پہلو بھی ہے ۔ آپ نے ضرور دیکھا ہوگا کہ

سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ ۷ مارچ کو صادر فرمایا تھا اور اس قانون کی رو سے ہم ۱۳ اپریل تک وصول کردہ ٹرمینل ٹیکس کو جائز قرار دے رہے ہیں ۔ جناب وزیر بلدیات نے اپنی ابتدائی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ وہ ۱۳ اپریل ۱۹۶۷ء تک ٹرمینل ٹیکس وصول کرتے رہیں گے اور ۱۳ اپریل کے بعد انہوں نے ٹرمینل ٹیکس کو octroi میں تبدیل کر دیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ۱۳ اپریل تک جو رقم وصول کی گئی ہے اس کے لئے جواز پیدا کرنے کے لئے یہ قانون بنایا جائے ۔ میں ان کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کروں گا ۔ کہ یہ میونسپل کارپوریشن نہ صرف اپنے سرمائے کو بے دریغ لٹا رہی ہے بلکہ یہ دراصل ایک مردہ جانور ہے اور بہت سی چیلیں اور گدھیں اس کا گوشت نوچ نوچ کر کھا رہی ہیں ۔ جو لوگ ناجائز ذریعہ سے اس کارپوریشن سے منفعت حاصل کر رہے ہیں ان کی مثال چیلوں اور گدھوں کی سی ہے اور چونکہ کارپوریشن کے اندر یہ احساس نہیں ہے کہ اس کا گوشت نوچا جا رہا ہے اس لئے میں نے اسے ایک مردار سے تشبیہ دی ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

خواجہ محمد صفدر ۔ نہ صرف وہ ایک مردہ جانور ہے وہ کارپوریشن ایک مجرم بھی ہے اور وہ ۷ مارچ سے ۱۳ اپریل تک نہایت جرأت سے جرم کا بھی ارتکاب کرتی رہی ہے ۔ سپریم کورٹ نے جو ہمارے ملک کی سب سے بڑی عدالت ہے فیصلہ کیا کہ میونسپل کارپوریشن کراچی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ کسی سے ٹرمینل ٹیکس وصول

کرے اور یہ فیصلہ ۷ مارچ کو صادر ہوا ۔ جناب والا ۔ وہ فیصلہ دیکھ لیں ۔

"decided on 7th March". May I invite the attention of the Law Minister to it. It is page 241.

یعنی ۷ مارچ تک جو کچھ ہو چکا تھا اس کے متعلق یہ فیصلہ ہوا کہ انہوں نے غلط کیا ۔ خلاف قانون کیا اور ساتھ ہی یہ بھی فیصلہ ہوا کہ آئندہ یہ ایسا کرنے کے مجاز نہیں ۔ لیکن کارپوریشن کے ارباب اقتدار کیا کرتے ہیں کہ وہ ۸ مارچ کو بھی وصولی کرتے ہیں باوجود اس بات کے کہ سپریم کورٹ کا یہ حکم ہے کہ ٹرمینل ٹیکس قانونی طور پر کارپوریشن وصول کرنے کی مجاز نہیں ہے ۔ لیکن ۸ مارچ سے لے کر ۱۳ اپریل تک پورے ۵ ہفتے کارپوریشن توہین عدالت کا ارتکاب کرتی رہی ۔ وزیر صاحب کو ذرا غور کرنا چاہیئے کہ ان کے ماتحت ادارے عدالت کی پرواہ کیوں نہیں کرتے ۔ شاید انہوں نے ان کے کان میں یہ کہہ دیا ہوگا کہ جو چاہیں آپ کریں ہم ایک نیا قانون لے آئیں گے اور آپ کے گناہ کا کفارہ اس اسمبلی کے سر ہوگا ۔ ایک دن نہیں دو دن نہیں پورے پانچ ہفتے یہ کارپوریشن ایک نہایت ہی قبیح جرم کا ارتکاب کرتی رہی ۔ اگر میرے ہاتھ میں اقتدار ہوتا تو میں اس کارپوریشن کے ہر اس افسر کو جس پر یہ ذمہ داری ڈالی جا سکتی یا یہ ثابت کیا جا سکتا کہ وہ سپریم کورٹ کے اس فیصلہ کی حکم عدولی کرتا رہا ہے میں اس کو بیک بینی و دو گوش ملازمت سے الگ کر دیتا ۔ یہ کس طرح برداشت کیا جا سکتا

ہے کہ ایک کارپوریشن کے ملازم کو (یہ ٹھیک ہے کہ وہ بڑے لوگ ہوں گے اور وہ بڑی بڑی تنخواہیں بھی پاتے ہوں گے) لیکن ان کو کیسے یہ جسارت ہے ۔ اس کو کیسے یہ جرأت ہوئی کہ وہ پانچ ہفتے لگاتار اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کا مضحکہ اڑائے ۔ اس کے حکم کی کھلم کھلا نافرمانی کرے ۔ دن میں ایک لاکھ یا دو لاکھ یا جتنی بار بھی یہ ٹیکس وصول کرتے رہے ہیں اتنی بار اس حکم کی توہین کرتے رہے ہیں ۔ اتنی بار اس حکم کی خلاف ورزی ہوتی رہی ہے ۔ مجھے توقع ہے کہ جناب وزیر صاحب میری ان گزارشات کا جواب دیتے وقت ان کی وضاحت فرما دیں گے کہ اس کی کیا وجہ تھی ۔ کیا وزیر صاحب سوئے ہوئے تھے کیا گورنمنٹ سوئی ہوئی تھی ۔ کیا انکے عمال سوئے ہوئے تھے کارپوریشن سے کیوں نہ باز پرس کی گئی کہ انہوں نے سپریم کورٹ جیسی عدالت سے یہ مذاق کیوں کیا ہے ۔ میں اس بنا پر بھی اس ہنگامی قانون کی شدید مخالفت کرتا ہوں ۔ اس میں کسی اخلاقی قدر کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا ۔ اس میں کسی قانونی قدر کو ملحوظ نہیں رکھا گیا ۔ اس لئے میں نہایت ہی ادب سے اس ایوان کے معزز اراکین سے درخواست کروں گا کہ آپ ووٹ دیتے وقت یہ سوچ لیں کہ آپ کس چیز کے حق میں ووٹ دے رہے ہیں آپ اپنے ضمیر کو ٹٹولیں کہ آپ ایک ایسی کارپوریشن کی امداد کر رہے ہیں جس نے ساڑھے دس کروڑ روپیہ ہضم کیا ہے ۔ وہ کارپوریشن جس نے بد دیانتی کی ہے جرم کیا ہے جس نے ساڑھے دس کروڑ روپیہ اپنے خزانے میں زبردستی نا جائز طور پر جمع کر لیا

ہے ۔ آج اس کے حق میں ووٹ دے کر یہ معزز ایوان اس جرم اور خیانت میں ایک حد تک حصہ دار بن جائے گا ۔ معزز ارکان اسمبلی پر بھی اس کی ذمہ داری عائد ہوگی کہ انہوں نے اس کارپوریشن کو موقع دیا ہے کہ ساڑھے دس کروڑ روپیہ مزید اس کے خزانہ میں چلا جائے اور وہ جس طرح چاہے گلچھڑے اڑائے ۔ آپ اس پر بھی غور کریں کہ اس کارپوریشن کے حق میں ووٹ طلب کیا جا رہا ہے جو کم و بیش ۳۶ دن اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کی توہین کا ارتکاب کرتی رہی ہے ۔ اس لئے میں نہایت ہی ادب سے اپنے محترم دوستوں اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین سے نہایت دلسوزی کے ساتھ درخواست کروں گا کہ وہ اپنا ووٹ استعمال کرنے سے پیشتر اپنے دلوں کو ٹٹولیں اور راستی اور سچائی کو سامنے رکھتے ہوئے ووٹ دیں ۔ اور بد دیانتی کی حمایت نہ کریں ۔ آج میں یہ دعوت بھی دیتا ہوں کہ آئیے میرے ساتھ ووٹ کریں اور سپریم کورٹ کے وقار کو بحال کرنے میں مدد فرماویں ۔ جناب والا ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور—۹) ۔ جناب سپیکر ۔ جو کچھ اس ملک میں عملی سیاسی زندگی میں متعدد بار دیکھا گیا ہے یہ ہنگامی قانون بھی اسی کی تائید کرتا ہے میرے لئے یہ تعجب کا باعث نہیں کیونکہ یہ اخلاق ۔ اصول اور قانون محض کمزوروں کے لئے ہیں ۔ جس ادارے کے پاس اختیار ہو ۔ اس کے پاس طاقت ہو تو اختیار اور طاقت بذات خود اس کے افعال کا جواز ہوتے ہیں اس لئے یہ کہنا کہ حکومت اختیارات کا ناجائز استعمال کرتی

ہے میرے خیال میں یہ مناسب یا موقع کے مطابق نہیں ۔ اگر اخلاق اور اصول کو سامنے رکھا جاتا اور اس کو کوئی اہمیت دی جاتی تو اس قسم کا ہنگامی قانون جاری ہی نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ اور وزیر بلدیات نے بہت ہی خوب کہا ہے کہ اگر یہ اختیارات ان کی حکومت کو نہیں دیئے جائیں گے تو کراچی کارپوریشن کو سخت مالی مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا ۔ ہمیں کراچی کارپوریشن کی مالی مشکلات کا پورا احساس ہونا چاہئے لیکن جب یہ استدلال اور یہ وجہ جواز اور کراچی کارپوریشن کی مالی مشکلات کا رونا جناب وزیر بلدیات اس ایوان میں رو رہے تھے اس وقت میرے خیال میں ان کو یاد ہوگا کہ ابھی تھوڑا عرصہ پہلے کراچی جو پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے اور کراچی کارپوریشن جس کی آمدنی تمام ملک کی Corporations سے زیادہ ہے جس کے وسائل بہت وسیع ہیں ان تمام وسائل کے باوجود بھی جناب وزیربلدیات نے کراچی کے متعلق اخبارات میں یہ بیان دیا تھا کہ اس شہرمیں اس بد قسمت شہر میں سڑکوں کی حالت اس حد تک خراب ہے کہ جناب گورنر صاحب کو اس سلسلے میں ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرنی پڑی ۔ میرے نزدیک اگر کسی ادارے کو آسانی کے ساتھ روپیہ میسر آ جائے اور حکومت بھی ایسے اس قسم کی نصیب ہو جس قسم کی ہمیں نصیب ہے تو وہ لازماً اس تمام دولت کو ناجائز طریقے سے ضائع کرے گا ۔

•

جناب سپیکر ۔ شہری سہولتوں کا اس شہر میں اس حد تک فقدان ہے اور لوگوں سے زبردستی وصول کی ہوئی دولت اور آمدنی کا اس حد تک

ناجائز استعمال ہو رہا ہے کہ جو سڑکیں چند ماہ پہلے تعمیر کی گئی تھیں ۔ وہ حالیہ بارش کے بعد ناکارہ اور بیکار ہو گئیں ۔ ابھی چند روز ہوئے 'جنگ' میں ایک خبر چھپی تھی بلکہ اسے ایک لطیفہ کہیئے ، جس سے کہ اس شہر کی نکاسی آب کے انتظام کا بھانڈا پھوٹتا ہے لطیفہ یہ ہے بعض لوگ جو اتفاق سے پہلے کبھی کراچی نہیں گئے تھے ، وہ کسی بیرونی ملک سے بحری جہاز میں آ رہے تھے ۔ ان کو یہ بتایا گیا تھا کہ کراچی سے پہلے کیماڑی آتی ہے ۔ لیکن جہاز میں چلتے چلتے جب وہ خشکی پر پہنچے کسی نے ان سے کہا کہ یہ کیماڑی نہیں ہے بلکہ یہ کراچی کا میکلوڈ روڈ ہے ۔ یعنی اس شہر کی نکاسی آب کے انتظام کا یہ عالم ہے کہ لوگ بحری جہاز میں میکلوڈ روڈ تک پہنچ جاتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس بڑے ادارے کی انتظامیہ کی یہ حالت ہے جس ادارے کے لئے آج جناب وزیر بلدیات ساڑھے دس کروڑ روپے کی رقم اس معزز ایوان سے طلب کر رہے ہیں ۔ جہاں تک افراد کو نوازنے کا تعلق ہے جب عمومی بھلائی کے لئے کوشش نہیں کی جائے گی تو لازمی طور پر افراد کو نوازا جائے گا ۔ میں ذاتی طور پر کسی کی عزت پر حملہ کرنے کا قائل نہیں ہوں اور نہ ہی اسے پسند کرتا ہوں اور نہ ہی کسی کی بے عزتی پر خوش ہوتا ہوں ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں نہایت ادب کے ساتھ محترم قائد سے ایک اختلاف بھی کرتا ہوں اور وہ یہ کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ ایوان سے باہر سچی بات کہنا ایوان کے اندر کہنے کے مقابلے میں بہت دشوار ہے ۔ اگر وہ باتیں جو ہمیں معلوم ہوں اور جن میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو اور ہم کسی

کی توہین کئے بغیر انہیں کہہ سکیں تو ہمیں چاہئے کہ ہم اس میں کسی قسم کے بخل کا ثبوت نہ دیں ۔ جہاں تک مجھے علم ہے جناب قائد حزب اختلاف نے جو abattoir کی مثال دی ، اس میں جس فرد کو نوازا گیا ہے ، وہ ایک سابقہ ایبڈو زدہ سیاستدان ہے وہ ایک سابقہ وزیر بلدیات ہے اور اس کا نام حسن محمود ہے ۔ ہمارا فرض ہے کہ افراد یا ادارے جہاں کہیں بھی قومی مفاد کو نقصان پہنچاتے ہوں ان کو برملا بے نقاب کریں ۔ اگر اس قوم کی زبوں حالی ، اگر ان اداروں کی بے مائیگی یا اس علاقے کے بسنے والے لوگوں کی غربت اور افلاس اور ان کا جھونپڑیوں میں بسنا ، ان کے دل پر اثر نہیں کر سکتا اور وہ اس قدر سنگدل ہوں ، تو ہمارا بھی فرض ہے کہ ان سے کسی قسم کی ہمدردی کا اظہار نہ کریں . . .

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب کا بہت احترام کرتی ہوں لیکن جو کچھ اس وقت حمزہ صاحب فرما رہے ہیں اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گی کہ ان کی ان باتوں میں کوئی صداقت نہیں ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ سب کچھ ان کی لاعلمی کی وجہ سے ہے ۔ حسن محمود کے متعلق انہوں نے جو کچھ کہا ہے یہ ان کی لاعلمی پر محمول ہے ۔ اگر وہ مجھ سے لابی میں بات کریں تو ان کو معلوم ہوگا کہ یہ واقعی ان کی لاعلمی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں محترمہ کا انتہائی ممنون ہوں ۔ لیکن

اگر انہوں نے اس بارے میں کوئی وضاحت کرنی ہے یا حسن محمود کی کوئی صفائی پیش کرنی ہے تو وہ بڑے شوق سے میرے بعد تقریر فرما لیں اور ان کی صفائی پیش کر دیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب افراد ملکی یا اس ادارے کے یا اس شہر میں بسنے والوں کی حالت سے بے نیاز ہوں تو ہمیں بھی ان سے کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی اور اگر ان کو محض اپنا ذاتی مفاد عزیز ہو ۔

جہاں تک اس واضح جرم کا تعلق ہے کہ سپریم کورٹ نے ایک فیصلہ دیا اور اس کے باوجود بھی Terminal Tax کی وصولی جاری رہی ، میں اس کے لئے کراچی کارپوریشن کے اہلکاروں کو اسقدر ذمہ دار نہیں ٹھہراتا ۔ میرے نزدیک وہ افراد جن کے پاس بہت ہی وسیع اختیارات ہیں یا جن پر کہ یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے یا تمام مغربی پاکستان کے صوبہ میں اس قسم کے اداروں کو چلانے کا انتظام جن کے ہاتھ میں ہے ، جن کے پاس ان اداروں کی باگ ڈور ہے ، سب سے پہلے ان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ اگر کراچی کارپوریشن کے اہلکار یا ذمہ دار افسران سپریم کورٹ کی توہین کے جرم کے مرتکب ہوئے ہوں ، میں سمجھتا ہوں کہ ہماری صوبائی حکومت اس جرم میں ان کی معاون رہی ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ان سے زیادہ ان پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ لیکن جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک ادارے کے ذمہ دار افسر نے سپریم کورٹ کے واضح احکامات یا

واضح فیصلے کی قطعاً کوئی پرواہ نہیں کی ، تو میرے لئے یہ کوئی عجوبہ نہیں ہے ۔ کیوں کہ جیسا کہ میں نے اپنی تقریر کے آغاز میں ہی عرض کیا تھا کہ قانون یا اخلاق یا اصول محض کمزوروں کے لئے ہوتا ہے اور جس کے پاس اختیارات یا طاقت ہو ، وہ ان کو پرکاہ کے برابر یا اسے حقیر سے حقیر اہمیت دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا ۔ یہ تو سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے۔ کیا مغربی پاکستان کےعوام یہ نہیں جانتےہیں کہ ہماری حکومت انہی سرکاری افسروں سے آئین میں دیئے ہوئے اصولوں کو پائمال نہیں کرواتی رہی ۔ کیا ہماری حکومت ان سرکاری افسروں سے قانون شکنی کا کام نہیں لیتی رہی ، آج یہ ایک حقیقت ہے کہ ہماری انتظامیہ اگر کسی کی خدمت کرتی ہے تو وہ صرف حکومت ہی کی کرتی ہے ۔ KDA کے اہلکار مفاد پرست لوگوں کے مفاد کے تحفظ کے لئے ہیں اور وہ عوام الناس جن سے یہ ٹیکس وصول کرتی ہے ، جہاں تک عوام الناس کے مفاد کا تعلق ہے جب تک یہ حکومت اس صوبے پر مسلط رہے گی، یہ ٹیکس اسی باقاعدگی اور سختی سے وصول کئے جائیں گے لیکن جہاں تک اس قسم کے مجرمانہ فعل کا تعلق ہے ، یہ تو پرانی ڈکشنری کی باتیں ہیں ، اس کو تو اب جرم نہیں گردانا جاتا ۔ اگر حکومت کے نزدیک اسے جرم گردانا جاتا تو جناب وٹو صاحب کو جب یہ علم تھا کہ سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ آ گیا ہے اور وہ ہنگامی قانون جس کے ذریعے Terminal Tax کی وصولی کی جا رہی تھی ، اب وہ قانون نہیں رہا ، تو وہ اس ٹیکس کی وصولی روک دیتے اور اگر ان کے اہلکاروں نے اس ٹیکس کی وصولی سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی نہیں روکی تو

ھمیں بتائیے کہ آپ نے ان اھلکاروں کے خلاف کیا کارروائی کی ھے۔ اگر ان اھلکاروں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی تو یہ اس بات کا ثبوت ھے کہ انہوں نے جو کچھ بھی کیا ھے وہ جناب وٹو صاحب کی مکمل اور غیر مشروط پشت پناھی حاصل ھونے پر کیا ھے۔ اس لئے چھوٹوں کو کچھ کہنے کی بجائے بڑوں کو اگر کچھ کہا جائے تو یہ زیادہ مناسب ھے۔ کیوں کہ وھی اس محکمے کے وزیر باتدبیر ھیں اور وھی اس ایوان میں اس ادارے کے لئے ساڑھے دس کروڑ روپے کا مطالبہ کر رھے ھیں۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں یہ توقع کر رھا تھا کہ چونکہ یہ آرڈیننس بڑا معصوم سا آرڈیننس ھے اس لئے اسے بڑی فراخدلی کے ساتھ منظور کر لیا جائے گا۔ لیکن بحث کے دوران کئی جگہ حقائق کو مخالفت کے مذبح میں ذبح کیا گیا۔ لیکن بہر صورت تصویر کے دو رخ ھوا کرتے ھیں اور ظاھر ھے کہ ھمیں جمہوریت میں ان دونوں رخوں سے فائدہ اٹھانا پڑتا ھے۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ حزب اختلاف کی جانب سے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ھے کہ حکومت نے عدالت عالیہ یعنی سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کا شاید احترام نہیں کیا۔ اس قسم کے تاثرات دینے کی کوشش کی گئی ھے۔ عدالت کے اس فیصلے کے بعد اس ایوان کے اپنے اختیارات کے استعمال سے کسی قسم کی کوئی عدالت کی ھتک یا عدالت کے وقار کے گرنے کا سوال پیدا نہیں ھوتا ھے۔ اس لئے میں سمجھتا ھوں کہ میرے فاضل دوست جنہوں نے کہ بار بار اس بات کو

اٹھایا ہے کہ عدالت کے فیصلے کے بعد legislation نہیں ہونا چاہئے میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا اور شائد میرے ساتھ وہ متفق ہوں گے کہ اس بارے میں کہ آپ کے آئین نے کیا بلکہ دنیا کے تمام آئینوں نے مقننہ اور عدالتوں کے اختیارات کا تعین کردیا ہے اور عدالتوں کو عدالتوں کی حیثیت سے قانون سازی کا اختیار حاصل نہیں ہے ۔ بلکہ قانون سازی کا اختیارصرف مقننہ ہی کو حاصل رہتا ہے ۔ فقہہ کا جو حوالہ دیا گیا ہے۔ تمام دنیا کے قوانین اور فقہہ jurisprudence ان کی تفسیر اور ان کا interpretation کے اختیارات ۔ ان چیزوں کے اندر بڑا فرق ہے ۔ عدالتوں کو قانون کے حدود میں رھکر فیصلہ دینا پڑتا ہے ۔ قانون کی تشکیل اور قانون کا بنانا ۔ ہمیشہ مقننہ اور legislature کا اختیار رہتاہے۔ اور یہ وہ مسلمہ اصول ہے جس کو کہ ساری دنیا تسلیم کرتی ہے ۔ ماسواء اس بات کے کہ کہنے کو تو یہ چیز جذباتی طور پر اپیل کر سکتی ہے کہ یہ قانون ساز اسمبلی عدالتوں سے اختیارات چھین رہی ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ موجودہ معاملہ اور خاص طور سے یہ معاملہ جو زیر بحث ہے ۔ اس کے بارے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں جیسے کہ میں نے عرض کیا تھا صورت یہ تھی کہ ایک خاص ایکٹ کے ماتحت یہ Terminal Tax عائد کیا گیا تھا اور Municipal Administration Ordinance آنے سے پہلے بہت سے قوانین تھے مختلف علاقوں کے متعلق جنکو کہ ایک جگہ کر لیا گیا تھا ۔ اس لئے یہ Terminal Tax کوئی نئی چیز نہیں ہے ۔ اور یہ ۱۹۶۰ء سے پہلے قانون کے مطابق لاگو تھا ۔ اور اس ٹیکس کے مطابق میونسپل کمیٹی اپنا بجٹ ترتیب

دیتی تھی ۔ اور اس کے مطابق رقوم جو ٹیکس کے ذریعہ حاصل ہوتی تھیں خرچ کی جاتی تھیں ۔ وہ سڑکوں پر صرف کی جاتی تھیں ۔ وہ رقوم صحت اور صفائی پر صرف ہوتی تھیں ۔ لیکن کراچی کے بارے میں ۱۹۶۰ء میں یہ بات پیدا ہوئی اور یہ سمجھا گیا کہ وہ Terminal Tax جس طرح سے لاگو ہے وہ موجودہ قانون کی دفعہ ۳ کے مطابق وہ صحیح قانون ہے اور اسی چیز کے پیش نظر یہ ٹیکس صحیح طور پر وصول کیا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں یہاں ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے بھی اپنے فیصلے کے اندر اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ قانون کے interpretation کے سلسلے میں دقت ضرور تھی اور فیصلے دیکھتے ہوئے ہم یہ محسوس کرتے رہے کہ یہ ایسا کیس نہیں ہے کہ ہم کسی فریق کے ذمہ حرجانہ یا خرچ کا بار جو مقدمہ کے سلسلے میں ہوا ہے اسے ڈالیں ۔ کیوں کہ اسی قانون کے interpretation میں دقت تھی ۔ اور واقعہ بھی یہی ہے کہ مغربی پاکستان ہائی کورٹ نے فیصلہ حکومت کے حق میں دیا ہے کہ Municipal Committee کو اس بات کا اختیار حاصل ہے کہ وہ Terminal Tax وصول کرتی رہے ۔ اس میں اختلاف رائے ضرور ہو سکتا ہے ۔ یہ بات درست ہے کہ عدالت اس بارے میں یہ نتیجہ نکال سکتی ہے ۔ میں آپ کی اجازت سے سپریم کورٹ کے فیصلے کی دو لائین پڑھکر سنانا چاہتا ہوں ۔ باقی فیصلہ دینے کے بعد جج صاحبان ارشاد فرماتے ہیں ۔

"But in view of the fact that the question of interpretation of the provisions of Ordinance involved was not entirely free from difficulty, was made no order as to costs."

یہ میں عرض کروں گا کہ یہ چیز اس حد تک جاتی ہے ۔ جہاں تک کہ اس ٹیکس کے نفاذ کا تعلق ہے وہ اپنی جگہ ہے۔ لیکن جہاں تک قانون کا تعلق ہے اس کے مطابق وجوہات کارپوریشن کے سامنے تھے۔ اور کارپوریشن نے یہ ٹیکس ضروری سمجھا ۔ لیکن اس کے برعکس سپریم کورٹ نے اس کو نا درست سمجھا۔ اور ہمارے آئین کے مطابق قانون وہی ہوگا جو آخری رائے سپریم کورٹ نے دی ہے کہ ہائی کورٹ اور گورنمنٹ کا interpretation غلط ہے۔چنانچہ سپریم کورٹ کا interpretation صحیح کیا گیا ہے اور یہ فیصلہ ایک technical ground پر ہوا ہے ۔ رقم خرچ کی جا چکی ہے ۔ سارے مغربی پاکستان میں octroi tax وصول ہو رہا ہے اور اس غلطی کے بارے میں ہائی کورٹ نے غلط نہیں سمجھا ہے ۔ ہمارے دوست یہ چاہتے ہیں کہ وہ دس کروڑ روپیہ جو کارپوریشن ٹیکس کی صورت میں وصول کرکے مختلف مدات پر خرچ کر چکی ہے اسے واپس لے لیا جائے۔ لیکن آپ اس کی عملی دقتوں کو بھی ملاحظہ فرمائیے ۔ قانون عوام کے مفادات کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ قانون کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ عوامی ادارے عوام کی بھلائی کے لئے taxes وصول کرکے خرچ کریں تو technical ground یہ جس کی تفصیل میں نے عرض کر دی ہے اس ground پر یہ چاہتے ہیں کہ وہ روپیہ جو خرچ کیا جا چکا ہے اس کے سلسلے میں کارپوریشن کو ایسی مشکل میں ڈالا جائے کہ وہ دس کروڑ روپیہ کراچی کے عوام کو واپس کریں۔ اور یہ کسی حیثیت سے اس بنیادی بات سے اختلاف نہیں کیا جا سکتا ہے یہ رقم جو وصول کی گئی ہے اس کی وصول کرنے والی authority سپریم کورٹ کے فیصلے کے

مطابق vaild نہ تھی ۔ وہ رقم جس نیت سے وصول کی گئی تھی اس رقم کو لوگوں کے مفاد پر خرچ کیا جا چکا ہے ۔ اور اب اگر رقم واپس کر دی جائے تو دیکھنا یہ ہے کہ عوامی اداروں کو اس سے فائدہ پہونچے گا یا نقصان پہونچے گا ۔ ہو سکتا ہے کہ بہت سے افراد جنہوں نے معمولی معمولی رقوم جیسے ۲ آنے چار آنے ۔ ایک روپیہ دو روپے یا دس روپے دئیے ہیں وہ اس رقم کو claim نہ کریں ۔ مگر claim وہ کریں گے ۔ جنہوں نے کئی کئی لاکھ روپیہ ان کو taxes کا دینا پڑا ہوگا ۔ صرف ان افراد کے لئے مجموعی طور پر کراچی کے ۲۵ لاکھ عوام کو نقصان پہنچانے کو حزب اختلاف شاید مناسب سمجھتی ہو لیکن حکومت کے نزدیک جب مجموعی طور پر عوام کے مفاد کا تعلق ہوگا تو افراد کے مفاد کو نظر انداز کرنا پڑے گا ۔ اس کے بغیر عوام کے مجموعی مفاد کا تحفظ نہیں ہو سکتا ۔ آئین کے مطابق افراد کے حقوق کی حفاظت بھی ضروری ہے لیکن عوام کے مجموعی حقوق کے پیش نظر افراد کے حقوق کو قربان کرنا پڑے گا ۔ میں ان کے اس اصول سے اختلاف رکھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ انہوں نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ اگر یہ لیجسلیچر اس آرڈیننس کو منظور کر لے گی تو اس سے عدالت کے وقار کو نقصان پہنچے گا میں سمجھتا ہوں کہ یہ عدالت کے وقار کا نقصان نہیں بلکہ اس سے اس کے وقار میں اضافہ ہوگا ۔ جب تک اسمبلی اسے approve نہ کرے اور تائید نہ کرے اور حکومت کو اختیار نہ دے اس وقت تک ہم مجبور ہوں گے کہ ہم ان کو ان کی رقوم واپس دے دیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

لیکن اگر یہ اسمبلی اختیار دے دیتی ہے اور آرڈیننس پاس کر دیتی ہے تو اس صورت میں رقوم واپس کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ یا اگر عدالت یہ فیصلہ نہیں دیتی تو کوئی وجہ ایسی نہیں تھی کہ ہم یہ آرڈیننس ایوان میں لاتے۔ یہ ایوان عوام کا ہے اور سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے ہم اس کے احترام کے طور پر یہ Piece of Legislation یعنی یہ آرڈیننس ایوان کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں اور جہاں تک حکومت کا تعلق ہے ہر موقع پر عدالت عالیہ سپریم کورٹ یا جتنی بھی عدالتیں ہیں اس حکومت نے ان کے فیصلوں کا احترام کیا ہے اور احترام کرے گی ۔ اس حکومت نے عدالت کے وقار کو بلند سے بلند تر کرنے کی کوشش کی ہے اور میرے فاضل دوست جو یہ تاثر دیتے ہیں کہ حقائق حقائق نہیں ۔ ان کے ایسا کہہ دینے سے حقائق حقائق سے دور نہیں ہو جاتے ۔

جناب والا ۔ اس وقت تک جتنی بحث ہوئی ہے اس ساری بحث میں صرف ایک بات ایسی ہے جس میں وزن ہے ۔ باقی تمام باتیں افراد کے بارے میں ہیں اس لئے ہم انہیں زیر بحث نہیں لاتے ۔ حکومت کے ملازمین میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو بے ایمانی کرتے ہیں لیکن ان میں سے ایسے بھی ہیں جو ایماندار ہیں ۔ ان میں اچھے بھی ہیں ۔ ان میں برے بھی ہیں جو بعض دفعہ بے ایمانی کرتے وقت پکڑے جاتے ہیں اور سزا پاتے ہیں ۔ بعض اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ جرم کرکے قانون کے شکنجے سے اپنی چالاکی سے نکل جاتے ہیں ۔ اگر کوئی شخص بے ایمانی کرتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ سارا ادارہ خراب ہے یا آپ کا یہ نظام خراب ہے ۔

اگر آپ کہتے ہیں کہ وہاں کچھ نہیں ہوا تو وہاں کئی سو میل لمبی سڑکیں کیسے بن گئیں ؟ اتنے ہسپتال کیسے چل رہے ہیں ؟ کیا سارا روپیہ خرد برد ہو گیا ہے جب کہ کارپوریشن نے ۲۵ لاکھ افراد کی صفائی کا انتظام کر رکھا ہے ؟ پھر بھی آپ کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہوا ۔ چالیس پنتالیس میل سے ۲۵ لاکھ افراد کے لئے کیسے پانی پہنچ رہا ہے ؟ ان تمام حقائق سے چشم پوشی کرنے سے اور آنکھیں بند کر لینے سے دو نقصانات ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ بات سننے والا یہ سمجھتا ہے کہ تنقید درست نہیں کی جا رہی ۔ اور محض مخالفت برائے مخالفت کی جا رہی ہے ۔ دوسرے تعمیری طور پر اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ اگر اچھے کو اچھا کہیں اور برے کو برا کہیں تو اس سے حزب اختلاف اور حکومت کی جماعت دونوں کو بہتر فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ یہاں ایک قانونی نکتہ اٹھایا گیا ہے اور خواجہ صاحب نے میری طرف سے ہی جواب دے دیا ہے وہ یہ کہ قانونی طور پر یہ آرڈیننس آئین اور قانون کے مطابق ہے ۔ اس نکتہ کو پیش کر کے خواجہ صاحب نے آپوزیشن کو آپوزیشن کی طرف سے ہی جواب دے دیا ہے ۔ ایک چیز جس کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کچھ وزن ہے وہ یہ کہ اگر ہم سے کوئی غلطی ہو تو اس کے اعتراف کرنے میں کوئی حرج نہیں اس میں کوئی برائی نہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ انسانوں سے غلطیاں ہوتی ہیں ۔ جن لوگوں نے دانستہ بے ایمانی کی ہے ہم ان سے ضرور باز پرس کریں گے ۔ ساری بحث میں جو بات کام کی تھی وہ یہ

تھی کہ ۷ مارچ کو سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا اور ۱۳ اپریل کو گزٹ میں notify کیا گیا ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ جونہی یہ معاملہ میرے نوٹس میں آیا میں نے مناسب کارروائی کی ۔ ہو سکتا ہے کہ فیصلہ کے بعد کچھ دیر ہو گئی ہو اس وجہ سے کہ اس کو examine کرنا تھا یا یہ کہ کوئی way out کس طرح نکالا جائے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ جب یہ بات ہمارے علم میں آئی تو اس کے بعد ہم نے حتی الوسیع یہ کوشش کی کہ جلد از جلد notification جاری کر دیا جائے ۔ ہم نے جلد از جلد حالات کے مطابق کوشش کی اور ۱۳ اپریل کو notification جاری کر دیا ۔ اس کے باوجود میں یہ عرض کروں گا کہ اس بارے میں متعلقہ افسران سے باز پرس کروں گا ۔ کہ سات مارچ سے ۱۳ اپریل کے عرصہ کو کم سے کم کیا جا سکتا تھا ۔ جو ذمہ دار ہوں گے اور انہوں نے اگر دانستہ غلطی کی ہو گی ۔ یا جان بوجھ کر بدنیتی کے ساتھ ایسا کیا ہوگا تو ان کو قرار واقعی سزا دوں گا ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ جو باتیں مخالفت میں کہی گئی ہیں انہیں تسلیم کرنے کے بعد میرے فاضل دوستوں پر یہ بات واضح اور عیاں ہو جاتی ہے کہ سوائے ایک بات کے باقی باتوں میں کوئی وزن نہیں تھا ۔ ایک بات جو مذبح کے متعلق تھی اس کے بارے میں میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ کچھ عرض کروں ۔ کیونکہ یہ انفرادی مسئلہ تھا جس کے بارے میں وہ ایک سوال کے طور پر پوچھ سکتے تھے اور میں تفصیلات بتا سکتا تھا ۔ جہاں تک اس آرڈیننس کے بارے میں یہ

بات کہی گئی تھی میں یہ عرض کر دیتا ہوں کہ کارپوریشن کے متعلق ساری تفصیل حاصل کرکے میں نے عرض کر دی ہے ۔ اور جس بات کے متعلق محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم نے کوشش کی ہے کہ check کریں ان کا کہنا ہے کہ یہ حسن محمود کے متعلق نہیں ہے ۔ اس سلسلہ میں میں آپ کی خدمت میں صرف راوی کی روایت کے مطابق بات کر رہا ہوں اس کے علاوہ اور کوئی بات نہیں تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ اب تک بنک کا قرضہ نہیں دے سکے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

> **That the Assembly do approve of the Karachi Municipal Corporation Terminal Tax (Validation) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 30th August, 1967.**

The motion was carried.

Mr. Speaker : There is a notice for the disapproval of the Ordinance, it stands rejected.

The House is adjourned to meet again tomorrow, the 27th September, 1967, at 8.30 a.m.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p.m.) till 8.30 a.m. on Wednesday, the 27th September, 1967.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 8228)

Serial No.	Name	Posted at	Tenure of service	Educational qualifications	Terms and conditions of service
1.	Muhammad Shafi	Lahore	6th August 1960 to 31st December 1966.	Not known	One month's notice which was served, accordingly i.e., on the expiry of notice, services were terminated.
2.	Abdul Hamid Bhatti	Do.	Ditto	Ditto	Ditto
3.	Mehraj Din	Do.	27th July 1960 to 30th November 1966.	Ditto	One month's notice, but he was absent from duty, with effect from 1st November 1966 to 30th November 1966.
4.	Muhammad Silman	Do.	3rd October 1960 to 30th November 1966.	Matric	Ditto.
5.	Abdul Hamid Shah	Do.	1st January 1961 to 30th November 1966.	Not known	Ditto.

6.	Muhammad Islam	Do.	1st April 1961 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto.
7.	Mst. Azra Begum	Do.	24th July 1961 to 30th November 1966.	Ditto	At any time without notice.
8.	Ghulam Muhammad	Lahore	1st August 1961 to 30th November 1966.	Not known	At any time without notice.
9.	Abdul Aziz	Do.	10th October 1961 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
10.	Liaquat Hussain	Do.	12th December 1962 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
11.	Nasir Hussain	Do.	1st July 1963 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
12.	Zahur-ul-Haq	Do.	1st July 1963 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
13.	Abdul Hamid	Do.	1st December 1963 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
14.	Aemat Ullah	Do.	1st August 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
15.	Abdul Jabbar	Do.	1st September 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto

1	2	3	4	5	6
16.	Muhammad Rafi	Do.	1st October 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
17.	Miss Gul Afshan	Do.	1st October 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
18.	Muzaffar Hussain	Do.	16th November 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
19.	Irshad Ali	Do.	Ditto	Ditto	Ditto
20.	Muhammad Din	Do.	14th December 1964 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
21.	Liaqat Hayyat	Do.	1st January 1965 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
22.	Taj Din	Do.	1st May 1965 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
23.	Mrs. Mumtaz Begum	Do.	31st July 1965 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
24.	Muhammad Tufail	Do.	2nd August 1965 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto

25.	Miss Bilqees Kausar	Do.	15th September 1965 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
26.	Mrs. Niamat Bibi	Do.	1st March 1966 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
27.	Miss Azra Iffat	Do.	1st April 1966 to 30th November 1966.	Matric	Ditto
28.	Shaukat Ali	Do.	1st June 1966 to 30th November 1966.	Ditto	Ditto
29.	Miss Roshan Jan	Peshawar City	1st August 1964 to 15th September 1966.	Not known	Ditto
30.	Muhammad Yunus	D.I. Khan	1st November 1965 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
31.	Miss Nighar Yasmin	D.I. Khan	1st September 1965 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
32.	Mst. Munira	Gujrat	1st April 1966 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
33.	Abdul Latif	Lyallpur	1st August 1964 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
34.	Mst. Amir Bibi	Sahiwal	Ditto	Ditto	Ditto

1	2	3	4	5	6
35.	Ghulam Muhammad	Hyderabad	1st September 1966 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
36.	Khizar Hussain	Do.	1st March 1966 to 15th September 1966.	Ditto	Ditto
37.	Muzaffar Sultan	Larkana	11th August 1964 to 15th Septem-1966.	Ditto	Ditto
38.	Abdul Majid	Hyderabad	1st October 1966 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
39.	Muhammad Anwar	Do.	1st August 1965 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
40.	Sultan Ahmed	Do.	Ditto	Ditto	Ditto
41.	Rahim Bakhsh	Do.	1st September 1964 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
42.	Muhammad Aslam	Do.	1st March 1966 to 7th October 1966	Ditto	Ditto
43.	Ali Sher	Do.	1st March 1966 to 7th October 1966	Ditto	Ditto

44.	Abdul Wahab	Do.	1st October 1965 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
45.	Noor Muhammad	Do.	1st August 1965 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
46.	Abdul Aziz	Do.	1st August 1965 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
47.	Abdul Shakoor	Do.	1st March 1965 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
48.	A. Saeed Khan	Do.	1st August 1964 to 7th October 1966.	Ditto	Ditto
49.	Muhammad Ismail	Karachi	1st August 1962 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
50.	Abdul Aziz Ismailabad	Do.	1st November 1962 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
51.	Abdul Aziz Malmudabad	Do.	1st July 1966 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
52.	Muhammad Siddiq	Do	1st June 1965 to 15th October 1966.	VII Class	Ditto

1	2	3	4	5	6
53.	Mahmud Ahmad	Do.	1st August 1966 to 15th October 1966.	Not known	Ditto
54.	Abdul Rashid	Karachi	1st May 1966 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
55.	Muhammad Rafiq	Do.	1st July 1965 to 15th October 1966.	Ditto	Diito
56.	Muhammad Aslam	Do.	1st March 1966 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
57.	Muhammad Shafi	Do.	1st January 1963 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
58.	Allah Ditta	Do.	1st August 1966 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
59.	Masood Ahmad	Do.	1st April 1965 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
60.	Basharat A. Khan	Karachi	1st September 1964 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
61.	Shahid Mahmud	Do.	1st August 1964 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto

62.	Abdul Mateen	Do,	1st February 1964 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
63.	Nawab Ali	Do.	1st May 1963 to 15th October 1965.	Ditto	Ditto
64.	Dad Muhammad	Do.	1st July 1965 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto
65.	Mehr-un-Nisa	Do.	1st September 1962 to 15th October 196 .	Ditto	Ditto
66.	Mushtaq Ahmad	Do.	1st April 1964 to 15th October 1966.	Ditto	Ditto

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 8272)

AGENCY-WISE ALLOCATION IN RESPECT OF FRONTIER REGIONS-ANNUAL DEVELOPMENT PROGRAMME 1966-67

		Rs.	
1.	Water and Power	46.48	lacs
2.	Agriculture	13.53	"
3.	Animal Husbandry	6.49	"
4.	Fisheries	2.22	"
5.	Forest	14.37	"
6.	Industries	4.62	"
7.	Education	28.68	"
8.	Health	15.30	"
9.	Transport and Communications	25.47	"
10.	Rural Works Programme	35.67	"
	Total :—	192.83	lacs.

(Rupees in lacs.)

Sr. No.	Name of the Schemes	Total provision for 1966-67
1	2	3
	(I) WATER AND POWER	
1.	Survey and Investigation in Frontier Regions	3.50
2.	Survey and Investigation of miscellaneous irrigation schemes in Frontier Regions of Dera Ismail Khan Division	1.51
3.	Improvement of existing schemes and construction of minor new schemes in Frontier Regions	3.50
4.	Construction of sub-surface weir at the head of Shakarzal vial and protection of existing vial near its head reaches against the action of Tochi river	0.75
5.	Shaki Khaisora Plain irrigation scheme	1.00
6.	Construction of sub-surface weir in Khaisora River at the head of Bichi Keshki	0.50
7.	Bara River Canal scheme	18.00
8.	Gandigar irrigation scheme	7.00
9.	Mallana irrigation scheme in Kurram Agency	3.50
10.	Morilasht irrigation scheme in Chitral State	1.93
11.	Bakra-bad irrigation scheme	1.25
12.	Kot Lift irrigation scheme	0.43
13.	Tarai lift irrigation scheme	0.12

1	2	3
14.	Tube-well irrigation scheme (Idak and Khaijuri Plain)	2.26
15.	Improvement to existing irrigation scheme in North Waziristan Agency	0.50
16.	Improvement to existing irrigation scheme in South Waziristan Agency	0.50
17.	Construction of sub-Divisional office at Miran Shah	0.23
	Total Water & Power :—	46.48
	(2) AGRICULTURE	
1.	Scheme for reclamation and development land in Frontier Region	8.00
2.	Establishment of fruit Nursery Farms at Rang Mahala, Malakand Agency	0.10
3.	Establishment of fruit Nursery Farms and Community Processing Centre at Chitral	0.19
4.	Establishment of Fruit Nursery Farm at Miran Shah (North Waziristan Agency)	0.09
5.	Scheme for the Control of Insect pests and Fungal disease (pesticides or equipment to be supplied in addition)	3.24
6.	Award of scholarships to Agricultural Students	0.19
7.	Scheme for the establishment of Fruit Plants and Vegetable Farms in Dir State	0.25
8.	Establishment of Five Fruit Nursery Farms in Frontier Region	0.33

1	2	3
9.	Establishment of Fruit Nursery Farms at Wana	0.08
10.	Establishment of Agricultural Farm and office of E.A.D.A., at Battagram	
11.	Establishment of Fruit Nursery Farm in Gadoon Merged Area in Mardan District	0.13
12.	Award of scholarship to tribal students of Peshawar tribal area	0.12
13.	Establishment of Fruit Nursery Farms at Paikhel Tehsil, Datta Khel, North Waziristan Agency	0.12
14.	Establishment of Fruit Nursery Farm at Darsonda for Sherani Town Area attached to D.I. Khan District	0.09
15.	Establishment of Fruit Nursery Farm at Jandola (South Waziristan Agency)	0.09
16.	Award of Scholarships to Tribal Agriculture students in Dera Ismail Khan Tribal Area	0.07
	Total Agriculture :—	13.53
	(3) ANIMAL HUSBANDRY	
1.	Mass Multiplication of Sheep Breeding in Frontier Regions	0,84
2.	Extension of Cattle Breeding in Frontier Regions	0.75
3.	Extension of Veterinary Aid in Frontier Regions	1,21
4.	Extension of Veterinary Aid in Dir State	0.39

1	2	3
5.	Grant of Scholarship for B.Sc (A.H.) Degree Course in Frontier Regions	0.14
6.	Mule and Pony Breeding in Frontier Regions	0.17
7.	Construction of Civil Hospitals and Dispensaries in Frontier Regions (11 Hospitals & 10 Dispensaries)	1.02
8.	Mass Multiplication of Wazirni Sheep Breeding in Frontier Regions	0.48
9.	Extension of Cattle Breeding in Frontier Region	0.20
10.	Extension of Veterinary Aid in Frontier Region	0.87
1.	Grant of Scholarships for B.Sc (A.H.) Degree Course in Frontier Region	0.06
12.	Mule and Poney Breeding in Frontier Region	0.03
13.	Opening of Civil Veterinary Hospitals at Nihapani and Bcari (Merged Area of Hazara District)	0.22
14.	Grant of Scholarships for B.Sc. (A.H.) Degree Course	0.07
15.	Grant of Scholarships for B.Sc. (A.H.) Degree Course in Frontier Region	0.04
	Total Animal Husbandry :—	6.49

1	2	3
	(4) FISHERIES	
1.	Development of Fisheries in Warsak Dam	1.38
2.	Development of Trout Culture Swat State	0.38
3	Development of Trout Culture in Chitral State	0.29
4.	Development of Fisheries in Kurram Agency	0.17
	Total Fisheries :—	2.22
	(5) FORESTS	
1.	Afforestation and conservation in Frontier Region	0.98
2.	Preparation of Inventories of Chitral, Swat and Indus Kohistan Forests	0.78
3.	Setting up of Forest Nurseries in Frontier Region	0.55
4.	Appointment of a Divisional Forest Officer for North and South Waziristan Agencies with staff	0.29
5.	Continuance of Dir Forest Division	2.34
6.	Construction of one hundred miles road in Dir & Chitral	3.66
7.	Creation of Chitral Sub-Division	0.46
8.	Afforestation Range Managements & Road-side Plantations	1.09
9.	Raising of Nurseries in Frontier Regions	0.30
10.	Raising of Nursery over 7½ Acres in merged area, Abbottabad	0.15

1	2	3
11.	Development of Forestry in Upper Tanawal, merged area in Siran Forest Division	1.23
12.	Development of Forestry in Merged Area of Mardan District	0.61
13.	Construction of Inspection Huts and Sazin Talkot Plas and Bridle Path from Nara Obum passing through 4 Spot-gali	0.48
14.	Construction of Inspection Huts and Residential Building for Staff in Merged Area of Hazara Distt.	0.60
15.	Construction of Bridle Path in Merged Area in Hazara District covering a stretch of 70 miles in Hillan, Jabbar, Kari and Nandhar	0.85
	Total Forests :—	14.37

(6) INDUSTRIES

1.	Training Centre for Patti making at Swat State	1.25
2.	Training Centre for Patti making at Dir State	1.05
3.	Training Centre for Drugget making at Dir State	1.62
4.	Construction of buildings for woollen and silk Centre at Miranshah	0.50
	Total Industries :—	4.62

1	2	3
	(7) EDUCATION	
1.	Upgrading of 12 middle schools to high standards and construction of additional accommodation	1.14
2.	Opening and construction of 80 primary schools in Frontier Regions, Peshawar	1.00
3.	Upgrading and construction of lower middle school buildings D.I. Khan	0·08
4.	Opening and construction of 50 primary school buildings in D.I. Khan Division	1.00
5.	Upgrading of 18 primary lower middle schools in D.I. Khan Division and construction of additional rooms and purchase of equipment (4 each year)	1.70
6.	Construction of building and Boarding House for G.I.C. Miranshah and purchase of equipment	1.00
7.	Construction of 6 primary schools Frontier Regions, Peshawar	1.00
8.	Upgrading of 7 primary lower middle schools to middle status in the Agencies of Peshawar Division	0.70
9.	Opening & construction of 4 primary schools in Merged Area	0.60
10.	Construction of 15 Primary Schools in merged area of Peshawar Division	1.00
11.	Upgrading of two primary schools to middle standard	0.77

1	2	3
12.	Upgrading of one middle school to high status	0.56
13.	Construction of building and purchase of equipment for 3 high schools	0.50
14.	Construction of building for Degree college at Aghana	3.00
15.	Construction of 30 primary schools in Frontier Region	1.00
16.	Award of scholarship for tribal students	13.13
17.	Construction of buildings for Government High School, Batkhola	0.50
	Total Education :—	28.68

(8) HEALTH

1.	Construction of 3 hospitals at Louara Miana, spin and Navol Killi	0.27
2.	Construction of one dispensary of Type V and 2 Type VI quarters at Parwana	0.37
3.	Construction of one dispensary of Type V and three Type VI quarters at Parwana	0.30
4.	Anti-malaria organization	0.60
5.	Training of 55 tribal boys as Compounders	0.33
6.	Construction of hospitals and staff quarters at Dogra Picquet Khyber Agency	0.48
7.	Construction of T.B. Wards and Clinic in the existing Hospital at Drash	0.80
8.	Construction of 45 dispensaries in Agencies/ Frontier Region of Peshawar Division	2.60

1	2	3
9.	Purchase of equipment for 100 bedded T.B. Sanatorium at Razmak	3.36
10.	Construction of a hospital at Shewa	0.59
11.	Construction of class one Banglow, 3 class II Banglow, 12 Class III Type Quarters and 12 Class IV quarters at B-Ward	0.50
12.	Construction of 30 bedded General Hospitals at Miranshah	2.24
13.	Construction of two primary health centres with 6 sub-centres in Dir State	0.50
14.	Construction of Referred Hospital at Temagarh	0.40
15.	Construction of 40 bedded hospital at Samana	0.08
16.	Purchase of equipment for Referred Hospital Timergarh (Dir State)	0.63
17.	Purchase of Ambulance cars for District Headquarters Hospitals	0.54
18.	Provision of Ambulance cars for Agency Headquarters Hospitals	0.36
19.	Purchase of equipment for Civil Hospital, Spin (South Waziristan)	0.11
20.	Purchase of equipment for Civil Hospital Shewa	0.08
21.	Purchase of equipment for Civil Hospital Spinwam	0.10
22.	Purchase of equipment for Civil Dispensary Parwana (D.I. Khan)	0.03
23.	Purchase of equipment for Civil Dispensary, Morga (D.I. Khan)	0.03
	Total Health :—	15.30

1	2	3
	(9) TRANSPORT AND COMMUNICATIONS	
1.	Construction of Black Top Road from Junction of Peshawar Michni Abazai, Road mile 20 to 28 Yousaf Khel Village	1.75
2.	Construction of shingle Road connecting Loi Agra village with Kulagin (Malakand Agency 2 miles)	0.56
3.	Construction of shingle road from Oghana Chirat to Pillai	2.40
4.	Construction of Black Top road from Ch. Kadaro to Temergarh	2.00
5.	Improvement to Jandola-Razmik Road in South Waziristan	1.84
6.	Construction of road from Gandaf to Kapgani	1.10
7.	Construction of Road from Topi to Malik Kaddi	0.33
8.	Construction of Road from Kapgani to Utla	2.00
9.	Improvement and metalling patderband Samana Road in the Kohat Frontier Region	1.00
10.	Construction of shingled Road from Khar to Zorlueder Nawagai	1.40
11.	Improvement of chakdaro Thana Road including by pass Road in Thana Bazar	1.20
12.	Construction of Kuza Banda-Battagram Road (Merged Area of Hazara Distt)	0,94

1	2	3
13.	Construction of Road from Battagram to Thakot in Kohistan Area	2.00
14.	Construction of Dilbori Kuza Banda Road (Merged area of Hazara District)	2.00
15.	Construction of Black Top Road from Chatter Plains to Battagram (14 miles)	2.00
16.	Widening, Soling, metalling and Surfacing Orghai-Shergar Darban Road	1.00
17.	Construction of link Road from Miranshah Bannu Road to Village Miranshah (2 miles)	0.45
18.	Construction of shingle Road from Wana to O.B.A. (12 miles)	0.50
19.	Improving, soling, metalling and surfacing Bannu Daryoba Road taking off from mile 76/6 Kohat-Bannu Road (12 miles).	1.00
	Total : Transport & Communications :—	25.47

APPENDIX

(Ref : Starred

ماھنامے مغربی پاکستان (۱۹۶۶–۶۷)

پرنٹرز روز نامہ جات	ایڈیٹر	مقام اشاعت
غالب لطیف لطیف پرنٹنگ پریس جیکب آباد	غالب لطیف	قائد اعظم روڈ جیکب آباد
پٹیناوحی ڈیٹ بوائے البرٹ پریس کوئٹہ	مولانا عبدالکریم	عبدالکریم روڈ کوئٹہ
امان اللہ خان آفشاں پرنٹنگ پریس رحیم یار خان	مصطفے صادق	شاھی روڈ رحیم یار خان
جان محمد وطن پرنٹنگ پریس لاھور	قاضی محمد شفیع	گوندلاں والہ روڈ گوجرانوالہ
فاروق احمد محکم آرٹ پریس ملتان	فاروق احمد	حرم گیٹ ملتان
ملک کے اے خورشید پکار پرنٹنگ پریس لائل پور	ریاست علی آزاد	پاک پبلشرز ریلوے روڈ لائل پور

III

Question 8362)

فہرست اخبارات روز نامے، ہفتہ وار

نمبر شمار	نام اخبار	نام پبلیشر/مالک
۱	سارنگ	غالب لطیف
۲	میزان	مولانا عبدالکریم
۳	وفاق	مصطفےٰ صادق
۴	تحفہ	ڈاکٹر محمد سرور
۵	نوائے ملتان	حکیم فاروق احمد اوسی
۶	ڈیلی مارکیٹ رپورٹ	ملک کے اے خورشید

۴	۵	۶
(۱) نسیم ہمایوں تعمیر پرنٹنگ پریس راولپنڈی	ریاض ہمایوں	ریلوے روڈ لاہور
(۲) شیخ نیاز احمد علمی پرنٹنگ پریس لاہور		
ہفتہ وار		
منظور احمد خان جاوید پریس کراچی	میر خلیل الرحمان	ہنرز روڈ میکلوڈ روڈ کراچی
ایس ایم یوسف ویژن پبلکیشنز لمیٹڈ کراچی	نصیرالدین	کوتھاڑی مینشن ۱ فلور ورکٹوریہ روڈ کراچی
مشتاق احمد بسنیں پرنٹرری کراچی	—	۵۸/۱ شاکر پور کالونی کراچی
مسعود اشہر امروز پرنٹنگ پریس ملتان	ظہور احمد	محلہ چاہ فتح خان بہاولپور
شاہد اسحاق 'پرنٹرز کارنر' کراچی	—	بھدی ہاؤس میکلوڈ روڈ کراچی
ظہیرالدین استقلال پریس لاہور	قمر جاوید	بیڈن روڈ لاہور

۱	۲	۳
۷	تعمیر	نسیم ہمایوں

۱	اخبار جہاں	میر خلیل الرحمان
۲	افریشیا کراچی بازار	نصیرالدین
۳	کراچی افریشیا	حکیم حافظ محمد سعید
۴	دستور	ظہور احمد
۵	کراچی روٹرین	محمد حنیف
٦	بچے بالے	سید محبوب غزنوی

۴	۵	۶
چوھدری رشید احمد مکتبہ جدید پریس لاھور	جی ڈی بھٹی	۴۴۸ بی سٹیلایٹ ٹاؤن گوجرانوالہ
مسلم حسن زیدی پنجاب نیشنل پریس لاھور	عبداللہ بٹ	۸ السیر داس بلڈنگ میکلوڈ روڈ لاھور
عبدالحمید سیٹھی لائل پور نفیس پریس لائل پور	غلام رسول	ٹوبہ ٹیک سنگھ
عزیز الرحمان پاکستان آرٹ پریس لائل پور	اے - کے مسکین	بھوانہ بازار لائل پور
ایضاً	محمد امین ضیا	عوامی ھاؤس کچہری بازار لائل پور
ضیا اللہ ثنائی ثنائی برقی پریس سرگودھا	امان اللہ اختر سلیم	مکان نمبر ۳۵/۴۵ بلاک نمبر ۹ سرگودھا
خواجہ انصار اللہ انصار آرٹ پریس سرگودھا	تاج الدین حقیقت	بلاک نمبر ۲۰ سرگودھا
عبدالمجید صابر لائل پور پورنفیس پریس لائل پور	جی این بروپز	۲۴۹/سی پیپلز کالونی لائل پور

۱	۲	۳
۷	دستگیر	جی ڈی بھٹی
۸	حرف و حکایات	عبداللہ بٹ
۹	نوائے ٹوبہ	غلام رسول
۱۰	نشانہ	اے ۔ کے مسکین
۱۱	نوائے پاکستان	محمد امین ضیا
۱۲	نوائے سرگودھا	امان اللہ اختر سلیم
۱۳	پاسبان جدید	تاج الدین حقیقت
۱۴	پارس	جی ایں پرویز

۴	۵	۶
راجہ غلام قادر فیض الاسلام پریس راولپنڈی	شیخ فقیر حسین	ایم-۹۵۳ گلی نمبر ۴۲ امان پورہ راولپنڈی
ضیا اللہ ثنائی ثنائی برقی پریس سرگودھا	زیڈ یو خان	کچہری بازار سرگودھا
فاروق احمد اوسی محکم آرٹ پریس ملتان	ایم - ار روحانی	ایبہ مظفر گڑھ
آغا شورش کشمیری چٹان پرنٹنگ پریس لاہور	مصطفےٰ صادق	۸۸ میکلوڈ روڈ لاہور
شیخ محمد اشرف اشرف پریس لاہور	محمد داؤد	۳۱ لال چند سٹریٹ ایبک روڈ لاہور
شیخ ناصر محمود ایملگامیٹڈ پریس سیالکوٹ	خلیفہ محمد سعید	آلومہارا ڈاک خانہ خاص ضلع سیالکوٹ
ظہیر الدین استقلال پریس لاہور	مسعود الحسن	محکمہ بنیادی جمہوریت سول سیکرٹریٹ مغربی پاکستان لاہور
شیخ محمد اشرف اشرف پریس لاہور	ڈاکٹر محمد اقبال	کرشن گلی ریلوے روڈ لاہور

۱	۲	۳
۱۵	ریاست	شیخ فقیر حسین
۱۶	سرگودھا ٹائمز	زیڈ یو خان
۱۷	سنگ میل	ایم ار روحانی
۱۸	زندگی	مصطفےٰ صادق
۱۹	لڑکپن	محمد داؤد
۲۰	محور حیات	خلیفہ محمد سعید
۲۱	نظام نو	مسعودالحسن
۲۲	مخزن ہومیو پیتھی	ڈاکٹر محمد اقبال

۴	۵	۶
خواجہ محمد اقبال اقبال پرنٹنگ پریس سیالکوٹ	محمد اقبال	اڈہ شہباز خان سیالکوٹ
راجہ غلام قادر فیض اسلام پریس راولپنڈی	خواجہ ظفر حسین	گنج منڈی راولپنڈی
محمد ایوب سرور پاکستان الیکٹرک پریس لائل پور	محمد امین احمد	۱۸۶ سرکلر روڈ لائل پور
عطا اللہ خان پاکستان الیکٹرک پریس گجرات	حکیم سید ارشاد	کورٹ روڈ گجرات
غلام جیلانی نیازی نیازی پرنٹنگ پریس لاہور	مسماۃ زبیدہ سلطانہ	احمد لاج راوی روڈ لاہور
ضیا اللہ ثنائی ثنائی برق پریس سرگودھا	مسماۃ مسرت جعفری	بلاک نمبر ۱۶ سرگودھا
مسعود علی پنجاب آرٹ پریس لاہور	مسعود علی	۵۔سیکلوڈ روڈ لاہور

۱	۲	۳
۲۳	پیام اقبال	خواجه محمد اقبال
۲۴	پیامی	خواجه ظفر حسین
۲۵	پاکستان آٹو موبائیل	محمد امین احمد بی ۔ اے
۲۶	شرافت	حکیم سید ارشاد
۲۷	شباب اردو	مسماۃ زبیدہ سلطانہ
So, this is a matter which is the exclusive reponsibility of the Centre. In this particular case, the goods were deposited in the godowns of the Postal Department which, again, is not the concern of the Provincial Government and they are not, directly or indirectly, concerned with it. What is more, on humanitarian grounds, we have tried to ascertain as to whether the Industries Department have been approached in this particular case or not because, after all, some help is to be given when the department is approached and I have got it in writing on the authority of the Industries Department that, to the best of their knowledge and belief, none of the exporting houses concerned had approached the department or the West Pakistan Small Industries Corporation to use their good offices for obtaining adequate compensation from the Postal Authorities. The Industries Department have further stated that though a person aggrieved by the action of Postal Authorities is expected to deal directly with the Postal Authorities but if the exporters had approached the department they would have viewed their distress with sympathy. The department says that they are not aware of this case and they say categorically that they have not been approached. It is, therefore, primarily not the responsibility of the Provincial Government and this is a matter which appropriately falls within the jurisdiction of the Central Government. I would request that this motion may be ruled out of order.

خواجہ محمد صفدر - میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں - میں یقین کے ساتھ یہ تو نہیں کہہ سکتا ہوں کہ محکمہ صنعت کو کوئی درخواست یا کوئی خط یا کوئی چٹھی ان صنعتکاروں نے لکھی ہے یا نہیں ، لیکن میں یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ میں نے بذات خود گورنر صاحب کی خدمت میں یہ معروضات پیش کی ہیں کہ سیالکوٹ کے صنعتکاروں کو جو بھاری نقصان پہنچا ہے ، صوبائی حکومت اس میں دلچسپی لے کر مرکزی حکومت کے ساتھ ان کی کوئی مفاہمت کرا دے یا کوئی تصفیہ کرا دے -

جناب والا ۔ چونکہ اخبارات میں یہ بات آئی تھی اور شاید آپ کی نظر سے بھی گذری ہو کہ جسقدر لکڑی یا چمڑے کا سامان کراچی میں بر آمد کرنے کی غرض سے موجود تھا ، وہ تمام کا تمام بیکار ہو گیا ہے ۔ چمڑے کا مال تو صرف تعفن کا گھر بن گیا ہے اور لکڑی کے مال کو چونکہ سریش سے جوڑا جاتا ہے اس لئے وہ تمام کا تمام کھل گیا ہے اور وہ تمام مال ایک کوڑی کا بھی نہیں رہا اور میں یہ بات صحیح لفظاً اور معناً عرض کر رہا ہوں ۔ اس لئے میں نے خود گورنر صاحب کی خدمت میں استدعا کی تھی کہ صوبائی حکومت اس امر سے بخوبی آگاہ ہے مگر صوبائی حکومت اس امر میں دلچسپی نہیں لے رہی ۔ اخبارات میں بھی اس کے بارے میں آ چکا ہے البتہ یہ ضرور ممکن ہے کہ ان تک میری درخواست نہ پہنچی ہو ۔ یہ میں نہیں کہہ سکتا ۔ لیکن یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ میں نے خود گورنر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر استدعا کی تھی ۔ اس لئے جناب وزیر قانون کا ارشاد اس حد تک تو درست نہیں ہے ۔ اس کے بعد محترم وزیر قانون نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ پوسٹل ڈیپارٹمنٹ مرکزی حکومت کا محکمہ ہے ۔ میں خود بھی اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ پوسٹل ڈیپارٹمنٹ صوبائی حکومت کا محکمہ نہیں ہے ۔ اور نقصانات کا معاوضہ دینے کی ذمہ داری تو پوسٹل ڈیپارٹمنٹ پر عائد ہوتی ہے مگر چونکہ صوبے میں پھیلی ہوئی صنعتوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری صوبائی حکومت کی ہے ، اس لئے آپ اپنے good offices کے ذریعے مرکزی حکومت پر یہ زور دیں کہ وہ ان صنعتکاروں کے نقصانات کا مناسب معاوضہ دیں ۔ اس کے علاوہ تیسری بات جناب وزیر قانون نے یہ ارشاد فرمائی ہے کہ برآمد کا کام تمام تر مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ذمہ داری مرکزی حکومت ہی کی ہے ۔ لیکن مرکزی حکومت

کا کام صرف اس حد تک ہے کہ اس نے برآمدات کو کس طرح سے regulate کرنا ہے ۔ ان کا کام یہ نہیں ہے کہ اگر میں فٹ بال بناتا ہوں تو مجھے مرکزی حکومت یہ کہے کہ آپ سیالکوٹ میں بیٹھے ہوئے فٹ بال کیوں بنا رہے ہیں یا یہ کہ کیسے بنا رہے ہیں ۔ وہ مجھے یہ نہیں کہہ سکتے ۔ البتہ جب وہ مال ملک سے باہر برآمد کیا جائے گا تو مرکزی حکومت سٹیٹ بنک کے ذریعے مجھے ایک قاعدے کے تحت چلانے کی کوشش کرے گی کہ میں کس طریقے سے مال برآمد کروں ۔ مرکزی حکومت برآمد کو regulate کرتی ہے ۔ اس کے سوا صنعت کے ساتھ مرکزی حکومت کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں صوبائی حکومت پر بھی فرض عائد ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker: The matter proposed to be discussed in this adjournment motion is a Central subject and the responsibility of the Provincial Government is not involved. The motion is, therefore, ruled out of order.

FAILURE OF THE GOVT. TO PROVIDE RELIEF TO THE INHABITANTS OF KARACHI WHO SUFFERED DUE TO HEAVY RAINS

Mr. Speaker: Next motion, please.

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to ask for leave to move a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Government to give adequate relief to the millions of the inhabitants of Karachi who suffered untold misery and deprivations due to the record heavy rains in July last. Their houses, including household goods, were washed away and many precious lives were lost. This failure of the Government has caused widespread discontentment among the public of the Province.

Mr. Speaker: A similar motion (No. 3) on the same subject has already been disposed of yesterday.

Next motion please.

THE ARREST AND DETENTION OF MAULANA ABDUL QADIR QASIMI

Khawaja Muhammad Safdar: I beg to ask for leave for making a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the arrest and detention of Maulana Abdul Qadir Qasimi, Nazim-i-Aala Jamiat-ul-Ulema-i-Islam for two months has perturbed the minds of the public of the Province.

Mr. Speaker: I think, there is a similar motion given notice of by Malik Muhammad Akhtar, who may also ask for leave to move it.

Malik Muhammad Akhtar: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the arrest and detention of Maulana Abdul Qadir Qasimi, Nazim-e-Aala, Jamiat-ul-Ulema-e-Islam. The news of arrest of Maulana, a renowned religious leader, has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Qazi Fazlullah Obaidullah): I oppose it. Sir, this motion is neither of urgent public importance nor of recent occurrence. The factual position is that this Maulana belongs to Multan and in July last he, alongwith three others, attended a meeting of 'Seerat-un-Nabi' and on this solemn and sacred occasion he delivered a speech which was very violent in nature. This Maulana used very filthy language not only about the President but also about all the rulers of the Province.

I was submitting Sir that in the speech he used very filthy language. He ascribed all the social evils to the policies of the West Pakistan Government. This speech was examined by the Law Department and it was thought that it was very objectionable and it was decided that action, some preventive action should be taken. So, on the strength of that, the Deputy Commissioner took action under Section 32 of the Defence of Pakistan Rules for which he was competent to do so, as such powers have been delegated to him by the Provincial Government and to the Provincial Government by the Central Government. The warrants for the arrest were issued on 24th July; he has been released since then. He was detained in Jail only for two months.

Mr. Speaker: When was he released?

Minister for Home: On 23rd September, Sir.

Mr. Speaker: What is the date of arrest?

Minister for Home: Sir, the date of arrest is somewhere in the beginning of August though the order of arrest was issued on 24th July.

He was detained in the Jail and was treated very well and was given

'B' Class. He applied from the Jail that he should be given Maintenance Allowance for his family.

Sir, my submission is this that speeches like this, of which I have got a verbatim report and the Law Department and myself have gone through it very carefully, should not be allowed to go without an action being taken especially when there exists a state of emergency. Therefore, Sir, a preventive action was necessary in order to discourage the other speakers as well from indulging in the luxuries of speaking in such a violent manner. And his arrest has not created any resentment anywhere.

And with your permission Sir, I will read an application which he addressed to the High Court. It is a very interesting passage ; in this he says that he does not belong to the Opposition and that,

میں نے اقتدار کا ساتھ نہیں دیا اور اسلام اور جمہوریت
کا کھوکھلا نعرہ لگا کر اقتدار پر قبضہ نہیں جمایا ۔
اسی طرح میں حزب اختلاف میں شامل نہیں ہو سکا ۔

He is a man of that type. He further says that he lives on preaching and that's how he makes his livelihood and that's why some Maintenance Allowance should be given to his family. So Sir, his speech was very objectionable and it could not be allowed to go without any action being taken against him. So the action was taken by the Deputy Commissioner of which he, as I have already stated, is competent. Since he has already been released, therefore the matter is neither of urgent public importance nor of recent occurrence.

Mr. Speaker : May I know from Khawaja Sahib, if the matter has not lost its urgency?

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, let me say something and I will point out that it has not lost its urgency.

Mr. Speaker : Yes, please.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ محترم وزیر داخلہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ مولانا صاحب آپوزیشن سے تعلق نہیں رکھتے اس لئے یہ تحریک التوا کچھ مناسب نہیں تھی ۔ جو ہماری جانب سے آئی ہے ۔ وہ نئے نئے یہاں تشریف لائے ہیں ان کو معلوم ہوگا کہ اکثر اوقات جب کوئی گرفتار ہوتا ہے یا کسی کی detention ہوتی ہے ۔ خواہ

اسمبلی کے ممبران ہوں یا سابقہ وزرا ہوں ہمیں تحریک التوا لانا پڑتی ہے ۔ ہم کسی کی شخصیت یا کردار کے پیچھے نہیں جاتے ۔ ہمیں تو صرف اس بات کا رونا ہے کہ مقدمہ چلائے بغیر کسی کو قید میں نہ ڈال دیا جائے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ کسی پر مقدمہ چلائے بغیر کسی کو قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے پر مجبور نہ کیا جائے ۔ مولانا نے اگر قابل اعتراض تقریر کی تھی اور جیسا کہ وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ انہوں نے حکومت کو بہت سی گالیاں دی تھیں چاہئے تو یہ تھا کہ دفعہ ۱۲۴ الف یا ۱۵۳ یا اور کئی دفعات ہیں تعزیرات پاکستان بھری پڑی ہے ان کے تحت مقدمہ چلاتے پھر دو ماہ یا دو سال قید میں رکھتے تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوتا ۔

اس کے بعد انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ وہ ۲۳ تاریخ کو رہا ہو چکے ہیں کیونکہ ان کی نظر بندی دو ماہ کے لئے تھی اس لئے اس تحریک کی کوئی فوری اہمیت نہیں رہی اور یہ معاملہ حالیہ یعنی recent نہیں رہا ۔ recent ہونے کے متعلق میں کسی بات کو نہیں دہراؤں گا کیونکہ وزیر داخلہ پرانے پارلیمانی ہیں ان کو یقیناً معلوم ہوگا کہ دو اجلاسوں کے درمیان جتنے واقعات ہوں گے وہ تحریک التوا کا مواد یعنی subject matter بن سکتے ہیں ۔ جونہی اجلاس شروع ہو وہ حالیہ اور recent ہوں گے ۔ خواہ وہ دو یا چار مہینے پہلے وقوع پذیر ہوئے ہوں ۔ اجلاس جاری ہو اور ایک دن کے وقفہ کی بھی دیر ہو جائے تو وہ معاملہ حالیہ یا recent نہیں رہتا ۔ مولانا اگست میں گرفتار ہوئے ۔ ہم نے اولین فرصت میں اجلاس کے شروع ہوتے ہی تحریک التوا پیش کر دی اس لئے یہ مسئلہ recent ہے ۔ یہ مسئلہ urgent بھی ہے ۔ اگرچہ مولانا کو رہا کر دیا گیا ہے لیکن میں جس بات پر زور دینا چاہتا

ہوں وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کا یہ فعل حد درجہ قابل مذمت ہے کہ کسی شخص نے جرم کیا تھا یا نہیں کیا تھا اس کو بغیر مقدمہ چلائے قید میں رکھیں یہ بذات خود ایسا امر ہے کہ اس کی urgency زائل نہیں ہوتی ۔ خواہ یہ قید دو دن کی ہو خواہ وہ لمبے عرصہ کی ہو ۔ ہم نے حکومت کے اس فعل کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے تحریک التوا پیش کی ہے کہ اس امر کو زیر بحث لایا جائے ۔ کہ کسی شخص کو بغیر اس پر مقدمہ چلائے جیل میں ڈالنا کسی طرح بھی درست اور روا نہیں ۔ میں اپنی support میں ایک رولنگ پیش کرتا ہوں کہ یہ معاملہ recent ہے اور urgent بھی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ دوسرے پوائنٹ کے متعلق فرمائیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I refer to Ruling No. 19, page 13 :

"Dewan Bahadur Ramaswami Mudaliar sought to move an adjournment motion to discuss the orders of expulsion on four Chettiyar Bankers in French Indo-China. Government objected, firstly, that the matter was not urgent as the orders of expulsion had already been carried out, and secondly, that it affected the relations of His Majesty's Government with a foreign Government, specially as the adjournment motion characterised the French Government's orders as of a discriminatory nature and in violation of natural laws of justice."

The President, overriding the objection ruled :

"The Chair does not agree with the Honourable the Law Member's contention that the subject matter of the adjournment motion is not urgent within the rules. It may be that these four persons have already left the place in accordance with the order of the particular Government. That circumstance by itself does not make the position less urgent. It may be that as a result of the intervention of the Government of India those orders may be rescinded and these people may be enabled to go back, or th t others who are threatened with such orders may be saved from any such catastrophe. Therefore, on the point of urgency the Chair does not agree with the contention of the Honourable the Law Member."

جناب والا ، case یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I think the present case is a bit different.

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir.

انہوں نے خود واضح طور پر بتایا ہے انہوں نے خود کہا ہے کہ یہ ٹھیک ہے کہ چار آدمیوں کو نکال دیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : In that case the orders were not taken back. The orders were only executed. Now, in this case if the Maulana would be in jail under the orders of the Government or under some orders of the District Magistrate then this ruling could apply.

خواجہ محمد صفدر - اس کا دوسرا حصہ بھی دیکھئے ۔

"or that others who are threatened with such orders may be saved from any such catastrophe."

یہ کل کسی اور کو پکڑ سکتے ہیں اور پرسوں کسی اور کو پکڑ سکتے ہیں ۔ میں یہ بات زیر بحث لا سکتا ہوں کہ آپ نے ایک غلطی کی ہے اور اس غلطی کے نتیجے کے طور پر دو ماہ مولانا صاحب جیل میں رہ چکے ہیں لہذا آئندہ ایسی غلطی نہ کی جائے ۔ میرا پوائنٹ یہ ہے اور میں اس لئے اس واقعہ کو recent سمجھتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ ہر روز غلطیاں کرتی ہے اور ایسی غلطیاں کرتی رہتی ہے یہ ایسی غلطیاں کرنے سے گریز کریں اور باز رہیں اور لوگوں کو بلا وجہ بغیر مقدمہ چلائے جیلوں میں نہ ٹھونسیں ۔

Mr. Speaker : Is the Member not aware of some rulings in similar cases where the motions have been ruled out of order on the ground that the matter has lost urgency on the score that a particular person has been released.

Khawaja Muhammad Safdar : I know of certain rulings, I cannot deny that. But there is one in my support as well.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ آپ تجاہل عارفانہ فرما رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر - میں تجاہل عارفانہ نہیں کر رہا ہوں بلکہ میں اپنی تائید کی بات کر رہا ہوں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I have the right of reply.

Mr. Speaker : The Member has no right of reply.

Malik Muhammad Akhtar : May I quote a ruling and after that you can take a decision. Sir, I am referring to the Decisions of the Chair, Legislative Assembly, 1921-1940, page 6, ruling No 10:

"After closure had been adopted Mr. T.C. Goswami's adjournment motion.....

Mr. Speaker : Does the Member know when the closure is moved in the discussion of an adjournment motion ?

Malik Muhammad Akhtar : I would like to be enlightened on this issue. The ruling is quite clear on the point that the mover had the right of reply.

Mr. Speaker : The position is that when the motion is admitted and when it is thoroughly discussed then the closure is moved. After thorough discussion when closure is moved then the mover has the right of reply.

Malik Muhammad Akhtar : Then, Sir, I would take shelter behind the precedent that the Leader of the Opposition had been granted an opportunity to answer the arguments of the Minister for the Interior and I just claim the same facility.

Mr. Speaker : I want to make it clear that so far as the admissibility stage of the adjournment motion is concerned the Member can speak and assist the Chair and he can speak once or twice if the Chair allows. That is only for the assistance of the Chair. The Chair can allow the mover to speak twice, thrice or four times. And now the Member is allowed to speak.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - میں آپ سے بہت کچھ سیکھنا چاہتا ہوں اور ابھی تو سیکھنے کا آغاز ہے - جناب سپیکر - مجھے یہ گذارش کرنی ہے اور سب سے زیادہ مجھے یہ تکلیف ہے کہ جب ان حقائق کا انکشاف ہوا کہ مولانا سیرت النبی کے جلسے میں تقریر فرما رہے تھے اور اس مقدس جلسے میں کہاں گالی گلوچ کی باتیں ہوسکتی ہیں اور نہ کوئی کر سکتا ہے اور نہ ایسے مقدس ماحول میں ایسی باتیں سامعین سن سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کو جو رپورٹ دی گئی ہے وہ غلط ہے اور میں ان arguments کو دھرانا نہیں چاہتا ہوں جو لیڈر آف دی آپوزیشن

اور وزیر داخلہ نے کہی ہیں لیکن صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ہمارے اوپر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی تلوار کیوں لٹکائی گئی ہے یہ چیز بہت شرمناک ہے کہ ڈی۔پی۔آر کو ناجائز طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ ان کے پاس Ordinary Law آف دی لینڈ بھی ہیں ان کے تحت اگر یہ کارروائی عمل میں لائیں تو ہم ایڈجورنمنٹ موشن لا ہی نہیں سکتے ۔ جناب سپیکر ۔ میری مودبانہ گذارش ہے کہ اس ایڈجورنمنٹ موشن کی urgency ہرگز lose نہیں ہوئی ہے ۔ ایک معزز شہری نے درست سمجھتے ہوئے اور good intention کے ساتھ آپ پر تنقید کی اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب نے ان کے خلاف ڈی۔پی۔آر استعمال کیا جناب والا ۔ آپ کہیں گے کہ میں تقریر کرنے پر آگیا ہوں میں جناب وزیر داخلہ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ مجھے بتائیں کہ وہ کونسے حالات ہیں جنہوں نے ایمرجنسی کو اور ڈیفنس آف پاکستان رولز کے استعمال کا اختیار دیا ہے ۔

Mr. Speaker : Maulana Abdul Qadir Qasimi was arrested sometimes in August and, as stated by the Minister for Home; released on the 23rd September and therefore, the matter has lost urgency. Both the motions are ruled out of order.

CHANGE IN GOVERNMENT POLICY IN RESPECT OF THE PAKISTAN DAY MEMORIAL.

Mr. Speaker : Next motion - No.7. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the drastic change in Government policy in respect of the Pakistan Day Memorial in so far as giving up the construction of the auditorium and library at the site of the All India Muslim League Session of 1940. This change of policy of the Provincial Government has caused widespread dissatisfaction in the minds of the public of the Province.

DEVIATION BY THE PAKISTAN DAY MEMORIAL (WEST PAKISTAN) COMMITTEE FROM THE ASSURANCES GIVEN BY THE MINISTER FOR BASIC DEMOCRACIES

Mr. Speaker: There is a similar motion by Malik Muhammad Akhtar. No: 16.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the Pakistan Day Memorial (West Pakistan) Committee responsible for the construction of the Pakistan Day Memorial at Lahore to commemorate the passing of the Pakistan Day Resolution on 23rd March, 1940 constituted under the Pakistan Memorial Cess (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1966 has deviated from the assurances given by the Minister of Basic Democracies on 22nd November, 1966 in the House to the effect that out of Rs. 90 lakhs collected a sum collected a sum of Rs. 60 lakhs approximately would be spent on Pakistan Day Memorial Tower and Park surrounding the Tower and the balance would be spent on the improvement of Budha Ravi, construction of wrestling stadium and auditorium with library and cafeteria attached with the Memorial. The news which has appeared in Daily Pakistan Times dated 4-9-1967 has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Mr. Speaker: In view of the statement of the Minister of Basic Democracies yesterday, will Khawaja Sahib please guide me and explain his statement when he says that the policy of the Government has not been formulated so far and Government has not decided so far about the change of the place.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - اخبارات کے اندر یہ اطلاعات شائع ہوئی تھیں کہ گورنمنٹ کی ہدایت پر پاکستان میموریل کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ لائبریری ایڈی ٹوریم اور کیفے ٹیریا کو مینار پاکستان کے قریب تعمیر نہیں کیا جائے گا - اور ان عمارتوں کی تعمیر کے لئے شاہراہ قائداعظم پر کوئی موزوں جگہ تلاش کی جا رہی ہے-

حقیقت یہ ہے کہ پچھلے سال اسی معزز ایوان میں محترم وزیر بلدیات نے واضح طور سے یہی ارشاد فرمایا تھا کہ یہ عمارات مینار پاکستان کے

قریب تعمیر کی جائینگی - اور ہم نے بھی ان سے درخواست کی تھی کہ انہوں نے ایڈی ٹوریم اور لائبریری کا جو نقشہ تجویز کیا ہے اور جو رقم اس کے لئے مختص کی ہے وہ بہت ہی قلیل ہے - اس رقم سے عمارت بہت ہی محدود تعمیر ہوگی - اس لئے یادگار پاکستان کے طور پر جو بھی لائبریری بنائی جائے وہ بڑی شاندار ہونی چاہئے - جس کے اندر کتابوں کا ایک بہت بڑا زخیرہ ہو اور اس کے سامنے ایڈی ٹوریم بنایا جائے وہ بھی بہت ہی عظیم‌الشان ہونا چاہئے جس کے اندر بیک وقت دو چار ہزار آدمی بیٹھ سکیں اور مقررین کو آسانی کے ساتھ سن سکیں - لیکن میں بذات خود اور اس ملک کے عوام اس کمیٹی کی رپورٹ پڑھ کر بڑے حیران ہوئے ہیں کہ اب حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ روپیہ عوام سے Pakistan Day Memorial کے نام پر اور جسے پاکستان ڈے Memorial Cess کہتے ہیں اکٹھا کیا جا رہا ہے اس سے کسی اور مقام یا کسی اور جگہہ عمارت بنائی جا رہی ہے - عمارتیں یہاں بنتی رہتی ہیں - واپڈا کی عمارت جو چار ساڑھے چار کروڑ روپے کی لاگت سے سامنے کھڑی ہے تو کیا ہم پاکستان میموریل ڈے یا پاکستان میموریل cess کو صرف کرکے واپڈا ہاؤس کے پہلو میں ایک عمارت تعمیر کریں گے تو وہ کیا یادگار پاکستان بن جائے گی - اس کے برعکس ہم تو ایک بہت ہی وسیع عمارت تعمیر کرنا چاہتے ہیں جیسی عمارت کے متعلق ہم نے متعلقہ قانون کے objects and reasons میں عوام سے وعدہ کیا ہوا ہے اور جس کے لئے صوبےکےعوام نے خوشی خوشی چندہ دیا ہے اور جس کے لئے یہ بات بہت اہمیت رکھتی ہے ۱۹۴۰ء میں آل‌انڈیا مسلم لیگ نے جس مقام پر پاکستان ریزولیوشن پاس کیا تھا - اسی مقام پر ایک یادگار پاکستان بنائی جائے نہ کہ شاہراہ قائداعظم پر یا کسی اور جگہہ پر - یہ ہماری سیاسی تاریخ کا اہم ترین واقعہ ہے - اسی لئے اسی مقام کو تقدس حاصل ہے - لیکن اگر گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ لاہور

میں کسی دوسرے مقام پر یہ عمارتیں تعمیر ہوں ۔ تو عمارتیں مفید تو ضرور ہونگی مگر یادگار پاکستان کا حصہ نہیں کہلائیں گی ۔ اس کے علاوہ اخبارات میں بھی یہ درج تھا کہ اس عمارت کو اسی لئے شاہراہ قائد اعظم پر تعمیر کیا جانا مقصود تھا تاکہ لوگوں کو آنے جانے میں دقت نہ ہو ۔ جناب والا ۔ جب میموریل تعمیر کئے جاتے ہیں تو ان کا ایک مقصد ہوتا ہے ۔ وہ محض جلسہ گاہ نہیں ہوتے ۔ ویسے بھی جب لوگ کسی جلسے میں یا کسی مقرر کو سننے میں دلچسپی رکھتے ہیں وہ تو جہاں کہیں بھی ایڈی ٹوریم تعمیر کیا جائے عوام ان مقررین کو سننے کے لئے وہاں پہونچ جاتے ہیں ۔ اس شہر میں بہت ہی سخت ضرورت ہے ایک ایڈی ٹوریم کی ۔ عام ایڈیٹوریم کسی جگہ بھی تعمیر ہو سکتا ہے ۔ مگر وہ ایڈیٹوریم جو یادگار پاکستان کا حصہ ہوگا ۔ وہ اسی مقام پر تعمیر ہوگا جہاں پاکستان ریزولیوشن پاس ہوا تھا ۔ اسلئے اگر وزیر صاحب یہ کہہ دیں کہ انہوں نے ایسا فیصلہ نہیں کیا ہے یا آئندہ بھی اس سلسلے میں ایسا فیصلہ نہیں کریں گے تو اس صورت میں میں بھی اپنی تحریک کو واپس لینے کو تیار ہوں ۔ اور میرا خیال ہے کہ آپ کے اس اعلان کے بعد عوام بھی اس سے مطمئن ہو جائیں گے ۔ کہ انہوں نے سوا کروڑ روپیہ کی رقم جو جمع کی ہے اور جس میں سے چالیس پچاس لاکھ روپیہ مینار پر صرف ہو گیا ہے اور باقی روپیہ بھی اسی مقام پر خرچ ہوگا ۔ ایسی صورت میں ہم کو کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ وزیر صاحب نے کل بھی ایسی باتیں ارشاد فرمائی تھیں ۔ کل بھی ان کے ارشادات سے اسی قسم کی بو آ رہی تھی کہ وہ مینار کے قریب عمارت کی تعمیر نہیں کرنا چاہتے ہیں کیا ان کی گورنمنٹ نے کوئی ایسا فیصلہ کر لیا ہے اگر کیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ کھل کر اسکا اظہار کیوں نہیں کرتے لیکن انکا مقصد کچھ ایسا ہی معلوم ہوتا ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir. I will speak after Khawaja Sahib but I have got a document to show that certain action has been taken.

مسٹر سپیکر - فرمائیے -

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - کل میں اس مسئلے پر کافی روشنی ڈال چکا ہوں - اور خواجہ صاحب نے کھل کر اس مسئلے پر اسوقت بات چیت کی ہے - یعنی اس Adjournment Motion کو justify کرنے کے سلسلے میں دو چیزیں پیش کرونگا - سب سے پہلے تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں -

I will refer you Sir to the Decisions of the Chair 1921-40 ; No. 16—Adjournment - Matters of recent occurrence:

"While disposing of the adjournment motion sought to be moved by a Member on 14th September 1922, the Chair defined the scope....."

مسٹر سپیکر - آپ اسکے متعلق کچھ نہ کہیں -

ملک محمد اختر - یہ میرا ایک genuine اعتراض ہے جسکے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں -

مسٹر سپیکر - آپ اسکے متعلق کوئی خدشہ نہ کریں -

ملک محمد اختر - مجھے یہ ثابت کرنا ہے کہ یہ definite, recent اور specific incident ہوا ہے اور یہ چیز میرے علم میں چار ستمبر کے اخبار سے آئی ہے -

مسٹر سپیکر - مگر آپ یہ بتلائیں کہ گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کر لیا ہے یا نہیں کیا ہے ؟ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں -

ملک محمد اختر - میں یہاں پر بھی چیز عرض کرنا چاہتا ہوں decision کی copy جو گورنمنٹ کے نمائندگان نے دی ہے میں اسکے متعلق آپکے سامنے عرض کرنا چاہتا ہوں -

"In the meeting of the Pakistan Day Memorial Committee (which is held under the chairmanship of the Commissioner) held on 18th January 1967, Mr. Murad Khan, Architect, explained the scheme prepared by him and showed the site with all the places to be developed along Old Ravi. The idea of cleaning the water and installation of tubewells as also the provision of sewerage for disposal of sullage water along the Old Ravi was

also approved. It was, however, decided that the matter should be kept pending until the site for auditorium etc., was selected, and in the meanwhile all necessary information should be collected regarding the land along the Old Ravi so that necessary steps for acquiring that land could be taken."

میرا مقصد تو یہ ہے کہ گذشتہ ۸ ماہ سے جناب والا Auditorium کی تعمیر کو کیوں under suspension رکھا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مگر آپ یہ فرمائیں کہ اس میٹنگ کی کارروائی سے کیا گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ Auditorium وہاں پر نہیں بنے گا بلکہ یہاں بنایا جائیگا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ بات کہنے سے کچھ دور چلی جاتی ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ کمشنر نے جو کچھ کیا ہے اس کا implementation ہو کر رہیگا ۔ جسکے سلسلے میں وہ بات کھل کر نہیں کہہ سکتے ہیں ۔

Let him make a statement that they are not going to change the decision and I will withdraw the motion.

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): I will not request the Member to withdraw this motion; let it face the fate it deserves.

Sir, I had made it very clear on the floor of this House that no decision has so far been taken about shifting the site of the auditorium. I had stated yesterday that this impression perhaps was created due to a report in the Press—and the report is actually based on a report submitted by the Commisssoner to the Committee, but not for the decision of the Committee. I think a person, who is deputed to perform certain duties, it is his duty to apply his mind fully, come up with ideas, with proposals and suggestions. It is then for the Committee to accept or not to accept it. Only if the Committee accepts that proposal, the Government comes in because ultimately it is under the supervision and superintendence of the Government that the Committee shall function. I have already stated it very clearly that no decision has so far been taken and when no decision has been taken how can the member impose a matter which has actually not taken place. He wants to impose on the Committee and on the Government the report of a person and that, in my opinion, is going too far. Then he has alleged that, he finds, the Minister is not in a position to control the Commissioner. I assure this House that, not to speak of

a Commissioner, any authority which rests with the Government or the Minister will be exercised in the best interests of the public, in the best interests of the common man and in the best interests of everybody without fear or favour. The person about whom the Member alleges that he can impose his decision on me cannot do so whereas I can, because according to law the ultimate supervision and control lies with the Government and not with the person mentioned by the Member. The Commissioner in his individual capacity has got no right to decide this matter. The Committee has not decided this point. When the Committee decides this point and when the Government agrees to that only then that becomes final. I would say this thing is premature. It has already been discussed yesterday and cannot form the subject matter of an adjournment motion now. I would submit that Khawaja Sahib has again been let down by my friend because he brought this matter in the House yesterday. I have already clarified the position and after that clarification, I feel, nothing is left which should prompt my friend to go against parliamentary procedure and to show lack of respect to the Chair and the Members of this House.

I would, therefere, submit that both these adjournment motions be ruled out because they are premature. I feel that the Member is being prompted and fed by a person who is a member of the Committee and who seems to have reported the whole thing to Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I strongly protest against the remarks of the Minister. Sir, they always lack knowledge.

Minister for Basic Democracies : Wise men have said that one of the basic things about an ignorant man is that he always presumes that he knows so much and, I think, this wise man is always out to say that he knows so much when, frankly speaking, I have many a time felt immense sympathy for his lack of knowledge.

Malik Muhammad Akhtar : Will Mr. Speaker kindly stop the Minister from using these remarks or I should be allowed to answer him?

Mr. Speaker : The position is that the Member can rise on a point of personal explanation, if he so likes, but that is not the way to interrupt the Minister while he is on his legs.

Malik Muhammad Akhtar : Alright, Sir.

Minister for Basic Democracies : Sir, I feel that I have not made any remark which is unparliamentary. In case I have, I withdraw it. My friend is not ready to accept that he does not know everything. He presumes or he supposes or he poses to know everything. As you know, Sir, human knowledge is limited and the very basic fact of learned men is that they always know that they know very little.

Mr. Speaker : It has been stated by the Minister for Basic Democracies that no decision has so far been taken by the Provincial Government in respect of the change of site of the auditorium and the library to be constructed near the Pakistan Day Memorial and I, therefore, think that both the motions are not based on the established facts. Both these motions are ruled out of order.

Next motion.

Minister for Basic Democracies : Sir, I may tell the House one thing that we will keep in view all the sentiments of the public while taking any decision.

Malik Muhammad Akhtar : That was the object and that has been achieved.

Minister for Basic Democracies : But your motion has been ruled out of order. The Member has wasted the time of the House.

Mr. Speaker : No, no. That is not fair.

Khawaja Muhammad Safdar : The Minister must withdraw those words—"wasted the time of the House".

Minister for Basic Democracies : I withdraw.

ORDERS OF THE PROVINCIAL GOVERNMENT PROHIBITING MAULANA MISBAH-UL-ISLAM FAROOQI FROM ISSUING PRESS STATEMENTS.

Mr. Speaker : Next motion, Mr. Hamza.

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the uncalled for order of the Provincial Government prohibiting Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi from issuing any press statement and comments on the relations of Pakistan with foreign countries. This has caused great resentment among the public all over the Province. The news disclosing the imposition of the order was published in the daily Nawa-e-Waqt, Lahore, dated 1st September, 1967.

Minister for Home (Qazi Fazlullah Obaidullah) I oppose it, Sir, this Maulana Misbah Ullah unfortunately published a book, which has since been banned, which ostensibly defends the Akhwan-ul-Musalmin in Egypt but actually contains very defamatory material against President Nasser. In fact, this fellow goes to the outrageous length of describing President Nasser an agent of the Jews. The Provincial Government

was compelled to ban this book under section 32 of the Pakistan Defence Rules and in order to see that this gentleman refrains from publishing anything which might embitter our relations with a friendly country like Egypt he was required to submit every press statement or comments to the Information Department before issuing them. I think, we are trying to cultivate good relations with other countries and in order to achieve that object we have proposed this action and we are justified in that. Therefore, I would submit, this motion may be ruled out of order.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - جناب وزیر داخلہ کا یہ فرمان ہے کہ جناب مولانا مصباح الاسلام فاروقی صاحب نے ایک کتاب شائع کی - اس میں صدر ناصر پر بقول ان کے نازیبا حملے کئے گئے ہیں - میں ان سے اتفاق نہیں کرتا - تاہم جبکہ حکومت نے اس کتاب کو ضبط کر لیا اس کے بعد محض اس بنیاد پر ان کے شہری حقوق کو پامال کرنا یا ان کو سلب کر لینا مناسب نہیں ہے - اگر ایک شخص کوئی غلط کام کرتا ہے تو آپ یہ کیسے توقع کرتے ہیں کہ آپ ہمیشہ کے لئے اس کو اس کے حقوق سے محروم کر دیں - کم از کم آپ جیسے تجربہ کار سیاستدان سے توقع نہیں کیجا سکتی - ایسا بھی بعض اوقات ہوتا ہے کہ آج کسی پر الزام لگایا جاتا ہے کل کو اسے مبرا قرار دیا جاتا ہے بلکہ اس کو پہلے سے بھی زیادہ احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے - میرا خیال ہے کہ اس قسم کے الزامات آپ کے ذہن کی پیداوار ہیں - جب تک اس کے لئے بین ثبوت نہ ہو تب تک کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہئے - اگر آپ اس قسم کی چیزوں کو روکنا چاہتے ہیں تو حکومت کے پاس عام قوانین ہیں مگر حکومت خصوصی قوانین کو استعمال کر کے تمام پبلک کو یہ تاثر دے رہی ہے کہ حکومت کے پاس دراصل کوئی جواز نہیں ہے - جو کچھ یہ کر رہی ہے وہ محض کسی فرد کو نقصان پہنچانے یا اپنے ذاتی مفاد کے لئے کر رہی ہے اور اس سے عوام کا مفاد وابستہ نہیں ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ خصوصی اختیارات بد ترین ہیں اور جناب وزیر داخلہ

نے جو اعتراضات کئے ھیں وہ میرا خیال ھے انہیں نہیں کرنے چاھئے تھے ۔ انہوں نے ایسے اعتراضات کر کے زیادتی کی ھے اسلئے جناب سپیکر میری یہ گذارش ھے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دیا جائے ۔

Mr. Speaker : Under what law, has the action been taken ?

Minister for Home : Under Section 32 of Defence of Pakistan Rules. He was asked to desist from express ng such views and propagating information prejudicial to Pakistan's relations with other foreign powers, and to submit his writings on the subject to the Director Press Information. He can write anything but if he writes anything which is prejudicial and which is likely to embitter our relations with a foreign country, that will not be fair. So it is only proper that he should submit in writing to the Press Officer.

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi has not been prohibited from issuing any press statement or comments on the relations of Pakistan with foreign countries ?

Minister for Home : No Sir.

Mr. Speaker : Factually, Mr. Hamza, the Minister is denying the facts which has been (are not) given in your motion. They have not prohibited Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi from issuing any press statement on Pakistan's relations with foreign countries.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں تھوڑا فرق ھے ۔ میرے خیال میں جیسا کہ ایک عام شخص کو حق ھے اس طریق سے ان کو بیان شائع کرانے یا لکھنے کا حق نہیں ھے ۔ آپ ایک شخص کو اس بات کا پابند کر رھے ھیں کہ پہلے وہ اپنے بیانات محکمہ اطلاعات کے کسی افسر کو دکھائے اور اس کے بعد شائع کرے ۔ یہ میں سمجھتا ھوں اس پر پابندی ھے اور میں اسے ممانعت کی تعریف میں شامل کرونگا ۔

Mr. Speaker. That may be a restriction but not prohibition.

مسٹر حمزہ ۔ یہ ایک باریک سا فرق ھے ۔ جناب وزیر داخلہ نے فرمایا ھے ان کے خلاف خصوصی طور پر ڈیفینس آف پاکستان رولز کا استعمال کیا گیا ھے اور ان پر یہ پابندی لگائی گئی ھے کہ جو بیان یا

تحریر وہ شائع کرنا چاہیں پہلے محکمہ اطلاعات کے افسران سے اجازت لیں ۔ یہ ان پر پابندی ہے ۔

Mr. Speaker : The Home Minister has clarified the position that no prohibition on Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi has been placed in respect of issuing any press statement and comments on the relations of Pakistan with foreign countries. Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi is only required to submit every press statement or comments to the Information Department before issuing them to the Press. In this case, there is no prohibition ; that may be a restriction but the motion as worded, is that Mr. Hamza wants to discuss the prohibition placed upon Maulana Misbah-ul-Islam Farooqi from issuing any press statement. I think the motion is not factually correct and not based on established facts. It is, therefore, ruled out of order.

SMUGGLING OF FOREIGN CLOTH IN LANDI KOTAL.

Mr. Speaker : Next motion No. 9, by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker Sir, I hereby ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the news of large scale smuggling of foreign cloth in Landi-Kotal worth about three lakhs daily has perturbed the minds of the general public all over the Province.

This state of affairs has been disclosed by a news-item appearing in the daily Pakistan Observer dated 10th August, 1967.

Minister for Home (Qazi Fazlullah Obaidullah) : Opposed Sir. Sir, this is a subject which does not pertain to the Provincial Government. I may point out in this connection, that a similar motion was moved by Malik Muhammad Akhtar on the occasion of last Session and it was disallowed on the ground that it was a Central subject. With your permission Sir, I may read out that adjournment motion to which I am referring to. In this adjournment motion, Malik Muhammad Akhtar asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, as reported in the Daily Nawai-Waqt, the Chamber of Commerce and Industry of former Frontier Province had demanded from the West Pakistan Government to stop smuggling of foreign goods from Landi Kotal, and that the negligence on the part of the Provincial Government had not only increased the smuggling but also

widened the sphere to a very great extent. So Sir, this motion which is now before the House, is a similar motion as I have referred to and which was disallowed on the ground that it was a subject which was not within the Provincial Government's sphere but pertained to the Centre. So I respectfully submit that this adjournment motion should also be disallowed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - جناب وزیر داخلہ کو یہ علم ہوگا کہ رینجرز جو صوبائی حکومت کے ماتحت ہیں وہ اس کام پر متعین کئے گئے ہیں - ان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ سمگلنگ کو روکیں - اور وہ انہیں سمگلنگ کو روکنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں - اس کے ساتھ ہی ساتھ ان کو یہ بھی یاد ہوگا کہ وہ بذات خود اور ہماری حکومت کے اور بہت سے وزرا ہمیشہ سمگلنگ کے خلاف بیانات دیتے رہے ہیں - علاوہ ازیں سمگلنگ کو روکنے کے لئے رینجرز کا محکمہ موجود ہے جس کا خرچ ہم برداشت کرتے ہیں - اس لئے میرے نزدیک یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے - ان کے لئے یہ عذر پیش کرنا مناسب نہیں - اس سے پبلک میں اس تاثر کو کہ حکمران پارٹی کے بعض بڑے بڑے لوگ سمگلنگ کی سرپرستی کرتے ہیں اور تقویت پہنچے گی - اور یہ برائی دن بدن بڑھتی جائے گی - اس کی ذمہ داری آپ پر ہے آپ اسے روکنے کی کوشش کریں - ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ آپ اس تحریک التوا کی مخالفت نہ کریں - اسے ایوان میں باقاعدہ پیش ہو کر اس پر بحث کی اجازت دیں -

Mr. Speaker : The contention of Mr. Hamza was that there are Rangers posted on the borders of Pakistan and the Provincial Government is financing the establishment of these Rangers and in that way, is it not the responsibility of the Provincial Government to check the smuggling ?

Minister for Home : Actually Sir, this matter pertains to the Customs Department of the Central Government. It is true that Rangers are there and we are financing them and they are still there. But the trouble is that if we try to close this Landi Kotal market, those people will shift to somewhere in the Tribal Area and this thing will continue. But here in Landi Kotal we can keep an eye on them to some extent.

Here we can keep an eye and exercise some control over them. If we stop it altogether then the trouble would be that they might shift into the tribal area where we might not be able to control them.

Mr. Speaker : The Minister does not want this thing should be shifted to the tribal areas.

Minister for Home : I don't want it to be shifted to the tribal area because there we will not be able to exercise as much control as we are doing here.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Sir, the Revenue Minister may be asked to inform the House.

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ جناب والا ۔ قانون تو مجھے اس وقت یاد نہیں لیکن جہاں تک میرا خیال ہے لنڈی کوتل ٹرائبل ایریا میں واقع ہے ۔ کسی ملک سے ٹرائبل ایریا میں آنے والے مال کو جو قانون منع کرتا ہے وہ وہاں لاگو نہیں ہے ۔ ٹرائبل ایریا کے باہر کسٹم والے ان کو منع کرتے ہیں اور روکتے ہیں اور وہاں اس کو سمگلنگ شمار کیا جاتا ہے ۔ دوسرے ممالک سے ٹرائبل ایریا میں جو بہت سی چیزیں آتی ہیں وہ سمگلنگ میں شمار نہیں ہوتی ہیں ۔ قانون کا حوالہ مجھے اس وقت یاد نہیں ۔ یہ مرکزی subject ہے صوبائی subject نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا خیال ہے کہ لنڈی کوتل ٹرائبل ایریا میں ہے ۔

وزیر مال ۔ لنڈی کوتل ٹرائبل ایریا میں ہے اور پراونشل گورنمنٹ لا اینڈ آرڈر کی ذمہ دار ہے یہ خیبر ایجنسی میں واقع ہے ۔ ٹرائبل ایریا کے اندر جو چیزیں جاتی ہیں وہ قانوناً سمگلنگ نہیں شمار ہوتیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ٹرائبل ایریا میں رینجرز ہے یا نہیں ۔

Minister of Revenue : They are in aid of the civil power. They are the force of the Political Agent.

جس طرح ضلع میں پولیس ہوتی ہے اور وہ ایس ۔ پی یا ڈی ۔ سی کی force ہوتی ہے ایسے وہاں رینجرز کی فورس ہے ۔

مسٹر سپیکر - اسکا مطلب یہ ہے کہ لنڈی کوتل میں صوبائی حکومت کے رینجرز موجود ہیں -

Minister of Revenue : They are paid by the Central Government.

Mr. Speaker : Is it not their duty to check smuggling?

Minister of Revenue : Of course, if they are ordered to do so.

میں نے قانونی position عرض کر دی ہے -

I cannot name the particular Section. It is my view that there it is not considered as smuggling, it is not considered an offence, and therefore things are allowed to go into the tribal area but when they come into the settled districts they are considered as smuggled.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جیسا کہ وزیر داخلہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کو لنڈی کوتل میں سمگلنگ روکنے کا اختیار ہے - لیکن بعض وجوہات کی بنا پر وہ اس کو روک نہیں رہے ہیں اور انہوں نے جو وجوہات بتائی ہیں وہ صحیح نہیں وہ کچھ اور ہیں - جناب وزیر مال جو قبائلی علاقے کے وزیر بھی ہیں - اور وہ ایوان میں تشریف فرما ہیں - ان کے تشریف فرمانے سے ہی یہ چیز اور یہ حقیقت واضح ہے کہ جو کچھ بھی قبائلی علاقہ میں ہوتا ہے صوبائی حکومت اس میں مداخلت کر سکتی ہے - انہوں نے بذات خود تسلیم کیا ہے قبائلی علاقہ میں رینجرز موجود ہیں اور رینجرز کے فرائض میں یہ چیز بھی شامل ہے کہ وہ سمگلنگ کو روکیں اور معزز ممبران نے بھی اس کے ساتھ اتفاق فرمایا ہے - دونوں وزرا صاحبان ذمہ دار ہیں ان کے بیانات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ میری تحریک التوا کو باضابطہ قرار دیا جائے -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب آپ یہ بتائیں کہ شکایت کب پیدا ہوئی ہے -

مسٹر حمزہ - سمگلنگ تو ہر موقع پر ہوتی رہتی ہے - دن میں اگر چار بار سمگلنگ ہو تو ہر واقعہ کے بارے میں تحریک التوا لائی جا

سکتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں پاکستان میں کم از کم مغربی پاکستان میں اس سے اہم واقعہ اور کوئی نہیں ہو سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب لنڈی کوتل میں سمگلنگ کا جو واقعہ ہے ۔ وہ کب کا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ جب وزرا صاحبان کے بیانات سمگلنگ کے بارے میں آتے رہتے ہیں اور اس کے متعلق اخبارات میں بھی آتا رہتا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ سمگلنگ ہوتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ صرف آپ کا خیال ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں آپکے احکامات اور نصیحتوں کے پیش نظر تسلیم کرنے کو تیار ہوں لیکن جب دوسرا واقعہ اخبارات میں آتا ہے تو میں اس کو یہی سمجھوں گا کہ یہ پہلا واقعہ ہے ۔

Minister for Home : Mr. Speaker, Sir, may I with your permission read out what you said when my friend, Malik Muhammad Akhtar's motion was before you. This is what you were pleased to say:

> "The grievance proposed to be discussed in this adjournment motion is of a continuing nature. It can very well be discussed during the general discussion on the General Budget. The motion is palpably out of order."

This is what you were pleased to say.

Mr. Speaker : This means that that adjournment motion was ruled out of order on a different ground.

Minister for Home : On the ground that this could be raised at the time of the general discussion.

Mr. Speaker : In this session we are not having any general discussion.

Minister for Home : It will come later on.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II) : Before you give your ruling may I say a few words ? Mr. Speaker, Sir I think Landi Kotal has been given a bad name just because it has developed into a centre of commerce. Actually what is called "smuggling"—under inverted commas as I would call it—is carried on from Chitral right down to

the Baluchistan border and in this so-called "smuggling" our tribesmen are earning their living. The fact is that from the times of Alexander's Central Asia and the sub-Continent these trade routes were operated by these tribal people and they used to levy their taxes and exact their taxes from this merchandise on which they used to live. Now the present position is that Landi Kotal has developed into a bigger market though the same market is existing in Quetta and Chaman and unless and until the Central Government and the Provincial Government are able to provide alternate means of subsistence to these tribal people this trade cannot be stopped—"smuggling" cannot be stopped. And I tell this Government that they are incapable of stopping it including the Central Government because it would lead to operations like the Khajuri Plain operation, the Mohmand operation, the Bajaur operation, the Waziristan operation. These people must live. These people must be given some alternate means of subsistence. Unless you are able to establish industries in these areas, unless you are able to give employment to these people—which you have not been able to do so far—how can you stop them from carrying on a trade which is carried on by these people to earn their livelihood.

Mr. Speaker : I reserve my ruling.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, the point in the present adjournment motion is that it is a continuing act. It is not of recent occurrence. This is being carried on much before the last session. A similar motion was brought in the last session. He has not referred to any particular and definite incident between the last session and this session. The things he has quoted is a story of a continuing process which is being carried on since a long time and, therefore. this incident cannot be said to be definite and of recent occurrence to come within the purview of an adjournment motion.

INCREASE IN THE ACTIVITIES OF UNDESIRABLE ELEMENTS IN LAHORE

Mr. Speaker : Next motion - No. 11, Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely alarming increase in the activities of undesirable elements endangering the life and honour of girl students and lady teachers of private schools in Lahore as disclosed by Mufti Abdul Ghani Shah in a press conference, reported in the daily Mashriq, Lahore, dated 19th September, 1967.

The sad state of affairs disclosed in the news item has perturbed the minds of the general public all over the Province.

Minister for Home (Qazi Fazlullah Obaidullah) : I oppose it Sir. In fact the statement of Mr. Mufti Abdul Ghani Shah related to separate criminal cases, which have been registered under Section 377 against two accused persons and they are pending trial. He never complained about the molestation of a girl outside the girls' school or college. He has also issued further statement in the press, which I have before me. It is dated 18-9-67 in which he has made it very definite that he did not refer to any goondaism outside the girls' schools or colleges. All the same, Sir, we have taken precautions. We have actually posted both plain clothed policemen as well as policemen in uniform outside almost every girls' school or college. I am very keen on it and I have issued personal instructions to the police authorities that strict action should be taken against any goonda, who misbehaves outside these educational institutions.

That being so, Sir, I suppose my friend will kindly withdraw the motion because I am as keen as anybody else, and we are taking precautions to see that no molestation of this type takes place.

Mr. Speaker : What further assurance does Mr. Hamza want ?

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ جناب والا ۔ اگر اجازت ہو تو میں اس سلسلے میں کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں ۔ وہ یہ کہ یہ معاملہ اس درجہ اہم ہے کہ یہ اچھا ہی ہوا کہ جناب حمزہ صاحب نے اس جانب حکومت کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔ لیکن میں ان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ معاملہ اس سے پہلے بھی حکومت کے زیر غور ہے اور میں نے قائد ایوان کی خدمت میں عرض بھی کیا تھا جس پر حکومت غور کر رہی ہے چونکہ یہ معاملہ واقعی اس قدر اہم ہے کہ نہ صرف یہ لاہور شہر میں ہی بلکہ تمام مغربی پاکستان میں اس سلسلے میں بیچینی پائی جاتی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ جناب وزیر داخلہ اس معاملہ پر پوری توجہ فرمائیں گے ۔ حالانکہ حکومت اس سے پہلے بھی اس معاملے پر توجہ دے رہی ہے ۔ لیکن میں سمجھتی ہوں کہ اس معاملہ پر اس معزز ایوان کے ہر فرد کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی پارٹی میں بھی اور اس کے علاوہ بھی حکومت کی توجہ اس طرف دلائے ۔ کیونکہ یہ معاملہ

خواتین سے متعلق ہے اور ہم سب ہی اس معاملے کی وجہ سے پریشان اور مضطرب ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ میں اپنے بزرگ جناب قاضی فضل‌اللہ صاحب وزیر داخلہ کے بیان کو درست تسلیم کروں یا اس معزز ایوان کی ایک معزز ممبر خاتون (جنکو میں ایک ممتاز ممبر کہوں گا) نے جو بیان دیا ہے ، ان کے بیان کو درست تسلیم کروں ۔ کیونکہ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ یہ معاملہ حکومت کے زیر غور ہے اور اس معاملے سے ملک میں پریشانی اور بیچینی موجود ہے ۔ وزیر داخلہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ انہوں نے اس سلسلے میں پورا پورا انتظام کر دیا ہے اور اب معاملہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے ۔ میرے پاس کوئی وجہ جواز نہیں ہے کہ میں اس معزز ایوان کی ایک ممتاز رکن کے بیان کو درست تسلیم نہ کروں ۔ لیکن مجھے تو اس سے بھی زیادہ ایک خطرناک بات کا انکشاف کرنا ہے کہ اس ملک میں جو بڑے عناصر ہیں وہ پولیس سے ہراساں نہیں ہیں بلکہ یہاں پر جو اچھے لوگ ہیں وہ پولیس سے ہراساں ہیں ۔ اس شخص نے جس کا نام مفتی عبدالغنی شاہ ہے پریس کانفرنس میں یہ بیان دیا تھا لیکن وہ پولیس سے اس قدر خائف ہو گیا کہ دوسرے تیسرے دن ہی اس نے اسکی تردید شائع کر دی ۔ مجھے ذاتی طور پر اس کا علم ہے ۔ اور میں پاکستانی ہوں ۔ بلکہ یہاں کے تمام رہنے والے پاکستانی بھائی بھائی ہیں چاہے ہم لاہور میں بستے ہیں یا لائلپور میں ۔ لیکن واقعات نہ آپ سے چھپے ہوئے ہیں ۔ اور نہ مجھ سے ۔ مجھے ذاتی طور پر اس کا علم ہے کہ ایسے واقعات یہاں پر رونما ہوتے رہتے ہیں اور ہوتے رہیں گے کیونکہ اس کی جڑیں بہت گہری ہیں جسے آپ پولیس کے دو سپاہی تعینات کرکے ختم نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ آپ جو پولیس کے آدمی اس کام پر متعین کرتے ہیں ۔ ان میں بھی اس قسم کی خطرناک خرابیاں پائی جاتی ہیں ۔ جناب وزیر

داخلہ نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اگر وہ واقعی اس سلسلے میں پوری دلچسپی لے رہے ہیں تو میں ان کا انتہائی ممنون بھی ہوں گا اور ساتھ ہی دعا بھی کروں گا کہ خداوندتعالیٰ ان کو اس کام میں کامیابی عطا کرے ۔ چونکہ انہوں نے یقین دہانی شروع کر دی ہے جسے میں یہ نہیں کہہ سکتا ہوں کہ ان کی یقین دہانی بھی سابقہ وزراء کی یقین دہانی کی طرح صرف یقین دہانی ہی ہوگی اور وہ یقیناً اس پر عمل بھی کریں گے ۔ میں ان معروضات کے بعد اپنی اس تحریک التوا پر مزید زور نہیں دیتا ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

STATEMENT OF THE MINISTER FOR FOOD AND AGRICULTURE DESCRIBING WAPDA'S PERFORMANCE OF DUTIES AS COMMENDABLE

Mr. Speaker : Next motion is again from Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely the misleading and incorrect statement of the Minister of Food and Agriculture, Government of West Pakistan, that WAPDA in spite of its limitations is doing its duties commendably, has caused great resentment among the public all over the province. The statement of the learned Minister was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 24th August, 1967.

Minister of Food and Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): I oppose it Sir.

جناب والا ۔ مسٹر حمزہ کی اس یاد آوری اور کرم فرمائی کی وجہ وہ statement ہے جو میں نے بطور Press Statement کے جاری کیا جو یوں پڑھا جا سکتا ہے ۔

"The Minister for Food and Agriculture on Wednesday categorically denied having made any remark or observation about the working of WAPDA at Mian Channu. About a news item appearing in a section of the Press wherein he is alleged to have made some remarks about the working of WAPDA at Mian Channu, the Minister said that he did not visit Mian Channu recently and thus the question of having made any observation at

this place about WAPDA did not arise. In fact he said (which has given cause for this motion) the WAPDA was endeavouring to do its best in spite of many limitations and, therefore there was no occasion for him to have made any observation about the type alleged in the newspaper."

جناب والا ۔ معاملہ یوں ہے کہ چند اخبارات نے ایک بیان میرے نام کے ساتھ منسوب کیا تھا کہ میں نے واپڈا کی کارگزاری کے متعلق کچھ ایسے الفاظ کہے ہیں جو در حقیقت میں نے کبھی استعمال نہیں کئے ۔ لہذا میں نے اس خبر کی تردید کرتے ہوئے یہ پریس نوٹ نکلوایا جس کے متعلق میرے دوست کو وجہ شکایت پیدا ہوئی ہے ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ "WAPDA is endeavouring to do its best" کے limitations باوجود اپنی واللہ عالم بالصواب ۔ انہوں نے "commendably" کا لفظ کہاں سے لے لیا ہے جو کہ میں نے استعمال ہی نہیں کیا ۔ بہر حال میری رائے تو اب بھی یہی ہے کہ واپڈا اپنی صوابدید اور اپنے حالات کے مطابق ہر امکانی کوشش کر رہی ہے ۔ کہ وہ حالات کو درست کریں ۔ اس وقت ان کے سامنے بجلی کا کبھی کبھی فیل ہو جانا آ جاتا ہے اور وہ اسے واپڈا کی ساری کار گذاری میں خرابی سمجھ لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ اچھا کام نہیں کرتے ۔ اس سلسلہ میں میرے دوست وزیر برقیات نے کئی بار باالتفصیل اس معاملہ پر روشنی ڈالی ہے لیکن کبھی نہ کبھی بجلی کے فیل ہو جانے سے ان کو شکایت کا موقع مل ہی جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ واپڈا کا کام بجلی تک ہی محدود نہیں اس کی کار گذاری کا دائرہ بے حد وسیع ہے ۔ Indus Basin جیسے عظیم منصوبہ کی تکمیل کا کام اس کے سپرد ہے ۔ میرے دوست اسے فقیدالمثال منصوبہ کہتے ہیں اس لئے یہ کہنا مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ اس موقع پر میں Indus Basin کے متعلق ایک Foreign Expert کی رائے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا یہ مسٹر پارٹی کی رائے تو نہیں ؟

وزیر زراعت و خوارک - آپ ذرا سن تو لیں -

"The bank has been financing 164 projects all over the world. They had been associated with the Indus Project for the past seven years. Their experience was that of all the projects they have financed and administered, the Indus Project was the most successful. This Project was a model of efficiency, of good engineering and of good administration. The bank had disbursed some Nine Hundred Million Dollars on this Project so far but there was never a question, never a dispute and never a failing on this Project. Whenever I spoke about this Project to the U.S. Government and the European countries I said that this was a model for all countries to follow. The bank is very proud of these achievements and wants to maintain the momentum and to apply it to Turbela."

لہذا اس میں جو کچھ کہا گیا ہے میں اپنے دوست سے اتفاق نہیں کرتا میرے پیش نظر واپڈا کا تمام کام تھا لیکن ان کی نظر محدود رہتی ہے کبھی نہ کبھی بجلی تو فیل ہو جاتی ہے اور ان کو اعتراضات کا موقع مل جاتا ہے -

ملک محمد اختر - میرا خیال ہے کہ واپڈا کی کارگذاری پر بحث کے لئے ایک دن مخصوص کر دینا چاہئے تا کہ معلوم ہو جائے کہ حقیقت کیا ہے - اس طرح تو one sided story رہ جاتی ہے -

Let them fix a day for it.

وزیر خوراک و زراعت - میں اتنا دلیر نہیں ہوں -

جناب والا - ۱۹۵۹ میں یہاں ایک لاکھ بیس ہزار کلوواٹ بجلی پیدا ہوتی تھی -

The installed capacity is in the neighbourhood of a million kilo watts—an eight-fold increase in a brief period of 8 years. At present, the demand for power is increasing at the rate of 23% per annum, which is about four times the rate at which the over-all growth of the economy is taking place. In order to distribute all this power, WAPDA had to construct 30,000 miles of transmission and distribution lines. Last year, despite the power crises, WAPDA provided new connections for 75,000 consumers and energized more than 5,000 tubewells.

اس سے میرا مقصد یہ ہے کہ ہم حمزہ صاحب کی طرح حرف آخر عقل سلیم

یا عقل کل کے مالک نہیں ہیں ہم جو کچھ کرتے ہیں اس میں improvement کی گنجائش ہوتی ہے ۔ دراصل ہر انسانی ادارہ میں کوئی خامی یا کوتاہی ضرور رہ جاتی ہے ۔

میں نے جو کچھ عرض کیا تھا وہ اس لئے تھا کیونکہ مجھے وزیر آبپاشی رہنے کا اتفاق ہوا ہے اور میں حق بجانب تھا ۔ جو الفاظ میری طرف منسوب کئے گئے ہیں وہ غلط ہیں ۔ نوائے وقت نے جو ترجمہ کیا ہے میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ کہاں تک صحیح ہے ۔ ان حالات میں میں عرض کروں گا کہ یہ معاملہ اس قسم کا نہیں کہ تحریک التواء کی ضرورت ہو ۔

در اصل حمزہ صاحب ہمیں اسی طرح یاد فرماتے رہتے ہیں اور ہم ان کے شکر گذار ہیں ۔

جناب والا ۔ میں استدعا کرتا ہوں کہ میرے دوست اس تحریک کو واپس لینے کی سوچنے کی زحمت گوارا فرمائیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان نے واپڈا کے بارے میں جو ارشادات فرمائے ہیں میرا خیال ہے کہ اگر وہ حقائق پر مبنی ہیں تو میں نے جو دعوت دی ہے کہ اس تحریک التواء کو زیر بحث لایا جائے اسے قبول کر لینا چاہئے تھا ۔ جناب قائد ایوان کے نام سے جو بیان منسوب کیا گیا تھا میرے نزدیک وہ حقائق پر مبنی تھا ۔ اور وہ بالکل سچی بات تھی ۔ یہ درست ہے کہ وہ وہاں تشریف نہیں لے گئے لیکن یہ صحیح ہے کہ لوگ واپڈا کی کارگذاری سے نالاں ہیں ۔ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو بات کرنے سے گریز کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Does the Member press his motion ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان مجھ سے عمر میں بڑے ہیں اور بزرگ ہیں ۔ انہوں نے ایک لمبا بیان دیا ہے میں ان کی باتوں کا جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں اس لئے مجھے اجازت دی جائے ۔

جناب قائد ایوان کے بیان کا ترجمہ جو ''نوائے وقت'' نے کیا ہے وہ درست ہے ۔ اس میں یہی تھا کہ واپڈا نے اپنے تمام تر فرائض کو بہ طریق احسن سر انجام دیا ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ نہیں ''خوش اسلوبی'' سے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہاں commendably کہا گیا تھا ۔ اور یہ بالکل درست نہیں تھا ۔ جس طرح انہوں نے سابقہ بیان کی تردید کرنا مناسب سمجھا اس کی بھی تردید کر سکتے تھے ان کا یہ فرمان کہ واپڈا کے سپرد فقیدالمثال منصوبہ کی تکمیل کا کام ہے یا غیر ملکی مشیروں کی رائے یہاں پڑھ کر سنا دیں درست نہیں ۔ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ یہ وزراء ہمارے ہیں ، تنخواہیں خزانہ عامرہ سے وصول کرتے ہیں لیکن اس ملک کے لوگوں کی بات سننے کو تیار نہیں اور غیر ملکی مشیروں کو کچھ کھلا پلا کر بیان حاصل کر لیتے ہیں ۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ واپڈا کے فرائض بہت اہم ہیں اور اس کا کام اتنا آسان نہیں لیکن انہیں یہ بھی تسلیم کرنا چاہئے کہ جو وسائل اس کے سپرد کئے گئے ہیں وہ بھی بہت وسیع ہیں اور انہیں بے تحاشا اختیارات حاصل ہیں اس کے باوجود واپڈا نے جو بجلی وغیرہ کا کام سنبھالا ہے وہ اچھی طرح سے نہیں ہو رہا ہے برق رو رک جانے سے صنعت کار کے کارخانے اور کاشت کار کے ٹیوب ویل نہیں چلتے ۔ صرف صنعتکاروں پر ہی بس نہیں کارخانوں میں جو غریب مزدور کام کرتے ہیں ان کو بھی بجلی نہ ملنے سے انتہائی مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

Mr. Speaker: Does the Member press his motion?

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ ہمارے جذبات کو مجروح نہیں کیا ہے ۔ کیا وہ تسلیم کرتے ہیں کہ واپڈا نے اپنا کام بطریق احسن سر انجام نہیں دیا اگر وہ ایسا فرماتے ہیں تو میں اس تحریک پر زور نہیں دیتا ۔

Mr. Speaker: The motion is not pressed.

Next motion by Khawaja Muhammad Safdar. He is not present.

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): Sir, won't you agree to consider the adjournment of the adjournment motions because we have to do some legislative business too?

Mr. Speaker: Alright, the rest of the adjournment motions are deferred for tomorrow.

(At this stage Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmed Mian Soomro, occupied the Chair).

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN ESSENTIAL ARTICLES (CONTROL) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1967

Mr. Deputy Speaker: Yes, the Law Minister.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, I beg to move:

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 20th September, 1967.

Mr. Deputy Speaker: The motion moved is:

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 20th September, 1967.

Malik Muhammad Akhtar: Opposed.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, the Assembly, as you are aware, last year approved an Ordinance by which the life of the West Pakistan Essential Articles (Control) Act, 1958, was extended for one year and the main principles, the broad principles, which were underlying this enactment, were that the Legislature gave powers to the Government for regulation of supply, distribution and trade and commerce in respect of certain essential articles. These articles were mentioned in the Schedule which is attached to the Act, and they contained about 8 items relating to News-print, mechanically propelled vehicles, coal, iron and steel, cement, cotton, etc., bicycle tyres and tubes. These are the main items Sir. Originally, Sir, the life of this Act was for a period of two years. Later on, it has been extended from time to time and this august House has always been approving the ordinances which have been promulgated'

particularly because the articles which have been mentioned in the Schedule, are of such a nature that perhaps for some time still to come, they do require in public interest that there should be some kind of control with regard to the products, supply, distribution, trade, commerce, etc. This year, the life of the ordinance was due to expire, therefore, the Governor of West Pakistan was pleased to promulgate this Ordinance which is now before the Assembly and by which, the life of the Act has been extended for a period of five years. The other amendments which have been made are that in the long title, the word 'prices' had not occurred although it did occur in the Preamble, and another amendment in Section 1(3).

In this connection, I think it would be better and proper to refer to another piece of legislation which was passed by this Assembly in the year 1963, and thereby the word 'prices' was engrafted and was added in the West Pakistan Essential Articles (Control) Act, 1958. This was an addition in the Preamble whereby between the word "distribution" and the comma following thereafter, the comma and the word 'prices' were inserted. Not only that but in Section 3 of the amending Act of 1963, the words "availability at fair price" were also inserted in sub-section (1) between the word "distribution" occurring for the second time and the comma following thereafter. So in view of this addition, it appears rather incongruous that the word 'prices' should appear in two places in the body of the Act. But in the long title, it should not have been there. Therefore, there appears to be some sort of inconsistency and in order to remove that, the word 'price' has been inserted in the long title.

Mr. Deputy Speaker: Is it not there already?

Minister for Law: It is not there.

Malik Muhammad Akhtar: On a point of order.

Mr. Deputy Speaker: Please don't rise on your seat when the Chair is asking for some information.

Minister for Law: Sir, if you are referring to the P.L.D., they have inserted, but this is not authentic.

Malik Muhammad Akhtar: Point of order Sir. The learned Minister for Basic Democracies is away now; anyhow Law Minister is here. Sir, I pointed out such omission yesterday and that was in the Preamble as well as in the long title. Then the Minister was defending it and today he is conceding that they are going to amend their long title. So I am just comparing that.

Mr. Deputy Speaker: This is not a point of order; this is ruled out of order.

Minister for Law: So Sir, there are two things required; one is the extension of the life of the Act and you will agree with me that in this respect, there still exists a need for control of these articles and for regulation of supply, distribution, trade, commerce, etc.

Mr. Deputy Speaker: I think in PLD, the word 'prices' was included by the West Pakistan Ordinance 29 of 1962.

Minister for Law : This is a mistake; I have got the Gazette Publication. It was inserted through the 1963 legislation.

Mr. Deputy Speaker: Have you got the West Pakistan Ordinance 29 of 1963? Let me see it.

Minister for Law: Yes Sir, it is with me.

So Sir, you will be pleased to see that in 1958 Act, first of all there is a long title that reads:

> "An Act to provide for regulation, supply, distribution and trade and commerce in respect of certain essential articles"

We are seeking to amend .....

Mr. Deputy Speaker: This has already been amended.

Minister for Law: I am explaining it Sir. If you see the Preamble, it is provided there that whereas it is expedient in the public interest to provide for the powers to control the production, acquisition, keeping, storage, movement, transport, supply, distribution, disposal, use or consumption of , and trade and commerce in certain essential articles in the province of West Pakistan.

There was an amendment in the Act in 1963 in the Preamble and the word 'prices' was inserted and what the present Ordinance has done is the insertion of the word 'prices' in the long title too, as the two were at variance. So it was necessary to make them consistent by the insertion of the word 'prices' in the long title.

Mr. Deputy Speaker : In 63 it amended the Preamble not the Title.

Minister of Law: Yes. So, the condition of these articles is such and the condition of the supply and demand is such that it is very necessary to keep a control over it. The history of legislation has shown, right from 1958 to 1967, that it is necessary. A need has always been felt and from time to time the Provincial Assembly of West Pakistan have extended

the life of this piece of legislation by a year or two. The expectation is that for five years or so there will be need for exercise of control over these things. Therefore, to avoid the work of legislation every year and in order to see that every year we do not approach the Assembly for the extension of life of this Act, it has been thought proper to extend its life for five years.

With these remarks I would submit that the Ordinance may be approved.

Mr. Deputy Speaker: I will now take up clause 2 of the Ordinance. There is no amendment to clause 2.

Khawaja Muhammad Safdar: You need not put this clause by clause.

Mr. Deputy Speaker: Alright. Clause 3. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move :

That for section 3 of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely:—

"(3) In the said Act, for sub-section (3) of section 1, the following be substituted, namely:—

'(3) This Act shall remain in force till 22nd September, 1968'."—

Mr. Deputy Speaker: Motion under consideration, amendment moved is :

That for section 3 of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely:—

"(3) In the said Act, for sub-section (3) of section 1, the following be substituted, namely:—

'(3) This Act shall remain in force till 22nd September, 1968'."

Minister of Law: Opposed.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - لا منسٹر صاحب نے یه ابھی فرمایا ہے که وہ اس Essential Articles Control Ordinance کو پانچ سال کے لئے نافذ کرینگے تا که ۱۹۵۸ء کا جو قانون ہے اس قانون کو continue کیا جا سکے - اس سلسلے میں میری ترمیم تو یه ہے که یه قانون ineffective ہے اور اس لئے اسکو محض ایک سال کے لئے extend کر دیا جائے - جسکے بعد ہم اس سے بہتر اور موثر قانون لانیکی کوشش

کر سکتے ھیں یہ قانون ۱۹۵۸ء میں جنکو کہ آپ بدنام سیاستدان کہتے ھیں ان لوگوں نے مخصوص فوائد اور مخصوص اغراض و مقاصد کے لئے نافذ کیا تھا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اس بات کا حق حاصل ھے جیسا کہ کراچی کے Disorderly Persons Act کے دوران بحث میں ایک امنڈ منٹ پیش کیا گیا تھا جسکے ذریعہ سے کراچی Disorderly Persons Act کو دو سال کے لئے بڑھا دیا گیا تھا ۔ اور وہ قانون پیش کیا گیا ۔ اسی لئے مجھے یہ حق حاصل ھے کہ ۱۹۵۸ء کے قانون کی تمام دفعات کو بھی یہاں پر زیر بحث لاؤں ۔

جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں یہ گذارش کرنا چاھتا ھوں کہ اس قانون میں Essential Articles کی جو definition ھے اس کے مطابق وہ تمام چیزیں جو Schedule I mechanically-propelled vehicles, coal, iron and steel, cement, cotton, woollen and rayon textiles, cycles, tyres, tubes... وہ تمام کی تمام چیزیں اس Ordinance کی زد میں لائی گئی ھیں ۔ اسلئے مجھے یہ گذارش کرنا ھے کہ یہ جو definition ھے وہ comprehensive بنتی ھے ۔ میں اپنی support میں ایک ایسے قانون کا حوالہ دوں گا جو کہ اس وقت نافذ ھے ۔ اور جو کہ ھماری سنٹرل گورنمنٹ کا قانون ھے اور جسکے تحت انہوں نے Essential Commodity Ordinance 1965 لگایا ھے ۔ اور اس میں جو انہوں نے schedule پیش کیا ھے وہ کافی comprehensive ھے اور جس سے یہ ظاھر ھوتا ھے کہ اس comprehensive scheduled میں اور بھی items رکھنے چاھئیں اور اس schedule میں میرے پاس typed items ھیں جنکو میں پیش کرنا چاھتا ھوں iron and steel اس میں موجود ھے ۔ cement اس میں موجود ھے Bicycle اس میں موجود ھے ۔ لیکن اس کے اندر electric lamp موجود نہیں ۔ سکول اور کالج کی کتابیں یعنی Text Books اس میں موجود

نہیں ہیں ۔ sheet اور plate glass اس میں موجود نہیں ہیں اور ان چیزوں کے کہنے سے میری مراد یہ ہے کہ یہ سب چیزیں اگر آپ اس کے اندر شامل کر لیتے تو پھر اس صورت میں زیادہ بہتر ہوتا ۔ surgical instruments, imported drugs وغیرہ یہ سب ہی چیزیں ضروری ہیں ۔ ہم ۱۹۵۸ء کا رونا اس وقت رو رہے ہیں جبکہ ۱۹۵۷ء میں دنیا کافی ترقی کر چکی تھی ۔ اسکے باوجود medical equipment جیسی اہم چیز ہم اس کے اندر نہیں رکھ رہے ہیں ۔

اسلئے جناب والا ۔ اگر میں یہ کہوں کہ حالات کا جو تقاضا ہے اس کے مطابق یہ لوگ کام نہیں کر رہے ہیں بلکہ یہ لوگ محض چھپے ہوئے پرانے Drafts کو فائلوں سے باہر نکال کر ان کے اوپر دستخط کرنیکے عادی ہیں اور ان کا یہ جو preamble ہے کہ Essential Commodity Ordinance کو لانا چاہئے ۔ تا کہ وہ اس کے ذریعہ سے اسکی supply اور اس کی production اور اس کی regulate distribution کر سکیں اس کے سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس سے اپنا مقصد حاصل نہیں کر رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میڈیکل equipment کے بعد یہ infants food ۔ printers ink یا ready made clothing یا schools and colleges stationery اور اس کے بعد چونکہ farming میں ہم نے کافی ترقی کر لی ہے tractor drawn equipments یہ بھی سب ۱۹۶۵ء کے قانون میں شامل تھی اور انکو بھی یہ چاہئے تھا کہ کیونکہ وہ ہنگامی قانون ہے اور چونکہ وہ ۶ ماہ یا سال بھر کے بعد ختم ہو جائیگا تو جبکہ ہم قانون سازی ہی کر رہے ہیں اس لئے ایسے موقع پر ہمیں ایک سال کے لیئے یہ چاہئے تھا کہ ہم ان سب چیزوں کے نام بھی شامل کر لیتے ۔ اسلئے جناب والا ۔ اس قانون میں

iron and steel, cement, news print, bicycles, electrical lamps, schools and colleges text books, imported drugs, surgical instruments, medica equipment, supply, production and distribution, infant foods, read

made clothing, stationery, tractors and tractor drawn equipment, washing soap, cycles, tyres, batteries, building hardware

ہونا چاہئے تھا ۔

Mr. Deputy Speaker : What are you reading ?

ملک محمد اختر ۔ Essential Commodities Ordinance کے schedule میں سے پڑھ رہا ہوں اور میں یہ چاہتا ہوں کہ ایسا ہی ایک schedule اور بنایا جائے ۔ اس لئے میں جناب والا ۔ یہ جو amendment پیش کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ Section III جو ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : The present section is about the life of the Ordinance. Your amendment is that instead of fourteen years, it should be upto 22nd September, 1968.

ملک محمد اختر ۔ میں نے مسٹر سپیکر پہلے ہی یہ بات کہدی تھی کہ section 3 جو ہے اس کو 22nd September تک extend کر دیا جائے ۔ اور یہ جاری رہنے والا Ordinance ہے جسکو کہ ہم پانچ سال کے لئے continue کر رہے ہیں ۔ اس لئے مجھے اس بات کا حق حاصل ہے کہ میں اسے زیر بحث لاؤں ۔ جناب والا ۔ میں نے Karachi Disorderly Persons کے اوپر دوبارہ تقریر کی ہے اسلئے آپ مجھے اجازت دیں کہ میں دوران تقریر میں تمام دفعات کو زیر بحث لاؤں Essential Articles Act کے تحت جو شیڈول انہوں نے define کیا ہے میں اس کی آئٹموں کو نا کافی سمجھتے ہوئے یہ عرض کر رہا ہوں اور اپنے دلائل پیش کر رہا ہوں اور کہہ رہا ہوں کہ ان کو بھی ضروری اشیاء declare ہونا چاہئے ۔

Mr. Deputy Speaker: Please be relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں اس جھگڑے کو ختم کر دیتا ہوں ۔ میں آپ کے سپیکر کی رولنگ پڑھ دیتا ہوں ۔ اس میں انہوں نے یہ کہا ہے ۔ ۔ ۔

Minister of Law: Sir, he will not agree to the ruling of the Chair.

ملک محمد اختر - وہ کہہ رہے ہیں جناب سپیکر یہ صفحہ ۱۲ ہے جس پر سپیکر صاحب کی رولنگ ہے -

"I must remark that the discussion of an original Act or Ordinance would be in order ...."

یعنی یہی نکتہ جو آپ نے اٹھایا تھا -

Mr. Deputy Speaker: Read the whole thing.

Malik Muhammad Akhtar:

"...for the purpose of approving or disapproving the continuing bill or ordinance, but the amendments in the original Act or Ordinance would be out of order as they would be beyond the scope of the continuing Bill or Ordinance. By discussing the principles of the basic law one can make out one's case for the approval or disapproval of the continuing Bill, but to allow an amendment in the sections of the original Act, which had been referred to in the continuing bill would be clearly outside the scope of the bill and the ordinance."

جناب والا - میں ۱۹۵۸ کے ایکٹ میں ترمیم نہیں کر سکتا -

Mr. Deputy Speaker: Are you not suggesting that the schedule be amended?

ملک محمد اختر - وہ اگلی ترمیم ہے وہ out of order ہو جائے گی -

Mr. Deputy Speaker: If I correctly understood . . .

Malik Muhammad Akhtar: There may be a confusion.

Mr. Deputy Speaker: You are suggesting that the Schedule should contain such and such things.

ملک محمد اختر - وہ میری ترمیم ہے لیکن وہ out of order ہو جائے گی -

Mr. Deputy Speaker: You are not relevant. You can discuss the original Ordinance when this Ordinance is put to the House as a whole. When you are referring to a particular section, you have to be relevant to that particular section.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - کراچی Disorderly Persons پر بحث کرتے ہوئے پہلے میری ترمیم یہ تھی کہ اس کو دو سال کے لئے کرنا چاہئے لیکن مجھے پتہ تھا کہ اس کو ایک سال کے لئے کرنا چاہئے - مجھے سپیکر صاحب نے حق دیا تھا کہ میں تمام کلازوں کو discuss کر لوں -

Mr. Deputy Speaker: The Member has a right; I don't say he does not have a right, but that would be when I put the Ordinance as a whole to the House.

Malik Muhammad Akhtar: Then you are inconsistent with the ruling of your own Speaker.

Mr. Deputy Speaker: There is no inconsistency.

Malik Muhammad Akhtar: What should I say then?

Mr. Deputy Speaker: At present you should confine yourself to your amendment.

Malik Muhammad Akhter: And argue what?

Mr. Deputy Speaker; Whatever your amendment relates to.

Malik Muhammad Akhtar: My amendment is that it should be for one year.

Mr. Deputy Speaker: Then confine your speech to that aspect.

Malik Muhammad Akhtar: Why it should be for one year I have got to explain.

Mr. Deputy Speaker: Don't talk of Schedule because this is not the time.

Malik Muhammad Akhtar: Unfortunately that is not the position. You can call for the record of the Karachi Disorderly Persons Act; let us suspend the proceedings of the House for a while.

Mr. Deputy Speaker: There is no need for sending for the record. I have understood the Ruling and what I feel is correct. I am telling you that you may make a speech as far as things are relevant to this amendment. As far as the other things are concerned which go beyond the scope of this Bill, you can do so when I put the Ordinance fully to the House for approval or disapproval.

Mr. Hamza: Sir there is no quorum in the House.

Mr. Deputy Speaker: Let there be a count. (*count was taken*).

The House is not in quorum; let the bells be rung.

(*bells were rung*) The House is now in quorum.

Malik Muhammad Akhtar: Then what are the directions Sir?

Mr. Deputy Speaker: Go ahead.

ملک محمد اختر - تو جناب سپیکر میں یہ کہہ رہا تھا کہ ضروری اشیا کے دائرے کو وسیع کرنا چاہئے تھا - میں جنرل اصولوں کو discuss کر رہا ہوں -

Mr. Deputy Speaker: Again you are going to the amendment of the Schedule.

Malik Muhammad Akhtar: Can I discuss the general principle ?

Mr. Deputy Speaker: Yes, of course, but not the amendment of the Schedule because it would be beyond the scope of the Ordinance. Nothing beyond the scope of the Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar: I am on amendment No 1.

Mr. Deputy Speaker: No. 1 ?

Malik Muhammad Akhtar: Yes. I think, that is the confusion.

Mr. Deputy Speaker: Amendment to section 3 ?

Malik Muhammad Akhtar: It is item No. 1 on the agenda.

Mr. Deputy Speaker: Amendment to section 3.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جیسا کہ لامنسٹر صاحب نے فرمایا ہے - وہ وقتاً فوقتاً اس قانون میں توسیع کرتے رہے ہیں - مگر انہوں نے کبھی بدلتے ہوئے حالات کا جو تقاضا تھا اسے پورا کرنے کی کوشش نہیں کی - یہ بار بار اسی قانون کو آگے لاتے رہتے ہیں - یہ قانون دو بار ۱۹۶۳ میں ترمیم ہوا - اس کے بعد یہاں پر ۱۹۶۶ء میں اس قانون میں ایک سال کی توسیع کی گئی - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۱۹۶۵ء سے اس قانون کی پوزیشن مختلف ہو چکی ہے - ۱۹۶۵ء میں سنٹرل گورنمنٹ نے ڈیفینس آف پاکستان آرڈی ننس ۱۹۶۵ء کو نافذ کیا - اس میں سیکشن ۳ میں یہی provision ہے - میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس وقت ایک اور قانون موجود ہے جو لاگو ہے اور اس میں رولز بنانے کی جو powers ہیں وہ اس سے مختلف ہیں -

"Powers to make rules—(1) The Central Government may, by notification in the Official Gazette, make such rules as appear to it to be necessary or expedient for ensuring the security, the public safety and interest and the defence of Pakistan ....."

Mr. Deputy Speaker: From where is the Member reading ?

Malik Muhammad Akhtar: I am reading section 3 of the Defence of Pakistan Ordinance, 1965.

> ".....or for securing the maintenance of public order or the efficient conduct of military operations or prosecution of war, or for maintaining supplies and services essential to the life of the community."

اس دفعہ کے بعد یہ ترمیم جو ہے سنٹرل گورنمنٹ کے قانون کے ساتھ متصادم ہے ۔ آرڈی ننس ۲۳ آف ۱۹۶۵ء کا سیکشن ۴ ہے ۔

Now, I come to section 4.

> "Effect of rules, etc., inconsistent with other enactments—Any rule made under section 3 and any order made under any such rule, shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any enactment other than this Ordinance or in any instrument having effect by virtue of any enactment other than this Ordinance."

یعنی اس کے تحت جو رولز بنائے گئے ہیں ان کے تحت جو بھی enactment ہے وہ prevail کرے گی باقی سارے قانونوں پر ۔ اور جناب والا یہ آرڈی ننس نمبر ۲۳ آف ۱۹۶۵ء جو ہے اس کے تحت رولز بننے کے بعد ڈیفینس آف پاکستان رولز بنا دئے گئے ۔ اور رولز جو ہیں ان میں رول ۲ بھی ایسا ہے ۔ وہ یہ کہتا ہے ۔

> "The Central Government may, by notification in the official Gazette make such rules as appear it to be necessary or expedient for ensuring the security, the public safety and interest and the defence of Pakistan, or for securing the maintenance of public order or the efficient prosecution of war, or for maintaining supplies and services essential to the life of the community.
>
> Without prejudice to the generality of the powers conferred by subsection (1), the rules may provide for, or may empower any authority to make orders providing for, all or any of the following matters, namely:—"

جناب والا ۔ میں جو کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس سے میرا مدعا یہ ہے کہ ڈیفینس آف پاکستان آرڈی نینس ۱۹۶۵ء کے تحت جو رولز بنائے گئے ان کے رول (۲) کے تحت یہ دفعات آگے ہی موجود ہیں ۔ گویا

سنٹرل گورنمنٹ کا قانون پہلے ھی موجود ھے اس کی موجودگی میں صوبائی حکومت نے یہ جو لیجسلیشن کی ھے یہ ineffective ھے اور اس کے بعد ان میں تضاد بھی ھے ۔

Mr. Deputy Speaker : Therefore, the Member proposes that it should remain in force for one year.

Malik Muhammad Akhtar : Yes Sir, although it is inconsistent.

Mr. Deputy Speaker : As I understand your view point it is like this that although it is inconsistent with the Central Act yet we should continue it for one year more.

ملک محمد اختر ۔ وہ اس لئے کہ یہ ایک سال تک emergency ھٹا دیں گے ۔ جب یہ ھٹا دیں گے تو وہ قانون بھی چلا جائے گا ۔ پھر اس قانون کو موقع ملے گا پھر ھم لوگوں کو free trade کا موقع دیں گے ۔

جناب والا ۔ پراونشل اسمبلی کی لیجسلیشن کے اس وقت تک ۳۰ آرڈی ننس ھیں جن میں سے اس لا ڈیپارٹمنٹ کو یہ شرف حاصل ھے کہ ۳۰ inconsistent ھیں ۔ میں پریذیڈنٹ کو بھی کہہ کے آیا ھوں کہ ان کے ۳۰ قانون غلط ھیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔ جناب والا ۔ اب یہ تماشا دیکھئے ۔ چلئے آپ ھی جج سہی ۔

This is the statement which I made before the President of Pakistan on the 3rd March. I told him that this credit goes to the Law Department that most of the Provincial laws are either inconsistent with the Central Laws or with the Fundamental Rights or are so worded that they have got no legal force and I still challenge it.

وزیر خوراک ۔ جناب والا ۔ کیا آپ ھاؤس میں تماشا دیکھ سکتے ھیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Please go ahead.

ملک محمد اختر ۔ جناب ملک صاحب نے بڑے تماشے دیکھے ھیں ۔

وزیر خوراک ۔ مگر ایسا تماشا میں نے کبھی نہیں دیکھا ۔

(قہقہہ)

ملک محمد اختر - آپ میری مشکل دیکھئیے - اب میں اس خاص قانون پر آ رہا ہوں - میری محنت دیکھئیے - میں نے ۵۰ صفحات کا یہ نوٹ تیار کیا ہے -

Mr. Deputy Speaker : I think, the whole House appreciates your endeavours however irrelevant they might be.

ملک محمد اختر - آپ دیکھیں یہ اب تین قانون ہیں - ایک ڈیفینس آف پاکستان رولز میں جن کے تحت قیمتیں regularise ہو سکتی ہیں - اب یہ تیسرا قانون خاص طور سے بنا دیا گیا ہے اس کا نام ہے -

"The West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967."

اب دیکھئیے جناب والا اس کی جو توسیع ہوئی ہے وہ کیا ہے -

"It extends to the whole of Pakistan.

It shall come into force at once."

اب بتائیے کہ اس کے تحت اس قانون کی حیثیت کیا ہے - اب آگے دیکھئیے - یہ کہتے ہیں کہ ہم distribution کے لئے گورنمنٹ کا ایک افسر مقرر کریں گے - یہاں سب سیکشن (۳) ہے -

Section 3 (3) of the Essential Articles (Control) Act, 1958 :

"Government, so far as it appears to it to be necessary for maintaining or increasing the production and supply of an essential article, may by notified order, authorise any person (hereinafter referred to as an authorised controller) to exercise, with respect to the whole or any part of any such undertaking engaged in the production and supply of the article as may be specified in the orders such functions of control as may be provided by the order."

جناب والا - یہ provide کر رہا ہے اور یہاں یہ اختیارات ان کے پاس ہیں وہاں جو پاورز ہیں وہ سارے پاکستان کو کنٹرول کرتی ہیں -

"'Controller-General' means the Controller-General of Prices and Supplies appointed by the Central Government, and includes any Deputy or Assistant Controller-General of Prices and Supplies so appointed, and any other officer authorised by the Central Government to exercise all or any of the powers of Controller-General under this order."

جناب والا - اب میں یہ سوال وزیر قانون صاحب سے کرتا ہوں کہ

کیا صوبائی حکومت کا وہ authorized controller ان اختیارات کو استعمال کرنے میں حق بجانب ہے جسکو ڈیفینس آف پاکستان رولز کے تحت مقرر کیا گیا ہے۔

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sir, if you kindly allow me, I can help Malik Muhammad Akhtar to correct himself because I think, he is unable to understand the whole phenomenon behind this enactment and he is confusing some Central Act with the Provincial Act. They have got absolutely separate jurisdiction as compared to the Provincial Legislation. This Act has got nothing to do with that Central Act. This pertains only to the distribution, sale and control of those commodities which fall under the jurisdiction of the Provincial Industries Department and, as such, the Member's argument referring to the Central legislation, is a mere wastage of time.

Malik Muhammad Akhtar: Certainly not, Sir.

جناب والا ۔ وہ ایک اور رولنگ آپ سے لینا چاہتے ہیں ۔

"Essential commodity means, any of the commodities or class of commodities mentioned in the schedule of this order."

اس طرح اس شیڈول کو refer کیا ہے ۔ دوسرے شیڈول میں چند چیزیں مشترک ہیں ۔ اگر آپ اجازت دیں تو ان مشترک چیزوں کو پڑھ دوں ۔ ''نیوز پرنٹ ۔ آئرن ۔ سٹیل ۔ کول ۔ وولن ۔ کاٹن ٹیکسٹائلز ۔ سیمنٹ اور سائیکل ٹائرز'' یہ ساتوں کے سات items سنٹرل ایکٹ میں بھی موجود ہیں اس لئے فاضل ممبران مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ کنٹرولر جنرل کی jurisdiction میں ہے کہ وہ مغربی پاکستان میں ساتوں چیزوں پر ۱۹۵۸ کے قانون کے تحت کنٹرول کر سکتا ہے جو Essential Commodities ہیں ۔ اسکے بعد جناب والا procedure اور prosecution ہے وہ یہ ہے کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز میں ہے میری مراد یہ کہ جب صدر پاکستان نے آرٹیکل ۳۰ کے تحت emergency کی proclamation کر دی ہے تو اس proclamation کے بعد انہوں نے ایک سپیشل کورٹ بنا دی ہے جو ایسے تمام offences کو try کرے گی ۔ جناب والا ۔ اب مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ٹریبونل قائم کیا جائیگا اور وہ

ایسا قانون ہے جو ہنگامی حالات میں صدر صاحب نے بنایا ہے ۔ یہ اس قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے عمل پیرا ٹریبونل ہوگا ۔ اس ٹریبونل کورٹ کو ڈیفنس آف پاکستان رولز ۱۹۶۵ کے تحت معرض وجود میں لائے ہیں ۔

The Central Government may . . . . .

Mr. Deputy Speaker : Malik Muhammad Akhtar, I tell you I will not allow you to be irrelevant. You are making repetitions and you have stated that three times.

ملک محمد اختر ۔ میں Tribunal کے متعلق کہہ رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : Tribunal is not relevant here; we are discussing the procedure for control.

ملک محمد اختر ۔ 1958 کی جو دفعات ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : I say that is not relevant; go on to the next point.

ملک محمد اختر ۔ میں تینوں ترامیم کو چھوڑ دیتا ہوں اور Disapproval کے Resolution پر بحث کروں گا ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, if you allow me I will say one or two words, in reply thereto. The Central statute which has been referred to is for limited purposes and action by the Controller General can be taken only for the purpose of security whereas 1958 Act, which is a provincial measure, is for regulation of distribution of supply of certain articles for general purposes and that law could be withdrawn at any time whereas this Act is in public interest and not for a limited purpose namely, the security of Pakistan. So it is in public interest that this measure has been enacted. Therefore, this Act stands side by side and it is not inconsistent. The Member has not advanced any reason as to why its life should not be extended. He has only stressed the inconsistency being there, which is actually not correct. Therefore, there is nothing made out in the speech of my learned friend on the other side. Hence I request that this may be put to vote.

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, do you desire to withdraw your amendment ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it cannot be withdrawn ; it may be rejected. But I have given my views which they may accept or reject.

Mr. Deputy Speaker : You want it to be put ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir.

Mr. Deputy Speaker : Now I put the amendment. The question is :

That for section 3 of the West Pakistan Essential Articles (Control) (Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :-

"(3) In the said Act, for sub-section (3) of section 1, the following be substituted, namely :—

"(3) This Act shall remain in force till 22nd September, 1968."

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I am not moving any amendment.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar ; he is not present. Next amendment Mr. Hamza ; he does not want to move it. New Sections ; Malik Muhammad Akhtar's amendment cannot be allowed to be moved because it is not within the scope of the Act. Then the Preamble ; there is no amendment. Then Section 1, the Title, yes Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I am not moving Sir.

Mr. Deputy Speaker : I will now take up the Ordinance as a whole.

Malik Muhammad Akhtar : I am opposing the Resolution Sir.

جناب سپیکر ۔ میں ان اصولوں کے ساتھ اتفاق نہیں کرتا جس کے تحت یہ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir, I think the Member has already availed of his opportunity and has spoken already on the motion.

Mr. Deputy Speaker : How do you know that ? Let him say what he wants to and if there is any repetition, you can raise an objection then. How can you anticipate now ?

Parliamentary Secretary : Obviously Sir, we must know on which motion he is going to address the House.

Mr. Deputy Speaker : Don't you know what is the motion before the House ?

Parliamentary Secretary : Obviously the motion is an Ordinance but the amendment on the motion of disapproval has been rejected.

Mr. Deputy Speaker : There is no motion for disapproval. It is only this that before the motion is put to vote, the Member has a right to speak on the Ordinance as a whole.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میرا خیال ہے کہ اب میں ذرا clear ہو کر بات کرنا چاہتا ہوں -

I can discuss the original Ordinance which is being continued as a whole.

Mr. Deputy Speaker : I have already told him that.

Malik Muhammad Akhtar : I want it to be repeated for the information of the Members.

Mr. Deputy Speaker : No repetition.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک ایکٹ جس کا نام Essential Articles Control Act, 1958 ہے اس کو سارے مغربی پاکستان میں extend کرنا مطلوب ہے ، یہ ایک غیر موثر سا قانون ہے - میں اسے دھرانا نہیں چاہتا ہوں ، صرف اس کا حوالہ دوں گا Essential Article کی جو definition دی گئی ہے یہ بدلے ہوئے حالات کے مطابق نامکمل ہے - اسکے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اس کی دفعہ ۳ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر حکومت کو یہ احساس ہو کہ وہ کسی سپلائی کو جو کہ Essential Article کے متعلق ہو ، اسکی equitable distribution اور availability کے متعلق کوئی حکم پاس کرنا چاہے ، تو وہ ایک نوٹیفیکیشن دے سکتی ہے کہ اس production کو یا sale کو یا distribution کو کنٹرول کیا جائے -

جناب والا - اگر اس قانون کا جائزہ ۱۹۵۸ء سے لیا جائے تو اس وقت

اس قانون کو (شاید قائد ایوان مجھ سے اتفاق کریں کیونکہ وہ شروع سے ہی قانون سازی سے متعلق رہے ہوں) اس لئے لایا گیا تھا کہ بعض لوگ پرمٹوں اور لائسنسوں کی تقسیم سے اپنے سیاسی مفادات حاصل کرنا چاہتے تھے اور اپنی اس غرض کو بروئے کار لانے کے لئے انہوں نے پرمٹ سسٹم کا نفاذ کیا اور انہوں نے یہ قرار دیا کہ وہ جس چیز کو بھی چاہیں نوٹیفیکیشن کے ذریعے اسکی پیداوار ، اس کی فروخت ، اس کی تقسیم اور disposal کی ممانعت کر دیں ۔ ۔ ۔

There is no quorum. I don't think it would be legal to continue without quorum.

Mr. Deputy Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Go ahead **Malik Akhtar.**

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سابق سیاستدانوں نے پرمٹ اور لائسنس سسٹم introduce کرنے کے لئے اس قانون کا نفاذ کیا تھا اس قانون کی دفعہ 3 (2) کی سب کلاز (*a*) اس طرح ہے ۔

> 3 (2) (*a*) for regulating by licences, permits or otherwise, the production, manufacture, acquisition, treatment, keeping, storage, movement, transport, supply, distribution, disposal, use or consumption of any essential article :

یعنی وہ اس مسئلے کو پرمٹ اور لائسنس کے ذریعے regulate کرنا چاہتے ہیں کہ تجارت میں وہ جس طرح چاہیں مداخلت کر سکیں ۔ مجھے ایک واقعہ یاد ہے کہ جب مسلم لیگ وزارت پہلے انتخابات کے بعد نہ بن سکی ۔ تین چار حضرات نے cross over کر کے کانگرس کے ساتھ مل کر وزارت بنائی ۔ تو ایک وزیر صاحب تھے جو کہ پرمٹوں کے بادشاہ بن گئے اور وہ پرمٹ دیا کرتے تھے ۔ اور اس زمانے میں وزراء صاحبان نے طوائفوں کو بھی iron and steel کے پرمٹ دیئے تھے ۔ یہ کام ۱۹۵۶ء تک چلتا رہا ۔ اور جب بدنام سیاستدانوں نے ۱۹۵۷ء میں

اس کا اعادہ کیا ۔ میرے پاس لٹریچر موجود ہے کہ جو یہ ظاہر کرے گا کہ یہ لائسنس اور پرمٹ کا ناپاک دھندہ اس وقت زوروں پر تھا ۔ بلکہ مارشل لا سے قبل جو ایام تھے اگر انہیں آپ دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس غیر موثر قانون کے ہوتے ہوئے اور ان غیر موثر provisions کے ہوتے ہوئے بھی (بلکہ مارشل لا کے نفاذ کی بڑی بھاری وجہ یہی تھی کہ) ملک میں بلیک مارکیٹ ، ذخیرہ اندوزی کا دور دورہ تھا اور جناب صدر مملکت کی کتاب کے اغراض و مقاصد میں بھی یہ بات دی گئی ہے کہ اس وقت بہت زیادہ irregularities ہوتی تھیں ۔ اس لئے کسی قانون کا از سر نو اجرا کرنے سے پہلے اس قانون سے حاصل کردہ نتائج اور اسکے تجربے سے استفادہ کرنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ اب میں یہ گذارش کروں گا کہ اس قانون کی دفعہ ۲ (ب) میں یہ prohibit کر دیا گیا ہے کہ Essential Commodities کو بیچا جائے یا نہ بیچا جائے ۔ یہ حکومت کے افسر کی صوابدید پر ہے کہ وہ notify کرے کہ اسے بیچا جائے یا نہ بیچا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ میں اس دفعہ کے سب سیکشن کو چھوڑتا ہوں اور جو نہایت ہی اہم مسئلہ ہے وہ دفعہ ۳ (ایف) ہے کہ کسی شخص کو کہا جا سکتا ہے ۔

Section 3 (2) (f) :

"For requiring persons engaged in the production, supply or distribution of, or trade or commerce in, any essential article to maintain and produce for inspection such books, accounts and records relating to business and to furnish such information relating thereto as may be specified in the Order."

جناب والا ۔ دیکھئے ۔ Banking کے متعلق یہ قصہ ہے کہ آپ ان سے کوئی انفارمیشن نہیں لے سکتے ۔ لیکن آپ کسی فیکٹری کے مالک سے اس کے تمام accounts حاصل کر لیتے ہیں آپ کا انکم ٹیکس کا محکمہ موجود

ہے ۔ اس کے پاس تمام statements جاتی ہیں ۔ پھر یہ جو نئی دفعہ لگا رہے ہیں یہ duplication ہے اس duplicity سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا ۔ آپ اس قانون کے تحت right of search دے رہے ہیں ۔

Section 3 (2) (g) :

"For any incidental and supplementary matters including, in particular, the entering and search of premises, vehicles, vessels and aircraft, seizure by a person authorised to make such search of any article in respect of which such person has reason to believe that contravention of the Order has been, is being, or is about to be committed or any records connected therewith, the grant and issue of licences, permits or other documents, and the charging of fees thereof."

یعنی جیسا کہ آپ نے ڈیموکریسی کو کنٹرول کر لیا ہے آپ تمام تجارت ۔ distribution-production اور sales کو بھی کنٹرول کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ نے تاجر کو ایسی حیثیت دے دی ہے کہ جو essential commodities میں deal کرتا ہے اس کو مشتبہ شخص کی طرح search کیا جا سکتا ہے ۔ اس کے تمام accounts اور تمام معاملات کر search کیا جا سکتا ہے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ سب سے بڑی قابل اعتراض بات وہ ہے جو اس قانون کی دفعہ ۴ میں ہے ۔

'Government, may, by notified order, direct that the power to make orders under section 3 shall, in relation to such matters and subject to such conditions, if any, as may be specified in the direction, be exercisable also by such officer or authority not below the rank of Gazetted Officer subordinate to Government as may be specified in the direction."

یعنی محض گیزیٹڈ افسر کو آپ District Magistrate کی powers دے دیتے ہیں یا جو کسی Higher Officer کی powers ہوتی ہیں وہ اختیارات آپ ایک گیزیٹڈ افسر کو سونپ دیتے ہیں کہ وہ اس بارے میں جو کارروائی ضروری سمجھے کرے ۔ یہ بہت قابل اعتراض بات ہے ۔

سردار اشرف صاحب یہاں نہیں ہیں اگر وہ تشریف لے آئیں تو میں ان کو بتا سکوں کہ انہوں نے جو میری بات کو irrelevant قرار دیا ہے وہ

irrelevant نہیں ۔ اب میں جو عرض کروں گا آپ انشاء اللہ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ میں relevant بات کر رہا ہوں ۔ یہ دفعہ ۵ ہے ۔

"Any order made under section 3 shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any enactment other than this Act or any instrument having effect by virtue of any enactment other than this Act."

اس طرح جناب لا منسٹر صاحب کا مفروضہ درست نہیں رہتا جو انہوں نے فرمایا ہے کہ دونوں قوانین بہن بھائی کی طرح ہیں وہ brother & sister کی طرح نہیں چل سکتے ۔ آپ کا قانون تمام existing Law کو override کرتا ہے اور پھر یہ غیر موثر ہو کر رہ جاتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں وہ دفعات نہیں پڑھوں گا صرف ان کا title عرض کروں گا کہ اس کا کس طرح ٹکراؤ ہوتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker: That you have already said.

Malik Muhammad Akhtar: I will not repeat.

میں ان کو arguments کی form میں دے سکتا تھا ۔ لیکن جو ضروری باتیں تھیں وہ میں نے عرض کردی ہیں ۔ اس سلسلہ میں آئین کے آرٹیکل ۱۳۱ کا حوالہ ضروری ہے ۔

"The Central Legislature shall have exclusive powers to make laws (including laws having extra territorial operation) for the whole or any part of Pakistan with respect to any matter enumerated in the Third Schedule."

اس سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ یہ قانون علیحدہ نہیں ہو گا ۔ بلکہ خود ہی کالعدم ہو کر رہ جائے گا ۔ اس کے لئے مجھے آرٹیکل ۳۰ پڑھنا ہوگا ۔

"(1) If the President is satisfied that a grave emergency exists—

(a) in which Pakistan, or any part of Pakistan, is (or is in imminent danger of being) threatened by war or external aggression; or

(b) in which the security or economic life of Pakistan is threatened by internal disturbances beyond the power of a Provincial Government to control,

the President may issue a Proclamation of Emergency."

اب جناب والا ۔ وہ بات جو میں کہنا چاہتا تھا آ گئی ہے وہ دفعہ ۳۰ میں ہے ۔

"(2) A Proclamation of Emergency shall, as soon as is practicable, be laid before the National Assembly.

(3) The President shall, when he is satisfied that the grounds on which he issued a Proclamation of Emergency have ceased to exist, revoke the Proclamation.

(4) If, at a time when a Proclamation of Emergency is in force (whether or not the National Assembly stands dissolved or is in session at that time the President is satisfied that immediate legislation is necessary to assist in meeting the emergency that gave rise to the issue of the Proclamation, he may,

subject to this Article, make and promulgate such Ordinances as appear to him to be necessary to meet the emergency, and any such Ordinance shall, subject to this Article have the same force of law as an Act of the Central Legislature."

اسی وقت ایمرجینسی ہے اور جو Legislation کی گئی ہے وہ Presidential Order کے تحت کی گئی ہے اس کی حیثیت سنٹرل قانون کی ہے اور سنٹرل قانون پروونشل قانون کو override کرتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : How is that relevant ?

ملک محمد اختر ۔ جناب یہاں تو ۵۰ جگہ تضاد ہے ۔ اگر میں ۴۰ جگہ کو refer کرتا ہوں تو ۱۰ کو refer کرنا بھی ضروری ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : You have already said it so many times.

Malik Muhammad Akhtar : But I have not referred to this Article.

Mr. Deputy Speaker : I am at a loss to understand what you want to say and what you don't want to say.

ملک محمد اختر ۔ اگر ایمرجنسی ہے تو ایمرجنسی کے تحت ہی تو انہوں نے Essential Commodities آرڈیننس ۱۹۶۳ء promulgate کیا ہے ۔ اب آپ کہتے ہیں کہ اس کو چھوڑو تو میں اس کو چھوڑتا ہوں لیکن یہ ایک کمبخت دفعہ نکل آئی ہے اور وہ دفعہ کہتی ہے ۔

"Any order made under section 3 shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any enactment other than this Act or any instrument having effect by virtue of any enactment other than this Act."

اب جناب میں کہاں جاؤں ان ہی کے قانون نے ایک شگوفہ کھلایا ہے اور ان ہی کے قانون نے ایک گل کھلایا ہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ ہمارا جو قانون ہے وہ نافذ ہوگا اور دوسرے قوانین نا جائز ہوں گے یعنی اس قانون سے ہم پریذیڈنٹ کے پیش کردہ تمام احکامات کو nullify کر رہے ہیں لیکن میں اس پوائنٹ کو چھوڑتا ہوں اس پر کافی بحث ہو چکی ہے ۔ (٦) میں یہ ہے ۔

"If any person contravenes any order made under section 3, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three years or with fine or with both and, if the order so provides, any Court trying such contravention may direct that any property in respect of which the Court is satisfied that the order has been contravened shall be forfeited to Government."

یعنی اس قانون میں جو provision کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ تین سال تک کی سزا دی جا سکتی ہے ۔ جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کو پڑھوں گا نہیں البتہ refer کئے دیتا ہوں کہ یہ سپیشل ٹریبونل ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت ہے ۔

"Special Tribunals shall try any offence under any rule made under section 3 punishable with death, transportation and imprisonment for a term which may extend to seven years."

اب جناب والا بتائیے کہ یہ تو تین سال کی سزا کا نفاذ کرنا چاہتے ہیں اور اسی قانون کے تحت جو در اصل سنٹرل گورنمنٹ کا قانون ہے اور سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے اس پر ایک سپیشل ٹریبونل constitute کیا جاتا ہے اور اس میں ۷ سال کی سزا ہے ۔ تو کیا میں قائد ایوان سے یہ درخواست کر سکتا ہوں اور اگر وہ اجازت دیں تو کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں اور لا منسٹر صاحب سے بھی کیا میں پوچھ سکتا ہوں کیونکہ خوش نصیبی سے دونوں بڑے accommodating منسٹر ہیں کہ وہ ایسا قانون لا کر سمگلروں کی پشت پناہی کر رہے ہیں یعنی ۷ کے بجائے تین سال کی سزا رکھنا چاہتے ہیں یا سمگلروں کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے discretion

پر چھوڑنا چاہتے ہیں کہ جب وہ انکی جیب گرم کر دیں تو وہ اس قانون کے تحت ان کا trial نہ کریں اور جب وہ انکی جیب گرم نہ کریں تو ان کا trial کریں ۔ آخر آپ کا کیا مقصد ہے اگر ایک forceful قانون ہے تو پھر آپ ایک کمزور قانون کیوں لانا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ فی الواقعی ۔۔۔ ۔ جناب والا ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum now.

ملک محمد اختر - محترم سپیکر صاحب میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس دفعہ سے سمگلروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔ اور یہ جو سزا تجویز کی گئی ہے یہ کافی نہیں ہے ۔ اب مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ انہوں نے یہ proviso رکھدیا ہے :۔

"Provided that where the contravention is of an order which contains an express provision in this behalf, the Court shall make such direction unless for reasons to be recorded in writing it is of the opinion that the direction should not be made in respect of the whole or, as the case may be, a part of the property."

اب بتائیے جناب انکی مراد یہ ہے کہ اگر قاسم بھٹی کا دو کروڑ روپے کا سونا پکڑا جائے تو یہ discretion لینا چاہتے ہیں کہ ۲۵ لاکھ کا سونا تو ضبط کر لیا جائے لیکن پونے دو کروڑ کا سونا ضبط نہ کیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : Gold is not covered by the Schedule.

ملک محمد اختر - اچھا لوھا پکڑیں، کوئلہ پکڑیں یا کسی موٹر assembling کمپنی کا کوئی ایسا سامان پکڑیں تو اسوقت یہ قانون ہوگا ۔ جناب یہ قانون ہے یا مذاق ہے کہ کسی کا سامان اگر کچھ پکڑا جائے تو یہ کورٹ کو اختیار دیتے ہیں کہ سارا ضبط کرو یا آدھا ضبط کرو ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - یہ تو ویسے بھی کورٹ کو اختیار ہے ۔

ملک محمد اختر - اگر ہے تو ہم سے اس پر کیوں انگوٹھا ثبت کروا رہے ہیں - اسکے بعد انہوں نے ایک اور رعایت دی ہے اسکے proviso کو بھی سیکشن (۲) میں ملاحظہ فرمائیے -

"The owner of any vessel, conveyance or animal carrying any property in respect of which an order under section 3 is contravened shall, if the carrying is part of the transaction involving the contravention and if he knew or had reason to believe that the contravention was being committed, be deemed to have contravened the order, and, in addition to the punishment to which he is liable under sub-section (1) the vessel, conveyance or animal shall, when the order provides for forfeiture of the property in respect of which the order is contravened, be forfeited to Government."

یعنی جناب والا گاڑی بان یا یکہ والے یا اور دوسرے جو باربرداری والے ہیں انکے لئے exemption نہیں ہے لیکن پراپرٹی کے حصول میں exemption ہے کہ جہاں چاہے یہ پراپرٹی لے لیں اور جہاں چاہیں چھوڑ دیں - اسکے بعد ایک اور proviso رکھا گیا ہے اور وہ منیجنگ ڈائرکٹرز کیلئے ہے یعنی کسی فرم کے منیجنگ ڈائرکٹر کو prosecute نہیں کیا جائیگا - مثال کے طور پر میاں معراج الدین صاحب کو prosecute نہیں کیا جائیگا بلکہ انکے ڈرائیور کو کیا جائیگا -

Mr. Deputy Speaker : But it does not say that. Please read section 8.

Minister of Food & Agriculture : He is referring to the Parliamentary Secretary. Does he want to prosecute him?

Malik Muhammad Akhtar : I am drawing his attention.

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib it is just the other way round. Please read the section.

ملک محمد اختر - مجھے کہہ لینے دیجئے :-

"If the person contravening an order made under section 3 is a company or other body corporate, every director, manager, secretary or other officer or agent thereof shall unless he proves that the contravention took place without his knowledge or that he exercised all due diligence to prevent such contravention, be deemed to be guilty of such contravention."

. یعنی جناب اسکے لئے گنجائش چھوڑ دی گئی ہے ۔ unless he proves it

یہاں میاں صاحب اگر کچھ کریں میں یہاں پر میاں معراج الدین صاحب کا ذکر نہیں کر رہا ہوں ۔ لیکن اگر کوئی بڑے میاں کریں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے ڈرائیور کو prosecute کرانا چاہیں تو اپنے ڈرائیور کو وہ پراسیکیوٹ کرا سکتے ہیں اسکے ماتحت اور اپنی گلو خلاصی کرا سکتے ہیں اور اپنے کو وہ بے گناہ ثابت بھی کرا سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ صرف knowledge ہونا چاہئے اور یہ ایک ایسا طریقہ ہے جو چاہے کسی advance country میں ہو لیکن ساتھ ساتھ وہاں قانون شکنی کم ہی ہوتی ہو وہاں پر تو یہ لازمی ہونا چاہئے ۔ لیکن ہمارے یہاں ایسا نہیں ہونا چاہئیے ۔ کیونکہ اس سے بڑے لوگ گرفتار نہ ہو سکیں گے اور اسکے نتیجے میں black market جاری رہے گی ۔ تو جناب والا ۔ اب مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ دفعہ ۹ میں یہ جو پراویژن کی گئی ہے if any person اسکے ضمن میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اپنے account maintain کریں ۔ اپنی books maintain کریں ۔ ورنہ انکو تین سال کی سزا ہو جائیگی ۔ مگر جناب والا ۔ کسی سے business secret حاصل کرنا کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا ہے اور نہ میں اس سے اتفاق کرتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : You have already said that.

ملک محمد اختر ۔ میں اسکے متعلق اب کوئی بات نہیں کرونگا ۔ اگر کوئی شخص offence کرتا ہے تو اسکو defence کرنیکا حق بھی حاصل ہے ۔ اسلئے ایسے provision بنانیکے لئے میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست کوئی وجہ جواز نہیں رکھتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اس دفعہ دس کی طرف متوجہ نہیں ہو رہے ہیں ۔ یہ حضرات باتیں کر رہے ہیں اور میں disturbed feel کر رہا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : Order please, order.

Malik Muhammad Akhtar :

"10. No Court shall take cognizance o any offence punishable under this Act except on a report in writing of the facts constituting such offence made by a person who is a public servant as defined in section 21 of the Pakistan Penal Code."

جناب والا ۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر لا منسٹر کہیں کہ فلاں آدمی نے یہ جرم کیا ہے تو وہ فلاں آدمی یقیناً گردن زدنی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ چاہے وہ public servant کیوں نہ ہو ۔

ملک محمد اختر ۔ لیکن اگر خواجہ صفدر صاحب رپورٹ کرنا چاہیں تو وہ رپورٹ نہیں کر سکتے ہیں اور اگر میں رپورٹ کرنا چاہوں تو بھی وہ شخص گردن زدنی نہیں ہو سکتا ہے ۔ Minister of Law اسوقت کہاں ہیں ۔ میں انسے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ powers جو ہیں یہ crimes کو بڑھانیکے لیئے دی جا رہی ہیں یا crimes کو کم کرنیکے لئےدی جا رہی ہیں ۔ اگر جناب والا ۔ آپ اسے West Pakistan Protection of Black Market and Sale of Licenced Articles. یہ نام دیں تو میں انکا ساتھ دینے کے لیئے تیار ہوں ۔ لیکن یہ سامنے اس نام کے نہیں آتے ہیں ۔ ورنہ اصل میں اس جرم کے مجرم کو سات سال کی سزا ہونی چاہئیے بجائے تین سال سزا دینے کے ۔ جو کہ دراصل کافی نہیں ۔ ان جرائم کو پیش نظر رکھتے ہوئے ۔ کیا انسداد رشوت ستانی کے لئے جو محکمہ بنایا گیا ہے اسکی رپورٹ سے یہ ظاہر نہیں ہوتا ہے کہ public servants جن میں سے اکثر اور بیشتر رشوت کے مقدمات میں ملوث نہیں پائے جاتے ہیں ؟ اس لئے مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ یہ ordinary law of the land کافی ہے اور پاکستان کی پینل کوڈ اور کریمینل پروسیجر کوڈ کی جو دفعات ہیں ان میں special ترامیم لا کر ایسے اہم معاملات کے متعلق آپ انکا trial کرا سکتے ہیں تا کہ ان پر action لیا جا سکے چاہے public servant کے خلاف

ھی رپورٹ کیوں نہ ھو ۔ اسکے بعد ایک اور دفعہ ملاحظہ فرمائیے ۔ یعنی مجھے negative اور positive دونوں کو دیکھنا ھے ۔

"11. (1) No order made in exercise of any power conferred by or under this Act shall be called in question in any Court.

(2) Where an order purports to have been made and signed by an authority in exercise of any power conferred by or under this Act a Court shall presume within the meaning of Evidence Act, 1872, that such order was so made by that authority."

اسکے دوسرے حصے پر میں اعتراض نہیں کرتا ھوں لیکن میرے نزدیک پہلاحصہ ضرور قابل اعتراض ھے کہ کوئی بھی افسر جو یہ اس قانون کے تحت مقرر کرتے ھیں اسکا کوئی بھی action اسکے تحت challengeable نہیں ھے آپکا ایک افسر ایک جرم کو کھلی اجازت دے دیتا ھے black marketing کرنیکی اور وہ اس سلسلے میں اور جیسا کہ پہلی دفعہ میں ھے اسکی report نہیں کرتا چنانچہ اس طرح آپنے اسکو cognizable offence سے بچا لیا ۔ اب آپ اس آدمی کے لئے یہ کہتے ھیں کہ اس آدمی نے جو بھی کام کیا ھے وہ کام اور وہ جرم کسی کورٹ کے اندر challenge نہیں ھو سکتا ھے ۔ اسلئے اب آپ خود ھی بتائیں کہ اس offence کو کس کورٹ کے اندر challenge کیا جا سکے ۔ اسلئے مجھے یہ گذارش کرنا ھے کہ یہ قانون درحقیقت غیر موثر ثابت ھو چکا ھے ۔ اس کا نفاذ ۲۳ ستمبر ۱۹۵۸ء کو ھوا لیکن لا منسٹر صاحب مجھے یہ بتلائیں کہ کس قدر prosecutions اس قانون کے ماتحت ۹ سال میں انہوں نے کئے ھیں ۔ اس لئے کوئی وجہ جواز نہیں معلوم ھوتی ھے اس قانون کو نافذ کرنیکی ۔ اسکے بعد میں کنٹرول کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ کنٹرول سے ملک کے اندر مہنگائی میں اضافہ ضرور ھوا ھے ۔ کنٹرول کی چیزوں کے متعلق آپکا استدلال ھے کہ ھم نے distribution کو regulate کیا ھے ۔ لیکن جس چیز کو آپ control کرینگے وہ دوسرے دن مارکیٹ سے غائب ھو جائیگی اور ساتھ ھی ساتھ

اسکی قیمت کے اندر پچاس فیصد اضافہ بھی ہو جائیگا ۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ اس قانون سے مہنگائی میں اضافہ ضرور ہوتا ہے ۔ بلکہ میں تو یہاں تک کہونگا کہ یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ یہ اشیاء جو اس scheduled میں ہیں انکی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اور میں پوری ذمہ داری سے اس ایوان کے اندر یہ کھڑے ہو کر کہہ سکتا ہوں کہ جب سے Industry کا محکمہ صوبہ کو منتقل ہوا ہے ۔ انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ میں بدعنوانیاں زیادہ بڑھ گئی ہیں ۔ بلکہ جناب سپیکر ۔ پہلے ہم سنتے تھے کہ فلاں کو ۱۰۰/۵۰ ٹن لوہے کی چادر کے پرمٹ دیدئے ہیں ۔ لیکن لے دیکر جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ حقدار صرف سیاستدان ہی رہ گئے ہیں کہ وہ لائیسنس اور پرمٹ حکومت سے حاصل کریں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسے قوانین کا نافذ کرنا اور ان کو ایسی relaxation دینا یہ حد سے زیادہ ناقابل عمل ہے اور ناروا بھی ہے ۔ جناب والا ۔ اگر میں آپ کو یہ عرض کروں کہ جتنے بھی لائیسنس اور پرمٹ اب تک دئیے گئے ہیں وہ حق دار لوگوں کو نہیں دئے گئے بلکہ وہ ایسے لوگوں کو دئے گئے ہیں جو حقدار نہ تھے تو میں ایسا کہنے میں حق بجانب ہوں گا ۔ کوئلہ اور سٹیل یہ شیڈول کے آئٹم ہیں ۔ حقدار لوگوں کو ان کے لئے بھی لائسنس اور پرمٹ نہیں دئے گئے جو حکومت کے لوگ تھے انہیں کو یہ دئے گئے اور پھر ان سے دوسرے لوگوں نے خریدے اور اس کی سزا کسی اور کو ملی یعنی مجھے اور مجھ جیسے مڈل کلاس لوگوں کو جنکو بازار سے مہنگے داموں اشیاء خریدنی پڑیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں بنیادی طور پر کھلی اور آزاد تجارت کا حامی ہوں ۔ میں کنٹرول اور لائسنس سسٹم کو محض دلالی اور middle-man کا profit تصور کرتا ہوں ۔ ہمارے افسر ایسے قانون بار بار بناتے ہیں اور ان کا اجراء کراتے ہیں کہ وہ رشوت حاصل کرتے رہیں اور پبلک کو تکلیف میں ڈالتے رہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ

ماشاالله کافی تجربه کار هیں اگرچه میں سمجھتا هوں که یه افسران اصول کی بات کم کرتے هیں - او جی ایل پر جو چیزیں لائی گئیں ان کی قیمتیں گریں -

Mr. Deputy Speaker : No repetition. Unless you have anything else to say I will ask you to resume your seat.

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to the next point.

میں اب اگلی بات پر آتا هوں اور اس بات کو چھوڑنا چاهتا هوں مجھے اگلی بات جو کہنی هے وہ ملک خدا بخش صاحب سے کہنی هے - اگر وہ توجه فرمائیں تو میں سمجھتا هوں که اس قانون کی ضرورت هی نہیں رهتی - میری مراد یه هے که یه سپلائی اور ڈیمانڈ کو برابر کریں بجائے اس کے که وہ جو معمولی سی scarcity هے کو دور کریں اس کو پرمٹ اور لائسنس سسٹم کے ذریعے سے اور زیادہ بڑھا دیتے هیں - جناب والا - میں ان سے اتفاق کرتا هوں اور اس حد تک اتفاق کرتا هوں که یہاں آبادی بڑھ رهی هے اور چیزوں کی سپلائی زیادہ محدود هو رهی هے لیکن ان کا جو طریق کار هے وہ عذر گناہ بد تر از گناہ هے کیونکه جو علاج یه کرنا چاهتے هیں وہ یه نہیں کر سکتے - اس کے بعد جناب سپیکر مجھے نہایت هی اهم نکته کہنا هے جو که بہت ضروری هے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - کوئی بھی غیر ضروری نہیں تھا - (قہقہه)

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - اگلی بات نہایت هی ضروری هے - میں ملک خدا بخش صاحب کے جو اصول هیں ان کو تسلیم کرتا هوں که یه جو ایکٹ هے یه متبرک کتاب هے - چلئے جو بھی ایکٹ هے یه متبرک کتاب هے - اس سے اگر واقعی فائدے حاصل کرنے کا مقصد هے تو اس میں جناب والا فوڈ سپلائیز کے نسبت کیوں نہیں لکھا گیا -

وزیر زراعت و خوراک - وہ علیحدہ چیز ہے اس کا قانون علیحدہ ہے - مجھے تو ایک فقرہ عرض کرنا ہے

That man has the right to criticise who has the heart to help.

ملک محمد اختر - جناب والا - چلئے فوڈ کا پرابلم تو علیحدہ رہا - میں اپنی بات کو اب نہیں دھراؤں گا - میں سنٹرل گورنمنٹ کے ۵۰-۴۰ آئیٹموں کی نسبت بات کروں گا -

Mr. Deputy Speaker : You are irrelevant.

ملک محمد اختر - جناب والا - میری گذارش یہ ہے کہ کلاتھ کا آئیٹم لے لیجیئے - یعنی چھ سات آئیٹم شیڈول میں ہیں -

Mr. Deputy Speaker : There is none.

ملک محمد اختر - شیڈول میں کپڑا ہے - اس کاٹن کلاتھ کا کیا بنتا ہے - روز روشن میں اور ان کی آنکھوں کے سامنے ٹرکوں میں سمگلنگ کی جاتی ہے اور اس کاٹن کلاتھ کے عوض ریشمی کپڑا لایا جاتا ہے اور کاٹن کلاتھ کھلے بندوں بھیج دیا جاتا ہے افغانستان اور لنڈی کوتل کے راستے - یہ ریشمی کپڑا جناب والا وہاں سے سمگل کر کے منگاتے ہیں - میاں معراج دین میں دیکھتا ہوں کہ ریشمی قمیض پہنے ہوئے ہیں -

Mr. Deputy Speaker : No personal remarks. Please withdraw them.

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw them.

وہ جناب والا بڑے اچھے اچھے چشمے لگاتے ہیں X X X X *

Mr. Deputy Speaker : Malik Muhammad Akhtar's remarks are expunged from the proceedings.

ملک محمد اختر - ایک آخری پیرا کہہ لینے دیجیئے - جناب سپیکر - یہ قوانین جو بنائے گئے ہیں یہ چند خاندانوں کو اس بات کا موقعہ دیتے

**Expunged as ordered by the Deputy Speaker.*

ہیں کہ وہ اپنے پاس دولت اکٹھی کر لیں اور ان کی مشینری کو feed کرنے کے لئے ہوتے ہیں ۔ تقسیم اشیاء پر کنٹرول کیا جا رہا ہے میری گذارش ہے کہ یہ کھلے بندوں تجارت ہونے دیں تا کہ کم قیمت پر اشیاء میسر ہو سکیں ۔

Any how, Sir, thank you.

Mr. Deputy Speaker : Are you thanking me for my patience.

ملک محمد اختر ۔ میں نے ڈیڑھ بجے تک بولنا تھا ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔جناب سپیکر ۔ ملک اختر صاحب کی لمبی اور پرمغز تقریر میں انہیں اس ہنگامی قانون پر اعتراض تھا کہ وہ اختیارات جو حکومت اس قانون کو نافذ کر کے آئندہ ٥ سال کے لئے حاصل کرنا چاہتی ہے وہ حکومت کے پاس پہلے ہی سے موجود ہیں اور انہوں نے واضح الفاظ میں بتایا کہ مرکزی حکومت کے اسلحہ خانے میں اس سے زیادہ موثر اور طاقتور محض ہنگامی قوانین ہی نہیں بلکہ وہ قانون موجود ہے جس کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کہتے ہیں ۔ حکومت کیطرف سے یہ دلائل پیش کئے جا سکتے ہیں کہ ڈیفنس آف پاکستان رولز کا اس ضمن میں ذکر مناسب نہیں ۔ بر موقع نہیں ۔ کیونکہ وہ تو ایک عارضی قانون ہے ۔

لیکن جناب سپیکر یہ عارضی نہیں عملاً دائمی ہے بلکہ اسے دوسرے تمام قوانین کے مقابلہ میں زیادہ استعمال کیا جاتا ہے ۔ اور اس کی وجہ آپ جانتے ہیں ۔ اس سے بہت سے سیاسی فائدے حاصل ہوتے ہیں اور حکومت دن بدن اس نسخہ کو بہت سی بیماریاں رفع کرنے کے لئے استعمال کرتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ پچھلے کئی سالوں سے حکومت کی یہ مسلمہ پالیسی رہی ہے کہ وہ اشیاء کی قیمتوں پہ کنٹرول نہ کرے ۔ بلکہ ایسی

بہت سی اشیاء تھیں جن کی قیمتوں پر کنٹرول ہوتا تھا مگر اس حکومت نے اسے ختم کر دیا ۔ اور اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ ان اشیاء کی قیمتوں کے کنٹرول کی ضرورت نہیں رہی تھی ۔ بلکہ حکومت نے اس چیز کا بالواسطہ اعتراف کیا کہ حکومت کی جو مشینری ہے اگر اس سے قیمتوں کے کنٹرول کا کام لیا جاتا ہے تو قیمتیں کنٹرول نہیں ہوتیں بلکہ بیشتر اوقات متعلقہ انسران اس سے اپنے ناجائز مفادات پورے کرتے ہیں ۔ اور وہ اشیاء پہلے سے زیادہ مہنگی ملتی ہیں یا اکثر اوقات نایاب ہو جاتی ہیں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب حکومت کی یہ آزمودہ پالیسی ہے ۔ جب حکومت بذات خود یہ اعتراف کرتی ہے کہ وہ اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں ہمیشہ ناکام رہی ہے تو اب کونسی انقلابی تبدیلی آ گئی ہے جس کی وجہ سے اس قسم کے ہنگامی قانون کو پانچ سال کے لئے مغربی پاکستان کے صوبہ پر ٹھونسا جا رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت کے پاس بہت سے اختیارات ہونے چاہئیں ۔ اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا بلکہ جہاں جہاں دنیا نے ترقی کی ہے وہاں انفرادیت ختم ہو رہی ہے ۔ اب اجتماعیت کا دور دورہ ہے ۔ لیکن ہماری بد قسمتی یہ ہے میں حکومت کو اختیارات دینے کے خلاف نہیں ۔ لیکن وہ حکومت جو بنیادی فرائض ادا نہ کر سکے وہ حکومت جو اپنے حاصل شدہ اختیارات ناجائز استعمال کر رہی ہو ۔ اسے اختیارات دینا میرے نزدیک اندھے کے ہاتھ میں لاٹھی پکڑانا ہے ۔

ایک آواز ۔ اندھا لاٹھی کے سہارے چلے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ اندھا لاٹھی کے سہارے چلتا نہیں کہ اسے گھماتا ہے اور اس اندھے کی ایک اور تعریف بھی ہے ۔ یہ

جب ریوڑیاں بانٹنا ہے تو اپنوں کو ۔ اس لئے اسے اختیارات دینا خصوصی طور پر کسی چیز کی پیداوار کے متعلق یا اس کی تقسیم کے متعلق ۔ یا قیمتوں کے کنٹرول کے متعلق ۔ میرے نزدیک بد ترین قسم کی عوام دشمنی ہے ۔ دوسرے ممالک جہاں کہ جمہوری حکومتیں ہیں وہاں حکومت نے بہت ہی زیادہ ذمہ داریاں اپنے لئے مخصوص کی ہیں ۔ اور بہت سے اختیارات بھی لئے ہوئے ہیں اور پرائیویٹ لوگوں کے مقابلہ میں وہ ذمہ داریاں انتہائی اچھے طریق سے نبھا رہی ہیں ۔ لیکن ہماری بد قسمتی یہ ہے کہ جب کبھی پرائیویٹ صنعتکاروں سے ذمہ داریاں لے کر حکومت کو سونپی گئی ہیں تو ہمارا تجربہ کبھی خوشگوار نہیں ہوا ۔ میں ان اختیارات کو دینے کے خلاف نہیں ہوں لیکن میں افسوس کے ساتھ یہ کہتا ہوں کہ یہ اختیارات ان لوگوں کو دیئے جاتے ہیں جن کے ہاتھ صاف نہیں ہیں اس لئے مجھے ان اختیارات کو دینے پر شدید اعتراض ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ اس ہنگامی قانون کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے حکومت کسی بھی چیز کو ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ ضروری قرار دے سکتی ہے ۔ اور پہلے بھی اس میں شیڈول ہے ۔ اس میں یہ شامل ہیں ۔

. . . . mechanically propelled vehicles including those in completely knocked down condition.

آپ کو علم ہے کہ ہماری حکومت اس قانون کے تحت دیئے گئے اختیارات کے تحت گاڑیوں ، ٹرکوں یا کاروں کی قیمتوں کو بھی کنٹرول کر سکتی ہے لیکن میرا خیال ہے کہ چونکہ آج کل ہماری حکومت زرعی پیداوار کو بڑھانے پر زیادہ زور دے رہی ہے ۔ اس لئے اگر یہ

حکومت مناسب سمجھے تو ٹریکٹروں کو بھی اس میں شامل کر سکتی ہے ۔ جناب وزیر زراعت یہاں موجود نہیں ہیں ۔ ان کے نوٹس میں بہت سی مثالیں لائی گئی ہیں کہ اس وقت مغربی پاکستان میں آپ کاریں تو با آسانی حاصل کر سکتے ہیں لیکن آپ ٹریکٹر مقرر کردہ نرخوں پر حاصل نہ کر پائیں گے اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ حکومت نے زرعی ترقی کے لئے ٹریکٹروں کا نسخہ ایجاد کیا ہے اور عام لوگوں کو اس سے استفادہ کی تبلیغ و تلقین بھی کی جا رہی ہے ۔ اس ایوان میں جناب قائد ایوان بذات خود اعتراف کر چکے ہیں کہ ٹریکٹروں کی تقسیم کا کام انتہائی ناقص ہے ۔ وہ اس کی اہمیت کا بھی اعتراف کرتے ہیں اور اس کے ناقص ہونے کا بھی اعتراف کرتے ہیں محض ایوان سے باہر ہی نہیں بلکہ ایوان کے اندر بھی ۔ لیکن اگر ان کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا یا ان کی تقسیم پر پابندی لگانا یا ان کی منصفانہ تقسیم کرنا ان کے بس کا روگ نہیں ۔ تو میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اس قسم کے قوانین کو آئندہ پانچ سال کے لئے ہم پر ٹھونسنے کے لئے حکومت کے پاس کیا جواز ہے ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس یہ ہے کہ یا تو حکومت کا حافظہ بالکل کمزور ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Kazi Muhammad Azam : Mr. Speaker Sir, there is a Radio on somewhere.

Mr. Deputy Speaker : In the lobby please control yourself. Some Radio is being played loudly.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یا تو حکومت کا حافظہ کمزور ہے یا وہ اپنے دماغ کو اس قسم کا قانون جاری کرنے سے پہلے پورے طور پر استعمال نہیں کرتی ۔ اس وقت جو شیڈول آپکے سامنے ہے اس پر نمبر ۱ نیوز پرنٹ ہے ۔ آپ بذات خود جانتے ہیں کہ جہاں تک اخباری کاغذی پیداوار اور اس کی تقسیم کا

تعلق ہے اس کا بیشتر حصہ وہ ادارہ پیدا کرتا ہے جو نیم سرکاری ادارہ ہے لیکن آپ کو یہ بھی علم ہوگا کہ مشرقی پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن پاکستان میں بیشتر اخباری کاغذ بناتی ہے اور مغربی پاکستان کے مختلف حصوں میں تقسیم کرتی ہے ۔ اس اخباری کاغذ کی گرانی میں اخباری صنعت کو یا اخباروں کو اتنا نقصان پہنچا ہے جتنا نقصان میرے خیال میں پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس نے پہنچایا ہے ۔ آج حالت یہ ہے اور میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ حکومت کس منہ سے عام کاروباری لوگوں پر پابندیاں لگائے گی اور ان سے کیسے توقع رکھتی ہے کہ وہ ان پابندیوں کے لگائے جانے کے بعد احکامات کے مطابق عمل کریں گے ۔ حکومت کے اپنے اداروں کی یہ حالت ہے کہ اس قانون کے نفاذ کے باوجود قیمتوں میں روز بروز اضافہ ہوتا رہا ہے بلکہ اس کی قیمتیں غیر ملکی کاغذ جو درآمد کیا جاتا ہے کے مقابلہ میں دگنی ہیں ۔ نصیحت کرنے کا حق تو ان لوگوں کو ہوتا ہے جن کا اپنا کردار اچھا ہو ۔ حکومت کے اپنے ادارے جو اس صنعت کو چلا رہے ہیں لوگوں کو بر سر عام اور کھلے بندوں لوٹتے ہیں ۔ اخباری صنعت ، اخباروں کے ایڈیٹر ، اخبار پڑھنے والے بلکہ تمام مغربی پاکستان کی آبادی جو اخبار پڑھتی ہے اس سے متاثر ہوتی ہے ۔ اخبار لوگوں تک ملکی حالات پہنچانے میں بہت بڑا کردار ادا کرتے ہیں ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ آپ نے اخبارات کو زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے مگر اسکے باوجود ان میں تھوڑی بہت جان موجود ہے لیکن نیوز پرنٹ کی گرانی ان کو بری طرح تباہ کر رہی ہے ۔ آپ تمام اختیارات پچھلے دس سال سے سنبھالے ہوئے ہیں اور آپ کو یہ موقع نصیب نہیں ہوا آپ کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ آپ ان اختیارات کو صحیح استعمال کریں ۔ جب آپکی یہ حالت ہے تو یہ

عجیب جرأت ہے کہ جب آپ اس ایوان میں آتے ہیں تو ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پانچ سال کے لئے ہمیں مزید اختیارات دیئے جائیں ۔

جناب سپیکر ۔ ملک محمد اختر صاحب نے وولن ، کاٹن ، ریان ٹیکسٹائل کا بھی ضمناً ذکر کیا تھا میرے نزدیک ایک قانون نہیں بلکہ اس سے زیادہ سنگین سو قوانین بنا دیجئے لیکن حکومت جب تک اپنی پالیسی کے بنیادی اصولوں کو نہیں بدلتی ان قوانین کی اہمیت اس کاغذ کے برابر بھی نہیں یا اس کی قیمت اس کاغذ کے برابر نہیں ہے جس پر یہ قانون لکھا ہوا ہے ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ حکومت ایک بہت بڑا ادارہ ہوتی ہے حکومت کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ سارے ملک اور قوم کی فلاح و بہبود کا خیال رکھے ۔ برے عناصر کی حوصلہ شکنی کرے اور اچھے آدمیوں کی حوصلہ افزائی کرے ۔ اگر حکومت کا اپنا کردار اس حد تک داغدار ہو تو یہ کاٹن ، وولن یا ریان ٹیکسٹائل پر کیسے کنٹرول کر سکتی ہے ۔ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں اور بلا خوف تردید کہتا ہوں کہ حکومت بذات خود ان چیزوں کو تیار کرنے والی جو صنعتیں یا کارخانے ہیں ان کو لائسنس محض رشوت کے طور پر دیتی ہے بلکہ ہم نے اس ملک میں یہ دیکھا ہے کہ ہماری حکومت نے متعدد بار محض غداروں کو ٹیکسٹائل ملوں کے لائسنس دیئے ہیں ۔ اور وہ اسی ملک میں کھلے بندوں فروخت ہوتے رہے ہیں ۔ کیا آپ مجھ کو بتا سکتے ہیں کہ وہ روپیہ جو آپ کے ان پیاروں کو ناجائز ذرائع سے حاصل ہوتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آپ بھی ہمارے پیارے ہیں ۔

مسٹر حمزہ - میں غدار نہیں - میں لائسنس لیکر فروخت کرنے والا نہیں - جن پیاروں کی طرف میرا اشارہ ہے جناب محمد یاسین خان وٹو صاحب ان کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں - مجھے افسوس ہے کہ اگر ان کی نشان دھی کی جائے تو بجائے اس کے کہ یہ شرمندگی محسوس کریں یہ کھل کھلا کر ہنستے ہیں اور اس کی تردید کرتے ہیں - ایسی بیسیوں مثالیں میں دے سکتا ہوں - (قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker : No interruptions.

Minister for Basic Democracies : Interruptions are always there. Even in the House of Commons there are interruptions.

مسٹر حمزہ - میں خوش آمدید کہتا ہوں - - - -

جناب سپیکر - میں عرض کر رہا تھا کہ ایک سیاست دان ایسا لائسنس لے لیتا ہے جس کا اس کے کاروبار سے کوئی تعلق نہیں ہوتا اور اس لائسنس کو اسی طرح فروخت کر دیتا ہے - اگر صنعت کار وہ روپیہ اپنی جیب سے بھی ادا کرتا ہے تو وہ روپیہ وقتی طور پر اپنی جیب سے ادا کرتا ہے - لیکن وہ اس سے کئی گنا روپیہ صارفین سے حاصل کرتا ہے - اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ آپ اس قسم کے قانون بنا کر محض اپنا ہی مذاق نہیں اڑاتے بلکہ حکومت کا بھی مذاق اڑاتے ہیں اور اس قانون کا بھی مذاق اڑاتے ہیں -

جناب سپیکر - اسی طرح mechanically propelled vehicles کا ذکر ہے - آپ ان کی قیمتوں پر کنٹرول کر کے مسافروں کے حقوق کی حفاظت کرنا چاہتے ہیں - کیا آپ آج تک بذات خود مسافروں کی سہولتوں کا خیال رکھتے رہے ہیں - مگر معاملہ اسکے بالکل بر عکس ہے - آپ یقین کیجئے کہ آپ تبلیغ کرتے رہیں ، آپ شور مچاتے رہیں ، آپ پریس کانفرنسیں

کرتے رھیں ، آپ پریس ٹرسٹ میں اپنے بیان شائع کرواتے رھیں ، آپ مخالفین کی زبانیں کاٹتے رھیں ، آپ حزب مخالف کو پابہ زنجیر کرتے رھیں ، لیکن آپ کی کہی ھوئی بات پر کوئی کاروباری آدمی عمل نہیں کر سکے گا ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بلدیات ۔ آپ کی زبان بھی آزاد ھے اور آپ کے پاؤں بھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیونکہ آپ نے اپنے کردار سے یہ ثابت کر دیا ھے کہ آپ موٹر گاڑیوں کے چلانے کے جو لائسنس دیتے ھیں وہ آپ ھمیشہ سیاسی رشوت کے طور پر دیتے ھیں کیونکہ جن لوگوں کو آپ یہ لائسنس دیتے ھیں ان کا اس کاروبار کے ساتھ کوئی تعلق ھی نہیں ھوتا ۔ تو پھر آج آپ کیوں کاروبار کرنے والوں سے یہ توقع کرتے ھیں کہ وہ صارفین کے حقوق کی حفاظت کریں گے ۔ آپ عوام کے حقوق کی حفاظت کا ڈھنڈورا پیٹتے ھیں لیکن مسئلہ صرف صارفین کے حقوق کے تحفظ کا نہیں ھے بلکہ آپ اس ملک کے باشندوں کی جانوں سے بالکل بے نیاز ھیں ۔ آپ نے قانون کے محض پرخچے نہیں اڑائے بلکہ آپ نے جب کبھی بھی یہ روٹ پرمٹ دیئے ، آپ نے کبھی بھی یہ خیال نہیں رکھا کہ اس سے لاریوں کے مالکان میں کتنی competition پیدا ھوگی اور آپ بخوبی جانتے ھیں کہ سڑکوں پر جو قتل عام ھوتا ھے اور لوگ آئے دن حادثات کا شکار ھوتے ھیں ، اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ھے کہ آپ اپنے پیاروں کو سیاسی رشوت کے طور پر روٹ پرمٹ دیتے ھیں اور انتہائی ڈھٹائی کے ساتھ دیتے ھیں حالانکہ ایوان کے اندر اور ایوان سے باھر بھی آپ کے اس فعل پر نکتہ چینی ھوتی ھے اور آپ کو یہ بھی خیال نہیں ھوتا کہ آپ اٹھتے بیٹھتے سابق سیاستدانوں کو اسی وجہ سے گالیاں دیتے رھتے ھیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر - حمزہ صاحب - آپ irrelevant ہیں -

مسٹر حمزہ - میں معذرت خواہ ہوں - لیکن میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وہ سابق سیاستدان جن کو موقع بے موقع اور اٹھتے بیٹھتے آپ گالیاں دیتے رہتے ہیں ، وہ بھی یہ کام کرتے رہتے تھے لیکن یقین کیجئے کہ آج ہم نے دیکھ لیا کہ وہ بدنام سیاستدان بھی ہمیں یہ کہتے ہیں کہ ان کے شاگرد تو استادوں سے بھی آگے نکل گئے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ہماری حکومت نے ان بدنام سیاستدانوں کو بھی اپنے گلے سے لگا لیا ہے -

جناب سپیکر - وہ حکومت جو اپنے ہر عمل سے ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ وہ کسی اصول اور اخلاق کی پابند نہیں ہے تو وہ دوسروں سے ان اصولوں اور اخلاق کی پابندی کی توقع کر سکتی ہے - جناب سپیکر - آپ کو یہ علم ہے کہ ڈیزل آئل ہماری ملکی معیشت میں بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے اور جب ہماری حکومت اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لا کر غذائی پیداوار میں اضافہ کرنے کا اعلان کر چکی ہے - غذائی پیداوار ہماری ملکی سالمیت کے لئے ، ہماری بقاء کے لئے اور ہماری آزادی کے لئے انتہائی ضروری ہے اور جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ ڈیزل آئل ہماری غذائی پیداوار میں بڑا اہم کردار ادا کر رہا ہے لیکن آپکو معلوم ہے کہ اس کی قیمتیں پچھلے کئی سال سے بیحد بڑھ چکی ہیں اور نہ صرف یہ کہ اس کی قیمت میں بھی اضافہ ہوا ہے بلکہ میرے جن احباب اور بعض ساتھیوں اور معزز اراکین نے ٹیوب ویل نصب کر رکھے ہیں انکو اس بات کا علم ہے کہ اس ڈیزل آئل کی کوالٹی بھی کتنی گر چکی ہے - آپ کو معلوم ہوگا کہ اس تیل کی سپلائی

وغیرہ کون کنٹرول کرتا ہے ۔ میری مراد نیشنل آئل کمپنی سے ہے جس میں حکومت حصہ دار ہے اور جس میں حکومت کی اجارہ داری ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ مسٹر حمزہ ۔ آپ irrelevant باتیں کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ چونکہ یہ آپ کا ارشاد ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آپ درست فرماتے ہیں لیکن میرے نقطہ نظر سے میں متعلقہ باتیں کر رہا ہوں ۔ کیونکہ آپ کو علم ہے کہ اس قانون کے تحت ہر وہ چیز جسکے متعلق حکومت آئندہ بھی یہ سمجھے کہ اس کی پیداوار اور تقسیم اور اسکی باربرداری وغیرہ پر کنٹرول کرنا چاہیئے ۔ تو وہ ۔ ۔ ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ کنٹرول ان چیزوں کو ہی کریگی جو کہ شیڈول میں دی گئی ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جی نہیں ۔ اس کے علاوہ دوسری اشیاء پر بھی کنٹرول کر سکتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جب سے یہ ہنگامی قانون نافذ ہے ، حکومت کو یہ اختیار حاصل رہا ہے کہ ہر اس اہم چیز کو وہ کنٹرول کرے کہ جسکے متعلق حکومت کنٹرول کرنا مناسب سمجھے ۔ اس کے مختلف طریقے بتلائے ہوئے ہیں ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ حکومت کو یہ اختیار حاصل رہا ہے لیکن اس کا استعمال نہیں ہوتا رہا ۔ لہذا میرے نزدیک حکومت کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیئے ۔ اور میں اس کی مثال دے رہا ہوں کہ جسکا تعلق ایک دو یا چار آدمیوں سے نہیں بلکہ اس کا تعلق مغربی پاکستان کی تمام آبادی سے ہے اور جس کی صدائے

بازگشت اس ایوان میں بھی سنائی دیتی رہی ہے - نیشنل آئل کمپنی میں ہماری حکومت کے اپنے حصے ہیں - اگر ہماری حکومت اسی طرح بڑے بڑے سرمایہ داروں اور صنعتکاروں کی صنعتوں میں یا ایسے بڑے کاروباری اداروں میں اپنی دلچسپی کا اظہار کرتی رہی - - - - - -

مسٹر عبد القیوم—پوائنٹ آف آرڈر - جہاں تک میری اطلاع کا تعلق ہے اس کمپنی میں حکومت کا کوئی حصہ نہیں ہے اور یہ ایک پرائیویٹ لمٹیڈ کمپنی ہے اور private sponsored ہے -

مسٹر ڈپٹی سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

مسٹر حمزہ - بہر حال میری معلومات یہی ہیں - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ نظر ثانی شدہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کم از کم چالیس ہزار ٹیوب ویل پرائیویٹ سیکٹر میں لگائے جائینگے - اس کے علاوہ تقریباً سات ہزار ٹیوب ویل حکومت خود بھی نصب کرے گی - آپ بذات خود بھی جانتے ہیں کہ اس وقت بھی ہمارے ہاں برقی رو کی بہمرسانی کا انتظام خاطر خواہ نہیں ہے اور آئندہ دو تین سال میں بھی ہمارے پاس بجلی اتنی مقدار میں نہیں ہو گی کہ جس سے ہم تقریباً پچاس ہزار ٹیوب ویل چلا سکیں - تو اگر ہم نے نظر ثانی شدہ پنجسالہ منصوبے کے تحت تقریباً پچاس ہزار ٹیوب ویل لگانے بھی ہیں تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ ہم اس پچاس ہزار کی تعداد کا بیشتر حصہ ڈیزل آئل سے ہی چلائینگے -

جناب سپیکر - مجھے ذاتی طور پر اس بات کا بھی علم ہے کہ نیشنل آئل کمپنی والے جب اپنے ایجنٹوں کو تیل مہیا کرتے ہیں تو ان پر

یہ پابندی عائد کی جاتی ہے کہ وہ جس مقدار میں ڈیزل آئل خریدیں اتنی ہی مقدار میں مٹی کا تیل بھی خریدیں اور یہ کوئی سنی سنائی بات نہیں ہے بلکہ میں نے خود ان سے اس بارے میں بات چیت کی ہے کہ ڈیزل آئل میں مٹی کے تیل کی ملاوٹ کیوں کی جاتی ہے ۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ ان پر یہ پابندی کمپنی والوں کی طرف سے عائد ہے کہ وہ جتنا ڈیزل آئل خریدیں اسی مقدار میں مٹی کا تیل بھی خریدیں اور جن احباب کے ٹیوب ویل ڈیزل آئل سے چلتے ہیں ان کو بھی اس بات کا علم ہو گا کہ ان کے ٹیوب ویلوں کے ایجنٹوں کے atomizers اکثر اوقات خراب ہو جاتے ہیں اور انہیں اوسطاً جسقدر کام کرنا چاہئے وہ نہیں کرپاتے ۔ مغربی پاکستان میں دو سال سے شور مچایا جا رہا ہے کہ ہمیں تیل مہنگے داموں مل رہا ہے اور جو مل رہا ہے اس کی کوالٹی بھی معیاری نہیں ہے بلکہ وہ تیل ہی ناقص ہوتا ہے جس کی وجہ سے مشینری کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اس سلسلے میں میں تو یہاں تک کہوں گا کہ اس سے محض ٹیوب ویل چلانے والوں کا ہی نقصان نہیں ہوتا بلکہ مغربی پاکستان کی تمام آبادی کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ میں تو اس سے بھی بڑھ کر یہ کہوں گا کہ یہ ناقص تیل ہماری غذائی پیداوار بڑھانے کے راستے میں بری طرح حائل ہو رہا ہے لیکن اس کے باوجود ہماری حکومت ٹس سے مس نہیں ہوتی اور ایسے قوانین لانے پر اصرار کر رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ مجھ سے دریافت کر سکتے ہیں کہ آخر ان اختیارات کے ہوتے ہوئے یہ صورت حال کیوں نمودار ہو رہی ہے ۔ اس کا جواب بالکل سیدھا سادہ اور صاف ہے کہ ہم میں سے ایک فیصد لوگ بھی ایسے نہیں ہیں جو واقعات کو نہ جانتے ہوں ۔ لیکن ہمارے ملک

کی بد قسمتی ہے اور قوم کی بدقسمتی ہے کہ سب کچھ جانتے ہوئے وہ زبان پر نہیں لا سکتے پچھلے کئی سالوں سے یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ لوگ جن کے ہاتھ میں ملک کی عنان حکومت ہے وہ لوگ اس قسم کے قوانین لا کر کاروباری لوگوں کو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں مگر وہ خود ان لوگوں سے زیادہ کاروباری بن گئے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جب آپ اس قسم کا ہنگامی قانون اس ایوان میں پیش کرتے ہیں تو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ mechanically propelled vehicles کی قیمتوں کو آپ کنٹرول کر رہے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ کی مجال نہیں ، آپ کی طاقت نہیں ، آپ کی جرأت نہیں کہ آپ ایسا کریں ۔ آپ صرف کاغذ پر لکھ سکتے ہیں کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس کے assembling plants کس کے پاس ہیں ۔ جن کے پاس ہیں وہ حکمران ہیں ۔ کیا آپ ان پر کنٹرول کر سکتے ہیں ۔ ہم جانتے ہیں کہ آپ نہیں کر سکتے ۔یہ آپ جیسے نامزد وزیروں کے بس کی بات نہیں ۔ ہمیں تو یہ کہا جاتا ہے کہ ہم یہاں کے رہنے والے ہیں ۔ ہم ملک کے حکمران ہیں اور تجارت بھی کر سکتے ہیں ۔ آپ کر سکتے ہیں لیکن اس سے قوم کا کردار بگڑ جائے گا ۔ آپ یقین رکھیں کہ دنیا میں آج تک کسی نے کسی کاروباری آدمی کو حکومت کا سربراہ نہیں دیکھا ۔ اور اگر کبھی کوئی ایسا شخص حکومت کا سربراہ بنا ہے تو اس نے کاروبار کو ختم کر دیا ہے ۔ جو لوگ حکمران بننا چاہتے ہیں اور کاروبار میں رہنا چاہتے ہیں وہ بدنام ہو جاتے ہیں ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اب حکمران بھی کاروباری بننا چاہتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج وہ اس قسم کا قانون لاتے ہیں ۔ ان حالات میں آپ mechanically propelled vehicles پر کس طرح کنٹرول کر سکتے ہیں ۔ کیا اس سے پہلے کبھی کنٹرول ہوا

جو آپ آج کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ پانچ سال تو کیا ایک سو سال تک اس قسم کے قوانین نافذ کر دیں پھر بھی آپ کنٹرول نہیں کر سکتے ۔ جب تک حکمران کاروباری ہیں جن کو یہودیوں کی طرح دولت زیادہ پیاری ہے اس وقت تک آپ کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ آپ صرف زبان سے کہتے ہیں اس لئے اس کو ذرہ بھر اہمیت حاصل نہیں ہو گی ۔ ملک کی اس وقت جو حالت ہے میں نے آج ایک سوال کے ذریعہ سے یہ ثابت کردیا ہے کہ اس حکومت پر کون قابض ہے اور کس طرح چھوٹے چھوٹے کاشت کاروں کی زمین کوڑیوں کے بھاؤ بڑے بڑے زمینداروں اور جاگیرداروں کے حوالے کر دی ہے ۔ اب جو صنعت کار بننا چاہتے ہیں وہ غریبوں پر کنٹرول کرنا چاہتے ہیں ۔ اور یہ کہتے ہیں کہ ہم زمین کی اتنی ہی قیمت ادا کریں گے ۔ ہمارے پاس اختیار ہے اور ہم زبردستی حاصل کر سکتے ہیں ۔ وہ کاشت کار بیچارے ہاتھ باندھ کر التجا کرتے ہیں کہ ہمیں متبادل زمین دی جائے ۔ لیکن حکومت وہ زمین کارخانہ داروں اور صنعت کاروں کو دے دیتی ہے اور جو لوگ ہل چلاتے ہیں پانچ چھ ایکڑ کے مالک ہیں ان کو محروم کر دیتی ہے ۔ جو لوگ حکومت کو چلاتے ہیں وہ ڈھٹائی کے ساتھ اپنی خود غرضانہ پالیسی پر کاربند ہیں ۔ ایسے خود غرض لوگ دولت کے پجاری ہیں ۔ اگر وہ ایسا قانون لانا چاہتے ہیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ بالکل غلط ہے ۔ ۸ سال پہلے تو ہم سوچ سکتے تھے اعتبار کر سکتے تھے لیکن اب نہیں ۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جب ایک مسلمان کسی سوراخ سے ڈسا جاتا ہے اگر وہ پھر اس میں انگلی ڈالتا ہے تو یہ اس کے ایمان کی کمزوری ہے ۔ ہم نے پچھلے آٹھ نو سال سے متواتر دیکھا ہے کہ جب کبھی کاروباری لوگوں کو کنٹرول کرنے کی کوشش

کی گئی ہے یہ ان کو کنٹرول نہیں کر سکے ۔ میں کہتا ہوں جو اپنے آپ کو کنٹرول نہیں کرسکتے تو دوسروں کو کس طرح کنٹرول کریں گے ۔ اب جب یہ قانون آئے گا تو بڑا پراپیگنڈہ ہوگا ۔ ریڈیو اور ٹیلی‌ویژن پر پراپیگنڈہ ہوگا لیکن یقین کیجئے کہ اس طرح آپ یوم حساب کو زیادہ دیر تک نہیں ٹال سکتے ۔ ہمارے حالات بگڑ چکے ہیں ۔ غیر ملکی سامان ہماری سرحدوں سے کھلم کھلا داخل ہوتا ہے ۔ دوسری طرف آپ پریس کانفرنسوں میں حکومت کی تعریفیں کرتے ہیں ۔ پریس میں فوٹو آتے ہیں ۔ بڑی بڑی سرخیوں میں اعلانات ہوتے ہیں اور پھر آپ کہتے ہیں کہ یہ ہماری ذمہ داری نہیں ۔ ان حالات میں آپ بتائیں کہ آپ نرخوں پر کس طرح کنٹرول کر سکیں گے ۔

اس ملک میں جو لوگ سمگلنگ کا کاروبار کرتے ہیں وہ اٹھتے بیٹھتے مہینوں میں نہیں بلکہ دنوں میں ہی کروڑ پتی بن جاتے ہیں ۔ ان حالات میں یہ قانون کیا اثر رکھ سکتا ہے ۔ یہاں تو قانون بکتا ہے ۔ جس کے پاس دولت ہے اس پر قانون اثر نہیں کر سکتا ۔ وہ سپاہی جو سمگلنگ کو روکتا ہے اس کے سامنے جب حکمران دولت کا پجاری کروڑ پتی بن جاتا ہے دولت کی وجہ سے جس کی آنکھیں چندھیا جاتی ہیں تو سو روپیہ ماہوار پانے والا سپاہی کیسے صبر کر سکتا اور بچ سکتا ہے ۔ اگر آپ کی اتنی زیادہ ضروریات ہیں تو اس سپاہی کی بھی کچھ ضروریات ہیں ۔ اس طرح ایسے تمام قوانین بے اثر ہو جاتے ہیں اور قوم کا کردار بگڑ جاتا ہے ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ قوم کے اس کردار کی گرتی ہوئی حالت کو آپ قطعاً سنبھالا نہیں دے سکتے ۔ یہ آپ کی غلط فہمی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۷ کو دیکھیں اس میں یہ لکھا ہے ۔

"Any person who attempts to contravene or abets the contravention of any order made under Section 3 shall be deemed to have contravened that order."

دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کے لئے دفعہ ۶ میں یہ بتایا گیا ہے ۔

"If any person contravenes any order made under Section 3, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three years or with a fine or with both and, if the order so provides, any Court trying such contravention may direct that any property in respect of which the Court is satisfied that the order has been contravened shall be forfeited to Government."

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir it is 1-30 p.m. now.

Mr. Deputy Speaker: I can see the clock.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ہنگامی قانون اس وقت لاگو ہے اس کی دفعہ ۷ ملاحظہ ہو اور اس قانون کے تحت یہ بتایا گیا ہے کہ وہ شخص جو کہ اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کی اعانت کرے گا اس کو بھی سزا دی جائے گی اور محض اس کو جیل یاترا کے لئے نہیں بھیجا جائے گا بلکہ اس کی جائداد بھی ضبط کر لی جائے گی ۔ میرے نزدیک اگر یہ قانون واقعی قانون ہے اور اگر یہ قانون واقعی قانون ہوتا اور حکومت اس پر عمل درآمد کرواتی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker: The House is adjourned to meet again tomorrow morning at 8-30 a.m.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p.m.) till 8.30 a.m. on Thursday, the 28th September, 1967.

APPENDIX I

(*Ref* : **Starred Question No. 8157**)

Statement showing the position regarding Land Revenue, System of Assessment, rates of Cesses and other Taxes payable by Landowners alongwith the Land Revenue in each

District of West Pakistan

(*a*) (*i*) *Land Revenue* :

Land Revenue is levied at Settlement. In the Northern Zone the assessment is based on soil basis while in the former Sind Region and Khairpur State, the assessment is levied on crops basis. The assessment in the former Zone varies from district to district, tehsil to tehsil and assessment circle to assessment circle according to the classification of the soil, *viz.*, Nehri, Chahi, Sailab, Jhallar, Barani etc. In the Sind Region, on the other hand, the assessment varies from crop to crop and according to the nature of irrigation. In view of time and labour involved, rates per acre have not been given.

(*a*) (*ii*) *Basis of assessment*:

Punjab System :

The relevant law is contained in the Punjab Land Revenue Act, 1887. The basic principles of assessment are that :

(*i*) All land is liable to payment of land revenue to the Government which shall be assessed in cash.

(*ii*) Land Revenue is based on an estimate of the average money-value of the net assets of the estate or group of estates.

(*iii*) Net assets of an estate or group of estates mean the estimated average annual surplus produce of such estate or group of estates remaining after reduction of the ordinary expenses of cultivation as ascertained or estimated.

(*iv*) The accurate calculation of these estimates depends on the following four factors :—

(*a*) The average acreage of each crop on each class of land for which it is proposed to frame separate assessment rates ;

(*b*) The average yield per acre of each crop so grown for which rent is taken by division of produce ;

(*c*) The average price obtainable by agriculturists for each of such crop, and

(*d*) the actual share of the gross produce received by landowners in the case of crops which are divided.

(*v*) The unit of assessment is the assessment circle, which means a group of estates which are sufficiently homogenous to admit a common set of rates.

(*vi*) The assessment of land revenue has not, in case of any assessment circle, to exceed one-fourth of the estimated money-value of the net assets of such assessment circle. It is, however, subject to the condition that the average rate of assessment on the cultivated area of the land revenue imposed in any assessment circle should not exceed the rate of assessment of the land revenue imposed at the last previous assessment by more than 25% and further condition that the rate of the assessment of the assessment imposed on any estate shall not exceed the rate of assessment of the last previous assessment on that estate by more than 66%.

Sind System :

All land, whether used for agricultural or other purposes, and wherever situated, is liable to the payment of land revenue to the State, except such as may be wholly exempted under the provisions of any special contract or any law for the time being in force. The land revenue is fixed after following a procedure laid down by law, which is usually termed as "Settlement." This settlement is called as irrigational settlement, the main features of which are the following :—

(*i*) Land pays assessment only when cultivated subject to the Fallow Rules.

(*ii*) The rate of assessment generally depends on the mode of irrigation in each season, but in respect of cotton, wheat and paddy, it is worked out on the Sliding Scale System.

(*iii*) Rebates are allowed in certain cases on account of clearance of water courses, and

(*iv*) Remission of land revenue is allowed in cases of total or partial failure of crops.

According to the present settlement, the basis of calculation of rates of assessment is that about 33 1/3 per cent of the net income of a zamindar

is taken as land revenue though, according to the long established practice Government would be entitled to 40% of the net proceeds. The net proceeds of a zamindar are calculated by deducting the expenses of cultivation incurred by the zamindar from the value of his share of the produce which he gets according to law.

With effect from Kharif, 1969, the land revenue was assessed separately and it consumed upto 16⅔ per cent of the net assets of the zamindar. The land revenue rates in the former Sind area have been further reduced by 25% with effect from Kharif, 1961. As a result only 12% of the net assets were appropriated.

(*b*) (*i*) *Names and Rates of Cesses and Other Taxes.*

Local Rate	Basic Democracy Department.	It is levied as a multiple of land revenue in different areas of the Province as under :—	
		Peshawar and D.I. Khan Divisions.	10% of the land revenue.
		Rawalpindi, Sargodha and Lahore Divisions and Montgomery and Multan Districts.	50% of the land revenue.
		Muzaffargarh and D.G. Khan districts.	37 1/2% of the land revenue.
		Bahawalpur Division	25% of the land revenue.
		Hyderabad and Khairpur Divisions.	31 1/4% of the land revenue.
Development Fund Cess.	Finance Department.	It is levied by the Finance Department under Finance Act. This Cess is also levied as a multiple of land revenue in the following areas of the Province.	
		Development Fund Cess levied in all areas except Karachi, Hyderabad, Khairpur and Kalat Divisions.	35% of the land revenue.

Mosque Cess.	Revenue Department.	It is levied at 3% of land revenue throughout the Province.
Collection charges.	Revenue Department.	It is levied at 5% of the land revenue and is paid to the Lambardars for collection of land revenue. It is not being charged in the former Sind Region.
Water Rate	Irrigation and Power Department.	Abiana is a service charge and depends upon the quantity of water required for any particular crop. The disparity in water rates from crop to crop on the same canal is due to this reason. As for disparity in water rates for the same crop on different canals, the following factors form the basis for the same :— (*i*) Abiana depends upon the cost of the Project. (*ii*) Capacity of cultivators to pay. (*iii*) In fixing the abiana rate the department is also guided by the consideration encouraging and discouraging growing of particular crop ; (*iv*) The rates prevailing in the contiguous area/canals are also taken into consideration. (*v*) The nature of supply. (*vi*) So far as possible, the same rate of abiana is charged for same crop on canals with identical conditions with a view to rationalization and unification of rates.

The rates of Water Rate in the Northern Zone and Southern Zone are as under:—

Crops	Northern Zone	Southern Zone
	Rs.	Rs.
Sugarcane (Except on Kharif Channels).	15.20 to 24.45	14.80 to 24.40
Sugarcane on Kharif Channels.	15.20 to 22.40	17.20

Crops		Northern Zone	Southern Zone
		Rs.	Rs.
Gardens, Orchards and Vegetables except Turnips.	...	12.00 to 15.27	8.40 to 12.40
Tobacco	...	8.80 to 12.22	8.40 to 12.40
Rice, Waternuts and lotus products.	...	8.00 to 12.22	3.60 to 12.40
Cotton	...	5.60 to 12.00	5.20 to 12.40
Poppy, Drugs, Dyes, Spices, Chillies, Melons and Fibres other than cotton.	...	8.80 to 10.40	8.40 to 10.00
Oilseeds (except Rabi Oilseed on Kharif Channels).	...	6.40 to 8.86	6.40 to 8.40
Forest plantation	...	8.00 to 8.25	8.40
Paddok Area	...	8.00 to 8.25	8.40
Wheat, Barley and Oats (except on Kharif Channels).	...	5.60 to 7.34	3.60 to 7.60
Maize	...	4.80 to 6.40	4.40 to 6.00
Unspecified crops	...	5.60 to 6.73	4.80 to 6.80
Gardens, Orchards and Vegetables on Kharif Channels during Rabi.	...	5.60	5.20
Jawar, Chins and Grass, which has received two or more waterings and all fodder crops including Turnips.	...	4.27 to 4.80	4.40
Bajra, Gram, Masur and pulses.	...	5.53 to 5.60	4.80 to 5.20
All Rabi crops on Kharif Channels (including fodder but excluding gardens, orchards and vegetable).	...	4.00	2.00
Watering for plough out followed by a crop in the same succeeding harvest.	...	1.53 to 2.40	1.60

Crops		Northern Zone	Southern Zone
		Rs.	Rs.
Village and District Board plantation-Huris			
(*i*) Any number of waterings in Kharif.	...	2.40 to 3.06	2.80 to 3.20
(*ii*) One Watering in Rabi	...	1.53 to 1.60	1.60
(*iii*) Two or more waterings in Rabi.	...	2.40 to 3.06	3.20
Grass—A Single Watering in Kharif or Rabi.	...	1.53 to 1.60	1.60
When supply from an escape is intermittent and water is used for ploughing followed by a crop and in the same harvest but not followed by any subsequent watering.	...	1.53 to 1.60	1.60
Additional Waterings for all Rabi crops on Kharif Channels (including gardens, Orchards, Vegetables in fodder):			
(*a*) Single watering	...	0.61 to 0.80	0.40
(*b*) Two or more waterings.	...	1.60 to 1.83	1.60

7. Agricultural Income Tax. { Revenue Department } It is levied at the following rates in former Punjab/NWFP/Bahawalpur State/Sind :—

Punjab Agricultural Income Tax Rates :

Slab of total land revenue	Amount of Tax in respect of each slab.
Upto Rs. 250/-	Nil
More than Rs. 250/- but not more than Rs. 500/-	One fourth of the land revenue.
More than Rs. 500/- but not more than Rs. 750/-.	One half of the land revenue.
More than Rs. 750/- but not more than Rs. 1,000/-.	Three-fourth of the land revenue.
More than Rs. 1,000/- but not more than Rs. 2,000/-.	Equal to land revenue.

Slab of total land revenue	Amount of Tax in respect of each slab
More than Rs. 2,000/- but not more than Rs. 3,000/-.	One and half of the land revenue.
More than Rs. 3,000/- but not more than Rs. 5.000/-.	Twice the land revenue.
More than Rs. 5,000/- but not more than Rs. 8,000/-.	Three times the land revenue.
More than Rs. 8,000/- but not more than Rs. 10,000/-.	Four times the land revenue.
More than Rs. 10,000/- but not more than Rs. 15,000/-.	Six times the land revenue.
More than Rs. 15,000/-	Seven times the land revenue.

N.W.F.P. rate of Agricultural Income Tax :

Upto Rs. 250/-	Nil
Between Rs. 250/- and Rs. 500/-	One half of the land revenue
Between Rs. 500/- and Rs. 750/-	Three fourth of the land revenue.
Between Rs. 750/- and Rs. 1.000/-	Equal to land revenue.
Between Rs. 1,000/- and Rs. 5.000/-	Twice the land revenue.
Between Rs. 50,00/- and Rs. 10.000/-	Thrice the land revenue.
Above Rs. 10.000/-	Five times the land revenue.

Bahawalpur Rates of Agricultural Income Tax.

Slab of total land revenue	Amount of Tax chargeable
Upto Rs. 250/-	Nil
More than Rs. 250/- but not more than Rs.500/-.	One-fourth of the land revenue.
More than Rs. 500/- but not more than Rs. 750/-.	Half of the land revenue.
More than Rs. 750/- but not more than Rs. 1,000/-:	Three fourth of the land revenue.
More than Rs. 1.000/- but not more than Rs. 2,000/-.	Equal to land revenue.
More than Rs. 2,000/- but not more than Rs. 3,000/-	One and a half of the land revenue.
More than Rs. 3,000/-	Twice the land revenue in case average rate of cotton is below Rs. 25/- per maund. Three times the land revenue when the cotton rate is above Rs. 25/- per maund.

Slab of total land revenue	Amount of Tax chargeable
	Four times the land revenue when the cotton rate is above Rs. 30/- per maund, and below Rs. 35/- per maund, Five times the land revenue when the cotton rate is above Rs. 35/- per maund subject to in all cases marginal adjustments.

Sind Rates of Agricultural Income Tax:

Slab of total Land Revenue.	Amount of Tax in respect of each Slab.
Upto Rs. 450/-	Nil.
More than Rs. 450/- but not more than Rs. 1250/-	One-fourth of the land revenue.
More than Rs. 1250/- but not more than Rs. 3500/-	One-half of the land revenue.
More than Rs. 3500/- but not more than Rs. 9,000/-.	Equal to land revenue.
More than Rs. 9,000/-	One and a half of the land revenue.
8. Surcharge on Agricultural Income Tax. { Revenue Department	In is levied on the following rates in former Punjab/NWFP/ Bahawalpur State:—

Punjab Rates of Surcharge on Agricultural Income Tax:

	Rs.
Where the total land revenue payable does not exceed Rs. 349/-	Nil.
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 349/- but does not exceed Rs. 499/-	12/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 499/- but does not exceed Rs. 749/-	24/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 749/- but does not exceed Rs. 999/-	50/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 999/- but does not exceed Rs. 1,999/-	100/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 1,999/- but does not exceed Rs. 4,999/-	250/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 4,999/- but does not exceed Rs. 9,999/-	500/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 9,999/-	1,000/-

N.W.F.P. Rates of Surcharge on Agricultural Income Tax:

As in the case of former Punjab.

Bahawalpur Rates of Surcharge on Agricultural Income Tax:

	Rs.
Where the total land revenue payable does not exceeds Rs. 349/-	NIl
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 349/- but does not exceed Rs. 499/.	12/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 499/- but does not exceed Rs. 749/-	24/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 749/- but does not exceed Rs. 999.00.	50/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 999/- but does not exceed Rs. 1,999.00.	100/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 1,999/- but does not exceed Rs. 4,999/-	250/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 4,999/- but does not exceed Rs. 9,999.00.	500/-
Where the total land revenue payable exceeds Rs. 9,999.00.	1,000/-

Rates of Surcharge on Land Revenue in Sind:

It is not being levied there.

APPENDIX II

(*Ref* : Starred Question No. 8388)

Statement showing the names of villages where Consolidation work has been completed in Lyallpur and Sargodha districts.

Statement 'A'

LYALLPUR DISTRICT

Serial No.	Name of village finalized	Consolidation fee		Arrears outstanding	Reasons for non-recovery.	Misal Haqiats prepared or not with reasons for non-preparation.
		Assessed	Recovered			
1	92-JB	1887.13	1887.00	—	—	Prepared & consigned.
2	95-JB	2700.13	2700.13	—	—	do.
3	98-JB	2792.00	2792.00	—	—	do.
4	278-JB	10430.00	10248.00	182.00	Arrears is due to instalments.	do.
5	286-JB	2393.06	2393.06	—	—	do.
6	319-JB	2690.00	2690.00	—	—	do.
7	320-JB	2677.50	2677.50	—	—	do.
8	322-JB	3078.00	3078.00	—	—	do.
9	328-JB	3271.00	3271.00	—	—	do.
10	336-JB	2562.00	2562.00	—	—	do.
11	337-JB	3354.50	3354.50	—	—	do.
12	338-JB	3421.50	3421.50	—	—	do.
13	341-JB	2623.00	2623.00	—	—	do.
14	342-JB	3938.15	3938.15	—	—	do.
15	349-JB	2713.00	2713.00	—	—	do.
16	350-JB	3110.99	3110.99	—	—	do.
17	353-JB	2545.50	1571.99	963.60	Arrears is due to instalments.	do.
18	364-JB	3413.50	3413.50	—	—	do.
19	370-JB	2553.50	2553.50	—	—	do.

Serial No.	Name of village finalized	Consolidation fee		Arrears outstanding	Reasons for non-recovery.	Misal Haqiats prepared or not with reasons for non-preparation.
		Assessed	Recovered			
20	377-JB	3120.50	3120.50	—	—	Prepared & consigned.
21	378-JB	3682.00	500.00	3182.00	This village has been remanded.	do.
22	384-JB	3042.50	3042.50	—	—	Consigned.
23	390-JB	1688.00	1688.00	—	—	do.
24	392-JB	3008.00	3008.00	—	—	do.
25	393-JB	3791.50	3791.50	—	—	do.
26	401-JB	2772.00	2772.00	—	—	do.
27	411-JB	2870.00	2870.00	—	—	do.
28	415-JB	3439.50	3439.59	—	—	do.
29	421-JB	2057.32	2057.32	—	—	do.
30	431-JB	2467.00	2467.00	—	—	do.
31	459-JB	760.00	760.00	—	—	do.
32	96-JB	5848.00	5848.00	—	—	do.
33	285-JB	2630.00	2630.00	—	—	do.
34	287-JB	2645.00	2645.00	—	—	do.
35	289-JB	2678.00	6278.00	—	—	do.
36	391-JB	2404.00	2404.00	—	—	do.
37	297-JB	3189.00	3189.00	—	—	do.
38	309-JB	2365.56	2359.19	6.37	Due to instalments.	do.
39	314-JB	2328.00	2328.00	—	—	do.
40	315-JB	4654.75	4654.75	—	—	do.
41	321-JB	3089.62	3089.62	—	—	do.
42	324-JB	9640.90	9640.90	—	—	do.
43	325-JB	4737.06	4737.06	—	—	do.

Serial No.	Name of village finalized	Consolidation fee		Arrears outstanding	Reasons for non-recovery.	Misal Haqiats prepared or not with reasons for non-preparation.
		Assessed	Recovered			
44	330-JB	3177.17	3177.17	—	—	Consigned.
45	334-JB	7106.00	7106.00	—	—	do.
46	344-JB	3757.39	3797.39	—	—	do.
47	354-JB	8509.00	8036.05	472.95	Due to instalments.	do.
48	355-JB	3180.00	3180.00	—	—	do.
49	359-JB	2356.00	2355.32	.68	Due to instalments.	do.
50	360-JB	2721.00	2720.94	0.06	do.	do.
51	367-JB	6290.00	6290.00	—	—	do.
52	373-JB	6381.00	6381.00	—	—	do.
53	383-JB	3675.00	3675.00	—	—	do.
54	388-JB	4086.00	4086.00	—	—	do.
55	389-JB	4186.00	4186.00	—	—	do.
56	397-JB	3626.00	3626.00	—	—	do.
57	407-JB	4549.75	4549.75	—	—	do.
58	422-JB	4693.36	4693.36	—	—	do.
59	429-IB	2379.00	2379.00	—	—	do.
60	435-JB	2773.00	2773.00	—	—	do.
61	482-JB	6086.00	6086.00	—	—	do.
62	299-JB	4719.00	4719.00	—	—	do.
63	304-JB	3773.56	3773.56	—	—	do.
64	308-JB	3760.00	3760.00	—	—	do.
That in the amendment given notice of by Nawabzada Rahim Dil Khan, appearing at serial No. 1, in list No. I, after the proposed sub-clause (10) of clause 42 so amended, the following new sub-clause be added, namely :—

"(11) The Revenue Officer shall in the prescribed manner, send or cause to be sent, the gist of an order made by him under sub-section (6), to the person whose right is acquired, and also to the Union Committee, Town Committee or Union Council in which the estate is situated.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : The question is—

That in the amendment given notice of by Nawabzada Rahim Dil Khan, appearing at serial No. 1, in list No. I, after the proposed sub-clause (10) of clause 42 so amended, the following new sub-clause be added, namely :—

"(11) The Revenue Officer shall in the prescribed manner, send or cause

to be sent, the gist of an order made by him under sub-section (6), to the person whose right is acquired, and also to the Union Committee, Town Committee or Union Council in which the estate is situated.

The motion was carried.

Mr. Speaker : All other amendments to various sub-clauses of clause 42, as reported by the Select Committee, given notice of by Khawaja Muhammad Safdar, Mr. Hamza and Chaudhri Muhammad Nawaz are ruled out of order.

Yes, Malik Muhammad Akhtar wanted to oppose the clause as a whole.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - اس صوبه کی بدنصیبی هے که آج ۸۰ سال کے بعد ۱۹۶۷ء میں غلامی کی وہ زنجیریں جن کی کڑیاں زنگ آلود هو کر ٹوٹ چکی تھیں انہیں دوباره مرمت کرکے ان میں یه همیں جکڑ رهے هیں - مغربی پاکستان کے تنومند جوانوں میں ایک بھی جوان ایسا پیدا نه هوا - ایک بھی هرکولیس پیدا نه هوا جو ان کڑیوں کو توڑ دیتا - اس اسمبلی نے آج ایک سو سال کے لئے مزید اس صوبه کے ان پڑھ عوام کو ان زنجیروں میں جکڑ کے رکھ دیا هے -

جناب سپیکر - کلاز ۴۲ جسے هم نے پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ء سے لے کر ذرا سی ترمیم کے ساتھ رکھ لیا هے که چند اشخاص کی موجودگی میں پٹواری انگوٹھه لگوایا کریگا اس کلاز کو اس هاؤس میں پیش کیا گیا هے که اسے منظور کیا جائے - جناب والا - لینڈ ریونیو اکٹھا کرنے کی جو مشینری هے میں سمجھتا هوں که حکومت کے نظریه کے مطابق وہ نہایت هی اهم هے - لیکن میرے نظریه کے مطابق عوامی حقوق ، عوامی جائداد عوامی جائداد کا ریکارڈ اور یه انتقالات نہایت اهم هیں - جناب سپیکر - هوتا یه رها هے اور یه هوتا رهے گا که پٹواری دو یا تین معتبر اشخاص کو گھر بلا کر اجلاس منعقد کئے بغیر بدستور فرضی اندراج کرتا رهے گا - گذشته ۸۰ سال سے ایسے فیصله جات موجود هیں جو که فرضی هیں - ان کی روشنی میں جس

قدر ترامیم کرنی چاهئیں تهیں ۔ ان مقدمات میں جن خامیوں کا انکشاف هوا تها ان کو دور کرنے کے لئے وہ نہیں کی گئیں ۔ ایسا بھی هوا کہ ایک شخص لندن میں ہے مگر پٹواری نے پنجاب یا حیدر آباد میں اس کی زمین کا انتقال کر دیا اور لکھ دیا کہ وہ موقع پر موجود تھا ۔ میں اس کلاز پر لمبی بحث نہیں کرنا چاهتا مگر اپنے دوستوں کو آگاہ ضرور کرنا چاهتا هوں کہ وہ جو انتقالات کی یہ کلاز منظور کر رہے هیں اس کے مندرجات سے جو مالکانہ حقوق، جو رهن کرنے کے حقوق یا قبضہ کے حقوق متاثر هونگے ان کی نوعیت کیا هوگی ۔

Mortgage, occupancy rights, leaseholders rights etc.

میں آپ کے لکھنے والوں سے بھی معذرت کرتا هوں کہ مجھے انگریزی کے الفاظ استعمال کرنے پڑ رہے هیں ۔ یہ پانچ قسم کے حقوق هیں ۔ تمام اچھی ترامیم کو مسترد کرکے انہیں دوبارہ اسی پٹواری کے حوالہ کیا جا رہا ہے ۔ یا شاید تصدیق کرنے والا افسر اب تحصیلدار یا نائب تحصیلدار کر دیا گیا ہے اس کے حوالہ کر دیا گیا ہے۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا هوں کہ آئین پاکستان میں جو تحفظ دیا گیا ہے کہ لوگوں کی جائیداد کا تحفظ کیا جائیگا ۔ آپ نے جو یہ طریقہ کار اختیار کیا ہے یہ اسکی منفی ہے ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ رولز یہاں موجود هیں لیکن ان رولز پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے ۔

Sir, the House is not in quorum ; I regret. We cannot proceed.

Mr. Speaker : The House is not in quorum ; let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum ; yes Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ یہ اختیارات بدستور ان لوگوں کے پاس طریقہ کار کو معمولی سا تبدیل کرنے کے بعد رهنے دیئے گئے هیں ۔ جو لوگ بددیانت هیں ۔ جو لوگ بنیادی طور پر عادی رشوت خور هیں ان کے پاس یہ اختیارات اسی صورت میں رهنے دیئے گئے

ہیں ۔ اس وقت جو پروویژن تھی اگر آپ اسکو دیکھیں کہ جس شخص کا انتقال ہوگا اور یہ انتقال جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہ شہادت کے لیے ایک دستاویز ہے اور اس انتقال کو دستاویز کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ اگر کسی کے انتقال کا اندراج غلط ہو تو میں سمجھتا ہوں اسکا جو بار ثبوت ہے وہ دوسرے شخص پر جا کر پڑتا ہے ۔ جو اصل مالک ہے . . . .

نوابزادہ رحمدل خان ۔ Sir, let me correct Malik Sahib جناب والا ۔ ملک اختر صاحب فرماتے ہیں کہ ''جس کا انتقال ہوگا'' اگر اس شخص کا انتقال ہوگیا تو معاملہ ہی ختم ہوگیا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس وقت جو موجودہ رول ہے اس کو کلاز ۴۲ کے تحت آئندہ کے لئے بھی رکھا گیا ہے ۔ جناب وزیر مال اس پر غور فرمائیں کہ یہ طریقہ کار ان کا موجودہ رولز میں بھی ہے لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے ۔ یہ رول آپ تبدیل نہ کریں بلکہ اسکو جاری رکھیں ۔ جب رجسٹرار رجسٹری کرتا ہے تو اسکی ایک پرت وہ ان کو بھیجتا ہے لیکن وہ پرت دو دو سال تک نہیں بھیجتا ۔ جس شخص کو انتقال درج کرانا ہے وہ پہلے رجسٹرار کے دفتر میں جا کر رشوت دیتا ہے ۔ پھر پٹواری کو رشوت دیتا ہے اور اسکے بعد تصدیق کرنے والے آفیسر کو رشوت دیتا ہے ۔ اگر اس ترمیم کو قبول کر لیا جائے جو خواجہ محمد صفدر صاحب نے پیش کی ہے (اور میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا) کہ رجسٹریشن فیس کو کم کیا جائےاور براہ راست رجسٹریشن کر دی جائے ۔ خواجہ صاحب نے زبانی یہ تحریک پیش کی ہے کہ انتقالات کا خاتمہ کر دیا جائے میں سمجھتا ہوں یہ زیادہ بہتر ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسکے بعد مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ یہ جو طریقہ کار ہے یہ کافی ناقص ہے اور اس طریقہ کار نے اسکو اور بھی ناقص بنا کر رکھ دیا ہے ۔ ان ترامیم کے ساتھ جو حکومتی پارٹی نے دی ہوئی ہیں اور جن کا آپ نفاذ کر رہے ہیں ۔ آپ جس کے خلاف یہ اندراج کر دیں گے وہ صرف

سول کورٹ میں جا کر Specific Relief Act کے تحت اپنی داد رسی حاصل کر سکتا ہے ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ اس انتقال کو منسوخ کرانے کے لئے یہ کتنا لمبا طریقہ کار ہے ۔ کون اس چیز سے واقف نہیں ہے کہ جب کوئی ڈپٹی کمشنر یا کمشنر کسی دورے پر جاتا ہے تو ان کے لئے اور ان کے سٹاف کے لئے مرغیوں کا انتظام پٹواری کے ذمہ ہوتا ہے بہت سے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر دیانت دار بھی ہیں البتہ اسطرح جب بعض ریونیو آفیسروں کا دربار لگتا ہے تو اسکا انتظام بھی پٹواری کے ذمے ہوتا ہے ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے یہ طریق کار رشوت لینے کا ہے اور جس طرح ایک بدنام اور برے قانون کو جس کا میں نام اس ہاؤس میں نہیں لینا چاہتا انگلستان کی پارلیمنٹ نے regularise کر دیا ہے ۔ میں بھی انکو مشورہ دیتا ہوں کہ یہ بھی رشوت کو regularise کر دیں تا کہ اس شخص کو پتہ ہو کہ اسکی کتنی تنخواہ ہے اور اسکو کتنی رشوت لینی ہے ۔ regularise کرنے سے ان پر تنقید نہ ہو گی ۔ انگلستان میں یہ کیا گیا ہے کیونکہ وہاں برائی ایک حد سے زیادہ ہو گئی تھی ۔ میں اس قانون کا نام دھرانا نہیں چاہتا کیونکہ اس ہاؤس میں خواتین بھی موجود ہیں ۔ میں اپنی حکومت کو یہ رائے دیتا ہوں کہ وہ بھی رشوت کو regularise کر دے ۔ اور یہ ہر روز کی بات جو حمزہ صاحب کیلئے درد سر بنی ہوئی ہے کہ اس پر روز بولنا ہے یہ ختم ہو جائے گی ۔ جناب والا ۔ جس شخص کے خلاف اندراج ہو جائیگا اور زمین کا انتقال ہو جائیگا وہ تو سول کورٹ میں جا کر دعویٰ کر کے اپنی جان چھڑا سکتا ہے ۔ ریونیو آفیسر نے تو اس کی کوئی بات نہیں سننی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب آپ دیکھیں ۔ ۔ ایک نہایت اچھا پیراگراف تھا جسے میں اب quote نہیں کر سکتا ۔ وزیر مال جو کہ تشریف فرما ہیں Land Revenue Mannual کی دفعات نمبر ۳۷۲ سے نمبر ۳۸۶ تک پڑھیں ۔ اور ان کو نوٹ کر لیں ۔ اور پھر Settlement Mannual کی

دفعات نمبر ۲۷۹ سے نمبر ۲۸۲ تک پڑھیں ۔ کیونکہ یہ دفعات بہتر طور پر بنائی گئی ہیں ۔ اگرچہ پرانی دفعات ان کے تحت ہی بنائی گئی ہیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ وہ غیر موثر طور پر بنائی گئی ہیں اس وقت جو کتابیں میرے پاس موجود ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ اب مجھ میں اتنی سکت نہیں ہے کہ میں ان میں سے پڑھکر حوالہجات دوں لیکن اگر وزیر موصوف ان سے استفادہ کر لیں تو ان کا قانون بہتر بن سکتا ہے ۔ اس کے علاوہ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ متعدد مقدمات میں یہ ثابت ہو چکا ہے ۔ مثلاً ایک مقدمہ ہے جس کا عنوان Title vs Possession ہے ۔ وہ میں عرض کئے دیتا ہوں ۔

Title V-Possession—How far possession proof of title—

During the early years of the British occupation of Punjab possession was more or less the only proof of title to land and it was, therefore, a rule to mutate in favour of the person in possession. Even at the time of the passing of the first Land Revenue Act (Act (XXXIII of 1871) it was definitely laid down that in disputed cases possession must be the basis of mutation.

جناب والا ۔ اگلی کلاز میں میں possession کے متعلق تفصیل کے ساتھ بات کروں گا ۔ یہاں ہر ایک پٹواری چاہے تو خواہ کوئی آدمی کسی زمین پر قابض ہی کیوں نہ ہو ، لیکن وہ اس زمین کا انتقال جس طرح چاہے ، کر سکتا ہے ۔ اور اس کے بعد اس قابض شخص کو یہ کرنا ہو گا کہ وہ Specific Relief Act کے تحت اسکی remedy seek کرے ۔ اس کے علاوہ انہوں نے بہت سی پرانی روایات کو بھی ترک کر دیا ہے ۔

اب جناب والا ۔ میں Berkley's Direction for Collectors آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

"The persons whose name should be entered in his own right is the proprietor de facto

i.e. the persons in apparent and acknowledged proprietory possession. This appears from the necessity of the case. The register must be compiled on some uniform plan. It would be impossible to make it a complete and correct register of proprietors de jure, because right as separate from possession is an obscure matter, difficult of ascertainment, and falling entirely within the province of the Civil Courts, and beyond the cognizance of a Collector. To enter in the registers sometimes proprietors de jure, and at other times proprietors de facto, would cause confusion, and deprive the register of its proper character, as uniformly exhibiting the same class of facts. It therefore results that the latter only should be entered".

جناب والا ۔ آپ یہ دیکھئے کہ یہ معاملات کسقدر پیچیدہ ہیں کہ ان لوگوں نے انتقالات کے درج کرنے کے تمام تر اختیارات کتنے چھوٹے سے افسر کو دے دیئے ہیں اور انہوں نے حزب اختلاف کی طرف سے دی ہوئی ترامیم کو قبول نہیں کیا ۔ ہم اپنی بیچارگی ، کم مائیگی اور کمزوریوں کا واشگاف الفاظ میں اعتراف کرتے ہیں ۔ یہ چھوٹی سی آپوزیشن اور چند آزاد اراکین یہ درست ہے کہ اتنا stamina نہیں رکھتے اور نہ ہی ان کے پاس اتنے ووٹ ہیں کہ یہ ایک چیز کو یہاں پر منظور کروا سکیں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری ایک مجرمانہ غفلت ہوگی کہ اگر ہم صدائے حق بلند نہ کریں ۔ جو بات درست ہو گی ہم اسے یہاں پر ضرور بیان کریں گے خواہ وہ حکومت پر اثر انداز ہو یا نہ ہو ۔

جناب سپیکر ۔ اگر پچاس سال کے بعد یہاں پر ہمارا کوئی جانشین آئے گا تو نصف صدی کے بعد جو لوگ ہوں گے وہ اس قانون مال گزاری کو

West Pakistan Land Revenue Ordinance, 1967.

کے نام سے پکاریں گے ۔ میں خود کو مجرم کہتا ہوں ۔ میں اپنے دوستوں کو مجرم نہیں کہہ سکتا ہوں کہ جنھوں نے اس قانون کو منظور کرنے کے لئے

انگوٹھے ثبت کئے ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ھم نے مالکان زرعی اراضی کے حقوق کا گلا گھونٹ دیا ھے . . . . .

جناب والا ۔ مجھے افسوس کے ساتھ پھر آپکی توجہ دلانا پڑتی ھے کہ ایوان میں کورم نہیں ھے ۔

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells he rung. *(bells were rung).* The House is now in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ خدشہ ھے اور جس کا اظہار میں ۱۹۶۷ء کا قانون ساز ھونے کی حیثیت سے کر رھا ھوں ۔ اسی خدشے اور خطرے کا اظہار ۱۸۸۷ء میں بھی کیا گیا تھا جبکہ ۱۸۷۱ء کا قانون بنایا گیا تھا ۔ اس وقت بھی یہ کہا گیا تھا کہ قبضے کے متعلق ھمیں انتقال کرتے وقت زیادہ محتاط ھونا ھوگا ۔ میں آپ کی خدمت میں ایک مقدمے کا حوالہ دیتا ھوں ۔

> "The Revenue Officers were strengthened in this view by a judgement delivered by Mr. (late Sir) Denzil Ibbetson published as Mian Khan v. Aslam Khan in which it was held that "the ancient tradition of the revenue system that mutation is simply the registration of actual existing possession and in no way an adjudication of right is not departed from the Punjab Land Revenue Act 1887."

جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ قانون کی یہ جو پابندی ھے یہ عدالتوں پر جا کر کسقدر لاگو ھوجاتی ھے اور عدالتیں اس record of rights کی کسقدر پابند ھو جاتی ھیں ۔ اسکے بعد مجھے ایک اور حوالہ بھی دینا ھوگا اور وہ یہ ھے کہ ۔

> "I submit that the framing of the Record of Rights is a quasi judicial operation, and however strongly possession may be insisted

on as the main guide, the Revenue Officers who fame it ought to be allowed a certain discretion . . . ."

میں اسکے آخری حصے سے تو اتفاق نہیں کرتا لیکن دوسرا حصہ ضروری ہے کہ

"Record of Rights is a quasi-judicial operation."

آپ اندازہ فرمائیں . . . . جناب وزیر مال کا وقت تو ضائع ہو رہا ہوگا ۔ لیکن حقائق سے چشم پوشی نہیں کرنی چاہئیے ۔ وہ مجھے سن لیں ۔ ہوسکتا ہے کہ میرا نالہ پر اثر ثابت ہو ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اب آپ ایک اور چیز دیکھیں ۔ وہ یہ ہے کہ یہاں inheritance کی کیا صورت ہے یہاں تو جو پٹواری ہیں وہ مختار کل ہیں وہ اپنی discretion استعمال کرتے ہیں ۔ اس طرح عدالتوں کی جو قانونی پوزیشن ہے اس سے وہ تضاد کر جاتی ہے ۔

جناب ریونیو منسٹر صاحب کی خدمت میں گذارش کرونگا کہ وہ ذرا غور سے سنیں ۔ یہ بڑی مزے دار انگریزی ہے ۔

"Possession as evidence of title has a different-value in two classes of cases of inheritance and cases of transfer. The possession of the alert heir who is on the spot and makes the most of his opportunities to circumvent the claims of his rivals by seizing the property of the deceased right holder as soon as the breath leaves his body, does not count for very much as evidence of title."

یعنی عدالتوں کا یہ فیصلہ ہے کہ آپ کے Attesting Officers یا پٹواری inheritance کے فوراً بعد اگر سات بھائیوں کا اندراج کر دیں تو اس کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا ۔ پھر باقی جو حقدار ہوں گے وہ کیا جہنم میں جائیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ پٹواری ، کمشنر اور بڑے بڑے افسران کی ضیافتوں

کا بندوبست کرتے ہیں اس لئے وہ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ان حوالہ جات میں یہ کہا گیا ہے ۔

"Mutation Officers are very chary of deciding against possession in the latter class of cases, and rightly so, they decide in favour of possession".

یہ اکثر دیکھا گیا ہے ۔ مثلاً ملک خدا بخش صاحب اپنی زمینوں کا بندوبست خود نہیں کرتے ان کے عزیز و اقارب کر رہے ہیں ۔ ان کی غیر حاضری میں وہ جو چاہیں کر سکتے ہیں اور ملک صاحب کو پتہ بھی نہیں ہوگا ۔ کیونکہ ہر چار سال کے بعد revision of record ہوتا ہے ۔ اس وقت وہ وہ جو بھی چاہیں گے ان کی زمینوں کا ہو جائے گا ۔

. . . to adopt the language of Barkley's Direction "the truth of the transfer has not been proved. In some cases and especially in inheritance cause, as above explained, it is often not feasible or not equitable to decide on the basis of possession without some inquiry into title."

یعنی اگر ملک خدا بخش صاحب کے دو بھائی زمینوں پر موجود ہیں اور وہ in possession ہیں ۔ میں ان کی مثال نہیں دیتا ۔ یوں فرض کر لیجئے کہ اگر کسی rightful owner کے دو تین بچے ہیں اور وہ خود فوت ہو جائے تو پٹواری سے مل کر جو کچھ چاہے کرا سکتا ہے ۔ یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ یہاں ایسا ہوتا ہے اس سلسلے میں چالیس پچاس ایسی opinions ہیں جو آئی سی ایس انگریز افسران نے guarding report میں دی ہیں اور اپنے comments دئے ہیں اور یہ بتایا ہے کہ یہاں possession کی کیا حالت ہے ۔ اور اسے کیسے disturb کیا جاتا ہے ۔ کسی کا حق کس طرح چھین لیا جاتا ہے اسی طرح ایک اور حوالہ ہے وہ یہ ہے ۔

".....In disputed cases of inheritance, comparatively little stress should be placed upon possession as it often is not true evidence of right."

یعنی وہی بات ہوئی جو میں نے عرض کی تھی کہ اگر حق دار کہیں باہر ہے تو پھر اللہ ہی اس کا حافظ ہے اللہ ہی بیلی ہے ۔

پٹواری سے مل کر آپ جو چاہیں کرا سکتے ہیں وہ کہہ سکتا ہے کہ اس زمین کو فلاں شخص کاشت کرتا تھا مالک جہنم میں جائے وہ زمین اس کاشتکار کے نام منتقل ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ اب میں Sir James Douie کا ایک حوالہ دیتا ہوں ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ ایسے حوالے آپ خود دیتے ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو میں دے دوں گا مگر

You are in possession of the floor of the House.

Malik Muhammad Akhtar : I am in possession of the floor of the House.

Minister of Food and Agriculture : This is the misfortune.

ایک معزز ممبر ۔ ملک صاحب ۔ پانی پینا ہے تو باہر تشریف لے جائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اب میں چل پڑا ہوں آپ مطمئن رہیں ۔

جناب سپیکر ۔ Sir James Douie نے لکھا ہے ۔

> "In disputed cases of inheritance apparent right should be the rule of decision. A strict application of the possession rule would in some cases land us in manifest injustice."

جناب سپیکر ۔ پٹواری کو کیا معلوم ہوتا ہے کہ کسی کے کتنے بھائی ہیں کتنے بیٹے یا پوتے ہیں ۔ میں نے پوتے اس لئے کہا ہے کیونکہ اب آپ پوتے کو بھی حق وراثت دیتے ہیں ۔

اس کے بعد میں inheritance cases سے transfer cases کی طرف آتا ہوں ۔ اس میں آپ نے اجازت دے دی ہے کہ اگر کوئی شخص پٹواری کے پاس آ کر رپورٹ کرتا ہے اور کسی زمین کے متعلق وہ اندراجات کر دیتا ہے تو پھر اس کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا ۔ میں چاہتا ہوں کہ mutation کے سلسلہ میں معاملہ کو بہتر کر دیا جائے ۔

"In transfer cases, where anything more elaborate than asummary is necessary to decide whether a fact is proved to have occurred, it will be best to refuse mutation and refer the parties to the Courts."

اب اس ترمیم کے متعلق میں ایک حوالہ دیتا ہوں جو decided ہے اور اس کے متعلق آئی سی ایس افسران نے right of registration کے بارے میں اپنے comments لکھے ہیں ۔

"It will generally be preferable in doubtful cases (of inheritance) to follow the rule of possession rather than embark upon an elaborate inquiry into titles."

یعنی وہ debar کرتے ہیں اور انہوں نے ایک حد لگا دی ہے ۔

اس کے بعد جناب سپیکر میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خواجہ صاحب کی جو ترمیم تھی اس کو قابل قبول قرار نہیں دیا گیا ۔ وہ registered اور unregistered کے متعلق ہے ۔

اس کا جو مقصد ہے میں اس کے بارے میں یہ عرض کروں گا ۔

"Registered and Unregistered Deeds. The real purpose of registration is to secure that every person dealing with property, where such dealings require registration, may rely with confidence upon the statements contained in the register as a full and complete account of all transactions by which his title may be effected ; indeed he

has actual notice of some unregistered transaction which may be valid apart from registration."

آپ دیکھئے کہ اگر آپ ہماری چھوٹی سی ترمیم مان لیتے تو ٹھیک تھا ۔ جب کوئی آدمی زمین خریدتا ہے تو اس کی registration ہوتی ہے جس وقت دفعہ ۴۲ پر تقریر ہو رہی تھی تو رجسٹریشن فیس کے متعلق ملک صاحب نے فرمایا تھا کہ آپ جرمانہ لگانا چاہتے ہیں ۔ اور آج مجھے ایک دوست نے بتایا ہے کہ رجسٹریشن کے لئے ہزار روپیہ پر -/۳۰ روپیہ فیس ہے لیکن پٹواری اور نائب تحصیل دار وغیرہ جو رشوت لیتے ہیں کیا اس سے اس کا سدباب ہو جائے گا ۔ میں چاہتا تھا کہ یہ دھندا طے ہو جائے ۔ رجسٹریشن ایکٹ کی دفعہ ۱۷ ملاحظہ فرمائیں اور دیکھیں کہ ۱۹۰۸ میں documents کس طرح رجسٹر ہوتے تھے اور زرعی زمین کی lease کیسے execute کی جاتی تھی اس سلسلہ میں مجھے تین چار مقدمات کے فیصلوں کا حوالہ دینا ہوگا ۔ سب سے پہلا

"Effect of non-registration of a compulsorily registerable document—

The Registration Act does not directly enact that a contract reduced to writing and not registered as required by law, is not enforceable, or shall cease to be enforceable.

Some Revenue Officers reject a mutation on the ground that the deed on which it is based was compulsorily registerable and is inadmissible in evidence. This is obviously a false notion as a mutation order is to record a fact which is proved to have occurred and it cannot be rejected if that has been acted upon."

یعنی موجودہ قانون کے تحت آپ کے قانون کی جو دفعات ہیں وہ رجسٹریشن ایکٹ کے ساتھ متصادم ہیں ۔ میں نہیں کہنا چاہتا کہ رجسٹریشن ایکٹ کیساتھ متصادم ہونیکے بعد آپ کے قانون کی دفعات یا oral transaction کی دفعات کا کیا حشر ہوگا اور میرے بھائی مجھ سے اتفاق کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ رجسٹریشن ایکٹ

"All non-testamentory documents duly registered under this Act and relating to any property, whether movable or immovable shall take effect against any oral agreement or declaration relating to such property; unless where the agreement or declaration has been accompanied or followed by delivery of possession and the same constitutes a valid transfer under any law for the time being in force provided that a mortgage by deposit of title as defined in section 58 of the Transfer of Property Act, 1882, shall take effect against the mortgage deed subsequently executed and registered which related to the same property."

یعنی جو inconsistency ہے میں اسکے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔ جناب والا آپ دیکھیں میں پہلے inheritance کو deal کر رہا ہوں اس پر میں نے ایسے cases میں آئی ۔ سی ۔ ایس آفیسرز کے فیصلوں سے quotations دئے ہیں پھر oral transaction کو deal کیا ہے اور دوسری aspect جو ہے وہ یہ ہے جسکو میں عرض کر رہا ہوں کہ mortgage کا کیا حال ہے اور انکے کیا consequences ہونگے ۔

Again, we are inconsistent with the Constitution.

There is no quorum in the House, Sir.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں دراصل oral transaction اور رجسٹریشن deed کا موازنہ کر رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ اب مجھے دفعہ ۵۰ ۔ رجسٹریشن ایکٹ کیلئے یہ عرض کرنا ہے جسمیں یہ ہے

"(1) Every document of the kinds mentioned in clauses (a), (b), (c) and (d) of section 17, sub-section (1) and every document registerable under section 18, in so far as such document affects immovable property or acknowledges the receipt or payment of

any consideration in respect of any transaction relating to immovable property shall, if duly registered, take effect as regards the property comprised therein, against every unregistered document relating to the same property, and not being a decree or order, whether such unregistered document be of the same nature as the registered document or not."

جناب والا ۔ اسطرح سے oral transaction رجسٹریشن ایکٹ کی دفعہ ۵۰ کو پھر over-ride کرتی ہے اور آگے یہ ہے

(2) Nothing in sub-section (1) applies to leases exempted under the proviso to sub-section (1) of section 17, or to any document mentioned in sub-section (2) of the same section, or to any registered document which had not priority under the law in force at the commencement of this Act."

جناب یہ پرانی بات ہے کہ رجسٹرڈ agreement کو unregistered agreement پر ترجیح دی جائیگی ہاں البتہ oral transaction کی صورت میں اگر delivery possession کر دیجائے تو اس صورت میں ترجیح نہیں ہوگی ۔ جناب والا ۔ اب مجھے صرف ایک آخری رولنگ رجسٹریشن کے متعلق دینی ہے وہ یہ ہے

Rur Singh v. Surin Singh—1941 LLT 146.

"The regular practice in regard to mutation proceedings is that the person who alleges an oral transaction in his favour which is not admitted by the other party must be refused mutation and left to seek his remedy in the Civil Courts."

"Thus we come to the following conclusions :—

When there is a registered deed relating to a transaction and the executor admits its execution and the fact of transfer of possession is recited in the deed, mutation should be sanctioned.

If there is a registered deed and the executor admits its execution but pleads fraud or non-receipt of consideration, and receipt of consideration is mentioned in the deed and possession has been transferred, mutation should be sanctioned.

If the executor denies the execution of the registered deed, but possession has been transferred to the transferee in whose favour the deed is alleged to be executed, mutation should be sanctioned."

جناب والا ۔ یہ بتائیے کہ یہ رولنگ جو ہے اسکے ہوتے ہوئے اس oral transaction کی جسکو آپ permit کر رہے ہیں کیا حیثیت رہ جاتی ہے یعنی جناب والا نہ ہم ملک خدا بخش بچہ صاحب کے گذشتہ ۳۰ - ۳۵ سال کے تجربہ سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں اور نہ ہائی کورٹ کی گذشتہ ۸۰ سال کی رولنگ سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں اور نہ کم و بیش ۶۰ - ۷۰ آئی - سی - ایس آفیسر کی مختلف آراء سے جو انھوں نے مختلف رپورٹوں میں جو میرے پاس موجود ہیں دی ہیں ان سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں ۔ ہم صرف لاٹھی کے ذریعہ قانون سازی کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں اور oral transaction کو رجسٹرڈ document پر ترجیح دینا چاہتے ہیں ۔ جناب والا اب مجھے یہ استدعا کرنا ہے کہ انکو چاہئے تھا کہ وہ رجسٹرڈ document کو oral document پر ترجیح دیں ۔ بلکہ یہ ایک case کی finding ہے اگر آپ اجازت دیں تو میں اس رولنگ کو پڑھ دوں

Now, these are legal decisions on your law.

"If the executor denies the execution of the registered deed and possession has not been transferred, mutation should be refused.

If a document of which registeration is compulsory under section 17 of the Registeration Act, is produced and it is not disputed by the executor and possession has been transferred mutation should be sanctioned.

If such a document is produced and the executor denies its execution or pleads fraud or non-receipt of consideration, but possession has been transferred to the alleged transferee mutation should be allowed. If, however, possession is with the executor and has not been made over to the transferee, mutation should be refused."

یعنی قانون یہ کہتا ہے کہ اگر disputed بھی ہو تو اسے آپ مانیں ۔

"(g) If there is any transaction or transactions by an unregistered deed and it has been acted upon by transfer of possession and it is a valid transfer, subsequent registered deed to the same property will not operate.

جناب والا ۔ یہ طریقہ کار ہے اور یہ بات آپ legalise کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ دو ایک دفعات اور ہیں ۔

"(h) When there is an unregistered document of which registeration is not compulsory and a subsequent registered document relating to the same property, and the possession is with the previous transferee, mutation should be in favour of the previous transferee."

جناب والا ۔ اس میں جو unregistered documents کو بھی اس ایکٹ میں cover کیا گیا ہے تو اس کے لئے قواعد و ضوابط ہیں ۔ یہ نہیں ہے کہ پٹواری جو دل چاہے کرے ۔

"(i) When there is an unregistered document of which registeration is compulsory and a subsequent registered document relating to the same property, if the possession is with the previous transferee and he disputes the subsequent transfer, mutation should be refused but if the possession is with the subsequent transferee or the previous transferee does not dispute the subsequent transfer, mutation may be sanctioned in favour of the subsequent transferee.

Thus the primary rule of decision in all questions relating to the matters specified above, . . ."

جناب والا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ یہ تمام چیزیں جو اس قانون کے تحت آپنے پیش کی ہیں وہ سب متضاد ہوکر رہ جاتی ہیں جبکہ آپ oral transaction کی اجازت دیتے ہیں ۔ اس لئے میں آپ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ کیا آپکا پٹواری educated ہے ۔ کیا وہ law graduate ہے ۔ کیا آپکا پٹواری ان سب قوانین سے واقف ہے جو رائج الوقت ہیں ۔ کیا جناب ریوینیو منسٹر صاحب آپنے ایسے ہدایات جاری کئے ہیں ۔ آپنے clause 42 پر آٹھ دنوں تک اس سے قبل بحث کی ہے اور آج بھی اسکے اوپر کم و بیش کافی بحث ہوئی ہے اور آج کے دن کا بیشتر حصہ اسکے اوپر صرف ہوا ہے ۔ کیا آپکا پٹواری اسقدر واقف کار ہے کہ وہ ان سب قانونی باتوں کو جانے ۔ آپکا Inspecting Officer اسقدر واقف کار ہے نائب تحصیلدار یا تحصیلدار وہ سب ان قانونی چیزوں سے اسقدر واقف کار ہیں ۔ کیا آپکے تمام متعلقہ افسران اسقدر جانتے ہیں کہ وہ ان سب چیزوں کے متعلق کہیں ۔ جناب والا ۔ ایک اور چیز ہے جسکو flagarantly violate کیا جا رہا ہے میں allege کرتا ہوں اور جسکو abuse کیا جا رہا ہے یعنی آپکے پنجاب میں جو کسٹم رائج تھے انکو آپنے شریعت لا کے ساتھ ختم کر دیا ہے ۔ کیا آپنے اسکو بھی دیکھا کہ law of succession relating to Muslims in Punjab اسپر operation کیا جا رہا ہے ان چیزوں کے کہنے سے میری مراد یہ ہے کہ مسلمانوں کے inheritance کے متعلق جو قانون ہے وہ بدل گیا ہے میں اسوقت پنجاب کی بات کر رہا ہوں ۔ پنجاب مسلم شریعت لا ۔ Shariat Application Act جسکو پنجاب گورنمنٹ II of 1951 کے ساتھ amend کر چکی ہے ۔ اسکے اوپر کیا action ہو رہا ہے اور کیا آپ اسکے اوپر عمل کر رہے ہیں ۔ کیا آپکے پٹواری ان سب چیزوں کو جانتے ہیں میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ وہ تا حال کسٹم کے اوپر عمل نہیں کر رہے ہیں اور شریعت لا کے اوپر عمل نہیں کر رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں آپکے سامنے یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مسلمانوں کے لئے inheritance کے بعد right of occupancy کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں جسکے متعلق

اندراج ہوا ہے جیسے کہ پانچ شقوں میں بیان کیا گیا ۔

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): There is no provision about the right of occupancy in the new clause.

Malik Muhammad Akhtar: I stand corrected Sir. Thank you, you have corrected me.

جناب والا ۔ ابھی ایک اور گل کھلایا گیا اور اسکے ساتھ ساتھ آپنے ایک اور ظلم کیا right of occupancy جسکا اندراج پہلے قانون میں ہے ۔ اگر میں غلط نہ ہوں ۔ میں اسکو پہلے چھوڑتا ہوں جناب والا ۔ اب میں ایک اور تماشا دکھلاتا ہوں ۔

Mr. Speaker: The Member may please conclude his speech now.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ کہہ تو لینے دیجئے ۔

Then I will conclude.

Mr. Speaker: The Member has taken much of the time of the House.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Punjab Lands and Alienation Act 1950 کے مطابق یہ پابندی ہے کہ کوئی Transfer of Agricultural Land نہیں کیا جا سکتا ہے جبتک کہ ڈپٹی کمشنر سے اجازت نہ حاصل کر لی جائے ۔

Minister for Agriculture: Sir, that has been abolished, by a notification under section 4.

ملک محمد اختر ۔ اس notification کے تحت آپ اسے abolish نہیں کر سکتے ۔

Minister for Agriculture: Under Land Alienation .Act, every Musalman is a Member of the Agriculture Tribe.

ملک محمد اختر ۔ مگر حضور والا ۔ اسوقت میرے بستہ میں یہ Land Alienation Act کا Repealing Act موجود ہے ۔

وزیر زراعت - وہ اور چیز ہے -

Mr. Speaker : That is a separate Bill.

Minister for Agriculture : Sir, I had no intention of intervening at this stage but I think I should put the record straight. I must, with your permission, Sir, explain one or two points that have been raised by my friend, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, won't it be better if the Minister for Agriculture speaks after Major Muhammad Aslam Jan.

Mr. Speaker : Yes, Major Muhammad Aslam Jan.

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب والا - جب یہ کلاز ۴۲ introduce ہوا اور اسکے اندر جو amendments میرے محترم دوستوں نے پیش کی تھیں اسوقت عوام نے ایک اطمینان کا سانس لیا تھا - کیونکہ یہ ایک important clause ہے - یعنی ۴۲ - جسکے تحت بہت کچھ گڑبڑ اور بے ایمانی زمینوں کے سلسلے میں ہوا کرتی ہے - ہوا یہ ہے ، جیسا کہ ابھی کہا گیا ہے کہ بسا اوقات Revenue Officer جو تحصیلدار یا نائب تحصیلدار ہوتا ہے اگر وہ پٹواری کے ساتھ مل جائے تو بغیر اسکے کہ بائع وہاں موجود ہو وہ عام طور پر زمینیں دوسروں کے نام پر منتقل ہو جاتی ہیں اور اس میں یہ بھی ہوتا ہے کہ اس سلسلے میں بے شمار مقدمات عدالتوں میں آتے رہتے ہیں - نہ تو وہاں بائع ہوتا ہے اور نہ وہاں اسکا کوئی پہچاننے والا ہوتا ہے صرف وہ Revenue Officer وہاں پر ہوتا ہے جو وہاں لکھ دیتا ہے کہ یہ زمین انتقال کر دی ہے -

''یہ اجلاس عام با شناخت اول خان نمبردار الف دین بائع و قائم دین مشتری حاضر ہو کر عمل یا تبدیلی و وصولی بہ عوض سمن سو روپیہ یا پچاس روپیہ جو کچھ ہے اسکو تسلیم و تصدیق کرتے ہیں - لہذا عمل با اندراج بہ خسرہ ایک ، دو ، تین ، چار آراضی تعدادی پچاس کینال یا ساٹھ کینال منجانب الف دین بائع - بہ مشتری بصورت جدید منظور ہے -''

بس جناب وہ لکھ دیا اور اسکی زمین اور اسکی قسمت پر ایک مہر لگ گئی ۔ اسکے بعد ہوتا یہ ہے کہ جناب جمع بندی میں اسکا اندراج ہو جاتا ہے ۔ اگر اس عرصے میں جو شخص بائع ہے اگر اسے یہ معلوم ہو جائے اور وہ مقدمہ کر دے تو شاید اس صورت میں وہ بچ جاتا ہے ورنہ جب جمع بندی میں اندراج ہو گیا ہے تو پھر حالات بہت مشکل ہو جاتے ہیں ۔ اور عام طور پر ہوتا یہی ہے کہ بائع وہاں پر ہوتا نہیں ہے اور اس قسم کے اندراج ہوتے رہتے ہیں ۔ بہر حال دوسرا اصول یہ بھی ہے کہ یہ جو **oral transactions** ہیں جن کے ذریعہ ایک آدمی اپنی زمین فروخت کرتا ہے ۔ اسکی شناخت کرنے والا بھی آدمی ہوتا ہے ۔ شناخت بھی ہوجاتی ہے لیکن چھ مہینے یا سال کے بعد وہ بے ایمانی کرنا چاہتا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ میں نے مشتری کے پاس زمین فروخت نہیں کی ہے ۔ وہ تو پٹواری نے مل جل کر سب کچھ کیا تو یہ جو ترمیم تھی . . . . . یا تو یہ جتنی **transaction** ہیں ۔ **by regis tered deeds** ہوں یا بائع جو ہے اسکا وہاں پر انگوٹھا لگایا جائے ، اور ایک یا دو شرفا جو اسکے علاقے کے ہیں ان کے دستخط یا انگوٹھے بطور شہادت لگائے جائیں ۔ تو یہ جو اس قسم کی بے ایمانیاں پیدا ہو رہی ہیں ان اصولوں پر عمل کرنے سے بہت حد تک ٹھیک ہو سکتی ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے جیسا کہ ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے ۔ یہ راولپنڈی کا واقعہ ہے کہ ایک آدمی لنڈن چلا گیا ۔ وہاں لوگوں کو معلوم نہ تھا کہ وہ آدمی لنڈن چلا گیا ۔ وہ آدمی آفیسر تھا ۔ وہاں ہوا یہ کہ نائب تحصیلدار نے انتقال چڑھایا بغیر کسی کی موجودگی کے اپنے گھر پر بیٹھکر ۔ لیکن بعد میں یہ کہا گیا تھا کہ ایک آرمی آفیسر **uniform** میں پیش ہوا تھا اور وہ جو بائع تھا وہ لندن میں تھا ۔ انکا خیال تھا کہ وہ راولپنڈی میں موجود ہے انھوں نے کہا کہ اپنی زمین فلاں کے نام انتقال ہو گئی ۔ مگر جمع بندی میں گڑبڑ ہوئی اور جب اصلی مالک چار پانچ برس کے بعد لندن سے واپس آیا اور جب وہ اپنی زمین پر پہونچا تو اسنے کہا کہ آپ کون ہیں ۔ آرمی آفیسر نے کہا کہ میں اس زمین کا مالک ہوں ۔ اسنے کہا کہ آپ اس زمین کے

مالک نہیں ہیں ۔ بلکہ ہم نے اس زمین کو کسی اور سے خریدا ہے ۔ یعنی یہ جو مشتری تھا اس نے بھی کسی اور سے آگے خریدی ۔ اسی طریقہ سے ایک واقعہ نہیں بلکہ ہزارہا واقعات ہیں ۔ اس طرح یہ کہنا کہ ہم زمین کو ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ کے تحت فروخت کر دیں compulsorily تو دوسری بات ہے ویسے ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ وہ رجسٹرڈ execute deed کرنے کے بعد وہ اپنی زمین کو فروخت کر سکتا ہے لیکن اگر ہم اس کو ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ کے تحت ضروری یا compulsory قرار دیتے ہیں اور سٹیمپ ڈیوٹی بجائے ۳۰ روپیہ ہزار اور ۲۸ روپیہ ہزار کے حساب سے سٹیمپ ڈیوٹی کم کر دیتے ہیں تو پھر جو زمین فروخت کرنا چاہتے ہیں یا خریدنا چاہتے ہیں ان پر اتنا اثر نہ ہوتا اور حکومت کو بھی زیادہ ریونیو ملتا یا فائدہ ہوتا لیکن میں یہ بھی نہیں کہتا ہوں کہ یہ چیز fool-proof ہوتی ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ جو زبانی سودے ہوتے ہیں ان سے بچت ہوجاتی ہے ۔ جب سے شریعت لا بنا ہے ہماری لڑکیوں اور بہنوں کو زمینیں ملتی ہیں لیکن عام طور پر ہوتا کیا ہے کہ برقعہ پہنا کر کسی عورت کو وہاں پر کھڑا کر دیا اور ایک آدمی نے وہاں یہ کہہ دیا کہ اس کی لڑکی یا بہن کی شادی ہوئی ہے مگر وہ کہیں اور بیاہی ہوئی ہے اور اس نے کہا کہ مجھے جو حصے میں زمین ملی ہے وہ میں اپنے فلاں بھائیوں کو دیتی ہوں ۔ اب ان کے نام پر انتقال چڑھ جاتے ہیں ۔ اس بیچاری غریب عورت کو معلوم بھی نہیں ہوتا کہ یہ زمین دی جا چکی ہے ۔ تو جتنی transactions رجسٹری کے ذریعہ سے ہوتی ہیں یا ان پر انگوٹھا لگا ہوا ہوتا ہے تو اس سے کم از کم یہ تو ثابت ہو سکتا ہے کہ جو بائع ہے اس نے واقعی یہ زمین مشتری کے پاس فروخت کی ہے ۔ اب میری جو ترمیم تھی اس کو رد کر دیا گیا ہے اور جس حالت میں کلاز ۳۲ ہے اس میں میرے خیال میں جو خامی آج سے ۸۰/۷۰ سال پہلے سے چلی آ رہی ہے یعنی جب سے یہ لینڈ ریونیو ایکٹ بنا تو یہ ویسے کا ویسا ہی ہے اور اس میں ۱۹۵۲ کا ایک کیس ہے جس میں فائننشل کمشنر نے با وثوق طریقہ سے کہا تھا ۔ کیس تو ایسے

بہت سے ہیں - صفحہ ٦٧ ملاحظہ فرما لیجئیے - جتنی transactions
mutations کی ہیں They must be at the Estate. یعنی جہاں پر زمین
واقع ہو وہاں پر ہونی چاہئے لیکن حال ہی میں مسٹر آئی - یو خان جو کہ
نمازی اور پرہیزگار انسان ہیں انہوں نے ١٩٦٦ء میں ایک فیصلہ دیا
''امیر محمد خان بنام امتیاز بیگم'' - اس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ جو
انتقال اراضی کا معاملہ ہے اس کے لیے یہ ہوا کہ فروخت کرنے والا بائع اور
مشتری ایک دوسرے کو جانتے بھی نہیں تھے بائع یہ کہتا ہے کہ یہ زمین
میں نے فروخت نہیں کی اور شناخت کرنے والا پی - ڈی ممبر یہ کہتا ہے کہ
میں نے بائع کو شناخت ہی نہیں کیا تھا لیکن باوجود اس کے فیصلہ یہ ہے
کہ جو انتقال ہے وہ ضروری نہیں ہے کہ وہ ایسٹیٹ پر ہو - تو عام طور پر
یہ ہوتا ہے کہ دفتر میں شخص متعلقہ کو بلا لیتے ہیں - لکھا یہ جاتا ہے
کہ ''جلسہ عام میں'' اگر ایمانداری کریں تو علیحدہ بات لیکن دراصل
دو آدمی ہوتے ہیں تو دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ جو عام طور پر مقدمات
ہوتے ہیں اس میں کوئی ایمانداری نہیں ہوتی - بائع اکثر زمین کو فروخت
نہیں کرتا اور کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جو بوڑھا اور شریف آدمی
ہو اس کے ساتھ یہ چیز زیادہ ہوتی ہے - جو لوگ گاؤں میں موجود نہ ہوں
ان کی زمین کا بھی آخر کار انتقال ہو جاتا ہے اور جمع بندیوں میں چڑھ جاتی
ہیں - اس لئے میری عرض ہے کہ اب کلاز ٣٢ جو پاس ہو چکی ہے - اس پر
مجھے کوئی اعتراض نہیں - ایک اور بہت بڑی خامی ہے جو کہ میرے
محترم دوستوں نے ترمیم کے ذریعے پیش کی تھی اگر وہ منظور کر لیجاتی اور
میرے عزیز دوست اس کو واپس نہ لیتے تو یہ تقریباً ٩٠ سال سے جو بہت
بڑی خامی چلی آ رہی تھی اس لینڈ ریونیو بل میں وہ دور ہو جاتی -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ١) - جناب والا - اس شق کی اہمیت
اس بات سے ظاہر ہے کہ سابقہ اجلاس میں کم و بیش سات آٹھ روز تک اس
ایوان میں اس شق پر بحث ہوتی رہی - میرے نزدیک لینڈ ریونیو بل زیر
بحث میں یہ شق اہم ترین شق ہے - اس شق کے ذریعے حقوق ملکیت کی

منتقلی یا اراضیات میں کسی دوسرے کے حق جو بیع - رھن وغیرہ کے ذریعہ کسی کو حاصل ھو چکا ھے اس کے اندراجات کس طرح ھونگے وہ طریقہ کار اس شق میں درج ھے - اس جانب سے اور ایوان کے دوسرے حصے حزب اقتدار کی جانب سے بعض دوستوں نے مروجہ قانون میں اصلاح کی غرض سے بیشمار تجاویز پیش کیں - میں نے خود اس شق کی بہتری کے لئے چند ایک ترامیم پیش کیں جس میں سے اھم ترین ترمیم یہ تھی کہ جس طرح اس صوبے کے جنوبی حصوں یعنی سابقہ سندھ میں انتقالات اراضی رجسٹرڈ شدہ وثیقہ جات کے ذریعے سے درج کیے جاتے ھیں اس طریقہ کار کو سارے صوبے میں نافذ کر دیا جائے - زبانی بیع کے ذریعہ انتقال کرنے کے مروجہ طریق سے بے پناہ بد دیانتی ھمارے معاشرے میں جگہ پا رھی ھے اور میں سمجھتا ھوں کہ اس کا سدباب ضروری ھے - حقیقت یہ ھے محترم سپیکر صاحب کہ قانون کی اغراض صرف دو ھوتی ھیں - ایک یہ کہ لوگوں کے حقوق محفوظ رھیں اور اس میں کم سے کم بددیانتی کی گنجائش ھو اور دوسرے یہ کہ طریقہ کار سہل ھو ، آسان ھو ، بہرحال حزب اقتدار نے ھماری ان گزارشات کو قبول نہ فرمایا - یہ ان کی صواب دید ھے - ھم نے ایک نقطہ نظر پیش کیا تھا - ضروری نہیں کہ وہ قابل قبول ھوتا یا اس پر عمل ھوتا لیکن میں صرف یہ عرض کروں گا کہ زبانی بیع کی بنا پر انتقال کا منظور کرنے کا جو طریقہ کار دفعہ ۴۲ میں اس وقت منظور کیا گیا ھے - اس میں اگرچہ بہت حد تک ھم نے کوشش کی کہ بددیانتی کا سدباب ھو جائے لیکن مجھے افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ھے کہ ھم نے اس طریقہ کار کو بہت لمبا کر دیا ھے جو کہ آسان نہیں رھا - مجھے یہ ماننے میں قطعاً تامل نہیں کہ اگر اس سارے طریقہ کار پر عملدرآمد کیا جائے تو بہت حد تک بددیانتی کی روک تھام کیجا سکتی ھے - لیکن یہ طریق کار اتنا لمبا اور پیچیدہ ھوگیا ھے کہ اس پر عمل درآمد مشکل ھے - میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس طریق کار پر اب عملدرآمد کرانے کا کام حکومت کے ذمہ ھے - پہلے بھی محکمہ مال کی طرف سے بے شمار احکامات اور ھدایات جاری ھوتی رھتی تھیں - ان احکامات

اور ھدایات کا ایک بہت بڑا پلندہ اس وقت موجود ھے ۔ مگر ان پر عملدرآمد کی خامی کی وجہ سے ھر روز زیادہ سے زیادہ بددیانتی ھوتی تھی ۔ اب یہ طریق کار اس بل کے منظور ھونے کے بعد قانون کی شکل اختیار کر لے گا ۔ اسے صحیح طور پر نافذ کرنا اور صوبہ کی ۸۵ فی صد آبادی جس کا تعلق اس قانون سے ھے اس کے حقوق کی حفاظت کرنا یہ حکومت کا کام ھے ۔ آج یہ میرے بھائی برسراقتدار ھیں ۔ حکومت کی عنان ان کے ھاتھ میں ھے ۔ اس لئے یہ ذمہ داری ان پر ھے ۔ کل کوئی اور آ جائے گا تو یہ ذمہ داری اس کو منتقل ھو جائے گی ۔ جس قسم کا قانون اس ایوان نے بہتر سمجھا منظور کیا ۔ اب میں یہ درخواست کروں گا کہ اس کے نفاذ کی طرف زیادہ توجہ دی جائے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں بھی کچھ عرض کرنا چاھتا ھوں ۔

Mr. Speaker : I think now Malik Sahib should speak.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, I had no intention as I was submitting to intervene in this debate but certain things have been said here and I would beg of you to give me the opportunity to put the record straight.

One thing Mr. Akhtar has been saying that it is the Patwari who would determine. . . .

Malik Muhammad Akhtar : I said the Attesting Officer.

Minister of Food & Agriculture : In that case I am corrected, but if the record could be seen, he has been saying that the Patwari will be deciding this and the Patwari will be deciding that. Well, if this is so, I had only to say this much that the Patwari has to perform a preliminary duty of entering the mutation, and it is the Attesting Officer who is competent and empowered under the law, to determine disputes of this character.

The second thing he has said is-and he has quoted chapter and versa from the instructions of Sir James Douie and the Standing Orders. As you know, this law has a provision that rules will be framed for enforcing these provisions of law and such small matters as he was referring to would be taken care of, but they will not be inconsistent with the provisions which the House is now going to enact.

The third thing which I wanted to say was-and I here agree with my friend Khawaja Muhammad Safdar, that it might be said outside and

it might have been said here that we have taken too long on a provision, on one single section, but it has to be discussed at length because this is one of the very fundamental and basic provision of land revenue Act. . .

Khawaja Muhammad Safdar : Certainly.

Minister of Food & Agriculture : . . . and after we have disposed of this provision, I want it to be known that this will set the pace and other things will follow in rather more expeditious manner. So the time thought and the labour that has been involved in this clause has, in my judgment, been both remunerative and rewarding, and I here take leave to say that the whole House, including the Opposition and the Independent Members, have excercised their best judgment in working out a provision which should meet the situation of this extraordinary character, that has been in the imagination of some Honourable Members. But I want to say one thing more Sir, with your permission, I was not wanting to say but since Khawaja Muhammad Safdar thought it fit to mention it, I think I should say-that why we have rejected or not accepted the provision, which my hon'ble friend, the Leader of the Opposition had made in respect of the registration of the documents of these alienations. I want it to be known that there are very valid grounds and they are : the same Officer would have been the registering Officer, who will now be the Attesting Officer, and if it is being assumed that that Officer would become a sort of instrument in the conspiracy, which is going to deprive someone of his rights, then it cannot be said that he will not become an instrument or a tool while sitting in another place. Actually Sir the position is this why we have opposed is this that it will involve considerable hardship and expense not only in the shape of the fee to which my friend Malik Muhammad Akhtar was referring but in coming to Tehsil where vexatious formalities do take place and involve travelling and other expenses, and he is lost in the city. We could not have mobile registration officer. It would have to be at some station, at best at the Tehsil headquarters. So it was with a view to helping the peasant and particularly the illiterate peasant, for which both sections of the House have had so much solicitude that we were forced to disagree with the provision that the Opposition sought to include in this clause. I would say that there is no intention whatsoever in any way to do it in a light-hearted manner. We have given full thought and I have had the privilege of discussing and other provisions with the Leader of the Opposition and others at length, and my own quarter of a centurys' association with the Revenue Department's functioning leads me to believe the clause that we have produced may be a little lengthy, as my friend says, but in order to cater and provide a safeguard, rather a number of safeguards, it became necessary and incumbent upon us to include so many things which could have been easily left to the rules. In order to ensure and allay the anxiety in the minds of certain friends, we agreed to include in this clause provisions which were considered to achieve the objective that both sections had in view. It is my fervent hope and prayer that this clause, which is now the result of the pooled wisdom of this House, should be operated in the spirit in which it has been conceived so far as the Government is concerned. Khawaja Muhammad Safdar has raised a particular question and I want to assure him that it will be our privilege and pleasure to ensure that this clause is implement in its letter and spirit. I have no doubt that the functionaries of the Revenue Department would also do their utmost in observing a rather longish procedure so that it

might be possible to do whatever is possible to avoid any miscarriage of justice

There is one thing more and I hope my friend, the Minister of Revenue, would kindly agree with me. I want to suggest an amendment which is consequential in character and about which I have had the concurrence of my friend, the Leader of Opposition, also. Sir, a certain provision has just been included in which, at your instance, it became necessary to describe what is meant by Union Council. It has, therefore, become necessary that in clauses, about which we have agreed to previously, this amendment should be carried. With your permission and with the permission of the Leader of the Opposition I would beg to move this formal type of amendment and, I think, the House would permit us to carry out this amendment in order to make the provision complete. I hope the Minister for Revenue will have no objection to it.

Minister for Revenue : I have no objection.

Minister of Food and Agriculture : I beg to move :

> **That in sub-clause 1 (c) of clause 42 for the words "Union Council", the words "Union Committee, Town Committee or Union Council" be substituted.**
>
> **That in sub-clause (5) of clause 42 for the words "Union Council", the words "Union Committee, Town Committee or Union Council" be substituted.**
>
> **That in sub-clause (7) of clause 42 for the words "Local Council constituted under the Basic Democracies Order, 1959", the words "Union Committee, Town Committee or Union Council" be substituted.**

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is:

> **That in sub-clause 1 (c) of clause 42 for the words "Union Council", the words "Union Committee, Town Committee or Union Council" be substituted.**
>
> **That in sub-clause (5) of clause 42 for the words "Union Council", the words "Union Committee, Town Committee or Union Council" be substituted.**

That in sub-clause (7) of clause 42 for the words "Local Council constituted under the Basic Democracies Order, 1959", the words "Union Committee, Town Committee, or Union Council" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the whole clause 42 as substituted.

The question is—

That for clause 42 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely :—

42. (1) Any person acquiring by inheritance, purchase, mortgage, gift, or otherwise, any right in an estate as a landowner, or a tenant for a fixed term exceeding one year, shall, within three months from the date of such acquisition, report his acquisition of right to the Patwari of the estate, who shall—

(a) record such report in the Roznamcha to be maintained in the prescribed manner ;

(b) furnish a copy of the report so recorded, free of cost, to the person making the report ; and

(c) send a copy of the report, within a week of its receipt by him, to the Union Committee, Town Committee or Union Council within which the estate is situated.

(2) If the person acquiring the right is a minor, or is otherwise unable to report, his guardian or other person having charge of his property shall make the report to the Patwari.

(3) The Patwari shall enter in his register of mutations every report made to him under sub-section (1) or sub-section (2), and shall also make an entry in the Roznamcha and in the register of mutations respecting the acquisition of any such right as aforesaid which he has reason to believe to have taken place, and of which report should have been made to him under either of these sub-sections and has not been so made.

(4) The report made to the Patwari under sub-section (1) or sub-section (2) or recorded by him under sub-section (3) shall be displayed in such manner as may be prescribed.

(5) If the Patwari fails to record or to display a report made to him under sub-section (1) or sub-section (2), the person making the report may make the report, in writing, to the Revenue Officer concerned and the Chairman of the Union Committee, Town Committee or Union Council in which the estate is situated, by registered post acknowledgement due and the Revenue Officer shall thereupon cause such report to be entered in the register of mutations.

(6) A Revenue Officer shall, from time to time, inquire into the correctness of all entries in the register of mutations and into all such acquisitions as aforesaid coming to his knowledge of which, under the foregoing sub-sections, report should have been made to the Patwari and entries made in that register, and shall in each case make such order as he thinks fit with respect to any entry in the periodical record of the right acquired.

(7) Except in cases of inheritance or where the acquisition of the right is by a registered deed or by or under an order or decree of a Court, the Revenue Officer shall make the order under sub-section (6) in the presence of the person whose right has been acquired, after such person has been indentified by two respectable persons, preferably from Lambardars or members of the Union Committee, Town Committee or Union Council concerned whose signatures or thumb impressions shall be obtained by the Revenue Officer, on the register of mutations.

(8) An enquiry or an order under sub-section (6) shall be made in the common assembly in the estate to which the mutation, which is the subject matter of the enquiry relates.

(9) Where a Revenue Officer makes an order under sub-section (6) in regard to the acquisition of any right, an entry shall be made in the periodical record by the insertion therein of a description of the right acquired and by the omission from such record of any entry in any record previously prepared, which, by reason of the acquisition, has ceased to be correct.

(10) If within three months of the making of a report of the acquisition of a right under sub-section (1) or sub-section (2), or the recording by the Patwari of an entry in the Roznamcha under sub-section (3) respecting the acquisition of any right, no order is made by the Revenue Officer under sub-section (6), he shall report the cause of delay to the Collector in the manner prescribed.

(11) The Revenue Officer shall in the prescribed manner send or cause to be sent, the gist of an order made by him under sub-section (6), to the person whose right is acquired, and also to the Union Committee, Town Committee or Union Council in which the estate is situated.

The motion was carried.

The question is :

That clause 42, as substituted, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 43

Mr. Speaker : Now, we pass on to clause 43 and the first amendment is by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving, Sir.

